فہرست مطالب کتاب سیف صارم ملقب و موسوم بہ شمشیر تیز ۱۲۶۷

مطالب	صفحہ

جاء الحق وزهق الباطل
کتاب مستطاب وافی الهدایه الموسوم به
سیف صارم
الملقب المورخ بشمشیر تیز ۱۲۶۷ سنه ہجری
العالی المتعالی علی رؤس مومنی الدوران
در مطبع اثنا عشریه
مطبوع شد سنه ۱۲۶۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و ثنای بی انتہای بارگاہ حضرت خداوند ذو العلا اور درود نامحدود حضرت رسول کبریا محمد مصطفی اور منقبت بی نہایت حضرات آل عبا ائمہ ہدی صلواۃ اللہ و سلامہ علیہ و علیہم و علی الصحب الذین احسنوا الصحابۃ غیر مرتدین علی اعقابہم و الاتباع الذین حزبہم حزب اللہ تعالی اجمعین اضعف العباد محب موالیان حضرت مولا مومنین کمترین خدام شیعیان آل یسین اقل عباد اللہ الاحد الصمد محمد ابن محمد ابن محمد ہمدانی الاصل الدہلوی المولد غفر اللہ لہم خدمت مین اہل ایمان و منصفان صاحب ایقان کے ملتمس ہے کہ حسب الاتفاق یہ حقیر قصبہ پانی پت مین گیا تہا وہان چند اوراق لکہی ہوئی کسی اعرابی ناصب اعلام عداوت اہلبیت طاہرین کی بی نام بنمایش لباس ناصح دیکہنی مین آئی چونکہ عوام کالانعام علی الخصوص مردمان قصبہ سفاہت آئین کہ بمضمون الاعراب اشد کفرا و نفاقا از بس مشہور ہی کہ انکی عقل گدی کی پیچہے ہوتی ہی مقتدین اور مریدین اون بی مستور الاسم مسطور کی وہ اوراق مرقومہ مثل عیدی اطفال کہ ہاتہ مین لئی ہوی بہت نازان و فرحان و خشمگین زمان پائی گئی کہ مضامین انکی ابتدا سی انتہا تک جو لغو دیکہی تو محض خرافات علمیانہ اور کلمات جاہلانہ نہ الفاظ درست نہ معانی اور سب پر جناب نصیحت انتساب مدعی ہین ہدایت و نصیحت ایمانی کی اور نصیحت فرماتی ہین اہل حق کو اضلال و ضلالت کے الحق اثر ارشاد مخبر صادق کی معجزات کا مظہر کالشمس فی وسط النہار ظاہر و اظہر ہی پہلی ہی فرما گئی ہین کہ اس قسم کی دجال پیدا ہونگی کہ لوگونکو ضلالت و ہلاکت کیطرف بلاوینگی اور بظاہر قرات قرآن اور نماز بہت خوشنما پڑہینگی لیکن باطن خراب بی سر و پا جنکی صفت مین حدیث متفق علیہ ہی جسکے بخاری اور مسلم کی ہی یقرؤن القرآن لا یجاوز حناجرہم الحدیث یعنی قرآن پڑہینگی کہ اونکی گلو سی نیچی نہ اوترے گا یعنی دلمین قرآنکی تاثیر نہو گی زبان ہی سی صرف بمضمون ای یقولون بافواہہم مالیس فی قلوبہم اور اکثر انکی اور عمل و سیر عملانہ کرینگی اہل اسلام سی مقاتلہ کو موجود اور چہوڑینگی بت پرستونکو نکل جاوینگی اسلام سے جیسے کہ تیر نکل جاتا ہی کمان سی سو اس قسم کی نصیحت کا انہین مین سے معلوم ہوتی ہین کہ دعوی تو ایمان اور نصیحت کا ریکا اور تابعان ثقلین کو کجروی کی نسبت دیوین اور نصیحت کرین ترک اعمال و افعال اہلبیت رسول کے جنکے اتباع اور تمسک و اعتصام کو خدا و رسول ہدایت فرماوین اور اونکی گروہ کو گروہ خدا کہین اور اونکی مخالفت کو خود رسول اپنے گمراہی و ہلاکت اور باعث دخول نار اور اونکی گروہ مخالف کو گروہ شیطان ارشاد کرین کہ تصریح اور سند اسکی ذکر ائمہ اثنا عشر مین انشاء اللہ تعالی بیان ہوگی یہ اچہی نصیحت کا رستہ ہوی کہ دعوت کرین طرف ضلالت اور

نار کی نفس الامر مین بمصداق ایمۃ یدعون الی النار بہ تبعیت ائمہ نار ایسی ہی بزرگوار ہین قوت علمی اور بول چال کا یہ حال ہی
با قتدای قایل الناس فقہ من عمر حتی المخدرات فی الحجال کہ صاحب قال اس مقال بصدقت آمال کی بموجب مصرحۂ صحاح نصیحت آب خود انکی جناب
ابن خطاب ہین عقیدت انتساب کو تذکیر و تانیث تک کی تمیز نہین تو اور حقیقت آخوند صاحب معلوم تو لا ای بہائیو نصیحت کرنا اور بیان
حکم خدا اور رسول کا ہر مسلمان کی لازم اور بہتر ہی راہ چلنی والونکو سیدہا راہ بتانا لازم ہی اسلئی بازراہ نصیحت اور ازروی عجز کی نہ
ازراہ تکبر اور خود نمائی کی تم مدعیان اتباع ثقلین کے خدمات مین عرض معروض کرتا ہون چاہیی کہ اس ہیچ عرض معروض کو کانون
دلسی سنو اور چلنی راہ کجی کے سی پرہیز کرو کہ اسکا اجر بہت بڑا تمہاری واسطی ہوگا از روعدہ ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین کل
روز جزا تمہارا بہتیرا ہوگا سو وہ یہہ ہی کہ مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی نی بیچ بیان نکاح ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی کتاب
اثنا عشریہ مین لکہا ہی کہ جو امامیہ قول مصنوعہ اپنی بیشوا اونکا اول فرج غصبنا منا منسوب بامام الہمام حضرت جعفر الصادق رضی اللہ
تعالی عنہ کی کرتی ہین سو محض غلط اور افترای اون حضرت پر کیونکہ یہ کلام بازاریونکی سی ہی ایسی کلام فرمانیسی اون حضرات کو
کیا نسبت یہ افترای متقدمین اس فرقہ کا ہی مانند کلینی اور ابن بابویہ اور ابو جعفر طوسی صاحبان کتب اربعہ اور سوا انکی کہ وی سب
وضاعین اور مفترین سی تہی اونکی کتابون جمع کی ہوئی پر ہرگز اعتماد نکیا چاہیی بلکہ حتی الامکان اونکو نہ دیکہا چاہیی اور اوسکی
جواب مین اگرچہ مرزا احمد دہلوی نی کہ مجتہد تمہارا تہا بہت شور و غل بی فایدہ اور ہاتہہ پاؤن بیجا مارے ہین لیکن فایدہ معتد بہا اوس
جواب سی ظہور مین نہ آیا مگر بہر تقدیر اوسنی دفع دخل اوس سوال کا کیا حقیر کی التماس عقیل منصف غور سی سنی اول تو حضرت
کی فصاحت و بلاغت اور علمیت کلمات طیبات فصیحت آیات سی خود ظاہر ہی کہ قطع نظر ترک حمد و صلوۃ خدا و رسول کہ کمال استحکام
اسلام و دینداری پر جناب ناصح کی دال ہی حضرت کی فصاحت و بلاغت کا اس سہل اپنی زبان مین یہ حال ہی کہ فرماتی ہین سیدہا راہ
بتانا لازم ہی اور یہ کلام بازاریونکی سی ہی اب کوئی کج طبع یا راست طبع کیسا ہی ہو غور کر سکتا ہی کہ جنکو لفظ کلام اور راہ کی تذکیر و
تانیث مین تمیز نہین وہ راستی اور غیر راستی راہ کی کیا ہدایت فرماوینگے بقول مشہور و مسلمہ اہل میزان ثبوت شی لشی فرع لثبوت مثبت لہ
جب حضرت مثبت لہ ہی کو نہین جانتی یعنی خود راہ کی اور کلام کی حقیقت سی گمراہ اور بی بہرہ ہین تو ثبوت راستی اور غیر راستی
معلوم بقول شاعر ہند دین کا ذکر کیا یہان سر ہی غایب ہے گریبان سی اور بقول شاعر فارس او خویشتن گم است کرا رہبری کند
سبحان اللہ اتباع ثقلین کو چلنی راہ کج کی نسبت دینی اور پہر دین مصطفوی کا مدعی ہونا حدیث الثقلین اور حدیث سفینہ وغیرہا
احادیث موجودہ کتب صحاح اپنی مانی ہوئی کتا تو پہر عمل اور اعتقاد کا یہی نتیجہ ہی کہ راکبان سفینہ نجات اور اتباع ثقلین کو ایسی
نسبت فرماوین اور ایسی طعن و تشنیع اور تنبیہ اور تغلیط ہی واسطی تابعین باب مدینۃ العلم کی علی ہذا القیاس مضامین آیندہ بہی اکثر عامیانہ اور
جاہلانہ ہین کہ حرکات جہلا کے سی تعریض و اعتراض ہے علما اور اصل مذہب پر اور بہتیری باتین کہ خود اپنی ہان موجود ہین مذمت و گرفت
اونکی بنام نہاد اہل حق کی ہی اگر تعرض ایسی تمام باتون کیا جاوے تو مقدمہ طول کہینچتا ہی اور ایسی مخاطب صحیح کی مخاطبہ مین محض
تضیع اوقات معلوم ہوتی ہی لیکن چند کلمات و جوہ لی بجواب ضرور ہے باتونکی ضرور معلوم ہوتی ہین اور اگرچہ جواب اون باتونکی بہی
کتب مبسوطہ مین بتصریح مندرج ہین کہ خود انکی بڑی بڑی معتقد اونکی زبانین اونکی جوابین گونگی ہین بلکہ خود انکی تحریر سے بہی عقیل فہیم
پا سکتا ہی کہ آپ ایسی مسئلہ نکاح جناب ام کلثوم مین جو کہ بڑا اعتراض سمجہے انکے پیر و مقتدای عزیز نی بہی کیا تہا وہ جواب

ونداون شکن جناب مرزا محمد صاحب مرحوم سی پایا کہ پہر سر نہ اوٹہایا اور اونکی طرف موہنہ نکیا کہ آپ روپ بہی خود لکہتی ہین کہ بہر
تقدیر اوسنی دفع دخل اوس سوال کا کیا لیکن چونکہ وہ زبان فارسی مین ہین اور ان ناصح صاحب نی زبان اردو مین اوہنین کی
پیر عزیز کی مضامین مصنوعہ کو واسطی گمراہی عوام کی ان اوراق مین شایع کیا ہی سو اس نظر پر اسی زبان مین حقیر بہی کچہہ مختصر لکہدیتا
ہی کہ مبادا عوام ناواقف خصوص گانو گانو ی کی عامی لوگ اونکی وساوس و اضلال سی زیادہ ضلالت در گمراہی مین پڑین اور عوام
اہل حق بہی کچہہ لی سمجہہ سکین تو کسی اہل حق کی سامنی پہر انکو حوصلہ گفتگو کا نہ رہی اور سالکین صراط مستقیم تابعان ثقلین کو یہ نسبت پہر
کجی اور کوراہی کی نہ لگانی پاوین انشاء اللہ تعالی احتجاج مین جو دلیل اوسند پائی جاویگی یا آیت قرآنی یا حدیث انہین کی صحاح کی ہوگی
ساتہہ ترجمہ ضرور رکی اور جو عبارت کسیکی کتاب کی فارسی صاف ہی وہ بعینہا لکہی جائیگی ترجمہ اوسکا حذراً للطوالت بفائدہ معلوم ہوتا ہی اور
التزام الزام بموجب اقوال مخاطب ملتزم و مقصود ہی تا کہ پہر سیطرح کی کلام و سخن کی مجال اوسکو نرہی گویا زبان قطع کیجاوی و اوسکی اور بات کرنیکا
یارا نرہی اور اسی ملازمت پر نام اس عجالہ کا سیف صارم رکہا دوسری ایسا کلمہ بہی زبان پر لانا کہ امامیہ قول مصنوعہ اپنی مشہور ان
کا اول فرج عصمت منا منسوب بامام الہمام حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ کی کرتی ہین محض غلط اور افترا ہی تا آخر عبارت
اور محض سنت سنیہ ہی ناصح صاحبکو اپنی پیر عزیز بلکہ بڑی پیران و مقتدایان باتمیز کی کہ معاذ اللہ خاص پیغمبر کو نسبت ہذیان کے دیتی تہی حدیث
قرطاس جو صحیح بخاری مین موجود ہی از بس مشہور ہی کہ پیغمبر صلعم کی خدمت مین حسبنا کتاب اللہ کہکر رسول مقبول صلعم کو نسبت ہذیان فرمانی لگی اور
اوسی بنیاد سی سالہا سال نفس رسول مقبول صلعم اور انکی فرزندان اور شیعونکو سر منبر نسبت کذب اور سب و لعن سی انکی پیر و پیشوا
پیش آتی رہی چنانچہ صحیح مسلم اور مستقصے اور استیعاب ابن عبد البر وغیرہا کتب ہای مقبولہ عزیز شاہد ہین اس مقال کی یہ نصیحت شعار باوصفیکہ
اقرار کرتی ہین ہماری دعوی اتباع ثقلین کا یعنی پیشوائی عترت رسول صلعم کا اور پہر ایسی نسبت دیتی ہین ساتہہ تعبیر لفظ پیشواؤن کے
تو مین ادای سنت کرنی ہین اپنی پیشواؤنکی جزاہم اللہ و زادہم اللہ مرضاً ہم اسپر شکر کرتی ہین کہ یہ ہماری پیشواؤنکی ہمارے لئی اسوت ہے
سبحان اللہ وضع حدیث اور اختراع و افترا جو کہ خود نوصیکا آبائی اور اجدادی موروثی خاصہ اور منصب ہی اوسکی نسبت اہل حق
کو لگائی جاوی تہذیب الکمال جامع الاصول وغیرہ کتب احادیث رجال جو شخص ان راست مقال کی دیکہی تو واضح ہو کہ ہزارہا کاذب
دشمنان اہلبیت طاہرہ ع اور قاتلان اولاد رسول صلعم اور مداح قاتل نفس رسول صلعم انکی صحاح ستہ مین راوی ہین جنکو انکی خود محقق وضاع
و کذاب لکہتی ہین کہ صحاح ستہ انہین کے حدیثو نسے بہری پڑی ہین اور مولفین خود تارک حدیث الثقلین الحق المر یقیس علی نفسہ بقول
اہل ایران کا فرہمہ را بکیش خود می پندارد کہ توضیح اسکی محل مناسب مین بیان ہو گی بالجملہ صدہا احادیث انکی مقتداؤنکی موضوعہ اس
قسم کے ہین کہ جو شخص بغور دیکہی تو تمام باندہنو باندہا ہوا ان پیر و اور انکی پیر عزیز کا صرف تدلیس و تسویل واضح ہووے ربیع الابرار
زمخشری مین انہین کی ہان ہی کہ چارسو حدیث ابو حنیفہ نی رد کی اگرچہ اوسنے مخالف اپنی قیاس کے بہی سمجہکر رد کین ہین لیکن وجہ انکے
اکثر وضعیت و افترا ہی ہی اور مجد الدین فیروز آبادی سفر السعادۃ مین اور ابن جوزی واہیات مین صدہا حدیثین موضوع ظاہر
کرتی ہین کہ حضرت صحاح ستہ مین وہی موجود و معمول ہین انشاء اللہ عنقریب حقیر انکی قلعی کاریکو ظاہر کر دیتا ہی یہہ حدیث پیر عزیز ناصح
صاحب یعنی کلام فظاظت التیام نسبت افترا و غلطی و وضع براہالی کتب اربعہ قسم تدلیس سے کہا جاوے تو زیبا ہی ناصح صاحبکو بہی تحقیقا
ایسی قول پر اعتماد نہین لازم تہا اور اعتقاد ہی کو صرف کام نہین فرمانا تہا زبان پر لانا ایسی باتکا مقتضائے احتیاط سی باہر تہا

تسمیہ کتاب

ہرچند مبلغ علم اقسامِ حدیث و اصطلاحِ اہلِ حدیث تحریرِ عالی سے ازبس ظاہر ہی پوہنچیا ان غریب کا حسنِ نکات کو اس کلام کی معلوم

نہیں لیکن بیساختہ اس قسم کا کلام زبانِ قلم سی کہ جو انمرو شہو ہے نکل گیا یہہ نہین تو اوعقیلِ ماہر عالی مرتبت کیفیت اُٹھا سکتا ہی اور

اقسام حدیث مین پیچ شرح سفر السعادہ کی تفصیل بیانِ قسم تدلیس مین دیکہہ سکتا ہی کہ شیخ و محقق دہلوی انکا لکہتا ہی وتدلیس

مکروہ و مذموم ست نزد جمہور علما الخ مگر انکی جناب مین اتنا التماس ہی کہ پیشوای جناب عالی ہذمان کو ئی حضرت رسول سبحان اور

راویانِ صحاح جناب متعالی نا ملانِ ذریتِ رسولِ ایزدِ منان او معاذ اللہ لاعنان نفس رسول حضرت سبحان نہ خاص صاحب بخاری

وغیرہ آپکی ایسی ہی متمسکِ اہلبیتِ طاہرہ جو ذریتِ طاہرہ کی زبانی حدیث نہ لیوین جب تک کسی ناصبی و خارجی کو گواہ نہ لیوین

چنانچہ تصدیق اسکی فتح الباری اور کرمانی شرحِ بخاری سی تصریح ہو یدا ہی آور با اینہمہ فضیحت شعاری دعوی نصیحت کا ریکا کرنا

اور معاذ اللہ عیب لگانا تابعین بابِ مدینۃ العلم کو جناب ہی کا کام ہی آور تقیہ کو مذموم فرمانا اور پہر نام اپنا ظاہر نکرنا کیا خوب شرم

حیا ہی صریح داخل ہوتا ہی یہی مضمون خطاب آیہ لم تقولون ما لا تفعلون اور مضمون خود فضیحت دیگران نصیحت کے حیرانی ہی کہ اگر

مستفید مضامین نصیحت آئین مین شک ہو آور بالمشافہ استفادہ منظور رہو تو جناب کو کسی کو کسی ہی کس جنگل کس کہیت مین کس شہر کس گلی مین تلاش

کری اور یا و یہہ جناب ناصح اور انکی پیر عزیز صاحب کے نیک طینتی اور شرم و حیا کی خوبی ہی کہ اہلِ حق پر تہمت وضع و افترا ظاہر کرین اور

کلام بازاری کا ساتبلاوین اور اپنی نانکی احادیث و روایت کو جو ایسی اوراس سے بڑہ کرمین پس پشت رکہہ چہوڑین اور چہپاوین مگر

جانتی ہین کہ اتباع بابِ مدینۃ العلم شیعیان کرار غیر فرار کی ہاتہہ سی کسطرح نجات پاوینگی جو کہ پیرو ہین غالب کل غالب کی مضمون آیہ

لن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا با اینہمہ دعوی حفظ قرآنی و ہمہ دانی ابہی تک فہم مبارک مین نہین آیا اہل حق سطر رجوع کرین

تو بابِ شہاداء مامِ ہدایت نصیب ہو مگر ہان ناصح صاحب اور انکی پیر جیو اور امام جیو مثل غزالی وغیرہ نی یہہ خوب اچہا طریقہ نکال رکہا ہی اور نصیحت

شعاری کو کام فرمایا ہی کہ اہلِ حق کی کتابونکی دیکہنی کے ممانعت فرمائی ظاہر ہی کہ اونکی دیکہنے سی حق ظاہر ہوگا اور قلعی حضرات کی کہلی

گی ناصح صاحب دوسرا حیلہ نصیحت کا یہان کیون چہوڑ گئی جو کہ اکثر مریدانِ خاص کو کتب مخصوصہ مین اور جلسہ ہای مخصوصہ مین اونکی

امام جیو ممدوح کی نصیحت ہی یعنی حالاتِ فضیحت آیاتِ حضراتِ مخالفین و حاربین اہلبیتِ طاہرہ کی دیکہنی کے اپنی کتابونمین بہی ممانعت

سی ہر ظاہر ہی کہ نصیحت ممانعتِ معائنہ کتبِ حقہ صاف پیرو ہنود کی ظاہر کرتی ہی وہ بہی اپنی اتباع و اولاد کو یہی نصیحت کرتی ہین کہ

کتب شرع اہلِ اسلام ہرگز نہین دیکہنی چاہیین بلکہ خود اپنی انکی اتہرون بید کی بہی دیکہنی کی ممانعت ہی جسمین حقیقتِ اہل اسلام ظاہر

ہوتی ہی سو یہی آپکا شعار ہی اللہ ہدایت کری **تیسری** جانا چاہیی کہ راویانِ سقیم و صحیح معتبر و غیر معتبر ثقات و غیر ثقات

وغیرہم سب جگہ مین کچہہ ہمارے ہان اور تمہارے ہان کی خصوصیت نہین کہ تحقیقِ حال اسکا کتبِ رجال اور علمای نقاد اور مجتہدینِ ذوی الاجتہاد

کی مقال سی ظاہر ہوتا ہی آور بعد تحقیق اس حال کے حدیثِ معتبر اور غیر معتبر تصریحات اقسام مصرحہ کتب مبسوطہ تمیز دی جاتی ہی چنانچہ اقسام

حدیث کہ تصریح اسکی محل مناسب مین بیان ہوگی سب اہلِ علم جانتی ہین اسیلئی علمای فریقین مین اصطلاحین مقرر کی گئی ہین کہ حکم علمِ قطع و

یقین اور رجحان اسی پر موقوف ہے مگر ہان اتنا فرق ہی کہ مذہبِ حقہ مین جو راوی کہ دشمن اہلبیتِ طاہرہ ہو مقبول و معتبر نہین رکہا

جاتا اور بعد تحقیق اوسکے روایت پر عمل نہین ہوتا آور ناصح صاحب کی ہان وہ ہی زیادہ معتبر ہین کہ کتبِ رجال اسکی شاہد حال ہین

چنانچہ ظاہر ہی کہ اول تو راوی اس حدیث کا بتصریح کتب رجال مذہب حقہ مضطرب الحال ہی بلکہ نکبت مآل یقین صحت و حفظ

جواب فقرۂ اول اور مضطرب الحال ہونا راوی حدیث اول و عصبیت الحدیث کا

نہین تو دوسری روایت احاد قابلِ اعتماد نہین اکثر علمای اعلام مثل جناب سید مرتضیٰ علم الہدیٰ اور شیخ مفید علیہم الرحمہ قایل
نہین اسکی اور خبر احاد سب جگہ مفیدِ قطع و یقین نہین علی الخصوص راوی بہی ہیچ تیسری بالفرض اگر روایت بالفاظ مذکورہ مانی
بہی جاوے تو بہی ناصح صاحب کو کسیطرح نسبت کذب و افترا کی دینی اسکی مضمون پر نہین پونہچتی ذرا شرم کرنی چاہیئی تہی اگر ظاہر مین دعوے
ایمان کا ہی تو حیا بہی ضرور تہی کیونکہ از بس مشہور ہے حدیث بخاری الحیا شعبۃ من الایمان ناصح صاحب کو خبر نہین کہ متواتر اسی کلام
کی سوید اونکی کتب معتبرہ و مسلّمہ مین کتنی روایتین محتوی نارضامندی اور عذر و اعتلال اور مجبوری و اضطرار اور اقرارِ مناکحت بمصابرت
دا جبار موجود ہین اور جس لفظ کو ناصح صاحب بہ نسبت سینہ اپنی پیر عزیز کی کلام بازار اس روایت مین تعبیر فرماتی ہین وہ متواتر تکرار خاص
صحاحِ ستہ مین موجود بلکہ خاص کلامِ حضرت باری مین متعدد جگہ موجود ہی کما یتضح یا تو ان نصیحت شعار کو کچہہ قرآن و حدیث و اخبار کے
خبر نہین صرف مضمون تراشی ہر اپنی پیر عزیز کی دو چار کلمہ دیکہی دکہائی لی دوڑی ہین یا اونہین کیطرح انہون نی بہی جان لیا ہوگا
کہ کون تحقیق کرتا ہی کون دیکہتا ہی عوام کالانعام کو اپنی تلبیسِ تسویل سی بہکا لین گے یہ نہین معلوم کہ پروردگار عالم بفحوای لیس لک
علیہم سلطان ہر وقت اپنی بندگان مخلصین کا نگہبان ہے اور اونکی ہدایت کی لئی اور صیانت کی لئی علماے حقہ بہی ہر وقت مین موجود کئی ہین
اگر اہلِ اضلال بسعی ضلالت کی ہین تو اہلِ رشاد و اہدا ہدایت کی لئی بہی بعنایتِ الٰہی باسوہ و اقتداے احباب مخاطب بخطاب
انما انت منذر و لکل قوم ہاد ہر وقت موجود و مستعد ہین التماس ہے ہر صاحبِ عقل و ہوش کے خدمت مین کہ از راہ انصاف بغیر تعصب و اعتساف
کی ملاحظہ فرماوین تو حقیقت اصل حال کو پا دینگی غور کرین کہ جن حضرات کی ہان خود اس قسم کی مضمون موجود ہین جنکی دیکہی اور
سننی سی آدمی کی رونگٹی کہڑی ہون اونکو مضمون پر اس روایت کی ایسی کلمات سی لب آشنا کرنی مقتضاے شرم و حیا کہا چاہیئی
یا خلاف اسکی ہر چند کتابین انکی اس قسم کی روایات و مضامین سے بہری پڑی ہین لیکن نظر بر اختصار بطریقِ مشتی نمونہ از خروارا اس جگہ
بتصریح و توضیح فضیحت ان نصیحت شعار صاحب شرم و حیا بانگ و عار کی چند حدیثین حقیر لکہتا ہی کہ واسطی صفر اشکنے اونکی اور انکی اعوان
و انصار کے اتنی بہی بس ہین اور چونکہ ناصح صاحب بکلمات سخت و درشت افترا و کفر وغیرہا یاد ہوئے تو اگر کوئی کلمہ حقیر کے قلم سے
بہی بفحوای جزاء سیئۃ سیئۃ اور بمقتضاے کلوخ انداز را پاداش سنگ است گوش آشنا ہو تو سامع اور ناظر بلحاظِ مضمون باب مشہور
عاقبوا بمثل ما عوقبتم معاف فرماوینگی **اول** ابن حجر مکی صاحب صواعق محرقہ جو کہ بڑا پیر و مقتدا ہی حضرات کا اور کمال متعصب ہے بیچ ذیل آیہ قُمن
حاجک فیہ الآیہ کی لکہتا ہی صح عن عمر انہ خطب ام کلثوم من علی فاعتل لصغرہا و بانہ اعدہا لابن اخیہ جعفر فقال لہ ما اردت الباءۃ ولکن
سمعت رسول اللہ یقول کل سبب و نسب ینقطع الی یوم القیامۃ ما خلا سببی و نسبی یعنی صحیح ہوا عمر سے کہ تحقیق اونسی درخواست کی ام کلثوم کے
علی سی پس علی نی بہانہ ڈہونڈا ساتہہ صغیرہ ہونی ام کلثوم کی اور ساتہہ اس بات کی کہ اُسی گہیر رکہا ہی یعنی نامزد کیا ہی واسطی اپنی بہائی کے
جعفر کی بیٹی کی پس کہا عمر نی واسطی علی کی کہ نہین ارادہ کرتا ہون مین جماع کا لیکن رسول خدا فرماتی ہین کہ ہر سبب اور نسب قطع ہوگا روزِ
قیامت کو سوا سبب میرے کے اور نسب میرے کی **تنبیہ** حدیث متفق علیہ ہی بخاری اور مسلم کی دیکہنی چاہیئے مشارقین عن ابو ہریرہ لا یخطب
احدکم علی خطبۃ اخیہ یعنی ابو ہریرہ سے ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ نہ منگنی کری تم مین سے کوئی اپنی بہائی مسلمان کی منگنی پر اور شارح و مترجم مشارق
تحفۃ الاخیار مین فایدہ لکہتے ہین کہ یعنی جب ایک مسلمان کی کسی جگہ نسبت ٹہیر گئی ہو تو پہر وہان پیغام دینا حلال نہین کہ اسمین دوسرے
مسلمان بہائی کے حق تلفی ہے اور اگر ٹہیری نہو تو مضایقہ نہین عقیل فہیم باشرم و حیا غور کری اول تو زبان آشنا کرنیکو

روایت ابن حجر
ابن حجر

عدالت بنات کی ساتھ لفظ بانات کی اس جگہ موںہہ بہر کے کہ ناصح صاحب اسی کلام ثقہ فرماوین گے یا بازاریونکا دوسرے خوستگاری
معصومہ صغیرہ کی اس کمسنی اور بڑہاپی پر غور کرنا چاہیے تیسری باوصف اعتلال ولی حضرت ذو الجلال بصغر او منگیتر ظاہر کرکے
پہر نکاح چاہنا اور پہر اکثار تردد کو روایت آیندہ مین دیکھنا چاہیے مقام غور ہے کہ اگر نادانستہ پیغام کیا تہا تو پہر ظہور عذر او علم
اعتلال پر تردد او اصرار یعنی چہ مگر بعادت از فرمان رسولؐ اور بے پیری بی شرمی کی باتین ظاہر کرنی اس گروہ کی لاحول ولا قوۃ
الا باللہ **دوم** بیہقی اور دارقطنی نی روایت کی ہے ان علیاً عزل بناتہ لولد اخیہ جعفر فلقیہ عمر فقال لہ یا ابا الحسن انکحنی ابنتک
ام کلثوم بنت فاطمہ بنت رسول اللہ فقال قد حبستہن لولد اخی جعفر الی اخر الحدیث یعنی علیؑ نی گوشہ مین بٹہا یا یعنی نامزد کیا
اپنی بیٹیونکو واسطی بیٹون بہائی اپنی جعفر کے پس ملاقات کی اوسے عمر نی پس کہا واسطی اوسکی کہ ای ابا الحسن نکاح کر تو مجہسے
اپنی بیٹی ام کلثوم کو پس کہا علیؑ نے کہ تحقیق رکہا ہے مینے اونکو واسطی بیٹون بہائی اپنی جعفر کے تا آخر حدیث مثل حدیث گذشتہ **تیسری**
وفی روایۃ لما اکثر تردده الی علیؑ فاعتل بصغرہا فقال ما حملنی علی کثرۃ ترددی الیک الا انی سمعت رسول اللہ یقول کل حسب
ونسب وسبب وصہر منقطع یوم القیامۃ الا حسبی ونسبی وصہری فامر بہا علی فزینت وبعث بہا الیہ فلما راہا قام الیہا واجلسہا فی
حجرہ وقبلہا ودعا لہا فلما قامت اخذ بساقہا وقال لہا قولی لابیک قد رضیت قد رضیت فلما جاءت قال لہا ما قال لک فذکرت
لہ جمیع ما فعلہ وما قالہ فانکحہا ایاہ اور بیچ ایک روایت کی یہ عبارت ہی کہ جب تردد عمر زیادہ ہوا طرف علیؑ کے تو بہانہ ڈہونڈا علیؑ
نی ساتھ صغر سن ام کلثومؑ کے کہ نہین برانگیختہ کیا مجہکو اوپر کثرت تردد میرے کی طرف تیرے سبب اس بات نی کہ تحقیق سُنا ہی مینی پیغمبر خداؐ کو کہ
فرماتی ہین ہر حسب اور نسب اور سبب اور رسم دامادی منقطع ہوتا ہی روز قیامت کو مگر حسب میرا اور نسب میرا اور سبب میرا اور رسم دامادی
میرا پس حکم کیا ام کلثومؑ کو علیؑ نے پس آراستہ کیا اور بہیجا اوسکو طرف عمر کے پس ہرگاہ کہ دیکہا عمر نی اوسکو تو قایم ہوا طرف اُسکی اور
بٹہلایا اوسکو بیچ بغل اپنی کے اور چوما اوسکو اور ڈرایا اوسکو یا خم دیا اوسکو یا رخصت کیا اور جبکہ کہڑی ہوئے پکڑی پنڈلی اوسکی اور
کہا اُسکو کہ کہو واسطی باپ اپنی کی تحقیق راضی ہوئی مین تحقیق راضی ہوئی مین پس جبکہ آئی وہ تو کہا علیؑ نی اوسکو کہ کیا کہا عمر نی تجہکو
پس ذکر کیا اوسنے واسطی اوسکی جو کچہہ کہ کیا تہا اوسنے اور جو کچہہ کہ کہا تہا اوسکو پس نکاح کردیا علیؑ نی عمر سی اور بعد اتمام اس
حدیث کی وہ مقتدای نواصب لکہتا ہی کہ وتقبیلہ وضمہ لہا علی جہۃ الاکرام لانہا لصغرہا لم تبلغ حداً تشتہی حتی یحرم ذلک ولولا
صغرہا لما بعث بہا ابوہا یعنی جو منا عمر کا اور گلی لگانا اوسکا واسطی اوسکی اوپر طریقہ اکرام کی تہا اسواسطی کہ وہ بسبب صغر سن اپنے
کی نہین پونہچی تہی اس حد کو کہ خواہش رکہی تاکہ حرام ہو یہ بات اور اگر نہوتا صغر سن اوسکا تو البتہ نہ بہیجتا اوسکو باپ اوسکا
اور وہی بڑا پیر و مرشد اونکا لکہتا ہی کہ اسناد اس روایت کی صالح ہین خدارا کوئی منصف غور کری مضمونکو اس روایت صالح
الاسناد کتب ناصح صاحب کی اور شرماوی انکو خدا سبحان اللہ اس حالت پر طعنہ ہی اہل حق پر جو تہی ابن حجر عسقلانی شارح بخاری
لکہتا ہی ان علیاً لما ابی عن النکاح ابنتہ لعمر واستعذر بصغرہا لم یکن یقبل منہ ذلک العذر حتی الجاہ الی ان یراہا ایاہ فارسلہا الیہ فلما
راہا عمر اخذہا وضمہا الیہ وقبلہا الی اخر الحدیث حاصل یہ کہ جسوقت علیؑ نی انکار کیا نکاح کرنیسی اپنی بیٹی کے واسطی عمر کے اور عذر
کیا بسبب صغر سن اوسکی کے تو عمر نہین قبول کرتا تہا اس عذر کو یہانتک کہ مضطر کیا عمر نی علیؑ کو طرف اس بات کی کہ دکہلا دیوے
اوسی اوسکو پس بہیجدیا علیؑ نی ام کلثوم کو طرف عمر کے پس جبکہ دیکہا اوسکو عمر نے تو اوسی پکڑا اور گلی لگایا یا بغل مین لیا او

بوسہ دیا تنبیہ خدارا کوئی منصف اب انہین لوگون کی معقولہ کی موافق خیال کری ان گفتگوہای بازاریکو ان بزرگوارونکی احادیث
مرقومہ سے اور کہوی کہ ایسی کلمات اور حرکات کی نسبت دینی اپنی پیغمبرزادی اور نفس رسول اور اپنی خلیفہ مقبول کو بجز ایسی بے شرم
وحیا کی کسی مسلمان سے باوصف دعوی ایمان ہوسکتی ہی اور پہر خیال کری کہ الجاء یعنی مجبور ومضطر کرنا ولی کو اوس صغیرہ معصومہ کو بترہیب
وتخویف انکی شارحین صحاح کس درجہ کریہ وبیہودہ ہی اوراس فضیحت پر طعن اہل حق پر لاحول ولا قوۃ الا باللہ پانچوین شیخ
شہاب الدین دولت آبادی باب ششم کتاب المودۃ مین لکہتا ہی کہ این قصہ در شرح خصاف در باب نکاح آوردہ ان عمر بن الخطاب
لما خطب ام کلثوم بنت علی فقال علی انہا صغیرۃ ان رضیت ہی امراتک ہکذا ذکر الخصاف ہذا الحدیث ولم یذکر تمامہ جہنمی پہر لکہتا ہی
شیخ مذکور ان عمر ابن الخطاب لما خطب ام کلثوم وعندہ رجل قال انہا صغیرۃ فقال عمر مالی حاجۃ الی النساء ولکن ابتغی الوسیلۃ الی محمد
علیہ السلام وہو یقول کل سبب ونسب ینقطع بالموت الا سببی ونسبی فتزوجہا علی اباہ بمہر اربعین الف درہم فساق ذلک کلہ عمرو
ہی ابنۃ اربع سنین اوما بین الاربع الی الخمس وعمر ستین سنین فاجلسہا عمر الی جنبہ فرفع میزرہا ومسح یدہ علی راسہا فجرد ساقہا فرفعت
یدہا وکادت ان تلطمہ فقالت لولا انت امیر المومنین للطمتک علی خدک فقال عمر دعوہا فانہا ہاشمیۃ قرشیۃ چونکہ بعد اسکی
شیخ مذکور عبارت فارسی خود کی ترجمہ بہت صاف وسہل لکہتا ہی تو ترجمہ اوسکا عبث ہی لعینہا وہ قریب لکہی جاتی ہی لیکن منصف
خبیر بلا تعسف واعتلال غور کرین کہ اظہار ابتغاء وسیلہ بہی ان شیخ فانیکا محض بانی ہے تہا بلکہ درحقیقت مظہر ہی بغاوت باطنہ کا
کیونکہ باوجود اسقدر عذر واعتلال وظہور نارضامندی نفس رسول حضرت ایزد متعال اور صغارت اور ناراضی معصومہ کی ناراضی
انکی عین ناراضی رسول کردگار بلکہ ناراضی پروردگار رہا ہے دعوی ابتغاء وسیلہ با رسول یعنی چہ بلکہ صریح اذیت رسانی ہی اور
داخل ہونا ہی نیچی مضمون اس آیت کی کہ حق تعالی سورہ احزاب مین فرماتا ہی ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ
واعدلہم عذابا مہینا الآیہ کہ بموجب تصریح بیضاوی خاص بحق موذیان علی ابن ابیطالب نازل ہی نفس الامر مین اظہار ابتغاء
وسیلہ کا بہی محض بہانہ ہی تہ دہسطی بہکانی لوگونکی اور تالیف قلوب تابعان نبویکی کیونکہ صاف بات ہی کہ بالفرض اگر ابتغاء
وسیلہ صرف اسلئی تہا کہ نسبت سمدہیانہ بپیغمبر خدا ص کی حشر کو منقطع نہین ہوتی ہی تو صاحبزادی اپنی پیغمبر خدا سے منسوب کر چکی تہی اوس
نسبت کو کیا مقطوع تصور فرمایا کہ رتبہ بزرگی سی عورت ڈہونڈنی لگی یعنی خسر سے داماد بننی لگی یا خسر ہونمین کچہہ خسران سمجہی یا خبر
رجعت طلاق افترا وغلط ہی جو شخص چاہی کتاب سنن ابوداود اور صحیح نسائی اور استیعاب ابن عبد البر مین کہ بہت معتمد انکے
کتابونمین ہی قصہ طلاق انکی صاحبزادیکا مفصل دیکہہ سکتا ہی اس جگہ حذر التطویل صرف حدیث عقبہ بن عامر استیعاب مین سے لکہدی جاتی ہے
ناصح صاحب کتاب مذکور مین بیچ ترجمہ حفصہ بنت عمر ابن الخطاب کی ملاحظہ فرماسکتی ہین عن عقبہ بن عامر قال طلق رسول اللہ حفصہ
بنت عمر فبلغ ذلک عمر فحثی علی راسہ التراب الی آخرہ یعنی عقبہ بن عامر سی مروی ہی کہ رسول خدا ص نی طلاق دی حفصہ بنت عمر کو پس
پہونچی یہ خبر عمر کو پس ڈالی عمر نی اوپر سر اپنی کی خاک اور تیسیر الوصول مین ہی عن عمر بن الخطاب ان النبی طلق حفصہ ثم راجعہا اخرجہ
ابو داود والنسائی یعنی طلاق دی رسولخدا نی حفصہ کو پہر رجوع کی نکالا اوسکو ابو داود اور نسائی نی کہ خود عمر ابن خطاب سے
یہ حدیث ہی سو نہایت ظاہر ہی کہ دعوی ابتغاء وسیلہ با رسول مقبول جب زیبا ومعقول تہا کہ عذر واعتلال اور رضاء نفس رسول
کی رعایت فرماتی اونکی خوشنودی ڈہونڈتی کو ہی اپنی صاحبزادی فرزندان رسول سے منسوب کرتی ہر شخص جاہل عاقل جان سکتا ہی کہ

روایت شیخ شہاب الدین از شرح خصاف

در طلاق حفصہ

کہ ابتغای وسیلہ تعظیم کا مقتضی ہی یا تحقیر کا سب کوئی جانتا ہی کہ پاسداران حرمت وتعظیم اولادِ رسولؐ اپنی بیٹیان
سادات کو بآرزو دیا چاہتے ہین یا اونکی بیٹیان بجبر لینا اگر بالفرض وہ بخوشی دین تو نظر بر تعمیل ارشاد البتہ مضایقہ نہین
سبحان اللہ کوئی ہندو مسلمان خیال کرسکتا ہی کہ کسی شخص کو کوئی آدمی مضطر کری اور عذر و اعتلال کو نہ مانی تو وہ شخص اوس سے
راضی ہو یا ناراض اور در حالتِ ناراضی نفسِ رسولؐ دعویِ ابتغای وسیلہ با رسولِ ربِّ مع درست معلوم ہوتا ہی یا عرف کذب و عذر و
مکر و ناقرانی علاوہ اسکی فقیر ایک اور تقریر سے کہتا ہی مقام غور و فکر ہی حدیث ہی خود ان با حیا نا صح صاحب کی ہان بہی صحیح ترمذی
مین اور مشکوۃ مین بہی ہی یہہ باب عشرۃ النساء کی عن ابی ہریرہ قال قال رسول اللہ صلعم لو کنت آمر احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأۃ
ان تسجد زوجہا یعنی فرمایا پیغمبر خداؐ نے کہ اگر حکم کرتا مین کسیکو یہ کہ سجدہ کری واسطی کسیکی تو البتہ حکم کرتا عورت کو کہ سجدہ کری
اپنی خاوند کو چنانچہ فایدہ مین یہہ ترجمہ اسی حدیث کی صاحب مظاہر الحق خاص خلفِ عزیز یہ فرماتی ہین کہ اسمین نہایت
نہایت مبالغہ ہی یہہ واجب ہونی اطاعت خاوند کی بیوی پر اور اسی باب مین ہی عن عمر عن النبیؐ قال لا یسئل الرجل فیما ضرب امرأتہ علیہ
یعنی نہین سوال کیا جاتا مرد یہہ اوس چیز کے کہ مارا اوسنے اپنی جورو کو اوس چیز پر تو عقیل با ادب پر واضح ہی کہ اگر دعوی ابتغای
وسیلہ کا ٹہیک حقیقت مین سچ ہوتا تو ایسی نسبت عمداً اصراراً مضطر کرکی بنمایش ابتغای صہریت جسمین کہ انکی اپنی طاعت ذریت رسولؐ
پر واجب ہوتی ہی اور ضرب و زد کا قابو اور بہانا حاصل ہوتا ہی اس اصرار و تکرار و الحاح سے باوصف اعتلال و عذرِ نفسِ رسولؐ مضطر
و مجبور کرکے نہین گوارا کرتی صریح ہی کہ بی بی بنانا واجب کرانا تہا اپنی طاعت کا اور حیلہ ضرب و زد کا یہ بہانہ حدیث نبوی
ڈہونڈہنا جسکی راوی بہی خود آپ ہی ہین ہان اگر کوئی بیٹی یا پوتی اسطرح دیتی تو یہ دعوی بسیار بہا ظاہر البعیر کہ سانحہ
بابِ باب مدینۃ العلم کہ تاریخ ابن قتیبہ سنی مذہب وغیرہ علما نو اصب نے ہان بہی تفصیل اوسکی موجود ہی جسکا اشارہ ہی حدیث موجودہ
بخاری اور مسلم مین جو کہ قریب لکہی جائیگی کہ صدیقہ حضرات خود فرماتی ہین کہ کرہ ان یاتیہ عمر لما علم من شدتہ یعنی مکروہ جانا علیؐ
نی کہ آوی عمر ساتہہ ابو بکر کے وقت مصالحت ابو بکر کے بسبب اسکی کہ جانتی تہی شدت اسکی جو کہ کی تہی اسمین سو ملامت بی نہایت
جناب عدالت مآب کی گوش گذار ہوئی ہوگی کہ اس قابو ہی ضرب مستند حدیث فرمودۂ نبویؐ کی بنمایش ابتغای وسیلہ متبنی ہوے
عقیل منصف اسی بغاوت کہہ سکتا ہی نہ ابتغا الحق لا یصلح العطار ما افسدہ الدہر حضرات نو اصب بہتیر الیناً الیین مگر بس
کا لینا کیا کام آتا ہی ایک بات ہو تو چہپائی جاوے بنائی جاوی ہزاروں کو کیا کرسکین گے یہ نیک طینت اپنی طینت و ہوا نفسانی
سی لاچار تہی خود رسولِ مقبول کے کلام معجز نظام کو ہذیان بتلایا تہذیب بضعۃ رسولؐ کو ایسا ناراض کیا کہ مرتی دم تک
ناراض گئین انکی بڑی صاحب تک سی بہی مدام الحیات بات نہ کی جنازہ تک آنی دیا تو نفسِ رسول سے بہی بہوا نفس جو چاہا سو کیا
اور کیا بی شک ایسی جناب کو خوب ابتغای وسیلہ کا دعوی زیبا ہی حدیث ثقلین مین جو خطبہ طویل بمخاطبہ جمیع اصحاب حضار
خود پیغمبر خداؐ نی فرمایا جسکی خود صاحبانِ صحاح لکہتے ہین کہ مآل و مفاد اوسکا حرزاً للطولت مختصراً لکہا جاتا ہی یعنی فرمایا
رسول خداؐ نے کہ تقدیم نکرو تم میرے اہلبیتؑ پر حکم رانی نکرو انپر اور نا رضامندی مت کرو انکی تعلیم مت کرو انکو سو یہہ منتجے
وسیلہ جب نفسِ رسولؐ پر حاکم بن بیٹہے تو بجبر بے بنا کے اونکی بیٹی پر حکم رانیکا کیا پاس ہو پیغمبر تو فرما دین کہ لقب
علیؑ امیر المومنین ہی چنانچہ تفصیل اسناد اس لقب کی اور تصریح خود اسکی کہ شیخین مستحصین حضرات نواصب ساتہہ نام لینے

اس لقب کی حیات سرور کائنات مین سلام کرتی تہی محل مناسب پر بیان ہوگی اور زہری ابتغای وسیلۂ حیات بعمیر مین تو مولا
مومنین کو بلقب امیر المومنین سلام کرین آور پہر وہی لقب امیر المومنین بہی شیخ فاینصاحب اپنی لئی اختیار کرین غرض دعوی
اینا درباب مودت و ابتغا اور بعیت رسول مجتبیٰ اور اہلبیت ہدی محض زبانی تہا عندک دل خالی از اصل رہا بڑی شخص صاحب خلیفہ اور
پیشوای امت تو بن بیٹہی اور جو جو حال کہ انکی عنایت سے اہلبیت رسول پر گذری سب کتب مین مذکور ہین یہانتک کہ اہلبیت کو
بہی مثل سایر الناس کرلیا کردیا کہ یہ مقام اسکی بیان کی گنجایش نہین رکہتا حدیث قد استنکر وجوہ الناس الحدیث اور قد انصرف
وجوہ الناس الحدیث بخاری و مسلم مین مصداق اس حال کی موجود ہین اور حال ذکر بعیت کہ چہہ مہینی بعد وفات آنحضرت کے
یہی حضرات لکہتی ہین شرح مقاصد وغیرہ مین نہین کے ہان دیکہا چاہیی تو معلوم ہو کہ جناب مولای مومنین کی زبانی صاف لکہتا ہے
کہ فرمایا الحمد للہ الذی اساءنا وسرکم یعنی شکر ہی اوس خدا کو کہ غمگین کیا ہمکو اور خوش کیا تمکو اور صاف صحیح مسلم سی ہے
جامع الاصول مین بہی قصہ طلب میراث جناب سیدہ اور انکار ابو بکر کی فہجرتہ فاطمۃ فلم تکلم حتی ماتت بعد ستۃ اشہر فدفنہا علی
لیلاً لم یوذن بہا ابو بکر وکان لعلی وجہ من الناس حیات فاطمۃ فلما ماتت انصرفت وجوہ الناس عنہ فقال رجل للزہری ولم یبایعہ
علی ستۃ اشہر فقال لا واللہ ولا احد من بنی ہاشم فلما رای علی انصراف وجوہ الناس عنہ ضرع الی مصالحۃ ابی بکر فارسل الیہ ان ایتنا
ولا یاتینا معک احد وکرہ ان یاتیہ عمر لما علم من شدتہ الحدیث الحاصل کہ جناب سیدہ نے ورثہ اپنی باپ کا طلب کیا ابو بکر سی اور اسنے
انکار کیا اور یہہ نہ دیا تو آپ خفا ہوئین اور مرتی دم تک کلام نکیا ابو بکر سی حتی کہ چہہ مہینی بعد اس قصہ کی آپکا انتقال ہوا
اور ہمکلام نہوئین یعنی غصہ کیئی رہین اور اذن اپنی جنازہ تک آنیکا ابو بکر کو نہ دیا کہ جناب امیر نے راتکو دفن کیا فاطمہ کو
اور جناب امیر کیطرف حیات جناب سیدہ مین تو لوگ کچہہ رخ بہی دیتی تہی یعنی موہنہ سی بات بہی کرتے تہی لیکن جب جناب فاطمہ سرا کا انتقال
ہوا تو لوگونکی رخ بہی پہر گئی اور موہنہ پہیرنے لگے چنانچہ زہری سی ایک شخص نے سوال کیا تہا کہ کیا علی نے چہہ مہینی تک ابو بکر
سی بعیت نہین کے تہی تو زہری نی کہا ہان قسم ہی خدا کی نہ علی نے بعیت کی تہی نہ کسینی بنی ہاشم مین سے لیکن جبکہ علی نے اپنی
لوگونکی رخ پہیرے ہوئے دیکہی تو ضرعت کی طرف مصالحت کے اور بلایا اسکو اور کہا کہ کوئی اور ساتہہ نہ آوی اور مکروہ جانتی تہے
اس بات کو کہ عمر ساتہہ ہو اسلئی کہ جانتی تہی اوس شدت کو جو عمر سے دیکہی تہی اور سہی تہی یاد رہی کہ یہ اشارہ ہی اوسی تصریح
کا جو ابن قتیبہ وغیرہ تصریح درباب دروازہ شکنی وغیرہ لکہتے مین بالجملہ باینہمہ واقعات خلافت پناہ خلیفہ اور پیشوا بن بہی
اور جسوقت رستی مین چلتی تو جناب امیر کی آگی کو قدم نہ بڑہاتی اور فرماتی کہ مین پیش قدمی کیونکر کرون کہ تم بمنزلہ پیغمبر خدا
کی چنانچہ مصدق مضمون مذکور حدیث ابن عباس ہی کہ خطیب ابن سمان کتاب واقعہ مین جو کہ نہین کے ناصح صاحب کی مقتدا اور
بزرگو نمین سے ہی لکہتا ہی عن ابن عباس قال جاء ابو بکر و علی یزوران قبر النبی قال علی لابی بکر تقدم یا خلیفۃ رسول اللہ قال ابو بکر
لا اتقدم علی رجل سمعت رسول اللہ یقول علی منی بمنزلتی من ربی یعنی کہا ابن عباس نے کہ آئی ابو بکر اور علی زیارت کرنیکو قبر نبی کی
کہا علی نی واسطی ابو بکر کی کہ پیشوائی کرو یعنی آگی بڑہو ای خلیفہ رسول کہا ابو بکر نی کہ نہین تقدیم کرونگا مین اوپر ایسی مرد کے
کہ سنا ہی مینی خود پیغمبر خدا کو کہتی ہوئے کہ علی بمنزلہ میری ہی میرے رب سی زہی شرم وحیا ہی خلافت پناہ خلافت اور امامت مین تو
مقدم بن بیٹہا اور رستہ چلنی مین یہہ رعایت تقدیم و تاخیر کے کہ قدم آگی نہین بڑہاتی یقین ہے کہ نماز مین بہی جب بمنزلہ رسول کو کہا ہوگا

تفصیل اسکی کتب مبسوطہ مین شرح ہی من شاء مزید الاطلاع فلیرجع الیہا المختصر فصل اولیات عمری مین تاریخ الخلفاء مین اول یہ کہ ہوا اول مرتبہ جو کہ ...امیر المومنین

کاہی کو پس پشت لینی ہوگی اور مسند خلافت پر بیٹھا دہ نشین سبحان اللہ کوئی دہقانی بہی اس بات کو سنکر سوای زہر خندہ ہونیکی لب
نہ ہلاوے کہ خود اقرار ساعت تو یہ کہ علی بمنزلہ ایسی ہین اور پاؤن اونکی آگی ہمین ٹہرہ سکین اور پہر یہ شرم وحیا کہ تہہ بیعت کو مانگین
الحق اذا لم تستحی فاصنع ما شئت بالجملہ یہی حال شیخ فانی صاحب کا ہی کہ با اینہمہ شدت نجادت دعوی ابتغای وسیلہ کا مگر یہہ لگی تہے
خلاف بناء کہ جسوقت خواستکاری نکاح جناب سیدہ دو جہان حضور آنحضرت مین دونو شیخین بنادلی کی تہی تو کیا جواب پایا
تہا ناصح صاحب مشکوۃ مین دیکہین عن بریدۃ قال خطب ابو بکر و عمر فاطمۃ رض فقال رسول اللہ انہا صغیرۃ فخطبہا علی فزوجہا منہ
رواہ النسائی یعنی بریدہ اسلمی سی روایت ہی کہ خواستکاری کی ابو بکر و عمر نی فاطمہ کی پس فرمایا آنحضرت ص نی کہ وہ صغیرہ ہی پس
خواستکاری کی اوسکی علی ع نی تو نکاح کر دیا پیغمبر ص نے علیہ السلام سے اوسکا فی الجملہ اس جگہ سی بہی کمال اسوۃ نفس رسول یا رسول مقبول
ہویدا ہی کہ جیسے رسول مقبول ص نی اعتلال صغر سنے حضرات کذائی سی کیا وہ نوبت وہی بات نفس رسول کو بہی پیش آئی وقائع
ہجرہ مین مدارج اور روضۃ الاحباب وغیرہ ہین تو دیکہین صاحب مدارج تفصیل لکہتا ہی کہ تہوڑے عبارت ضرور واسطی نشانہ
ونمونہ کی اس جگہ لکہی جاتی ہی بالفاظہا تزویج کرد فاطمہ را با علی مرتضیٰ در سنہ ثانیہ از ہجرت در شہر رمضان وبعضی گفتہ
اند تزویج کرد در رجب وبعضے گفتہ اند کہ در غزوہ احد کذا فی جامع الاصول و بود زہرا در وقت تزویج شانزدہ سالہ وبعضے
ہفدہ گفتہ اند وبعضے پانزدہ و بود علی بست ویکسالہ و پنج ماہ و در روایات آمدہ کہ خواستکاری کرد فاطمہ را ابو بکر پس تعلل
کرد آنحضرت و گفت کہ من انتظار وحی دارم در تزویج وی پس خواستکاری کرد عمر او را ہم جواب ہمین کلمہ داد و در مشکوۃ آوردہ
کہ چون خطبہ کرد فاطمہ را ابو بکر و عمر گفت آنحضرت کہ وی صغیرہ است پس گفت علی را ام ایمن و در روضۃ الاحباب گفتہ کہ
گفتند بوی اہل وخواص وے کہ تو برو نزد آنحضرت و خواستکاری کن دختر او را انتہی موضع الحاجۃ ہرچند یہ سن و سال جناب سیدہ کا
وقت تزویج مخالف مصرحہ کتب حقہ ہی لیکن یہان چونکہ کلام بموجب انکی روایات صحاح اور مذاق کے ہی اسلئی انہین کے
مذاق پر کہا جاتا ہی مقام غور ہی کہ بموجب تصریح جامع الاصول باوصف پندرہ سولہ بلکہ سترہ برس کے عمر ہونی جناب سیدہ ع
اور نسبت وقت درخواست جناب ام کلثوم رض کے کسقدر اوسوقت کم ہونی عمر عدالت مآب کی رسول مقبول ص عذر کم سنے جناب سیدہ
بیان فرمادین اور انتظار وحی ظاہر فرماوین تو اوسوقت تو عدالت مآب اپنا مونہہ لیکر چپ ہو رہی اوسوقت دعوی ابتغای وسیلہ
کا رسول مقبول ص سی نہ ظاہر کیا کہ بعد وفات با این ہمہ کبر سنی اپنی او صغارت سن یعنی چہار سالہ ہونی معصومہ کی یہہ بہانہ یاد آیا
اور عذر و اعتلال نفس رسول مقبول مثل کلام قریب وفات رسول مقبول رد فرمایا اور مضطر کرنا نفس رسول ص کا جو کہ باقرار حضرت
شیخ اعلی منجانب اللہ بمنزلہ نبی ص ہین گوارا فرمایا مگر حدیث من اذی علیا فقد اذانی ومن اذانی فقد اذا اللہ کہ ابو عمر والمنیری
نی عمرو بن شاس الاسلمی سی اور حدیث من اطاع علیا فقد اطاعنی ومن اطاعنی فقد اطاع اللہ ومن عصی علیا فقد عصانی
ومن عصانی فقد عصی اللہ کہ انکی خود امام ابو بکر نی معجم مین ابی ذر رض سے لکہی ہے حافظہ جناب شیخ فانی مین نہین رہی ہوگی
غرض شیخ فانی موجد درہ بہی اپنی عہد کے شاہ درانی ہوے کہ ازبس مشہور ہی کہ اونکی بہی نظر بر ابتغای وسیلہ تخت طاؤس
جب روضہ شاہ خراسان ذریت حضرت سرور انام علیہم الصلوۃ والسلام پر نذر چڑہایا تو اطفال صغیر سن سادات کو کوڑی مارنی
کی یا ابتغای وسیلہ مقبول ہونا چاہتا تہا علاوہ اسکی اگر حدیث مرقومۃ الصدر کہ ابو ہریرہ سے بتخریج بخاری و مسلم اوپر لکہی گئی محل

اعتماد نہین کہ وہ اسکو نہایت جہوٹا جانتی ہتی اور اکثر کہتی ہتی تو خود انکی مسند اقبال سی زیادہ مفصل حدیث ہی چنانچہ
جامع الاصول مین ہی تمام صاحبانِ صحاح ستہ سی عن ابن عمر نہی النبی ان یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ حتی یترک الخاطب
قبلہ او یاذن لہ اخرجہ الستۃ واللفظ للمالک والنسائی یعنی خاص صاحبزادہ عالی مقدار خود شیخ فانیصاحب کے روایت کرتی
ہین کہ منع کیا پیغمبر خدا نے یہ کہ جو اسکاری کری کوئی شخص اوپر خواستگاری بہائی اپنی کے یعنی کسی منگیتر کے مانگ نکری یہانتک
کہ وہ چہوڑ دیوی پہلی اسپے یا اذن دی واسطی اسکی اور یہہ حدیث جنہون صحاح مین انکی ہان ہی مگر شیخ فانیصاحب کو معلوم
نہو گی یا جائز انہین نہ رہی ہوگی کہ باوجود اسکی کہ نفس رسولؐ عند عبس عزل یعنی منگیتر ہونا واسطی اولاد بہائی کے بہتیرا
ظاہر کرین اور یہہ مدعی اتقیٰ سب کچہہ سنکر بہی الحاح سی باز نہ آوین اور پہر دعوی ابتغای وسیلہ کا بالجملہ وہ عبارت فارسی عود
شیخ مذکور یہہ ہی عمر بعلیؑ گفتہ فرستاد کہ ام کلثومؑ دختر کہ بانوی بنت فاطمہؑ مرا بزنی دہ ام کلثوم چہار سالہ بود و عمر شصت سالہ بود
علی بعذر پیش آمد و گفت دختر خویش را بسہم اگر راضی باشد بتو تسلیم کنم عمر عذر ش در یافت و گفت یا علی مرا با زنان اکنون حاجت
نمانہ زیرا کہ شیخ فانی گشتہ ام لکن ابتغی الوسیلہ یعنی میخواہم مرا وسیلہ باشد سوی پیغمبر پس امیر المومنینؑ ام کلثومؑ را تسلیم کرد ہمہ
ام کلثومؑ را جہل ہزار درہم بود فرستاد پس عمر آنرا بزانوی خود نشاند و مقنع کہ برسر بود عمر آنرا دور کردہ و دست بر سرش زد و دو
جامہ از ساقش بر داشت ام کلثومؑ دست بر داشت و خواست کہ طمانچہ زند و گفت اگر امیر مومنان نمی بود طمانچہ بر روی تو میزدم عمر گفت
نمی بایہ کہ کسی سخن او دور گیر چنانچہ این از نسب و نسل ہاشم و قریش ست اب منصفان با ایمان خیال کرین کہ جب خود پیر مقتدایان
ناصب عداوت خاندان طاہرہ اسقسم کی روایتین لکہتی ہین تو بقول جناب مرزا صاحب مرحوم علیین آنکے مجادل کو پوہنچتا ہی کہ جو
کلمات علمای حقہ کی حق مین یہ بزرگوار اور انکا پیر عزیز لکہتا ہی وہ اسکو اور اسکی مقتداؤن کو کہوین کہ افسوس آسمان گر نہین پڑتا
زمین پہٹ نہین جاتی کہ یہ باتین کیسی بازاری لوگوں کی سی ہین اور معاذ اللہ کیا ہتک عزت کرلی ہی اپنی پیغمبر کے اولاد امجاد کی اور کیا
کفران نعمت ہی بلکہ یہین ایزادی زیبا ہی کہ کیا شرم و حیا ہی کہ اپنی ہان خود تو اس قسم کی روایتین موجود جنکا ایک تہوڑا سا نمونہ
لکہا گیا اور اسپر طعن کرنا اور عیب لگانا اہالی مذہب حقہ کو اور اون لفظون پر گرفت اور حرف گیری کرلی جو کہ قرآن مین اور زبان
امہات مومنین پر اکثر جاری اور بدرجہا کمتر ہین اونسی جو کہ انکی اپنی ہان کس شدت و غلظت و فظاظت اور بی شرمی سی ہین
نعوذ باللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ سچ ہی اذا لم تستحی فاصنع ما شئت یہ ناصح جیو اگر کہین ملجاوین تو یہ بات ضرور پوچھی
جاوی کہ مخدوما یہ روایات بہی مفتریات موضوعہ محمد بن یعقوب کلینی وغیرہ فرماوگی کہ آپ کی کتب مین بہی داخل کردین یا اسی سحر
اتباع بنی ہاشم فرمائیگا یا اپنی کتابونکو بہی رتبہ صحت سی گراوگی اب جو شخص ذرا بہی عقل و ہوش اور کچہہ بہی مہارت زبان عربی
مین اور محاورہ عرب مین رکہتا ہووے تو از روی انصاف کے غور کری اور دیکہی کہ اوسمین اور ان روایتون مین کتنا فرق زمین
آسمان کا ہی تب ظاہر ہو کہ انکی روایتون مین بازاری پن یا اوسمین یہ عقل مند و بقافی صاحب لغظ غصب اور لفظ فرج کی نمایش
سی جاہلونکو وہوکی سی تنفر دلانا چاہتی ہین نہین جانتی کہ غصب کے کیا معنی ہین کہ ایسی اوعصبیت و بی شرمی دیتی مین انکو
یہہ بہی نہین معلوم کہ یہ کس کس محل مین محاورہ عرب مین مستعمل ہے عند اللہ کوئی شخص قاموس منتہی الارب وغیرہ کتب لغت دیکہی قرآن
کو دیکہی تب حقیقت حال اور سفسطہ بازی اور غلط اندازی ان بزرگوارونکی نمایان ہووے واضح ہو کہ منتہی الارب وغیرہ مین ہے

لفظ غصب

ہی الغصب اخذ الشی ظلما ستادہ شود غصبہ غصبا بستم گرفت آنرا غصب فلانا غلبہ وچیرگی کرد برو آور ستم کی معنی برہان قاطع وغیرہ کتب لغت مین صاف موجود ہین ستم بکسر اول بروزن شکم معروف است کہ تعدی وآزار باشد وبمعنی دیدہ ودانستہ نیز گفتہ دلعبری عمداً خواہند آپ عقیل سلیم الطبع غور سی دیکہین کہ اگر یہہ قول فی الواقع قولِ امام ہہی ہی تو کیا تعجب ہے انکی ہانکی خود خاص روایتونسی صغرِ سن جناب صاحبزادی کا ہویدا ہی چنانچہ تعداد چار برس تک کی ظاہر اور خلیفۂ ثانی نو صبا ٹھہ برس کی شیخ فانی اور عذر وعتلال جناب امیر کا لصغرِ سن اور فرمانا کہ اوسکی رضامندی پوچہتا ہون تو ہر شخص جانسکتا ہی کہ ایسی صغیرہ کی رضامندی ضرور نہین تہی مگر اظہار باعتلال کہ نفس الامر مین یہہ بہی اسوۃ ہی با جناب رسول ایزد متعال کہ بموجب مصرحہ مشکوۃ وصاحب مدارج مصرحۂ صدر تعلل انحضرت اسی طرح ہویدا ہی اور علاوہ اسکی ظاہر کرنا کہ مینی واسطی اولاد جعفر اپنی بہا ئیکی کہ کفو قریب تہی حبس کیا ہی یعنی نامزد کیا ہی مکرر ہویدا یعنے جیسے یہان منگنی کہا جاتی اور ایسیر دیدہ ودانستہ عمداً اصرار ہے خلافت پناہ کا اور نہ قبول کرنا عذر ہای معقول کا بلکہ الجا یعنی مضطر کرنا جناب امیر کو اور ناراضی اونکی اور ناراضی انکی صاحبزادی کی خود انکی اسناد متعصب مقتداؤن مثل ابن حجر وغیرہ کی تحریرات موثقہ مرقومہ بصدر سے صاف ایکہ ظاہر ہی اور یہانتک ناراضی کہ طمانچہ اوٹہانا صاحبزادیکا مصرحۂ شرح خصاف وشیخ شہاب الدین سی از بس ہویدا پہر جبر وتعدی اور ستم دیدہ ودانستہ عمداً جبر کے ہین تو کیا ہی کہ یہی معنی ہین غصب کے جو کہ بتصریح مصرحۂ اہل لغت ظاہر ہی نہین معلوم کہ با اینہمہ فضیحت از راہ عصبیت وعناد پہر کلمۂ غصبت سی تعجب ظاہر کرنا اور غیظ وغضب کو کام فرمانا یعنی چہ مگر ایسی غضب الہی مین گرفتار ہونا کہتی ہین اللہم احفظنا یہ غریب اتنا ہہی نہین جانتی کہ اگر کوئی جابر کسی شخص کو طلاق دینی پر اوسکی زوجہ کی جبر کے کری یعنی زبردستی طلاق دلوائے تو عرف مین کہتی ہین غصبت زوجتہ اور باوصف اسکی اگر خود وہ جابر اوس عورت سی نکاح کری تو خود انکی امام ابو حنیفہ کو فیکہان زنا متحقق نہین یعنے وہ جابر زانی نہین ہے چنانچہ تمام کتب فقہیہ اور فتاوی انکی شاہد ہین توجبکہ نکاح بظاہر منظہرِ اسلام اور متمسک اور متعمل بشرایع رسول انام بحسب ظاہر ہو تو خدانخواستہ اطلاق لفظ غصب سوائے جبر کشی اور نارضامندی قلبی اولیائے زن کی کوئی خدشہ وقوعِ حرمت زنا اور نامشروعیت نکاح کا نہین جسکی لزوم کا دہوکا ہیر عزیز اس نافہم باتمیز کے بہی واسطی تنفیر عوام کے ازراہ تسویل وتدلیس کے اس لفظ سی دیگئی ہین اور یہ ناصح بہی صنعت کاریکو کام فرماتی ہین کلام بازار ظاہر کرتی ہین تو وصورتِ تسلیم بیقین صدورِ کلام مذکور زبانِ امام سی بہی صرف یہ ظاہر ہی کہ یہ نکاح اول نکاح ہی کہ خاندانِ عالیہ مین بغیر طیب خاطر اولیا بطریق اکراہ واضطرار بنا بر مصلحتِ رفعِ فساد وغیرہ مکارہ ومفاسد نظر بمصالح دین واقع ہوا اسو بسبب وقوع اوسکی اسطرح تعبیر اوسکی بلفظ غصب بموجب محاورہ وعرف کی واقع ہی اور تجویز تزویج لڑائے عقلاً اور نقلاً معیوب وممنوع نہین نہ اس محجوبیت مین قدح نبوت مین یا وصایت مین یا مخالفت ساتہہ لقب غالب کل غالب کے کیونکہ انبیا واوصیا نظر بر مصالح دین اور اتمام حجت کی جو مصایب سہتے ہین اور ماحی فتنہ وفساد حتی الوسع رہتی ہین اور یہانتک ہی ظاہری کہینچتے ہین ایسپر مقام محمود اور نعمای رضا ومنزلت کی موعود ہین اور اہلِ ایمان اسکی توفیق کی حقتعالے سی دعا کرتی ہین کہ کلام الہی شاہد اسکا ہی اور جو اہتمام انکو مصالح دینی مین فایق تر اتمام مصالح نفوس سے ہی وہ دوسرے بشر سی نہین ہو سکتا ہی اسمین غالب آنا نفس پر ہی اور جہاد نفس فوق رتبہ جہاد جسمی ولسانی ہی نفس سرکش پر غالب آنا

لفظ غصب کی ان معنی ... نکاح جابری

صدق غالب کل غالب ... جمیع ... جسمی ... نفس ... غالب

در حقیقت مستحقات کامل رکھتا ہی اطلاق و مصداق لقب غالب کل غالب کا کیونکہ نفس الامر مین نفسانیت بہی ایک
بڑی غالب شی ہی اشیا مین تو در حقیقت اگر اس پر غلبہ ہو تو ہرگز انسان غالب کل غالب نہین کہا جا سکتا کیونکہ یہ
بہی ایک شی فرد غالب ہی اور اسپر غلبہ مخالفت ہی اسکی کہ وہ بلغیر رنج و تعب اور جبر کشی اور ظلم و ستم سہنے انواع و اقسام
اور سہنی ہتکہا ہی ظاہر کے اور صبر و تحمل وغیرہ کے بطریق کمال ہرگز حاصل نہین ہوتا کیونکہ یہ نہین جاہتا اور نہین صدق
رسول اللہ کہ بہتر ترین جہاد جہاد نفس ہے کیمیای سعادت مین امام سفیان احمد غزالی رکن سیوم مین لکہتا ہی ہمہ علاج ہا با مخالفت
شہوت آید چنانچہ حقتعالے ہمی گوید و نہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ہی الماوی رسول خدا صلعم کہ از غزوہ باز آمدندی گفتی از
جہاد کہین با جہاد مہین آمدیم گفتند آن چیست گفت آن جہاد نفس و گفت رنج خود از نفس خود باز دارد و ہوای وی بوی مدہ
الی آخر ما قال چنانچہ قصہ حضرت لوط پیغمبر کا دیکہنے سے انسان کے رونگٹے کہڑے ہوتے ہین کہ قریب کچہ مختصر انظر بر تناسب محل
بیان ہوتا ہی بالجملہ یاد رہی کہ رفع مفسدہ اور صیانت نفوس اہم مراتب اور اہم مصالح دینیات سی ہی اور انبیاء و اوصیا
کو اپنی نفسوں سی زیادہ اہتمام مصالح دین مین ہوتا ہی اہل ایمان کا نظر بر صیانت عن الفساد تضرع اور دعا جناب باریمین اسکی لئی
کرتی رہی ہین اور اپنی اوپر جبر سہتی ہین لیکن ماجی فساد رہتی ہین عامی طبع علی الخصوص دہاقین سفاہت آئین اس مذاق
آئین کو کیا جانین اور سمجہین اس صاحب شرم و حیا کو خبر نہین کہ فاضل نیشاپوری خود اسکی ان تفسیر سورہ یونس مین ذیل آیۃ فقالوا
علی اللہ توکلنا ربنا لا تجعلنا فتنۃ للقوم الظالمین ونجنا برحمتک من القوم الکافرین مین لکہتا ہی لما قدموا التضرع الی اللہ
فی ان یصونہم عن الفساد واتبعوہ سوال العصمۃ عن انفسہم فقالوا ونجنا الایۃ وفی ذلک دلیل علی ان عنایتہم بمصالح الدین
فوق اہتمامہم بمصالح انفسہم وہکذا یجب ان یکون عقیدۃ کل مسلم حاصل مضمون آیۃ وافی ہدایہ یہ ہی کہ کہا انہون نی کہ توکل
کی ہمنی اوپر خدا کی ای پروردگار ہمارے مت کر ہمکو تو فتنہ واسطی قوم ظالمونکی اور نجات دی تو ہمکو ساتہہ رحمت اپنی کی قوم
سی کافرونکی اور خلاصہ مضمون فاضل مذکور یہ ہی کہ ہر گاہ پیش کی اونہون نی تضرع طرف خدا کی بیچ اس بات کی کہ نگاہ
رکہی اونہین فساد سی اور درخواست کی سوال عصمت کی نفسون اپنی سی یعنی عصمت چاہی اپنی نفسون کی لئی و توبہ شر
فساد سی تو کہا اونہون نجنا تا آخر اور یہ دلیل ہی اسبات پر کہ عنایت اور توجہہ اونکی مصالح دین مین زیادہ تر اپنی نفسون
کی مصالح کی اہتمام سی ہی اور یہی واجب ہی کہ عقیدہ ہر مسلمان کا ہووے ناصح صاحب نی ادعیہ طاہرہ ائمہ علیہم السلام اور طریقہ مناجات
کبہی کاہیکو دیکہی ہونگی لیکن چونکہ عبارتہای آیندہ مین اسم مبارک صحیفہ کاملہ باقرار وحوالہ زبور آل محمد وہ لکہتے ہین اسلئی
حقیر ادسی مین کی چند فقرات واسطی صفر اشکنی ناصح جیو کی لکہہ دیتا ہی کہ حقیقت حال ائمہ ہدی خلفای رسول مجتبی کی مطابق
ارشاد آیہ مذکور غور کرین اور شرما وین یہان معنی کہلتی ہین علی مع القرآن والقرآن مع علی کی اور اسوۃ بہ انبیا کی یہ عبارت
ہی مقام حاجت کی کہ ہمیشہ پروردگار سی اسطرح مناجات کرتی تہی وارزقنی التحفظ والاحتراس من الزلل فی الدنیا والآخرۃ
فی حال الرضا والغضب حتی اکون بما یرد علی منہما بمنزلۃ سواء عاملا بطاعتک موثرا لرضاک علی ما سواہما فی الاولیاء والاعداء
حتی یامن عدوی من ظلمی وجوری ویایس ولیی من میلی وانحطاط ہوائی واجعلنی ممن یدعوک مخلصا فی الرخاء دعاء المخلصین
المضطرین لک فی الدعاء وانک حمید مجید یعنی روزی کر تو مجہکو حفظ اور محافظت لغزشونسے بیچ دنیا اور آخرت کی بیچ حال

حال خوشنودی اور غصہ کی یہانتک کہ ہو وئین ساتہہ اوس چیز کے کہ واقع ہو اوپر میرے خوشنودی اور غصہ ہی ساتہہ سی
ستر کی کہ برابر ہو یعنی دونو حالتین مساوی ہون در انحالیکہ عمل کرنیوالا ہوئین بیچ طاعت تیری کی اختیار کرنیوالا واسطی
خوشنودی تیری کی اوپر اوس چیز کی کہ سوا اونکی ہی بیچ دوستونکی اور دشمنونکی یہانتک کہ امن مین رہی دشمن میرا میری
ستم سی اور میرے جور سی اور ناامید ہووے دوست میرا میری طرفداری کرنیسی اور ترقی خواہش میرے سی اور گردان تو مجھکو
اوس شخص سے کہ پکاری تجھکو اور روے اخلاص کے بیچ حالت سستی اور آرام کی پکارنا مخلصین کا ایسی مخلصین جو بیچارہ اور بیقرار
ہین واسطی تیری بیچ دعا کی تحقیق تو تعریف کیا گیا اور بزرگ ہی اور علاوہ اسکی اس دعای مذکورہ مین ہی کہ باوجود ظلم کہینچے
کی ظالمونسی بارگاہ الہی مین یون دعا کرتی تہی اعصمنی من مثل افعالہ و لاتجعلنی فی مثل حالہ اللہم کما کرمت الی ان اظلم
فقنی من ان اظلم یعنی نگاہ رکہہ تو مجھکو اس بات سی کہ ظلم کر دیئین اور علی ہذا القیاس دعائین ہین کہ دشمنونکی اور ظالمونکی
باب مین ایسی مضمونونکی انکی دعائین تہین بلکہ حالت مرض مین عین شدت بیماری مین جو انکی دعائین ہین اونکی دیکہنی سی
واضح ہوتا ہی کہ انکا حال شکرگذاری کا اور صبر و رضا کا جو کہ صحت مین ہی وہ ہی بیماری مین چنانچہ اوسی کتاب مین دعا ہی
اذا مرض او نزل بہ کرب او بلیۃ اللہم لک الحمد علی ما احدثت بی من علۃ فی جسدی فما ادری یا الہی ای الحالین احق بالشکر لک
وای الوقتین اولی بالحمد لک اوقت الصحۃ التی ہنأتنی فیہا طیبات رزقک و نشطتنی بہا لابتغاء مرضاتک و فضلک
و قویتنی معہا علی ما وفقتنی لہ من طاعتک ام وقت العلۃ التی محصتنی بہا والنعم التی اتحفتنی بہا تخفیفا لما ثقل بہ الخ یعنی واسطے
تیرے ہی شکر ہی اوپر اوس چیز کے کہ پیدا کیا تو نی مجھہ مین مرض سے بیچ بدن میرے کے نہین جانتا ہوئین ای پروردگار میرے
کہ کونسی ایک دونو حالتونمین سی زیادہ تر حق رکہتی ہے ساتہہ شکر کے واسطی تیری اور کونسا ایک دونو وقتونمین سے
سزاوار تر ہی ساتہہ حمد کی واسطی تیری آیا وقت صحت کا وہ وقت صحت کا کہ گوارا کیا تو نی میری لئی بیچ اوسکی پاکیزہ
رزقونکو اور خوشی بخشی ہی تو نی مجھکو بسبب اوسکی واسطی خوشنودی خواہش اپنی کی اور فضل اپنی کی اور قوت دی ہی تو نی
مجھکو ساتہہ اوسکی اوپر اوس چیز کے کہ توفیق دی تہی تو نی مجھکو واسطی اوسکی تابعداری اپنی سی یا زیادہ تر سزاوار شکر
ہی وقت مرض کا وہ مرض کہ خالص کیا تو نی مجھکو اور آزمایش کی تو نی میری بسبب اوسکی اور وقت اون نعمتونکا کہ تحفہ بہیجا
تو نی واسطی میری اونکو واسطی ہلکا کرنی میرے اون چیزونسی کہ بوجہہ ہو گیا بسبب اونکی اوپر پیٹ میری کی ناصح صاحب نے کتب
تاریخ و تفاسیر مین حال اصحاب الاخدود بہی کبہی نہین سنا کہ خبردار ہوتی دیکہین حال ذونواس کہ اوس شقی نی راہب جب خدا
کو سامنے نوجوان صاحب ایمان کی جان سی مار ڈالا اور اوسکو سولی پر بہی چڑہایا آگ سی بہی جلانا چاہا غرض کس کس طرح
اذیت دینی چاہتی یہانتک کہ تیر آویز کیا اور تاثیر دعا اسقدر رکہتا تہا کہ جب دعا کرتا اسی اصلا ضرر نہ پہونچا اور جسکی
لئی دعا کرتا فوراً تیر بہدف تہا لیکن اپنی دشمن موذیکو خود بتلا دیا کہ تیر و تلوار تمہاری مجھہ پر اصلا اثر پذیر نہونگی مگر تم
یہ کہکر تیر مارو کہ بسم اللہ رب ہذا الغلام اور انجام کو جب اسیطرح بد انجاموں نے تیر مارا تب جان بحق ہوا اور آل و انجام
اذیت کشی اور یاری جانیکا اس خرابی دشمنکے سی یہہ تہا کہ بہتیری لوگ بسبب ظہور اس امر کی ایمان لای اور ہلاکت
و ضلالت سی کفر کی چہوٹی کہ یہ قصص تفاسیر و روضۃ الصفا وغیرہ تمام کتب تاریخ مین فریقین کے ہان موجود ہین علاوہ اسکے

حال حضرت لوطؑ کا صاف ظاہر ہی کہ نظر بر حفاظتِ عرض ناموس مہمانونکی شر تعرضِ کفار سی کہ اکرام اونکا اور ضیافت
اونکی دینیات سی تہی اپنی بیٹیونکو کفار پر عرض کیا فاضل مینا کور تفسیر آیہ ہولاء بناتی ہن اطہر لکم الآیہ مین لکہتا ہی
معناہ ان لوطا کان قد عرف عادتہم ذلک فاراد ان یقی اضیافہ ببناتہ فقال ہولاء بناتی الآیہ خلاصہ مضمون آیہ یہہ
ہی کہ تحقیق پیغمبر جانتی تہی عادت اون کافرونکی عمل لواطہ کی قبل اسکی پس ارادہ کیا لوطؑ نی کہ نگاہ رکہی اپنی مہمانونکو
ساتہہ بیٹیون اپنی کے پس کہا ہولاء بناتی الآیہ بلکہ سورہ حجر مین اسی باب مین یہ الفاظ ہی جسکی قرآن مرتبہ عثمانی گواہ
ہی کہ حقتعالی زبانی حضرت لوط کی فرماتا ہی کہ یون بہی کہا کہ قال ہولاء بناتی ان کنتم فاعلین یعنی کہا لوط نی کہ یہ مین
بیٹیان میرے اگر ہو تم کرنیوالی ناصح صاحب اور احزاب اونکی شرم کرین اور بتلاوین کہ یہ مضمون بہی معاذ اللہ شیوخ کتب اربعہ
نی قرآن مین داخل کردئی ہین اور دیکہین اس مضمونکو او متنبہ ہو دین تفاسیر مین قصہ حضرت لوط نبی کا اور نزول قہر
الہی کا فران نعمت نبوت پران نصیحت کارنی کا بیکو دیکہا یا سنا ہوگا انکی پیر جیونی پہلی ہی اوسکی دیکہنی کو منع فرمایا ہو
کیونکہ وہان بالتصریح تمام مخالفت کارانِ حکم رسول کردگار گو کہ بی بی نجواہی کیون نہو مورد قہر ذوالجلال قہار اور
مستحقِ جحیم و نار کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکارا ہوتی ہین جسکا کہ اخفا انکو بہت اہم مقصود ہی اسی واسطی بیان
کی لعن سے اور پیر و مرشد یا اپنی مقتدا اون کی سو حقیر مطابق مصرحہ تفاسیر فریقین حذرا للطوالت بطریق اختصار واسطی
بیدار انکی خواب غفلت سی نظر بر ہدایت صغار و کبار اس مقام مین کہ محل ضرور ہی اوسکا ہی منکشف کرتا ہی واضح ہو کہ جب قوم
حضرت لوط کی نافرمانیکا اور عمل بد انکا کہ از بس ہو رہی انتہای غایت کو پہنچا تو پروردگار عالم نی جبرئیل اور میکائیل او
اسرافیل علیہم السلام کو کئی اور فرشتون سمیت نہایت خوبصورت گبرو جوانون کی شکل مین واسطی ہلاک بدکردارون کے
بہیجا حتی کہ یہ فرشتے حضرت لوطؑ کی پاس پہنچی جہان وہ کہیتی کرتی تہی اور حکم خدا کا یہ تہا کہ جب لوط تین مرتبہ اپنی قوم کے
بدی کی گواہی دیوی تب اوس قوم کو ہلاک کرنا جب حضرت لوط اپنی گہر آنی لگی تو فرشتے بہی انکی ساتہہ آنی لگی حضرت لوطؑ
نی کہا کہ تم اس شہر مین کہان جاتی ہو اس شہر کی لوگ بہت برے ہین غرض اسیطرح تین مرتبہ کہا تب جبرئیل نی ساتہہ والے
فرشتونکو گواہ کیا اور حضرت لوط اون فرشتون کو واسطی مہمانی کے اپنی گہر مین لائے اور اپنی قوم سی چہپا کر رکہا کیونکہ یہہ
لڑکونکی شکل تہی اور قوم بچہ باز سو حضرت لوط کی بی بی نی قوم سی جا کر کہدیا کہ آج لوط کی گہر مین بہت خوبصورت لڑکی آئی
ہین وہ لوگ حضرت لوطؑ کی دروازہ پر آئی اور غل مچانی لگی کہ یہ مہمان جو تیری گہر مین آئی ہین ہماری حوالہ کردی چنانچہ
خبر دیتا ہی اس قصہ کی مضمون آیہ ولما جاءت رسلنا لوطا سیء بہم وضاق بہم ذرعا وقال ہذا یوم عصیب وجاءہ قومہ
یہرعون الیہ ومن قبل کانوا یعملون السیئات یعنی ہرگاہ آئی فرشتی بہیجی ہوئے ہمارے لوطؑ پاس ناخوش ہوا لوطؑ بسبب آنی
اونکی کی اور تنگ ہوا لوط بسبب اونکی دلمین اور کہا لوطؑ نی یہ دن سخت ہی اور آئی اوس پاس قوم اوسکی دوڑتے ہوئی طرف
اوسکی اور پہلی اسسے لوگ قوم لوطؑ کی کرتی تہی کام بد کو الغرض جب قوم نی اون مہمانونکو طلب کیا اور بہت تنگ کیا لوطؑ کو
تو حضرت لوط نی جواب مین کہا کہ ای قوم تم میری بیٹیان لیلو لیکن مہمانونکی مقدمہ مین مجہی رسوا نکرو اور بیٹیان میری بہت
پاکیزہ ہین واسطی تمہارے اوس وقت اون کم بختون نے صاف بی حیائی سی کہا کہ تو جانتا ہی نہین غور تو سنی کچہہ سروکار نہین

اور اوسوقت بہت زیادہ بی کرنی لگی اوسوقت حضرت لوط نی کہا کہ کاشکی تمہارے لئی واسطی میری قوت ہوتی یا جگہ پکڑتا
مین طرف قلعہ مستحکم کے اوسوقت حضرت جبرئیل نے یہہ حال دیکہہ کر حضرت لوط سی ظاہر کر دیا کہ تم شوق سی دروازہ کہولدو ہم
فرشتی ہین یہ کچہہ تمہین ایذا نہ دی سکین گے ہم انکی ہلاک کرنیکو آئی ہین غرض جب قوم اندر گہسی تو حضرت جبرئیل نے پر مارا
کہ سب اندہی ہو گئی اور بہاگی اور حضرت لوط دوڑی جنگل کو کہ ایسا نہو کہ یہان صبح کو مجہی ایذا دیوین جبرئیل نے کہا کہ یہ صبح کو
ہلاک ہونگی اور حکم ہوا کہ تم کچہہ رات رہی اپنی لوگون تابعونکو لیکر نکل جاؤ اور کوئی پہر کر نہ دیکہنا تو قوم پانچ شہر کے رہنی
والی تہی جنکا نام سدون اور عاصورا اور داودان اور ضوانیم اور سعد تہا چنانچہ سعد کے لوگ مومن اور تابع تہی غرض حضرت
لوط جب نکلی تو کسینے پہر کر نہ دیکہا لیکن انکی بی بی نے کہ وہ کافرہ تہی جسنے خیانت کی کہ بہید کہدیا پہر کر دیکہا کہ پتہر برس رہی
ہین اور کہا کہ ہای قوم سو اوسپر بہی ایک پتہر آیا کہ ہلاک ہو گئی چنانچہ خبر دیتا ہی اس قصہ کے اور اشارہ کرتا ہی مضمون
آیہ قال یاقوم ہولاء بناتی ہن اطہر لکم الایہ عقیل فہیم اس مقام سی بہت فواید در ظہور رسوت و اقتدای رسول امین و نفس رسول یعنی
جناب مولا مومنین کے ساتہہ انبیای سلف کی غور کر سکتا ہی کہ تفصیل تمام مراتب کی تو اس جگہ موجب تطویل و بی محل ہی مگر مختصرا
امام المتقین اور خلیفہ عادل ناصح صاحب بر و قسط و صدق و حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ بخ بخ لک یا علی ابن ابیطالب اصبحت مولائی
و مولی کل مومن و مومنۃ خود بہی فرما دین کہ تفسیر کبیر فخر رازی وغیرہ تفاسیر اور کتب صحاح مین انکی موجود ہی کہ خود حیات پیغمبر خدا

مین یہ فرمادین اور ظاہر ہوگیا کہ کہیت مین جنگل مین تخلیہ مین بعد وفات بہی بلفظ امیرالمومنین مولای مومنین کو خطاب
کرین اور اپنی خلافت مین اپنی لئی بہہ لفظ اختراع کہ اختراع بہی ہی اور افترا بہی کہ غصب لقب نفس رسول بہی ظاہر اور بر
مخالفت خدا و رسول بہی ہویدا دیکہین کہ شہر رمضان کا قیام یعنی تراویح بہی عدالت پناہ کا اختراع ہی جسی اونہین کی زبانی
نجاری نعمۃ البدعۃ تصریح کرتا ہی یعنی خود عدالت پناہ فرماتی تہی کہ کیا اچہی بدعت ہی دیکہہ لین آنکہین کہولکر کہ کلمہ اول من
حرم المتعہ کیا حقیقت خلیفۂ ثانی ناصح صاحب ظاہر کرتا ہی کہ یہان قول حسبنا کتاب اللہ بہی مثل رجوع از نبوۃ صاف رجوع ظاہر ہے
سبحان اللہ قرآن مین تو پروردگار حلال کری متعہ کو اور پیغمبر حکم جاری کرین پیغمبر کے عہد مین بڑی انکی اپنی خلیفہ صدیق صاحب
کی عہد مین بہی بلکہ خود انکی اپنی عہد مین بہی جاری رہی یہ ایسی ناسخ قرآن پیدا ہوئی کہ فرمادین کہ مین حرام کرتا ہون اور کیا مستحکم
اعتقاد ہی احزاب ناصح صاحب پیروان عمری کا کہ خدا و رسول سی مونہہ موڑین لیکن انکی بدعت کو نہ چہوڑین جو شخص آیۂ وما
استمتعتم بہ منہن فاتوہن اجورہن فریضۃ قرآن مین دیکہہ لی اور تفسیر نیشاپوری اور تفسیر کبیر وغیرہ ملاحظہ کری اور جامع الاصول
مین حدیث ابن مسعود بخاری و مسلم کی دیکہی کہ صاف ہی عن ابن مسعود قال کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس معنا نساء فقلنا الا نختصی
فنہانا عن ذلک ثم رخص لنا ان نستمتع فکان احدنا ینکح المراۃ بالثوب الی اجل اخرجہ الشیخان وعن جابر قال کنا نستمتع بالقبضۃ
من التمر والدقیق الایام علی عہد رسول اللہ وابی بکر حتی نہی عنہ عمر اخرجہ مسلم کہ زیادہ قیل وقال آپہین ایسے ہم اوقات ہی
کیونکہ خود اونکی حدیث صحیحین سے یہانتک واضح ہی کہ قطع نظر رسول مقبول کے عہد ابوبکر بلکہ مدتون خاص عہد عمر مین بہی جاری
رہا یہانتک کہ منع کیا عمر نے یعنی اب یہانا نسخ کا عہد آنحضرت مین مطلقا نہ تھا فافہموا وتدبروا ناصح صاحب باحرمت متعہ سنی دست
بردار ہون یا صحیحین کو مفترات دو موضوعات کہین یا اپنی قایل انا احرمہما کو نادل کہیں حلال بجانین بیع امہات ولد تمام کتب
فقہ حنفیہ وغیرہ مین ہی کہ جناب امیر فتوی بیع ام ولد کا دیتی تہی فصل مرقومہ مین دیکہلو کہ منع کیا عدالت پناہ نی اور کیا شرم و حیا
ہی ناصح صاحب کی پیروی پیرونکی کہ پہر اپنی تئین متمسک باہلبیت ظاہر کرین اور عمل کرین اختراع و منع عمری پر صلوۃ جنازہ
کی چار تکبیرین دیکہین ناصح صاحب کہ اختراع عمری مین ذرا شرم کرین کہ اہل حق کو آسی حقیقت پر طرف بدعت کی بلاتی ہین اور
قول آئندہ مین پانچ تکبیر کے ترک کی نصیحت فرماتی ہین کہ ہاتہہ نہ اوٹہاؤ یعنی رفع یدین نہ کرو اور کہتی ہین کہ پانچ تکبیر جنازہ
مین شیوخ کتب اربعہ کی وضاعی سی ہی الا لعنۃ اللہ علی الکاذبین الحق کافر ہمہ را بکیش خود می پندارد اپنی شیخ کی نسبت ہمارے
شیوخ سے نسبت فرمائی عین علامت فقدان حیا و ایمانی ہی بلکہ سوای اس مقولہ بجملہ جلال الدین کی تاریخ ابو الفدا مین دیکہین
تو اونکی آنکہین کہلین کہ وہان صاف نسبت چار تکبیر جنازہ کی یون لکہتا ہی کہ پہلی اس سے زیادہ تہین چار ایجاد عمری ہی یعنی چار
انہون نی سکہلائین لا حول ولا قوۃ الا باللہ اور شرح سفر السعادۃ مین محدث دہلوی حالات نماز میت مین فتح الباری سی
جو لکہتا ہی صفحہ ۲۹ مین آنکہین کہولکر ملاحظہ کرین کہ خاص صحیح مسلم سی روایتین لکہی ہین جسکو اصح کتب بعد کتاب اللہ اپنی
اہنین در قوتین محدوم لکہتی ہین روایت کرد صحیح مسلم از زید بن ارقم کہ وی پنج تکبیر میگفت و رفع میکرد این را بحضرت و از ابن
مسعود روایت شدہ کہ وی نماز بگذارد بر جنازۂ مردی از بنی اسد و پنج تکبیر گفت اور بعد بیان اختلافات کثیرہ کی صفحہ ۴۴
مین لکہتا ہی کہ در مبسوط حنفیہ مذکور است کہ ابو یوسف پنج تکبیر میگفت و از احمد نیز روایتی ہست و بکر بن عبداللہ مزنی بران رفتہ

بدعت تراویح بجائے سنت

منع متعہ

بیع امہات ولد

تکبیرات جنازہ

رفع یدین

رفتہ کہ کم از سہ نباید گفت و نہ زیادہ بر ہفت انتہی کلام فتح الباری و شمنی می گوید کہ امام محمد در آثار از ابو حنیفہ از حماد از
ابراہیم نخعی می آرد کہ صحابہ تکبیر میگفتند بر جنازہ چہار و پنج و شش و در روایتی پنج و شش و بیشتر از ان در زمان رحلت پیغمبر خدا
ہمچنین در ولایت ابو بکر و چون ولایت بعمر فاروق رسید ہمچنین می کرد پس گفت عمر الخ انتہی موضع الحاجہ مشکوۃ مین بیچ
باب المشی بالجنازۃ و الصلوۃ کی یہ حدیث صحیح مسلم عن عبد الرحمن ابن ابی لیلی قال کان زید ابن ارقم یکبر علی جنایزنا اربعا
وانہ کبر علی جنازۃ خمسا فقال کان رسول اللہ یکبرہا یعنی کہا یہ عبد الرحمن نے کہ زید بن ارقم تکبیر کہتا تہا جنازون پر ہمارے چار
دفعہ اور تحقیق تکبیرین کہین ایک جنازہ پر پانچ پس پوچہا ہمنی اوس سے یعنے چار کہا کرتی تہی پانچ کیون کہین تو جواب دیا زید بن
ارقم نے کہ پیغمبر خدا پانچ تکبیرین کہتی تہی تنبیہ عقیل فہیم پا سکتا ہی نکتہ اور لطافت جو جواب زید بن ارقم مین ظاہر ہی اور کیفیت
قرار واقعی حاصل ہو سکتی ہی اگر ذہن سلیم اور عقل مستقیم اور نظر ہو کتب تاریخ پر کہ حالات زمان حکومت جائرین و غاصبین
اوسمین مین کیونکہ صاف واضح ہی تصریحات جلال الدین سیوطی اور ابو الفدا اور محقق دہلوی وغیرہم محدثین و مورخین سے کہ استبداد و
استقرار چہار تکبیرات پر احداث و اختراع عمری ہی تو زید بن ارقم وغیرہ بیچارے کیا مقدور رکہتی تہی کہ خلاف خلافت پناہ کی کار بند
ہو سکتی سو چہار کہتی زید بن ارقم کی خلافت عمری کی زمان احداث مین تہین جب وہ علت دفع ہوئی یعنی خود وہ محدث و مستبد
نہ رہی تب زید بن ارقم نی پہر بموجب قول و فعل رسول مقبول کی پانچ تکبیرین کہین چنانچہ جواب سوال مین ظاہر کر دیا چنانچہ
تصریح اس قسم کے امور کی جناب سید برکت علی صاحب کے رسالہ مین کہ مفید العوام نام ہی بہت تفصیل سی ہی من شاء فلیرجع الیہا و من
لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور نصیحت پناہ فرماتی ہین کہ رفع یدین چہوڑ دو یعنی ہاتہہ اوٹہانا تکبیر پر اور نصیحت شعاری یہ کہ
اسی بہی مفتریات کتب اربعہ غلامان خمسہ طاہرہ ظاہر فرماتی ہین اور شرم و حیا کو طاق نسیان پر رکہدیا ہی زیادہ تفصیل اسکے
صاحب خرافات کی خطاب ہین کیا لکہی جاوی اس مختصر دو کلمہ پر اکتفا ہی کہ یہ پہلی بالنسل اگر علم و عقل سی بی بہرہ مین کتب
مبسوطہ عربیہ پر نظر اور غور نہین تو ایسی بی ڈہنگی بہتان بندیون سے کیا مفاد ہی شرح سفر السعادۃ کو کہ صاف و سہل فارسی عبارت
ہی دیکہین اور شرم کرین خدا اور رسول اور لوگون سی دیکہیو شرح مذکور مین حدیث ہی عمر اور ابن عمر اور ابن عباس اور زید بن ثابت
کی رفع یدین مین اور مذہب شافعی یہی ہی چنانچہ متن مین مجد الدین فیروز آبادی لکہتا ہی کہ حضرت دستہا در تکبیر بر داشتی اور شارح
مذکور کہتا ہی کہ مذہب شافعی و احمد ہمینست و مروی است از فعل عمر و ابن عمر و ابن عباس و زید تا آخر کہین آپ رد پ قنوت کو بہی مفتریات
کتب اربعہ شیعہ ظاہر کرتی ہین اور نصیحت کرتی ہین ترک کی حالانکہ مشکوۃ کی باب الصلوۃ کی دوسرے فصل مین پہلی حدیث ہی عن ابن عباس
قال قنت رسول اللہ شہرا متتابعا فی الظہر و العصر و المغرب و العشاء و صلوۃ الصبح الحدیث اور پہلی فصل مین متفق علیہ بخاری
و مسلم ہی عن عاصم الاحول قال سالت انس بن مالک عن القنوت فی الصلوۃ کان قبل الرکوع او بعدہ قال قبلہ انما قنت رسول
اللہ بعد الرکوع شہرا الحدیث جس سے عقیل منصف پر ناصح صاحب کی صحیحین سے صاف ظاہر ہی کہ ہمیشہ تو قبل از رکوع آنحضرت قنوت پڑہتی
تہی اور ایک مہینے پہر بعد رکوع کی پڑہا تو اب کیسی ہی صناعی اور دضاعی کو کام کرین لیکن بفحوای مضمون الحق یعلو ولا یعلی حق
بر زبان خود بخود جاری ہو جاتا ہی اور اصل حقیقت انہین کے ہاتہ سے کہل جاتی ہی مگر زیادہ سوختگی در باب قنوت نصیحت آب کو
یہ ہی کہ جناب مولا مومنین ع اپنی خلیفہ بہ تحکیم اور اونکی اعوان پر چند مدت قنوت مین نفرین فرمایا کئے ہین جیسے کہ رسول مقبول

فرماتی تہی قنوتِ قراء پر سو اونکی حسن ظن مین یہ متصور ہے کہ شیعیان مولای مومنین ہمیشہ ہر وقت قنوت مین یہی بات کرتی
ہین یا قنوت کی نام سی وہ نفرین انکی دلمین کہٹکتے ہی کہ آپنے اسکی بالکل ممانعت فرمائی اور مفتریات تبلایا ذرا دیکہین مشکوۃ
کو اور شرم کرین اہل حق کی سامنی لب ہلادین کہ خود فضیحت ہونا ہی کہین آپ فرماتی ہین کہ تین غسل مردہ کی چہوڑدو کہ
تمہارے چاردن کتابونمین ہی حالانکہ صاحب فتح الباری شارح صحیح بخاری شرح حدیث غسل میت مین صاف لکہتا ہی واستحب
ثلثہ یعنے تین غسل میت کی مستحب ہین اور ام عطیہ سی حدیث متفق علیہ بخاری ومسلم ہی جو کہ شروع فصل مین اول باب غسل میت
مین بیچ مشکواۃ کی حدیث طویل ہی قالت دخل علینا رسول اللہ ونحن نغسل ابنتہ فقال اغسلنہا ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رأیتن
ذلک بماء وسدر واجعلن فی الاخرۃ کافورا الحدیث الحاصل روایت ہی ام عطیہ سی کہ آئی ہمارے پاس پیغمبر خدا اور ہم اونکی
بیٹی کو نہلاتی تہین یعنی حضرت زینبؓ کو پس کہا کہ نہلاؤ اسکو تین بار یا پانچ بار یا زیادہ اس سے اگر ضرورت دیکہو تم
غرض نہلاؤ تم ساتہہ پانیکی اور بیری بیریکی اور اخیر مین غسل کا فور کا کرنا چاہئی اور مظاہر حق مین کہ ترجمہ با فواید خاص
ذریۂ عزیز سی ہی فائدہ مین صاف لکہتا ہی کہ لفظ او کا اسمین ترتیب کے لئی ہی نہ تخییر کے لئی اسلئی اگر پاک ہوجاوے پہلی
غسل مین تو مستحب ہی تین بار نہلانا انتہی موضع الحاجۃ ہرچند مستحب کہا تین غسل کا مستدرک محض ہے بلکہ وجوب خود حدیث
سے انکی ہان ہویدا ہی کیونکہ اغسلنہا ثلثا ہی اور تردید زاید علیحدہ پہر استحباب تین غسل کا کہنا یعنی چہ لیکن بطریق تنزل تین
غسل تو مستحب خود ان پیران ثلثہ کی عمل و اقرار ہی بہی موجود مین آب خالص اور سدر اور کافور کے پہر اغسال ثلثہ پر کیون
سوختہ ہوے مگر اپنی ہاتہون اپنی فضیحت ظاہر کردی اگر مانند اپنی خلیفہ عادل کی ارشاد رسول مقبول پر عمل نہین اور چون
وچرا اور ہذیان سرائی پر استبداد و اصرار ہی تو قول و فعل اپنی ہانی ہوئی عادل اصحاب کا تو دیکہین اور اپنی محدثین کے تحریر
بتصریح دیکہین اوس سے کیا کیفیت ظاہر ہی اور کچہہ بہی شرم اختیار کرین تو عرق شرم مین ڈوب جاوین اور نہاوین جس سے صاف
بالتصریح کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکار ہی کہ خاص پیغمبر خدا کو بہی تین غسل دئی گئی جسکی گواہی بہی خاص اونکی صدیقہ
دیتی ہین چنانچہ علی بن برہان الدین محدث شافعی انسان العیون مین احادیث صحاح سے لکہتا ہی عن عائشہ وغسل ثلاث غسلات
واحدۃ بالماء القراح وواحدۃ بالماء والسدر وواحدۃ بالماء والکافور اور محدث مذکور بعد حدیث مسطور لکہتا ہی ای
والغسلۃ التی کانت بالماء القراح کانت بعد الغسلۃ التی بالسدر فہی المزیلۃ وفی کلام ابن الجوزی فغسل رسول اللہ فی المرۃ الاولی بالماء
القراح وفی الثانیۃ بالماء والسدر وفی الثالثۃ بالماء والکافور الخ اور اسی کتاب مین تہوڑی عبارت کی بعد حال تکفین نبوی
مین دیکہین کہ بعد تفصیل وجوب اثواب ثلثہ وکم وزیادہ لکہا ہی کہ پیغمبر خدا کو سات پارچہ کا کفن دیا گیا جس سے کہ ناصح صاحب
تبرا اور تحاشی ظاہر کرتی ہین چنانچہ یہہی عبارت محدث مذکور وفی روایۃ کفن فی سبعۃ اثواب وبعد تکفینہ وذلک یوم الثلثا
وضع علی سریرہ الخ نہین معلوم ناصح صاحب کس نیند سوتی ہین مگر اتباع باب مدینۃ العلم کو گم جانا ان گم نام ناصح صاحب نے
بہہ اپنی دیہات وقصبات مین شاید ملا جیو سو لوجیو مولوی کو صاحب دہاقین سفہا مین جو کہلانی لگی تو سچ مچ ملا اپنی تئین
جاننی لگی اور عالم ہی سمجہنے لگی کہ علمای ذوی الاکرام اور محدثین اہلبیت رسول انام علیہم الصلوۃ والسلام کے خدمت مین
فقط ظلمت وغلاظت سی پیش آنی لگی حال آنکہ ظاہر ہی کہ کتنی انمین سادات اولاد رسول مقبول ہین اگر بالفرض گمراہ بہی

جانتی تو قیام سنت کا دعوی رکھتی ہو ہدایت وارشاد فرماتی ہو سب وشتم یعنی جو جب سے کہ تحاشا اور انکار پر صغار و کبار مین
ہی اور خاصہ مذہب عالی متعالی کا مشہور کر رکہا ہی اگر برا بہی جانتی ہو اور رسول کو مانتی ہو تو اپنی ہان خود دیکہی کتاب
موت شیخ دولت آباد مین حدیث موجود ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نی الصالحون للہ والطالحون لی پہر او سپر بہی کچہہ خیال نہین
تو سنت سنیہ ہی اپنی عادل خلیفہ صاحب کی بخاری مین جنکی حق مین خطاب افظ اغلظ ہی اور موجود ہی کہ بارشاد کلمہ ندیان اپنے
ظاہر مانی ہوئی پیغمبر صلعم کے جناب مین پیش آئی تو یہہ مقتدی اونکی آل و احبای پیغمبر کے حق مین جو چاہین سو فرمائین اجر ہم علی اللہ
غرض یہ ناصح صاحب عجیب نسخہ اور تحفہ معجون معلوم ہوتی ہین جنکی قول و اقوال و حقیقت حال کا کچہہ ٹہکانا نہین معلوم نہین کہ برد
مین سنیونکی کون صاحب قال پیدا ہوئی ہین جنکی مقال و احوال بموجب تصریحات ائمی محدثین و محققین رجال کے بموجب احادیث
اپنی صحاح کی ماصدق علیہ دجال کی ہین کہ بہتیری باتین جو خود کتب صحاح ستہ مین اہنین کی مصرح و موجود ہین جناب ممدوح
اونکی بہی منکر معلوم ہوتے ہین الحق صدق رسول اللہ یکون فی آخر الزمان دجالون کذابون الحدیث اگر سنی ہین تو اونکی
کتب پر عمل چاہیی آپ کو یہ پردہ عصبیت کا ہی کہ کوئی بات جو شیعہ اہلبیت ظاہر کرتی ہون یا کہتی ہون گو کہ اپنی کتابونمین وہ
بات موجود ہو لیکن اونکو بلی محابا منع کرنا اور وضع و افترا و کذب و اختراع کہدینا ضرور معلوم نہین کہ بجز سبق الفاظ وضع
و اختراع اور کذب و افترا اور کلمہ کلام بہی انہین یاد ہی یا نہین یا مشق مین اور زبان زد آپ کی یہی کلمات ہین یا یہی
مرغوب طبع ہین کہ کوئی بات فرماوین ترجیع بند اوسکا یہی ہی اور نہین جانتی کہ یہ علامت نفاق کی ہی اگر دیکہا نہ صاحب
کو اپنی بخاری و مسلم کی حدیث جو خود انکی خلیفہ زادی عبد اللہ ابن عمر سی ہی یا نہین اپنی خلیفہ صاحب کو دیکہین کہ لوگونسی کو
پہرلی تہی کہ اس شخص مین کونسی علامت نفاق کی ہی چنانچہ اوپر مذکور ہو چکا یاد کرین کہ حذیفہ رضی وجود اون پر سفرہ
طعام جناب ممدوح کو نشان دیتہ بہی بتلادیا اور جس جس طرحکی تقریر کے سب اوپر لکہی گئی اونکی نسبت تو اوسی یاد کرنا چاہیے
اور خود لبنت سنیہ اونکی کسی سے اپنا حال حقیقت بہی دریافت کرین اور جو شاید ندریافت کرین تو ہم ہی پوچہی جناب کو ہدایت
کردیتی ہین کہ اس حدیث کو اپنی ہانکی مشارق مین دیکہین متفق علیہ بخاری و مسلم کے ہی اور خود عبد اللہ بن عمر سی ہی کہ علامات
نفاق و تقسیم منافقین اوس سے ظاہر ہوتی ہی فرمایا پیغمبر خدا صلعم نی اربع من کن فیہ کان منافقاً خالصاً و من کانت فیہ خصلۃ
منہن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتی یدعہا اذا اؤتمن خان و اذا حدث کذب و اذا عاہد غدر و اذا خاصم فجر یعنی چار چیزین
ہین کہ جسمین وہ چارون ہون تو نرا منافق ہی اور جسمین ایک خصلت ہو اونمین سی تو اوسمین ایک خصلت ہی نفاق مین سے
یہانتک کہ اوسکو چہوڑ دیوے ایک یہ کہ جب امانت دار کیا جاوے تو خیانت کری ایک یہ کہ جب حدیث کری یعنی کچہہ بات کہی روایت کری تو
جہوٹ بولی ایک یہ کہ جب قول و اقرار کری وعدہ کری عہد کری تو اسکی خلاف کری ایک یہ کہ جب کچہہ گفتگو منازعت کی خصومت
کی کری تو فسق اور بہتان کام مین لاوے ناصح صاحب اب غور کرین کہ یہہ علامات حضرات اور حضرات کی حضرات مین ہین یا نہین سو
اونکی تو اللہ سی جو بنی سو حشر کو آپ ہی اونکی علم کے نیچی دیکہہ لین گے اور ہم بہی کو اے قسیم النار و الجنۃ کے سایہ مین تماشا دیکہین
گے مگر آپ بہی غور کرین کہ امانت نفیس بیش بہای رسول کبریا مین جسکو کہ پیغمبر ثقلین فرما گئے تہی بمجرد وفات سرور کائنات صلعم
کیا امانت دار یکو کام فرمایا اور کیا عہد رسول مقبول سی تحت شجرہ کیا اور جنگ حنین وغیرہ مین کسطرح شکست کو کام فرمایا

اور اصحاب البقر اور اصحاب الشجرہ پکاری گئی کہ سرگروہ اونکی حضرات ثلثہ مقتدای ناصح صاحب کتب تواریخ مین موجود ہین
اور روز غدیر خم بیعت خلیفہ منصوص کی اور مبارکباد تک دی بلکہ مودات سید علی ہمدانی شافعی مین حدیث ہی خود جناب عمر
بن الخطاب سی کہ خود فرماتی ہین کہ اوس روز ایک گبرو جوان خوبصورت مجمع مین میرے پاس کہڑا تہا بہت پاکیزہ خوشبو اور کہا
کہ جو شخص اس بیعت کو توڑیگا وہ منافق ہی چنانچہ جب یہ نقل علامت آب نی جناب پیغمبر خدا سی خود بیان کی تو حضرتؐ نی فرمایا
کہ وہ کہنی والا جبرئیل تہا ای عمر اوسنے چاہا کہ تاکید کری تم پر اس بات کی جو کہ مینی کہی ہے درباب علیؑ کے یہ حدیث طویل ہے
حرزاً للطوالۃ حاصل مضمون حقیر نے لکہدیا ہی ناصح صاحب بغور اسکو تطبیق دین حدیث موجودہ کتاب مودات سید علی ہمدانی
سی کہ مولوی رشید الدین خانصاحب تک اس کتاب کی توثیق فرماتی ہین حدیث کا سرا بہی سہولت تلاش کے لئی لکہدیا جاتا ہی
یہ ہی عن عمر ابن الخطاب قال نصب رسول اللہ علیا الحدیث پہر ناصح صاحب حال سقیفہ بنی ساعدہ مین دیکہین کہ اول اس
عہد بیعت کو باوصف تاکید جبرئیل و رسول مقبولؐ کسنے توڑا اور بہتیرون نی مثل طلحہ و زبیر جو عشرہ مبشرہ ناصح صاحب مین شمار
کئی جاتی ہین بحضور اور بیعت جماعت مہاجر و انصار عہد مقبولۃ الخلافت ناصح صاحب یعنی عہد بیعت خلیفہ ظاہری و باطنی مین
عہد بیعت منعقد کب اور پہر شکست و غدر کو کام فرمایا چنانچہ خود عبد اللہ بن عمر خلیفہ زادہ ناصح صاحب دونو کو ملامت کرتی تہی
کہ علی بن برہان الدین شافعی محدث فضیحت کاری انکی اپنی کتاب انسان العیون مین ظاہر کرتا ہی کہ یہ مقولہ عبد اللہ بن عمر ہی بخطاب
طلحہ و زبیر انکثتما بایعتما ونکثتما اور بہتیری حدیثین مثل حدیث مسح خفین اور غسل رجلین وغیرہا پیغمبر پر بنالین کہ کتب احادیث
اور کتب رجال سی توضیح و تنقیح ان امور کے عقیل و منصف محقق پر ظاہر ہوتی ہی اور مخاصمت مین کیا کیا فظاظت و غلاظت کو کام
فرمایا کہ یہ تمام حالات کتب عقاید و تاریخ و حدیث حضرات سی خود مقتدایان حضرات کی تصریح سی نمایان ہین کہ علامہ تفتازانی
خود محقق جناب کی شرح مقاصد مین سوای عذر و اعتلال حسن ظنی علما دوسرا کلمہ نہین کہہ سکتی چنانچہ جو شخص مفصل دیکہنا چاہی وہان
دیکہی حقیر حرزاً للطوالۃ تہوڑی سی عبارت اونکی ضرور بطریق نمونہ اس جگہہ بہی لکہدیتا ہی ما وقع بین الصحابۃ من المحاربات والمشاجرات
علی الوجہ المسطور فی کتب التواریخ والذکر علی السنۃ الثقات یدل بظاہرہ علی ان بعضہم قد حاد عن طریق الحق وبلغ حد الظلم
والفسق وکان الباعث علیہ الحقد والعناد والحسد واللداد وطلب الملک والریاسات والمیل الی اللذات والشہوات اذ لیس
کل صحابی معصوما ولا کل من لقی النبی بالخیر موسوما الا ان العلماء لحسن ظنہم باصحاب رسول اللہ ذکروا لہا محامل وتاویلات
بہا یلیق بہم وذہبوا الی انہم محفوظون عما یوجب التضلیل والتفسیق انتہی موضع الحاجۃ ماحصل تحریر علامہ یہ ہی کہ صحابہ سی
جو محاربات اور منازعات وقوع مین آئی کتب تاریخ مین ہین اور ثقات سی مذکور ہین صریح اور ظاہر دال ہین کہ بعضے صحابہ
[illegible] طریق حق سی گذر گئی اور حد ظلم و فسق کو پہونچی اور باعث اس فسق و ظلم اور برگشتگی کا کینہ اور عناد اور حسد تہا اور
شدت خصومت اور طلب ملک و ریاست اور میل طرف لذات اور شہوات نفسانیکی کیونکہ ہر صحابی معصوم نہین تہا اور ہر شخص
جسنے پیغمبرؐ سی ملاقات کی موسوم بخیر نہین ہی یعنی بہتیری فاسق فاجر منافق بہی تہی مگر علمانی بسبب اپنی حسن ظن کے ساتہہ
اصحاب رسولؐ کے محامل تاویلات ذکر کئی ہین موافق اونکی لیاقت کی اور محفوظ کیا ہی تفسیق و تضلیل سی ہمیں اب ناصح صاحب اپنی
ہانکی خود تواریخ و حدیث دیکہین کہ سرگروہ اون مشاجرات کی کون کون صاحب تہی یہانتک کہ لکڑیان لیکر خانہ بنت رسولؐ

رسول بہلا انکو کون صاحب کہ قطع نظر احادیث جمع بین الصحیحین اور جمع الجوامع وغیرہا کہ محتوی لکڑیان لیجانی خلیفۂ ثانی دل
ناصح کے ہین واسطی جلانی دولت سرای بضعۂ رسولؐ کی کہ حرم رسول مقبولؐ تہا خاص اقرار اور عذر بدتر از گناہ پیر عزیز ناصح
صاحب کا تحفہ مین بہی موجود ہی کہ باب مطاعن مین لکہتی ہین کہ وگفتن اینکہ کہ من خواہم سوخت و جہش امیست کہ این تہدید و تخویف
الی قولہ خانہ را بر شما خواہم سوخت ناصح صاحب ذرا دیکہین تحفہ مین اور گریبان مین مونہہ ڈالین المختصر دیکہین ناصح صاحب کہ وہ کون
صاحب تہی نفس رسولؐ پر کیا کیا شدتین کین حدیث بخاری اوپر دیکہہ چکی ہین یاد کرین کہ چہہ مہینی بعد وفات رسولؐ کی بعد وفات
بضعۂ رسولؐ لبسبب انصراف وجوہ ناس کی نفس رسولؐ خواہان مصالحہ ہوئی آور بموجب تصریح بخاری کی روادار آنی اون علیہ السلام
کی ہنوئی لبسبب اون شدتون اور مکروہات کی جو اوس سے پونہچی ہین اور باقی تمام اس قسم کے حالات کہ طول وطویل ہین جنسے
کتابین بہری پڑی ہین ہر صاحب ہوش دیکہہ سکتا ہی یہ مختصر گنجایش اونکی نہین رکہتا ہی یہہ تو حال ہی مقتدایان ناصح صاحب
کا جنہین کلہم عدول تصور فرماتی ہین اب ناصح صاحب اپنا حال خود اپنی دل مین غور کرلین کہ کیا کیا سچی باتین بولتی ہین اور کیا
عہد کیا شروع تحریر مین راست بازیکا اور خود فرمایا ہی کہ ازراہ عجز کے کہتا ہون نہ ازراہ تکبر اور خودنمائی کی جسکی بدلی مین
سادات اور ہواداران اولاد فاطمہ بضعۂ رسول مقبولؐ پر بہتان ہذیان اور بدکلامیان اور خودنمائیان کلام عاشی ظاہر
اور باہر ہین اور کبر وغرور اور کذب وزور خصومت کی بہری ہوئی ہو ہونگی مرتکب ہوئی ہین لازم ہی کہ بوسطہ رسولؐ و آل رسول
پروردگار عالم سی دعا کرین کہ یہ علامتین نفاق کی حق تعالیٰ اونسی رفع کری ہرچند حسب مصرحہ صدر مقتدا اونکی اوس شخص
کو ملامت فرماتی تہی اور فضیحت کرتی تہی جسنے پیغمبر خداؐ سی اسکی دفع کی دعا چاہی تہی تو ناصح صاحب ہمارا نصیحت ونکی فضیحت کے
آگی کاہی کو سنینگے لیکن نظر باتباع اور اسوۂ صحابہ انت منہ رد الکل قوم ہاد کہ تصریح اسکے اونکی صاحب صواعق کے تحریر سے
ہویدا ہوچکی ہی بتقاضی اسکی کہ مومنین کو مولا مومنینؑ کے ساتہہ اسوہ واقتدا ہی ہمنی اپنی طرف سی خالصۃ للہ جتا دیا آگی
وہ جانین اور اونکا کام قال جل جلالہ وعم نوالہ من ابصر فلنفسہ ومن عمی فعلیہ سبحان اللہ آپ فرماتی ہین کہ لازم ہوا پہر کہ ادعا بارہ
اماموں کی سی ایک کی پیچہی ایک کی معصوم ہونیکی اونکی اور ہونی علی کرم اللہ وجہہ کے خلیفہ بلافصل اور غایب ہونی امام مہدیؑ کی جسے
جو ہنین کتابونمین تمہارے ہین بازآؤ التماس تالبع باب مدینۃ العلم نہین معلوم یہ تابع فاروقی کیا کلمات ہذیانی نشۂ نبیذ
فاروقی مین بکار اوٹہی ہین بعض نعجبش نا واقف حال نبیذ نوشی فاروقی سی جسوقت کلمہ نبیذ فاروقی کسی اہل حق کی زبان سی
سنتی ہین نوبت تربہراور نیلی پیلی با چشم خون آلودہ ہی اشتیا رشت منت کو آمادہ ہوجاتی ہین بات اصل مین یہہ ہی کہ خود
تو کتاب دیکہتی نہین کبہی کہائی شنی سنائی بات پر عمل ہی اور اکثر سنی مسلمان اسلئی حقیر نشر حدیث موجودہ صحاح ستہ مین کا
جو کہ صاف تصریح کرتا ہی نبیذ نوشی پیراون جناب کی تا بوقت مرگ انکی اس جگہہ لکہدیتا ہی جامع الاصول مین حدیث بخاری ہے
عن عمرو بن میمون بیچ حرف رخ کے ملاحظہ کرین کہ بعد زخمی ہونی عدالت پناہ کی لکہا ہی وقائل یقول اخاف علیہ وقائل یقول
لاباس بہ فاتی بنبیذ فشربہ فخرج من جوفہ ثم اتی بلبن فشربہ فخرج من جوفہ فعرفوا انہ میت انتہی لازم ہی کہ ناصح جیو ہوش مین
آوین اور اپنی کتابون کو آنکہین کہولکر دیکہین نہین تو اونسبکو جلاکر اپنی خواہش بموجب ایک مجموعۂ صحاح جدید اختراع
فرماوین جب ایسا کلمہ مونہہ سی نکالنا زیبا ہو یعنے نسبت نبیذ اونکی طرف طرف کتب حقہ کی تب چاہیی تہی جب اپنی صحاح

مین یہہ باتین نہوتین اگر صحاح ستہ اور اور کتب صحاح وسنن وغیرہ کتب عربیہ پر عبور نہین ہو نہین بہ تبعیت جاہلین وقائلین
لولا علی لہلک عمر کی ملا یا ملازادہ بن بیٹہی ہین تو معارج النبوۃ شواہد النبوۃ وغیرہ تو صاف فارسی عبارت کی کتابین ہین اور
اونسی نہ سمجہین تو وہ مخزن حکیم نصر اللہ خان حنفی قادری کی تو اردو زبان مین ہی ذرا آنکہین کہولکر دیکہین اور
ناصح صاحب کی جو نصیحت یافتہ اور ہم کیش ہین اونہین لازم ہی کہ اونہین دیکہکر کلمات ضلالت آیات ناصح صاحب کو ہذیان تصور
کرین اگرچہ تمام کتب نصیحت مآب واسطی فضیحت اونکی ادعا کی خود بہری پڑی ہین کہ نقل واعادہ اونکا تمامہ متعذر ہی مگر واسطے
بیدار اونکی خواب غفلت سی کچہہ تہوڑیسی حدیثین انہین مین کے یہان بہی لکہی جاتی ہین کہ واسطی صفر اشکنی توابع ان سقائی
صاحب کی کافی ووافی ہین جنمین کچہہ دقت اور تاویل کو بہی راہ نہین ہو سکتی حدیث معتبر صحیح ترمذی مین ہی عمران بن حصین سے
کہ فرمایا رسول خدا نے ما تریدون فی علی انہ منی وانا منہ وہو ولی کل مومن بعدی یعنی کیا چاہتی ہو در باب علیؑ کے تحقیق علیؑ
مجہسے ہے اور مین علیؑ سی اور وہ ولی ہر مومن کا ہی بعد میرے اور قصہ صدور اس کلام معجز نظام کا مختصر یہ ہی کہ جناب امیرؑ کو پیغمبر خدا نے
امیر کرکے لڑائی پر بہیجا تہا سو ایک لونڈی پر حضرت امیرؑ نے تصرف کیا اور چار آدمیون نے پیغمبر خدا سی شکایت کی آپ غضب ہوئے
اور تین دفعہ فرمایا ما تریدون فی علی انہ منی الحدیث جسی صاف اولی بالتصرف ہونا یعنی خلیفہ ہونا جناب امیرؑ کا بعد جناب پیغمبر خدا
بلافصل ظاہر ہی اور یہ حدیث خاص صحیح ترمذی کی ہی کہ مقید بقید لفظ بعدی ہی سو حقیر نے یہی حدیث اسلئے لکہی کہ میان عبد العزیز
پیر و مرشد ان ناصح صاحب کے حدیث من کنت مولاہ وغیرہ مین خواہان لفظ بعد کے اپنی تحفہ مین ہوئے ہین اور فرما گئی ہین کہ اگر لفظ
بعد ہوتا تو مفید خلافت بلافصل ہوتا سو عنایت الہی یہ ہی کہ خاص صحاح ستہ کے صحیح مین یہ حدیث بہی موجود ہی اور محل
صدور کلام موصوف بجز اولی بالتصرف ہونیکی معنی دوستی کی ہرگز اس جگہ نہین قرار دینی دیتا کیونکہ شکایت تصرف کی ہوئے
تہی کہ اسکا انکار خود صاحب تحفہ تک نہین کرسکتی اور جو بعد اسکی ہذیان سرائی کو کام فرماوین تو صحیح ترمذی وغیرہ صحاح
صحاح اپنی کو جہٹلانا ہی اور کہلکر مکر جانا ہوگا نسخہای کہنہ صحیح ترمذی موجود ہین علی الخصوص نسخہ مطبوعہ مطبع نواب
کہ نسخہای معتبر و معتمد سی بہت صحت سی چہاپا اوسکا ظاہر کرتی ہین اور ابہی دہلی مین چہپا ہی جو شخص چاہی دیکہہ لی بلکہ محمد خاوند
شاہ روضۃ الصفا مین بدین عبارت بتصریح لکہتا ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے یا بریدۃ اتقطع فی رجل لا ولی الناس بکم بعدی
یعنی ای بریدہ کیا قطع کرتا ہی تو خویشی کو بیچ ایسی مرد کی کہ ہر آئینہ وہ سزا وار تر لوگونکا ہی بعد میرے یعنے اولی بالتصرف
صاف موجود اور ظاہر ہی بے کہسے اور تفسیر زاہدی مین آیہ نجوی کے تفسیر مین ذرا آنکہونکو کہولکر دیکہین کہ جسوقت مولا مومنین
نے سوال کیا ہی پیغمبر خدا سی کہ ما الحق یعنی کیا ہی حق تو جواب دیا آپ نی کہ الحق اذا انتہی الولایۃ الیک یعنی حق وہ ہی کہ
جسوقت منتہی ہو خلافت طرف تیری کہ بیان اونکی پیر عزیز تک کو کوئی تاویل نہین کیونکہ دوستی کے معنے کلمہ انتہی ہرگز
نہین جمنی دیتا اسی جگہ سی ہی کہ صاحب روضۃ الاحباب وغیرہ سرگروہ عزیزیہ روز جلوس جناب مولا مومنین کا بعد قتل
خلیفہ ثالث جو حال لکہتا ہی تو صاف لکہتا ہی دیکہین کہ پہلا خطبہ جو جناب مولا مومنینؑ نے ارشاد کیا شروع اوسکی یہ ہے
الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق علی مکانہ یعنے شکر خدا اوپر احسان اوسکی تحقیق رجوع کیے حق نے اوپر مکان اپنی کی اسی جگہ سی
کہ خواجہ معین الدین چشتی پیر پیران عزیزیہ واحزاب عزیزیہ صاف کہتے ہین اپنی دیوان مین آنست شہ مخنث کہ در روز الست

داد ند جہانیان بہ پیمائش دست بر تخت نبی تا کہ علی پا نگذاشت میدان یقین کہ حق بکرسی نہ نشست اسی جگہ سے یہ مولانا
دم سرگروہ ملایان ناصح صاحب درباب مولا مومنین دیکھ لیں مثنوی میں بی تحاشا کیا کہہ اوٹھا ہی تو تاریکی علی را دیدہ
زان سبب غیری بر دبگزیدہ مناقب ابوبکر ابن مردویہ مین ناصح صاحب دیکھین کہ ہمنام اور ہمکمال تابعان خلیفہ اول ناصح
صاحب سی ہی ابی سعید خدری سی لکھتا ہی کہ بعد ماجرای بیعت غدیر خم اور ذکر حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ حسان بن
ثابت نی عرض کے رسولخدا سی کہ اس باب مین مین کچھ ابیات کہون اور اجازت پائی تو ایک قصیدہ کہا یہ شعر اسمین
کا لکھا جاتا ہی فقال لہ قم یا علی فانی رضیتک من بعدی اماما وہادیا یعنی پس کہا رسول خدا نی کہ کہڑا ہو ای علی تحقیق
مین راضی ہون تیری لئی کہ بعد میرے تو ہادی او امام ہی اور یہی ابوسعید خدری سی احمد بن نزار حسینے حسکانی سرگروہ ناصح صاحب
کا لکھتا ہی کہ جب آیہ الیوم اکملت لکم دینکم نازل ہوئی تو فرمایا پیغمبر خدا نی الحمد للہ علی اکمال الدین واتمام النعمۃ ورضا
برسالتی وولایۃ علی بعدی یعنی شکر کرتا ہون مین خدا کا اوپر کامل کرنے دین کے اور تمام کرنے نعمت اور رضا اوسکی ساتھ نبوت
میری کی اور ولایت علی کے بعد میرے چنانچہ اسی جگہ سے ہے کہ سعد شیرازی بی تحاشا آخر کہہ اوٹھا سعدیا آخر زمن تا چند می بری گو
نیست بعد از مصطفے مولا ما الا علی ناصح جیو بغور دیکھین کہ یہی شیخ ایک جگہ منقبت مین مولا مومنین کے کہتے کہتے بی ساختہ
بول اوٹھا ہی ہزار بار بترازینش گفتم ای ناصح کہ جانشین رسول خدا علی ولی است اور شیخ فرید الدین عطار بزبان انصار
حال روز بیعت سقیفہ مین صاف لکھتا ہی کہ بنی ہاشم او بعض انصار کا یہی مقولہ رہا ز مشرق تا بمغرب گر امام است علی و آل او
ما را تمام است ذرا کتاب مظہر العجائب شیخ مذکور کو بھی ناصح صاحب دیکھین کہ بموجب احادیث صحاح ناصح صاحب صاف فارسی
زبان مین کیا کیا بی کہٹکے لکھتا ہی کتب کلامیہ مبسوطہ مین صدہا احادیث اور آیات نص خلافت مولای مومنین خاص
ناصح صاحب کے صحاح ستہ او تفاسیر سے بہری پڑی ہین ذرا آنکھین کہولکر دیکھین حرز اللطافۃ صرف دو حدیثون پر یہان
اکتفا ہوا سفینۃ النجات فارسی عبارت مین مختصر سی کتاب ہی قریب ایکسو کتاب حدیث و تفسیر ناصح صاحب کی کتب سی اسمین
احادیث ثبوت خلافت بلافصل مولا مومنین بصراحت مین ناصح جیو اوسی دیکھین اور شرماوین اور اپنی خلیفہ عادل کے
مبارکباد دینی او امیر المومنین کہنے کو یاد کرین اور گریہ و بکا اور برات اختیار کرین کہ وہ اونکی چہپانی کا بھی ہیچ نہ لگے
ہین ناصح جیو پہر ایسا کلمہ موہنہ سی نہ نکالین یا اپنی کتابونکو پایۂ صحت و اعتبار سی ساقط کرین اور درباب توضیح ائمہ اثنا عشر
صحیح بخاری مین جابر بن سمرہ سی ہی کہ قال رسول اللہ یکون بعدی اثنا عشر امیرا الی آخرہ حاصل کہ فرمایا رسولخدا نی کہ بعد
میرے بارہ پیشوا ہونگی صحیح مسلم مین ہی کہ فرمایا لایزال الدین قائما حتی یقوم الساعۃ وعلیہم اثنا عشر خلیفۃ یعنے ہمیشہ دین قایم
اور برپا رہیگا قیام قیامت تک یہانتک کہ اوسپر بارہ خلیفہ ہونگی صحیح ترمذی او جامع الاصول مین یون لفظ ہین
لایزال ہذا الدین قائما حتی یکون علیکم اثنا عشر خلیفۃ مودات سید علی ہمدانی شافعی مین ہی کہ فرمایا رسولخدا نی بعدی
اثنا عشر خلیفۃ من بنی ہاشم یعنے میرے بعد بارہ خلیفہ مین اور سب بنی ہاشم ہین اور ایک جگہ مودات مذکور مین سلیم بن قیس سے
ہی عن سلمان قال دخلت علی النبی فاذا الحسین علی فخذیہ وہو یقبل عینیہ ویقبل فاہ ویقول انت سید ابن سید وانت
امام ابن امام وانت حجۃ ابن حجۃ ابو حجج تسعۃ تاسعہم قائمہم الحاصل سلمان فارسی کہتے ہین کہ مین حاضر ہوا بیچ خدمت

صحیح بخاری
صحیح مسلم
صحیح ترمذی
مودات ہمدانی

پیغمبر خدا کی اوسوقت کہ حضرت امام حسینؑ دونون زانو و نپر بیٹھے تھی اور آنحضرتؐ دونون آنکھین اونکی چومتی تھی اور دہن مبارک کو اونکی بوسہ دیتی تھی اور فرماتی تھی کہ تو امام بیٹا امام کا ہی اور حجت بیٹا حجت خدا کا اور باپ نو حجت خدا کا ہی کہ نوان اونکا قایم اونکا ہی یعنی صاحب العصر و الزمان کہ اونہین قایم آل محمد کہتی ہین اور یہی حدیث بعینہا مناقب خطب خوارزم مین بھی ہی اور سنی شیعہ سبکی ہان قایم حضرت امام مہدی آخر الزمان کو کہتی ہین چنانچہ صواعق محرقہ ابن حجر مین تصریح اس بات کی ہی مشکواۃ مین ہی صحیح ترمذی سی عن ابی سعید قال قال رسول اللہ لعلی لا یحل لاحد یجنب فی ہذا المسجد غیری و غیرک قال علی بن المنذر فقلت لضرار بن صرد ما معنی ہذا الحدیث قال لا یحل لاحد یستطرقہ جنبا غیری و غیرک اور محقق دہلوی کتاب ترجمہ مین جو تصریح کرتا ہی لکھی جاتی ہی گفت ابو سعید خدری گفت آنحضرت مر علی را یا علی ای علی روا نیست مر ہیچ یکی را کہ جنب بگذرد درین مسجد جز من و جز تو اتفاقا در خانہ آنحضرت و در علی مرتضی و مر ایشان در مسجد واقع شدہ بود و جایز است مر کسی را کہ در راہی کہ از ان راہ می گذرد وی بیچ نہ مسجد واقع شود و اگرچہ جنب باشد از مسجد بگذرد و لہذا قید کرد و فرمود در این مسجد یعنی درین مسجد کہ مر واقع شدہ ضرورست مرد را ان بخلاف سائر مساجد گفت علی بن منذر پس گفتم ضرار ابن صرد را چیست معنی این حدیث گفت ضرار بن صرد حلال نیست مر ہیچ یکی را کہ راہ ساخت او را در حالت جنابت جز من و جز تو علاوہ اسکی اسی مضمون کی حدیث بعینہا مناقب ابن مغازلی شافعی مین معہ نام حسنینؑ کی ہی سچ جسکو کچھہ بھی بصیرت ایمانی اور طہارت قلبی ہو تو جانینگی کہ مطہر و معصوم ایسی تھی کہ جہان اور ونکو بی طہارت جانا منع ہی یہ مجاز ہین اور ہمیشہ حکم طہارت ہی اور ابن عباس سے مودت مین یہہ حدیث ہی قال رسول اللہ انا و علی و الحسن و الحسین و تسعۃ من ولد الحسین معصومون یعنی فرمایا پیغمبر خدا نی کہ مین اور علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ اور نو اولاد حسینؑ سی مطہر و معصوم مین فصل الخطاب خواجہ محمد پارسا معتقدی متعصب ناصبی صاحب کہ تادر شدید التعصب صلحب ہین لکھتی ہین فی نوادر الاصول عن ایاس بن سلمۃ بن الاکوع عن ابیہ قال قال رسول اللہ النجوم امان لاہل السماء و اہل بیتی امان لامتی قال الشیخ ابو عبد اللہ فان اہل بیتہ من خلفہ من بعدہ علی منہاجہ و ہم الصدیقون بہم یدفع المکارہ عن اہل الارض و البلایا من الناس و بہم یمطرون و یرزقون لا یموت الرجل منہم حتی یاتی اللہ قد انشا من یخلفہ فہم خلفاء من الانبیاء قوم اصطفاہم اللہ سبحانہ و تعالی لنفسہ و استخلصہ لعلمہ لنفسہ یبدل اللہ اخلاقہم مطیبا و طہرہا و صفاہا کلمات رجل اہل اللہ مکانہ مثلہ انتہی الحاصل کہ ایاس بن سلمہ اپنی باپ سی روایت کرتا ہی کہ کہا اوسنی کہ فرمایا پیغمبر خدا نی کہ ستاری امان مین واسطی اہل آسمان کی اور اہلبیت میری امان ہین واسطی امت میری کی اور کہتا ہی کہ کہا شیخ ابو عبد اللہ نی تحقیق اہلبیت پیغمبرؐ کی وہ ہین کہ بعد اوسکی کے ہین اور وہ صدیق ہین کہ بسبب اونکی دفع ہوتی ہین مکارہ اہل زمین اور بلائین لوگونسی اور بسبب اونکی لوگ مینہ برسائے جاتی ہین اور رزق دئی جاتی ہین نہین مرتا کوئی شخص اونمین سے یہانتک پیدا کری خدا تعالی اوس شخص کو کہ خلیفہ ہو اوسکا پس وہ خلفا ہین انبیا کی اور وہ قوم ہین کہ برگزیدہ کیا اونکو خدا تعالی نی اور خالص کیا ہی اونکو ساتھہ علم اپنی کے تبدیل کئی خدا تعالی نے اخلاق اونکی پس پاک کیا ہی اور طاہر کیا ہی اونکو اور صاف کیا اونکو جسوقت کہ مرجاتا ہی کوئی شخص یعنی اہلبیت ممدوح مین سے تو بدل دیتا ہی خدا تعالی مکان اوسکی کو ساتھہ مثل اوسکی کے یعنی جب ایک امام اس جہان سے اوٹھہ جاتا ہی تو دوسرا امام اوسکی جگہ قایم ہوتا ہی اور مودات ذکو مین ہی عن علی کہ قال رسول من احب ان یرکب سفینۃ النجات و یستمسک بالعروۃ الوثقی و یعتصم بحبل اللہ المتین فلیوال علیا بعدی و لیعاد اعداءہ و لیاتم بالائمۃ الہداۃ من ولدہ

نوادر الاصول

فانہم خلفائی واوصیائی وحجج اللہ علی خلقہ بعدی وسادۃ امتی وقادۃ الاتقیاء الی الجنۃ حزبہم حزبی وحزبی حزب اللہ وحزب
اعدائہم حزب الشیطان یعنی جو شخص دوست رکہتا ہی اس بات کو کہ سوار ہو کشتی نجات پر اور تمسک پکڑی ساتہہ رسی مستحکم کے اور
چنگل ماری ساتہہ رسی یا عہد اور امان ہوسکے خدا تعالے کے تو چاہیی کہ دوستی اور ہوسکتی اور پیروی یعنی ما بعد آوری علیؑ کے
بعد میرے اور دشمنی رکہی دشمنِ علیؑ کو پس پیچہی ہوسکتی کری ساتہہ اماموں کی جو ہدایت کرنی والے ہین اولادِ علیؑ سی پس تحقیق وہ خلیفہ
میری ہین اور وصی میرے ہین اور حجت خدا ہین اوسکی خلق پر بعد میرے اور سردار ہین امت میری کی اور لیجانی والے ہین متقیوں کے
طرف جنت کی گروہ اونکی گروہ میری ہی اور گروہ میرے گروہ خدا کے ہے اور گروہ اونکی دشمنوں کی گروہِ شیطان ہی اور جو اخطب خوارزم
کی حدیث مرویہ سی بسبب اضلال اور دہوکہ بازی اپنی پیر عزیز کے ناصح صاحب کچہہ سرتابی کرینگی یا اوسپر کچہہ چون وچرا کو کام
فرماوینگی تو ابن حجر صاحب صواعق محرقہ کو کہ وہ پیر ومرشد عزیزیہ وبزرگان عزیزیہ سی مسلم ہی بلکہ خود میان ولی اللہ پدر بزرگوار
عزیزیہ وغیرہما اپنی بڑی بڑی سرگروہوں کو بی اعتماد کہنا اختیار کرینگی کیونکہ میان ولی اللہ خود توثیق ومدح سی اخطب کو یاد کرتے
ہین اور صواعق وغیرہ احادیث اخطب سی بہر پڑی ہین اور قطع نظر اسکی موید حدیث مرویہ اخطب صدہا اور محققین سے اونکی
مرویات موجود ہین اور شیخ محی الدین عربے صاحب فتوحات کہ اولیائے کبار اور اعاظم فضلائے روزگار سی ناصح صاحب کے ہانکا ہی
تین سو چہیاسٹہویں باب مین لکہتا ہی واعلموا انہ لابد من خروج المہدی لکن لایخرج حتی یملاء اللہ الارض ظلما وجورا فیملاءہا
قسطا وعدلا ولو لم یکن من الدنیا الا یوم واحد طول اللہ تعالے ذلک الیوم حتی یلی ہذہ الخلیفۃ ہو من عترۃ رسول اللہ من ولد
فاطمہ رض وجدہ الحسین ابن علی ابن ابیطالبؑ ووالدہ الحسن العسکریؑ ابن امام علی النقیؑ ابن الامام محمد التقی بالتاء ابن الامام علی ابن موسی الرضاؑ
بن الامام موسی الکاظمؑ بن الامام جعفر الصادقؑ بن الامام محمد باقرؑ بن الامام زین العابدینؑ بن الامام حسینؑ بن الامام علی
ابن ابیطالبؑ الی آخر ما قال یعنی جانو تم کہ ضرور ہی خروج مہدیؑ سی لیکن نہین خروج کریگا وہ یہانتک کہ بہر دیوی خدا تعالے
زمین کو ظلم وجور سی پس بہریگا اوسکو داد وعدل سی اور اگرچہ نہ رہے دنیا سی مگر ایک دن تو دراز کریگا خدا تعالے اس دن کو
یہانتک کہ صاحب تصرف ہو یہ خلیفہ اور وہ فرزندان واخص اقارب رسول خدا سے ہوگا اولاد فاطمہؑ سی جد اوسکا حسین ابن علیؑ
ابن ابیطالب ہی اور باپ اوسکا حسن عسکریؑ بیٹا امام علی نقیؑ بیٹا امام محمد تقیؑ بالتاء بیٹا امام علی موسی رضاؑ بیٹا امام موسی کاظمؑ
بیٹا امام جعفر صادقؑ بیٹا امام محمد باقرؑ بیٹا امام زین العابدینؑ بیٹا امام حسینؑ بیٹا امام علی ابن ابیطالبؑ کا اور شیخ عبد الوہاب
شعراوی کتاب مواقیت الجواہر مین اسطرح کلام طویل لکہتا ہی یہانتک کہ تولد حضرت صاحب العصر والزمان کا نصف شعبان سنہ ۲۵۵
ہجری کو بتصریح لکہکر اسی اعتقاد کو نسبت دیتا ہی اشخاص مفصلہ ذیل کو کہ سرگروہ ہین حضرتِ ناصح صاحب کی یعنی شیخ حسن عراقی
شیخ سید علی خواص شیخ کمال الدین محمد بن طلحہ شافعی شیخ نور الدین مالکی شیخ محی الدین سی اور عبد اللہ بن محمد بن یوسف
شافعی کتاب البیان مین اور ابو المظفر جوزی کتاب خصائص مین اور احمد حنبل مسند مین اور ابن اثیر جامع الاصول مین اور
خوارزمی اربعین مین اور حافظ ابو نعیم اور ثعلبی امام مفسرین الکاسب قائل ہین موجود ہونیکی حضرت امام مہدیؑ کی وقس علی ہذا صدہا
حدیثین خود ان ناصح صاحب کی کتابون مین متواتر موید مضامین احادیث موجودہ کتب حقہ موجود ہین ناصح صاحب کو لازم ہے
کہ اون سب کتابونکو بہی مفتریات اور مخترعات محمد بن یعقوب کلینی اور ابن بابویہ اور شیخ ابو جعفر علیہم الرحمہ تصور کرکے سبکا رد کریں

بعبارت فتوحات بعینہا

از مواقیت الجواہر

اختیار کرین اور مثل اپنی خلیفۂ پنجم کے کہ بموجب مصرحہ تاریخ الخلفا اور قاضی عیاض ائمہ اثنا عشر مین اونکی ہی کاربند ہو وین
یعنی بموجب مصرحۂ مصابیح وکتاب ہادیہ مرتی وقت وہ بہی بت گلی مین ڈالکر اس دار العیش سے سدہاری تہہ نظر بمزید
مودت ومحبت صنمی قریش اور سنت اپنی خلیفۂ رشید کی بقول ہر کہ آمد برآن مزید کرد ایک شوالہ بنا کر مورت خلیفہ کی نصب کرین
اور مورتین گڑیونکی اور گہوڑی ذی جناحین کی کہ بموجب مصرح صدر بکمال ظہور ادای سنت خلیفہ بہی اور اثر خلقیت مادر مہربان
بہی متصور ہوگا اوسکی پاس پردہ مین رکہین اور دو چار جاریہ ہا مغنیہ بیچ مین لیکے لہو الحدیث کو کام فرما دین یا خود مع اپنی اخوان
واحزاب کی گرد اوسکی دف یا ڈہولکی لیکر جلوہ سامری کا نمایان کرین جیسے کہ حال ہی حضرات کی محدثین اہل ظواہر و بواطن کا
ناصح صاحب اور اونکی پیرو غصہ نفرماوین اس التماس پر کیونکہ حال اونکی خلیفۂ پنجم اور مادر مہربانکا تو اونکی کتب سے مفصل گذر چکا
دیکہہ لیوین اب حال لہو الحدیث کا سماعت فرمالیوین اور شرح عقاید عضدیہ اپنی علامہ صاحب کی دیکہہ لین کہ محدثین کے حق مین اپنی
ہانکی صاف لکہتا ہی واکثر المجسمۃ ہم الظاہریون المتبعون بظواہر الکتاب والسنۃ واکثرہم المحدثون اور کمال الدین محمد بن موسی الدمیری
الشافعی کتاب حیات الحیوان مین بہ نقل قرطبی ابو بکر طرطوسی کی زبانی جواب مین ایک سایل کے سوال پر جو لکہتا ہی ملاحظہ فرمالین
انہ سئل عن قوم یجتمعون فی مکان ویقرؤن شیئا من القرآن ثم ینشد شیئا من الشعر فیرقصون ویضربون بالدف والشبابۃ
فقال مذہب الصوفیۃ جہالۃ وضلالۃ وما الاسلام الا کتاب اللہ وسنۃ رسولہ اما الرقص والتواجد فاول من احدثہ السامری
لما اتخذ لہم عجلا جسدا لہ خوار قاموا یرقصون حولہ ویتواجدون انتہی موضع الحاجۃ یہ حال ہی حضرت کی حضرات محدثین واہل باطن کا
سو حضرت بہی اونہین کی سنت سنیہ پر اگر کام فرما دین تو عین مبارک اور زیبا ہی عنایت الٰہی یہ ہی اہل حق پر کہ بفحوای الحق
ابلج والباطل لجلج جو حدیث وروایت اہل حق کی ہان ہی ناصح صاحب کے کتب مین کہین نہ کہین اونکی تائید پایتہ بانثان ہر
ذی علم اتباع باب مدینۃ العلم نکال کر پیش کر سکتا ہی گو کہ تحریف وتسویل کو علمای نواصب نی بہت کام فرمایا ہی اور حقکو
چہپایا ہی اور جو اختراع وافترا علماء نواصب نے اور اونکی مقتداؤن نی کیا ہی اوسکا پتہ اور نشان افترا ہی خواہ صراحۃً خواہ
التزاماً انہین کی کتابون سے ہویدا ہو جاتا ہی الحق یعلو ولا یعلی صدق اللہ العلی الکبیر یریدون لیطفؤا نور اللہ واللہ
متم نورہ ولو کرہ الکافرون خدا شرماوی نواصب کو انہین شرم نہین آتی کہ جس چیز کا وجود اپنی کتابون مین موجود پاتے
ہین پہر اوس چیز کو مفتریات کیونکر کہتے ہین اصلا شرم نہین کہین نصرانیت پناہ اہل حقکو نسبت نصیریت کی دیتی ہین
ایسی کہنا چاہیی کہ میان صاحب ذرا آنکہین کہولکر کتب عقاید واصول اہل مذہب حقہ کی دیکہو جہان متواتر نصیری کو کافر لکہا ہی بلکہ
فرقۂ باطلہ مفوضہ وغیرہ کو مشرک اور مذموم اور ملعون مگر ہان جناب کو نصرانیت پناہ اور یہودیت دستگاہ اگر کہا جاوے تو بجا
اور زیبا ہی کہ مہتے دقت جناب فاروق عادل مقتدا آپ کی برخلاف سنت نبوی اور سنت اپنی بنائی ہوئے خلیفہ کے بہی خاص
بموجب قانون نصاریٰ کہ آئین نمبر ۱۳۳ وغیرہ قانون ہای انگریزی مین اب بہی تطبیق اونکی عمل کے موجود ہی یعنی تقرر خلیفہ
کو بنجایت پر سونپ گئی جسکا نام شوری واسطی دہوکا دینی اہل اسلام کی رکہا ہی چنانچہ تصریح اسکی تمام کتب تواریخ مین موجود
ہی کہ علی اور عثمان اور طلحہ اور زبیر اور سعد وقاص اور عبد الرحمن ابن عوف کو مقرر کر گئی اور سرپنچ عبد الرحمن ابن عوف کو
کر گئی اور سوار سپاہی اونپر مقرر کر گئی کہ یہہ جہیون شخص ملکر اپنی رای متفق ایک شخص کے خلافت پر اپنی ہی مین سے کرین تو گویا

گویا تقرر خلیفۂ رسولؐ معاذ اللہ انکی رای مین مثل تقرر ایک لمبردار کی ٹہیرا کہ حکام نصاریٰ بہی جیسے آپسی سپاہی تجویز اکثر تا فیصلہ تعین کردیتی ہین یہ نصیحت علمای نصاری سی آپ کو پونہچی ہوگی مقام انصاف ہی کہ کسی دو یا زیادہ شخصون مین کوئی معرکہ نزاع یا مقابلہ نہین واقع تہا یا کوئی قضیہ جور و خاوند کا نہین تہا کہ متخاصمین نے رجوع کی تہی یا اپنے کسینے جبر کیا تہا یا کسی گروہ کثیر خوارج آئین نے مجبور کیا تہا یا دو گروہ کثیر اہل اسلام مین فساد خونریزی ہو رہی تہی جان و مال کے لاگو ہوگئی تہی کہ انہین حکم مقرر کرنے ضرور تہی ان پیروان نوصب کو ذرا شرم و حیا نہین کبہی تو کہتی ہین کہ پیغمبرؐ خلیفہ مقرر کرگئی تہی کبہی کہتی ہین تقرر خلیفہ امت پر ہی کبہی اجماع گروہ کثیر پر کہتی ہین پہر یہہ حال کہ چہہ آدمیون کی مشوری پر اور قرآن مین جو صاف بموجب آیہ اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم اور آیہ انما ولیکم اللہ و رسولہ و الذین آمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ و یوتون الزکوٰۃ و ہم راکعون اور احادیث من کنت مولیہ فعلی مولاہ اور من کنت ولیہ فعلی ولیہ بعدی اور علی امیر المومنین و قائد البررۃ وغیرہا احادیث مصرحہ صد اولی الامر منصوص ہی او سطرف سی روگردانی ہی کوئی پوچہی ان عقل کے دشمنون سے کہ بہائی میان یہ طریقہ تقرر خلیفہ کا جو کہ ان عدالت پناہ خلافت دستگاہ نی ایجاد و اختراع کیا کونسی آیت کونسے حدیث بموجب ہی بجز قانون مرقومہ نصاریٰ کے اور مخالفت رسول مجتبیٰ او اپنی پہلی خلیفہ کے اور یہ اختراع و ابداع دین نبوی مین ہی یا نہین اور شبراً بشبر یہود و نصاریٰ یعنی امت سابقہ کی ہی یا نہین اور دیکہین کہ مظہر صدق حدیث لتتبعن سنن من کان قبلکم شبراً بشبر حدیث مصرحہ صد حذو النعل بالنعل و بالمطابقہ صادق ہی یا نہین زیادہ تفصیل اس امر کے باب امامت مین ہیچ کتب مبسوطہ کے جو شخص دیکہی تو قلعی ان با حیاؤن کی کہلتی ہے من شاء فلیرجع الیہا اور تفصیل حال میلان عادل ممدوح طرف یہودیت احادیث کثیرہ مشکوٰۃ سی ہویدا ہی جو شخص چاہی دیکہہ سکتا ہی کہ اکثر یہودیون کے کتابونکی ورق پیغمبرؐ کے حیات مین حضرت لی لی آتی تہی اور جہڑکیان کہاتی تہی اور پہر بہی باز نہ آتی تہی اور بعد وفات یارانہ کعب الاحبار کتب تاریخ سی ازبس ہویدا ہی کہ کسقدر تہا جو کہ علمای کاملین سے اونکی تہا مشکوٰۃ مین ہی عن جابر ان عمر ابن الخطاب اتی رسول اللہ بنسخۃ من التوراۃ فقال یا رسول اللہ ہذہ نسخۃ من التوریۃ فسکت فجعل یقرء و وجہ رسول اللہ یتغیر فقال ابوبکر ثکلتک الثواکل ما تری بوجہ رسول اللہ فقال اعوذ باللہ من غضب اللہ و غضب رسولہ رضینا باللہ ربا و بمحمد نبیا فقال رسول اللہ و الذی نفس محمد بیدہ لو بدا لکم موسیٰ فاتبعتموہ و ترکتمونی و لو کان حیا ادرک نبوتی لاتبعنی رواہ الدارمی الحاصل کہ جابرؓ سی ہی کہ عمر بن خطاب آیا آنحضرتؐ پاس ایک نسخہ توریت لئی ہوئی اور کہا کہ یا رسول اللہ یہہ نسخہ ہی توریت مین سے آنحضرتؐ چپ ہو رہی کچہہ نہ فرمایا اور عمرؓ پڑہنی لگا او سکو درانحالیکہ روئی پیغمبر خداؐ متغیر ہوتا تہا تب ابوبکر نے کہا روئی والیان رو دین تجہی نہین دیکہتا تو روی مبارک کو رسول خداؐ کے بسبب غصہ کے متغیر ہے پس کہا عمر نے کہ پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ خدا کے غضب خدا و رسولؐ سے راضی ہین ہم ساتہہ خدا کے کہ پروردگار ہی اور ساتہہ رسولؐ کے کہ نبی ہی پس کہا رسول خداؐ نی قسم ہی اوسکی کہ جان محمدؐ کی اوسکی قبضہ مین ہی کہ اگر ظاہر ہو وی تمہارے لئی موسیٰ تو تم متابعت کرو اوسکی اور چہوڑدو مجہکو او رگمراہ ہی مین پڑو اور اگر موسیٰ زندہ ہوتا اور پاتا میری نبوت کو تو البتہ متابعت کرتا میری عقیل فہیم اس خطاب جناب رسالت مآبؐ سی غور کری کہ خطاب عتاب صرف میان ابن خطاب ہی کو تنہا نہین فرمایا بلکہ بصیغہ جمع فرمایا ہی فاتبعتموہ و ترکتمونی یعنی حقیقت اسمین شیخ اول اور اونکی اور ہم کیشونکی بہی ظاہر تہی پیغمبر خداؐ پر چنانچہ وقت آخر

ف۔ عمل خلیفہ عادل بر قانون نصاریٰ

ف۔ تقرر خلافت بر شوریٰ

ف۔ تنبیہ

زمان وفات جو آیہ فہل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض وتقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنہم اللہ فاصمہم واعمی ابصارہم
بمخاطبہ اصحاب متخلفین جیش اسامہ فرمایا کہ خاص حضرات ثلثہ نوصب اونمین تہی اور اہنین جیسی اور مہاجر و انصار بہی تہی جو
پیغمبر خدا نی ارشاد کیا وہ سب اسی قسم کے تہی کہ انجام کو باہلبیت طہارت کسطرح پیش آئی لیکن سردار اور سرگروہ اونمین جناب
عدالت مآب تہی کہ بعد وفات جناب پیغمبر خدا خاص جناب خلیفہ اول ناصح صاحب نی بہی اونکی خطاب مین آیہ افان مات او قتل
انقلبتم علی اعقابکم اوسوقت بہی بتاکید تلاوت کیا جسوقت کہ وفات پیغمبر خدا کا انکار کرتی تہی چنانچہ تفصیل اسکی حسب مصرحہ
صدر مدارج النبوہ اور دفتر اول روضۃ الاحباب و تاریخ ابو الفدا اور صحاح مین موجود ہی اور فتح الباری شرح بخاری مین
اخیر نوین جلد مین ہی جابر سے قال نسخ عمر کتابا من التوریت بالعربیۃ فجاء بہ الی النبی فجعل یقرءہ و وجہ رسول اللہ یتغیر
فقال رجل من الانصار ویحک یا ابن الخطاب الاتری وجہ رسول اللہ فقال رسول اللہ لا تسئلوا اہل الکتاب عن شیٔ فانہم
لن یہدوکم وقد ضلوا وانکم اما تکذبوا بالحق او تصدقوا بالباطل واللہ لو کان موسی بین اظہرکم ما حل لہ الا ان یتبعنی جابر
کہتی ہین کہ لکہی عمر نے ایک کتاب توریت سی لغت عربی مین اور لایا اوسکو بیچ حضور آنحضرت کی پس شروع کیا پڑہنا اوسکا
اور روی مبارک آنحضرت کا متغیر ہوتا تہا یعنی غضب سے پس کہا ایک مرد نی انصار سی کہ افسوس تجہپر ای بیٹی خطاب کے
آیا نہین دیکہتا ہی تو روی مبارک رسول اللہ کا پس کہا پیغمبر خدا نی کہ نہ سوال کرو تم اہل کتاب کو کسی چیز سے پس تحقیق وہ
تمکو ہدایت نہین کرینگی اور حالانکہ وہ خود گمراہ ہین اور تحقیق تم یا جہٹلاوگی حقکو یا تصدیق کروگی باطل کے قسم ہی خدا کے
کہ اگر موسی تم مین ظاہر ہوتا تو حلال نہوتا اوسپر مگر یہ کہ تابعداری کری میرے اور بعد نقل کرنے چند روایتونکی ایک اور
یہ روایت اہنین خلیفہ صاحب کے زبانی شارح مذکور لکہتا ہی کہ قال انطلقت فانتسخت کتابا من اہل الکتاب ثم جئت فقال
رسول اللہ ما ہذہ قلت کتاب انتسخنہ لنزداد بہ علما علی علمنا فغضب حتی احمرت وجنتاہ یعنی کہا عمر نے کہ گیا مین پس لکہی مینی ایک
کتاب اہل کتاب سی پہر آیا مین پس کہا رسولخدا نے کیا ہی یہ مینی کہا ایک کتاب ہی کہ لکہا ہی مینی اوسکو تاکہ زیادہ ہو علم
اوپر ہمارے علم کے پس غضب ہوے آنحضرت یہانتک کہ سرخ ہوگئی دونون رخسارہ اونکی یہہ ہی حال جناب خلیفہ و مقتدای ناصح صاحب
کا کرشتے نمونہ از خروارے اہنین کے صحاح اخبار سی لکہا گیا ہی اور طبقات تابعین مین بیچ حال کعب الاحبار کے جو ابن مانع
حمیری ذکر مین اوسکی لکہتا ہی یہ ہی کہ کنیت اوسکی ابو الاسحاق ہی اور بڑا علماے یہود مین اعلم علماے کتب سماے و شمار کیا جاتا تہا
شیخین اور اکابر صحابہ بہت قدر و منزلت اوسکی کرتے تہی علی الخصوص حضرت عمر کہ بعض امور جو تعلق اونکی ذات سی رکہتی تہی اوس سے
پوچہتی تہی اور اسیطرح عثمان چنانچہ جو وہ کہتا تہا وہ ہی قبولتی تہی یہہ ہی بعینہ ترجمہ عبارت طبقات مذکور کا اور محقق دہلوی
شرح سفر السعادۃ مین لکہتا ہی در جمع الجوامع از عمر بن الخطاب آوردہ کہ چون در آمد بہ بیت المقدس گفت لبیک اللہم لبیک
و نیز آوردہ کہ چون بہ بیت المقدس رسید گفت مر کعب احبار را چہ میگوئی کہ کجا گذارم نماز را گفت اگر از من میپرسی و از من میگیری
بگذار خلف صخرہ تا بیت المقدس ہم پیش تو باشد و در روایت دیگر آمدہ کہ تا جمع کنی قبلتین را قبلہ موسیٰ و قبلہ محمد فرمود عمر میترسم
کہ مشابہت بہ یہودیہ شود ولیکن میگذارم آنجا کہ پیغمبر خدا گذارد اس سے یہہ ظاہر ہے کہ رای یہودی ہی کی لیتی تہی اگرچہ ظہور
یہودیہ لوگونسے ڈرتے تہی کیونکہ پہر ایک جگہ وہین محقق مذکور ابن عساکر سے لکہتا ہی وہان بخوبی قلعی کہلتے ہے لکہتا ہی

(ایضاً)

عبارت شرح سفر السعادۃ

ہی و عمر قصد زیارت اہل عراق نمود کعب احبار گفت پناہ میجویم ترا یا امیرالمومنین کہ بعراق درآئی گفت چرا گفت آنجا عصاۃ
جن اند ہاروت و ماروت کہ تعلیم میکنند مردم را سحر و در وی نہ عشر شر است و داء معضل است عمر گفت ہمہ سخن را فہمیدم غیر
داء معضل کہ آنرا نفہمیدم کہ مراد بدان چیست گفت کثرت اموال کہ آن درد یست کہ او را ہیچ شفائی نبود پس رفت عمر بعراق
و نیز آوردہ کہ گفت وی مر کعب را کہ چرا بمدینہ نیائی و آنجا نباشی کہ ہجرتگاہ رسول است و جای قبر اوست گفت یا امیرالمومنین می یابم
در کتاب خدا یعنی توریت کہ شام گنج خداست در زمین و در وی گنجی است از بندگان سبحان اللہ زہی خلیفہ عدالت پناہ اور یہ کلام
کعب کا جواب مین سکونت مدینہ منورہ کے جہانکہ پیغمبر آخر الزمان افضل پیغمبران مدفون جسکی زمین کو خاک شفا یعنی خود پیغمبر خدا فرمادین
فیہ شفاء کما یشہد بہ احادیث الصحاح الستہ و شرح السفر السعادۃ اور پہر آپ بہی اوسیکی لیا کرین اور یہی اس جگہ سے
حال علمیت و فہم جناب ممدوح کسقدر ہویدا ہی کہ یہ امام و خلیفہ مین ناصح صاحب کی غرض کعب الاحبار فی بہی بڑی مال کہائی
ہین ان عدالت مآب اور ناصح صاحب کی پانچوین خلیفہ کی علاوہ اسکی ذکر اصحاب الاخدود مین ہیچ کتاب روضۃ الصفا
کی منقول است کہ در زمان عمر بن الخطاب بعضی از اہل اسلام بادیہ از بوادی یمن بر جوی مصلوبی را یافتند کہ یکدست خود
بر زنخدان نہادہ بود ہرگاہ کہ دست اورا از ان محل دور میکردند باز بموضع خویش میگذاشت و ایشان ازین قصہ
متعجب شد و صورت واقعہ را معروض رای عمر گردانیدند آنحضرت کیفیت این ماجرای مبہم را از کعب الاحبار استفسار نمودہ کعب الاحبار
قصہ ذو نواس و صلب سیر و اصحاب اخدود و آنچہ مذکور شد بیان فرمود عمر پیغام داد تا مصلوب از چوب فرود گرفتند و تکفین
و ترفین او قیام نمودند انتہی سبحان اللہ یہہ خلیفہ نایب رسول امام و مقتدائے ناصح صاحب کہ کعب الاحبار جنکا مقتدا اور ہادی
اور وہ مولا مومنین مقتدای جن و انس جو سر منبر فرماتے سلونی قبل ان تفقدونی اور جن و انس و وحوش و طیور بہی اگر سوال
کرین تو تشفی فرما دیوی کما یشہد بہ کتب الفضایل والدلایل للعامۃ والخاصۃ سو وہ تو مقتدے اور رعایا مین گنی جاوین
اور یہہ تابع و ہمہ تن کعب الاحبار مقتدا و امام جو کعب الاحبار سے تعلیم پاوین اور لوگونکو بطمع زر دام مین لاوین و نعم
ما قیل امام اوست کہ داند رموز منطق و طیر نہ آنکہ رہ زن مردم شود بدانہ و دام بالجملہ میلان مقتدای عادل ناصح صاحب
بطرف یہودیت و کتب ورات یہود ہر عقیل و منصف اس جگہ سے خیال کر سکتا ہی اور ڈہونڈہا جگہ اس سے بڑہ کر دیکہی تو ہویدا ہے
و قس علی ہذا حال عبد اللہ بن عمرو بن العاص وزیر زادہ خلیفہ پنجم ناصح صاحب کہ خود ملا علی قاری شرح الشرح نخبۃ الفکر
مین سخاوی سے لکہتا ہی فانہ کان حصل لہ فی واقعۃ الیرموک کتب کثیرۃ من اہل الکتاب وکان یخبر بما فیہا من الامور الغیبیۃ
حتی کان بعض اصحابہ قال حدثنا من النبی ولا تحدثنا من الصحیفۃ ذکرہ السخاوی کہ یہ لوگ مقتدا اور معتبر ناصح صاحب کی ہین
اور اونکی روایات و افعال پر عمل ہی سو بنظر مراتب مرقومہ الصدر مخدوم و مکرم ناصح صاحب جیسونکو نصرانیت پناہ یہودیت
دستگاہ کہا جاوے تو بامحل و باموقع بیان واقع اور کلمۃ الحق ہی اہل حق جو کہ نصیری وغیرہ فرقہای باطلہ کو کافر جانتی ہین
اور تصانیف و تالیف مین اونکی کفر نصیریہ موجود اور کتب عقاید مین مرقوم ظاہر ہی کہ پہر اونکو نصیری کہنا محض داد دہی
کفر و نفاق ہی اور اپنی دہقانیت ظاہر کرنی ہی اور ارتکاب منہی عنہا ہی مضمون ہدایت مشحون آیہ لا تنابزوا بالالقاب عمل ہوتا
ہی مگر اثر نفاق کہان جاوے اعرابیت پناہ حسب مضمون مصرعہ مکررہ جملہ اذا خاصم فجر ناچار ہین فافہموا و تدبروا

ناصح صاحب بعد اسکی فرماتی ہین کہ ترک کرنا نمازسی اعوذکا اور بد سمجھنا کسی اہل شجرہ کا اور وجب ہونا جہاد کا غیبت امام
مین لو اور تعدد لوجانن انبیا کا اور پڑہنا اعوذ باللہ کا نمازمین اور دعا دی تمہاری کہ مخالف قرآن مجید کے اور اکثر مسلمانون
کے ہین اور یہ اونکو تم عمل مین لائی ہو چاہیی کہ اونکو ترک کرو الی آخرہ اقول معلوم نہین کہ ناصح صاحب نی نشۂ نبید فارسی مین
اوراق سیاہ کئی ہین اور ایسی کلمات بی سرو پا متضاد و متہافت ارشاد فرمادی ہین یا بسبب علم تیسر نبید کی جہانج مین
اوسکی لکہدئی ہین کہ ایک صفحہ مین بلکہ ایک دو سطر وںمین یہہ تناقض و تضاد حضرت کی قول مین ہی کہ مجانین اور اطفال
چوب شین کی سوا دوسرا شخص ایسا کلمہ کہی تو مکتب خوان لڑکون تک تعجب کرین اور بیساختہ ہنس پڑین بروانا اور نادان اول
تو ایں ارشادِ فضیحت بنیادِ نصیحت آپ کو غور کرنی کہ آپہی تو ترکِ اعوذ کی اور آپہی پڑہنی اعوذ کی نماز مین تعلیم و نصیحت فرماتے
ہین چنانچہ عبارتِ منقولہ مقولۂ ناصح صاحب بعینہا اوپر لکہی ہی پر واضح ہی کہ ترک اعوذ اور پڑہنا اعوذ کا دونو مفعول بمقدم
ہین ایک فعل کے کہ اخیر مین ہی اونکی مقولہ کی یعنی ترک کرو یعنی پڑہنا اعوذ کا معطوف ہی اور ترک کرنا معطوف علیہ ہی تو گویا ارشاد
حضرت ایک تو یہ ہی کہ ترک کرنا اعوذ کا ترک کرو اور ایک یہ ہی کہ پڑہنا اعوذ کا ترک کرو ولیس ہذا الا کلام المجانین بہر دیکہا چاہیے
کہ اس ہذیان سرائی سی بجز ظہورِ فضیحت ذاتِ فضیحت آیات کی کوئی مفاد نہین اور آپہی دعوی نصیحت و تعلیم کا سبحان اللہ کس
ہمین مکتب ست این مُلا کارِ طفلان خراب خواہد شد بہر کیف عقیل منصف غور کری کہ آخر دونو قولون مین ایک صحیح و مقصود
ہوگا دوسرا غلط کہ ہم بسبب حسن ظن کے سہوِ کاتب ایک قول مین خیال کر سکتے ہین لیکن تماشا یہ ہی کہ نفس الامر مین غور سے
دیکہو تو کیا نصیحت ترک کیا نصیحتِ ترکِ ترک ہر دو قول کالبول اور لغو و ہذیان بحت ہین تفصیل اس اجمال کی یہ ہے
کہ اگر ترک اعوذ کی نصیحت کو قول صحیح ناصح صاحب جانا جاوی تو بجز شیطنت بنا ہی اوسکی قائل کے کوئی فائدہ مترتب نہین
اور دلیل قوی ہی اونکی محبتِ شیاطین کے معاذ اللہ اعوذ سی آپ کو نفرت ہی معلوم ہوتی ہی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
اور یہی اگر وہ ترکِ اعوذ کی نصیحت فرماتی ہین تو اول اپنی محدثین کو ملامت کرین کہ وہ احادیث پڑہنی اعوذ کی نماز مین لکہتی
ہین اور یہی استعاذت نبوی سی دیوین اور سنن ابن ماجہ مین سی حدیث جبیر بن مطعم اول نکالڈالین تب ایسی بات کہنی زیبا
ہو ذرا آنکہین کہولکے سفر السعادۃ اور شرح اوسکی ملاحظہ فرمادین کہ خاص قول رسولؐ مین بعد ذکر حال تکبیرۃ الاحرام اور
دعا سبحانک اللہم لک الحمد الخ ماتن لکہتا ہی و بعد ازین اذکار میگفت اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور شارح لکہتا ہی کہ استعاذہ
پیش از قرات چہ در نماز و چہ در غیر نماز مسنون ست نزد عامۂ سلف و از ثوری و عطا وجوب نیز آمدہ است بجہۃ ظاہر کہ فرمودہ
واذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ انتہی موضع الحاجۃ ناصح صاحب تو بیرو مین قایل حسبنا کتاب اللہ کی بہلا پیغمبرؐ کے ارشاد
کو نہ مانتی ہون تو قرآنِ مرتبہ عثمانی مین تو آیہ مرقومہ دیکہلی ہوتی اور نکالی ہوتے جب ترک اعوذ کی نصیحت کو کام فرمایا ہوتا
اور اگر یہ قول ناصح صاحب بسبب سہو الکاتب ہی یعنی صحیحاً پڑہنی اعوذ کی نصیحت مقصود ہی تو بہی خالی از اثر نشۂ نبید
نہین اور محض نادانی اور بی بہرہ گی ہی اعمال و افعالِ اہل حق سے ناصح صاحب بقولِ مشہور اپنی عقل کے ناخن لوادین کیونکہ
اس سے یہہ ظاہر ہی کہ گویا انکی دانست مین اہلِ حق اعوذ نماز مین نہین پڑہتے و ہل ہذا الا بہتان عظیم شرح لمعۂ دمشقی وغیرہ
کو تو وہ اعراب بیت پناہ کیا سمجہین گے کوئی ماہر اور عالم چاہی تو دیکہہ سکتا ہی کہ صاحب لمعہ لکہتے ہین بیچ بحث قراءۃ کے

ے ثم الترتیل والوقوف وتعمد الاعراب وسوال الرحمۃ والتعوذ من النقمۃ مستحب اور قطع نظر اسکی وضۃ الاحکام کی دیکھنی
کا تو خود آپ دعوی کرتی ہین اوسیکی باب الصلوۃ کو نہین دیکہا کہ اوسمین کیا لکہا ہی جو اتنی اپنی نصیحت ظاہر کردا ئی اگر اوسکو
بہی نہین سمجہی تو نسخہ جامع عباسی شیخ بہائی علیہ الرحمہ تو اوس سے بہی بہت صاف فارسی عبارتین ہے آپ کی قصبہ مین بہی موجود
ہوگا اوسمین دیکہین لکہا ہی باب الصلوۃ مین ذہ امر کہ در خواندن فاتحہ وسورہ سنت است اول آنکہ قبل از شروع در فاتحہ
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم گوید اور اگر اتنا بہی دیکہہ پڑہ نہین سکتی تو پڑین چولہی مین یہہ تو ظاہر ہوسکتا ہی کہ خاص و
عام شیعیان اہلبیت طاہرین کو نماز پڑہتی مین کان لگا کر سُن لین تب متحقق ہو کہ اعوذ پڑہتی ہین یا نہین اگرچہ جہر سے اصولیین
نہین پڑہتی لیکن بعضی اخباریون سی جہر سے بہی سُن لین گے اور اصولیین کو باخفا بیشک گوش ہوش رکہتی ہونگی تو سن لین
گی لیکن نہین یہہ مینی غلطی کی ناصح صاحب اس قصور کو معاف کرین اور معذور رکہین کیونکہ مینی تکلیف مالایطاق جناب
کو دی یہہ شوق آپ سی کاہیکو بن آویگی کیونکہ یہ ظاہر ہی کہ برقت قرات اعوذ آپ کب ٹہیر سکتی ہین اور آپکا قرین کب ٹہیرنے
دیتا ہی اور کب ٹہیر سکتا ہی فافہم وتدبر ازبس ہویدا ہی کہ پڑہنا اعوذ کا اس جگہ مخالف قرآن ظاہر کرنا محض کار شیطانی
اور صاف افترا ہی خدای ذوالعلا پر غور کرین ناصح صاحب کہ وہ جو صفحہ آیندہ مین ہمکو لکہتے ہین کہ تمہارے علمانی قرآن کے
ترجمہ اور حاشیہ افترا لکہی ہین اور جہوٹ جہپوا ہین اور یہی مضمون آیہ ومن اظلم ممن افترى على اللہ کذبا کی داخل ہوئے
باوصفیکہ دعاوی کاذبہ اعرابیت بیٹہا ہی محض زبانی ہین اپنی موہنہ سے اپنی تئین آپ عزت آثار کہتا ہی اور خصم کو جہوٹ موٹ
کفر نصیریون سی بہری پڑی ہین اونکو اس لقب سی پکارتا ہی اپنی ہاتہون دایرہ ایمان وعدالت سی باہر ہونا ہی اور جب تک توبہ
نکرینگی عفو نکروائین گی ظالمین مین داخل ہین اور ظالمین کے حق مین دیکہہ لین قرآن مین متواتر جابجا جملہ لعنت اللہ علی الظالمین
موجود ہی دوسرے واضح رہے کہ محاورہ عرب مین بلکہ ہر زبان مین بہتیری الفاظ ہین کہ ایک لفظ اور متعدد معانی ہین یا
برعکس اسکی یعنی مترادف المعنی ہم معنی مثلا لفظ نصرت واعانت وامداد وغیرہا وامثالہا کہ یہہ سب ایک معنی کی لئی آتی ہین اور
مثال پہلی کی مثلا لفظ مولی ہی کہ معانی کثیرہ رکہتا ہی اور لفظ ایک ہی یا لفظ عین ہی یا لفظ عزت یا رب اور بہتیری الفاظ
متضاد المعنی ہین چنانچہ تصریح اسکی کتب لغۃ اور محاورہ واستعمال عرب سے ہر شخص جان سکتا ہی اور بقدر ضرورت وتناسب محل
قریب بیان بہی ہوتا جاتا ہی تیسرے یاد رکہنا چاہیی کہ بہتیری لفظ ہین کہ جب استعمال اونکا اور نسبت واسناد اونکی ساتہہ
حضرت خالق بیچون کے ہی تو ایک معنی اور جب مخلوق کی ساتہہ ہی تو دوسرے معنے بلکہ مخلوق مین بہی اگر فرشتہ کی طرف ہوئی
اور اور انسانکی طرف ہو تو اور ہین یا استعمال اوسکا نسبت بخالق بیچون مستقل وبالذات غیر محتاج بجمیع الجہات کرکی اور مخلوق
نسبت غیر مستقل محتاج الی اللہ مثلا لفظ صلوۃ ہی کہ بمعنی دعا واستغفار ودرود ومغفرت ورحمۃ ونماز وغیرہا ہی بلکہ ایک محل مین
ایک لفظ مستعمل اور معانی نسبت بمصرحہ متعدد ومختلف مراد ومقصود چنانچہ آیہ وافی ہدایہ ان اللہ وملائکتہ یصلون علی
النبی یا ایہا الذین آمنو صلوا علیہ وسلموا تسلیما فی القاموس الصلوۃ الدعا والرحمۃ والاستغفار وحسن الثنا من اللہ عز وجل
علی رسولہ وعبادۃ الخ فی منتہی الارب ترجمۃ القاموس صلواۃ دعا از بندہ استغفار از ملک و نبی ورحمۃ ومغفرۃ وثنای نیکو
ودرود وتعظیم در دنیا باعلای ذکر واظہار دعوۃ وابقای شریعت او ودر آخرۃ تشفیع او ودر امت وتضعیف اجر او از جانب خدا
بر رسول ونماز وہو اسم یوضع موضع المصدر تقول صلی صلوۃ لا تصلیۃ یعنی صلوۃ اسم ہی کہ رکہا جاتا ہی جگہ مصدر کے تو کہیگا
تو صلی صلوۃ اور نہ صلی تصلیۃ الحاصل کہ یہ امر موقوف ومنحصر ہی محاورہ واستعمال پر اونکی اور یصلون اور صلوا فعل ہین تصلیہ
سے تصلیہ نماز گذاردن ودرود گفتن اور بہی تصلیہ بآتش در انداختن وبآتش در آوردن ومقیم گردانیدن در آن
سو آیہ مذکورہ کے معنی یہ ہین کہ تحقیق اللہ تعالی اور فرشتے اوسکی صلوۃ بہیجتے ہین پیغمبر پر ای جو لوگو ایمان لای ہو صلوۃ
بہیجو اوسپر اور سلام سلام بہیجنا از روی منقاد امر ہونیکی اوسکی توضیح ظاہر ہی کہ صلوۃ وتصلیہ نظر بمصرحہ صدر نسبت
خدا وفرشتگان وعباد حسب معانی مختلفہ رحمۃ واستغفار ودعای مرقومہ مرعی ہین اور نہ یہ کہ معاذ اللہ معنے بآتش انداختن خیال
ہوسکین وقس علی ہذا کلمہ رب ہی الرب بالفتح پروردگار وخداوند اور ایک اسم اسمای الہی سی یہ ہی اور ساتہہ لام کے سوا
خدا تعالی کے استعمال نہین ہوتا اور غیر کے لئی بغیر اضافہ نہین مستعمل ہوتا ہرچند جاہلیت مین بالام سوائے حق تعالی کے واسطے
بادشاہ کی بہی استعمال تہا اور خدا تعالی کے لئی باضافہ بہی استعمال ہوتا ہی اور قسم مین خدا کے حرف تے ی سی بدلہ سے
ہو جاتا ہی مثلا بولتی ہین لا وربک یعنی قسم ہی تیرے پروردگار کے اور بہی بولتی ہین رب کل شی یعنی مالک ومستحق غرض بمعنی
مالک بہی ہے چنانچہ کتب فقہیہ مین رب المال رب البیت وغیرہ صدہا طرح سی استعمال ہی اور یار کے معنی مین بہی مستعمل
اور بمعنی برادر کلان بہی ہی قولہ تعالی یا موسی انا لن ندخلہا ما داموا فیہا فاذہب انت وربک فقاتلا ای انت وبرادر
اور بمعنے بادشاہ ومنعم وسید وآقا بہی ہے کتب حدیث وفقہ مین مفصل صدہا جگہ اور جمع رب کے ارباب ہی کذا فی ترجمۃ القاموس

فی الصراح یقال للصاحب الرب وللاخ الکبیر الحی الی صل کہ اطلاق رب کا قرآن مین متواتر ہی کہین بمعنی معبود یعنے
خاص واسطی خدا کی کہین واسطی عباد کی بمعنی برادر کلان اور سید و مالک وغیرہ بات یہ ہی کہ رب کا اطلاق بمعنی پروردگار و مالک
حقیقی جو کہ الہ معبود ہے کسی انسان کی لئے پیغمبر یا امام یا فرشتہ تک کی مقصود رکہنا موجب کفر ہی نہ یہ کہ اطلاق رب دوسرے معنی کا بہی
ممنوع اسی جگہ سی ہی کہ کہا گیا ہی کل الہ معبود فہو رب مولی ولیس کل رب مولی الہ معبود ولان الرب لفظ مشترک یقال علی
المالک والمعبود جناب حضرت غفران مآب نور اللہ مضجعہم نے موعظ حسنیہ مین مقام ذکر ارباب مین بیچ بیان وعظ امام اول
ما یسالانک عن ربک الذی کنت تعبدہ کی جو تحریر فرمایا ہی نظر بر افادۂ عام و ہدایۂ تام نقل کیا جاتا ہی مناسب محل ہی وہو ہذا
باید دانست کہ قول معصوم اینکہ یسالانک عن ربک الذی کنت تعبدہ صریح است در اینکہ رب در حقیقت ہمانست کہ آدم او را عبادت
میکند وبنہایت پیش او خاضع و ذلیل میشود و او را در جمیع حال فرمان برداری میکند ہرچند او را بزبان خود رب معبود نگوید در تفسیر
عیاشی مسطور است کہ جناب صادق صلواۃ اللہ علیہ در تفسیر قول حق سبحانہ وتعالی اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ
یعنی یہود و نصاری علما و تارکان دنیا را ارباب خود میدانند فرمودند کہ واللہ یہود و نصاری احبار و رہبانان را خدا
نمیدانستند و برای آنہا نماز و روزہ نمیکردند لکن چون حرام خدا را بر ایشان حلال میکردند و حلال خدا را حرام مینمودند
ایشان درین اطاعت آنہا میکردند از ینجہت حقتعالی احبار و رہبانان را ارباب ایشان گفتہ ثعلبی باسناد خود از عدی بن
حاتم روایت نمودہ کہ روزی من پیش رسولخدا آمدہ ام و در گردن من صلیب بود پس جناب حضرت فرمودند کہ ای عدی
این بت را از گردن خود دور کن پس آنرا انداختہ باز پیش رسولخدا آمدم و آنحضرت صلعم در انحالت سورۂ برات میخواندند
و باین آیہ رسیدہ بودند اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا پس چون فارغ شدند عرض نمودم کہ قوم ما احبار و رہبانان را عبادت
نمی کنند و اینہا را خدای خود نمیدانند حضرت فرمودند آیا نیست اینکہ آنہا حلال خدا را حرام می کنند پس شما متابعت اینہا می کنید
و ہمچنین حرام خدا را حلال می کنند و شما آنرا قبول می کنید من گفتم آری چنین است کہ میفرمائید پس جناب رسولخدا فرمودند پس ہمین
عبادت است و در مرسلۂ ابن ابی عمیر از جناب صادق منقول است کہ من اطاع رجلا فی معصیۃ اللہ فقد عبدہ یعنی ہر شخص کہ اطاعت
شخصے کند در معصیت حقتعالی پس بتحقیق کہ او آنرا عبادت کردہ و ہرگاہ حقیقت حال چنین باشد کہ مراد از رب معبود است و عبادت عبارت
از غایت خضوع و خشوع و فرمان برداری است پس زنہار صد زنہار ای صاحبان عقل و دین کہ غیر خدا را عبادت کنید باینکہ در معصیت حقتعالی
او را فرمان بردار نمائید یا در عبادت خود مطمح نظر خوشنودی غیر داشتہ باشید چہ عنقریب چار و ناچار با آن دو ملک دوچار باید
و از رب خود آن دو ملک را خبردار باید نمود و نشود کہ باوجود اظہار اسلام و ایمان در حقیقت مشرک باشی و از ین ہم فرد است کہ تا
بشی ندامت کشی کہ تدارک آن بہیچ وجہ ممکن نباشد در کتاب کافی از حضرت امام محمد باقر منقول است کہ در تفسیر قول حق سبحانہ
من کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا فرمودند کہ چون آدم امر خیر را بعمل می آرد و نیت او را
چنین باشد کہ تا مردمان او را نیک بدانند و ستایش او کنند پس بتحقیق کہ در عبادت پروردگار خود غیر را شریک گردانیدہ بعد
از ان فرمودند کہ ہیچ بندہ نیست کہ امر خیر را مخفی دارد مگر آنکہ حق تعالی نیکی او را میان مردمان ظاہر سازد کسی را نمیرسد
بگوید کہ اگر عبادت عبارت از ہمین اطاعت و فرمان برداری و غایت خشوع است پس باید جناب ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم

علیہم اجمعین و علمای دین از جملہ ارباب باشند و انچہ ایمان است عین شرک باشد زیرا کہ تعدد ارباب وقتی لازم می آید کہ امتثال و اطاعت بزرگان دین بعین اطاعت و فرمان برداری رب الارباب نباشد و اینجا اطاعت ایشان عین اطاعت الہی است چہ وجوب امتثال ایشان بحسب فرمودہ الہی است جناب حق سبحانہ و تعالی میفرماید اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم و جناب صادق فرمودند ینظران الی من کان منکم ممن قد روی حدیثنا و نظر فی حلالنا و حرامنا و عرف احکامنا فلیرضوا بہ حکما فانی قد جعلتہ علیکم حاکما الخ و ایضا اگر امتثال علمای دین جایز نباشد پس باید کافہ زمان بر دو قسم شوند و عامہ باز آید قوت استخراج احکام الہی از احادیث مختلفہ من حیث الظواہر و عمومات و اطلاقات و سائر انواع دلالات بہم رسانند و معلوم است کہ از بدو اسلام تا این زمان گاہی اینچنین تکلیف از شارع بوقوع نہ پیوستہ آری انچہ ضرور است و واجب عینی است اینست کہ اول پیش خود ثابت کنند علم و دیانت شخصی را کہ خواہند تقلید او کنند بعد ازان تقلید کنند بانکہ خود دریافت کنند اگر قوت دریافت داشتہ باشند یا بتواتر یا بخبر ثقات معلوم کردہ باشند و این چندان دشوار نیست و ہرگاہ معنی سوال ہر دو ملک را فہمیدی پس جواب آنرا برای آنروز مہیا باید نمود پس بدانکہ جواب این سوال کہ ترا از دست آنہا نجات بخشد اینست کہ بگوی اللہ ربی چنانچہ بسیاری از احادیث بران دلالت دارند و ہرگاہ اللہ ربی کلامی است کہ مرکب است از لفظ اللہ و ربی پس لابد است کہ معنی ہر دو لفظ را بفہمی و ہمچنین درین کلام معنی ربوبیت را ثابت میکنی برای ذات اللہ تعالی پس باید تصدیق بوجود او داشتہ باشی چہ شی تا کہ موجود نباشد امری او را ثابت نمیتوان کرد کما ثبت فی محلہ و ہمچنین اذعان باید نمود بہ ثبوت ربوبیت برای اللہ تا در جواب خود صادق باشی کہ بجز نقد ربیتی امری دیگر در بازار قیامت اخروی رواجی ندارد انتہی کلامہ علیہ الرحمۃ والرضوان و قس علی لفظ عزۃ اور عز بالکسر منتہی الارب میں ہی عزۃ بالکسر ارجمندی و عزیزی خلاف ذل و چیرگی اسم مصدر است و قوۃ و شدۃ عز بالکسر ارجمندی ضد ذل و باران سخت و قلعہ است بر وستائی بردعہ عز و عزۃ ارجمند گردیدہ و قوی شدن بعد خواری و کمیاب شدن و روان گردیدن آب و روان شدن انچہ در زخم بود و ثابت و درست شدن و لازم گردیدن و نیز ارشدیدن و گرامی شدن عزیز کامیر ارجمند و کمیاب و ناموجود و صفتی از صفات باریتعالی و گرامی کہ ہر جگہ معنے مقصود و مناسب محل مراد ہوتا ہی چنانچہ ابن حجر فتح الباری شرح صحیح بخاری میں بیچ قول من حلف بعزۃ اللہ کی لکھتا ہی اور راغب کہ علمای سنت جماعت سے ہی بہی بتصریح لکھتا ہی اور ابن حجر اوس سے بہی نقل کرتا ہی کہ بعینہا نقل کیجاتی ہی فان العزۃ ہی للہ الدائمۃ الباقیۃ و ہی العزۃ الحقیقیۃ الممدوحۃ و قد یستعار العزۃ للحمیۃ والالفۃ فیوصف بہا الکافر والفاسق و ہی صفۃ مذمومۃ و منہ قولہ تعالی اخذتہ العزۃ بالاثم و اما قولہ تعالی و من کان یرید العزۃ فللہ العزۃ جمیعا فمعناہ من کان ان یعز فلیکتسب العزۃ من اللہ فانہا لہ ولا تنال الا بطاعتہ و من ثم اثبتہا لرسولہ وللمومنین فقال فی الآیۃ الاخری وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین و قد ترد العزۃ بمعنی الصعوبۃ کقولہ تعالی عزیز علیہ ما عنتم و بمعنی الغلبۃ و منہ وعزنی فی الخطاب و بمعنی القلۃ کقولہ شاۃ عزاذا قل لبنہا و بمعنی الامتناع و منہ قولہم ارض عزاز بالفتح اوّلہ مخففا ای صلبۃ و قال البیہقی العزۃ بمعنے القوۃ فیرجع الی قدرتہ تو صریح ظاہر ہی کہ آیہ وللہ العزۃ ولرسولہ وللمومنین میں عزۃ کا اطلاق و نسبۃ نسبت اللہ جل جلالہ کی عزۃ حقیقی اور قوۃ تحقیقی مقصود ہی جو کہ رجوع کرتی ہی طرف قدرۃ کے اور نسبت رسول کے اور مومنین کے حسب مدارج طاعۃ اور مراتب عطای حضرت رب العزۃ اور جو ذات باری جل جلالہ

تحقیق معنی عزۃ و استعمال آن

عبارت فتح الباری شرح بخاری

کی ہی حقیقے مقصود وغیرہ ہی وہ دوسرے جگہہ نہین بلکہ جو رسول مقبول کی لئی ہی وہ مومنین کے ہان نہین اور یہہ بہی سب کوئی جانتا
ہی کہ یہان معنے مستعار للحمیۃ والانفۃ صفتِ مذمومہ مرقومۃ القصد معاذ اللہ نہین مقصود ہوسکتی یا معنی قلۃ و امتناع ہرگز نہین
خیال کئی جاسکتی یا معنی رانگی آب و آبِ زخم و دشوار کوئی شخص نہین کہہ سکتا تو اطلاقِ استعانت بہی اسطرح خیال کرنا
چاہیی کہ نسبت بحق جل جلالہ حقیقے تمام امور مین موثرِ حقیقے کرکے اور نسبت بہ رسول و ائمۂ شہدا وسطی دعا و استشفاع کے
مثل حیات اونکی کی وقس علے ہذا کلمہ مولی ہی کہ معانی متعددہ مین مثل اولی بالتصرف آقا سردار غلام عموزادہ دوست
مہمان ہمسایہ قرین یار مددگار وغیرہا معانی کثیرہ رکہتا ہی کہ ہر جگہ مناسب قرینہ و محل و مقام مستعمل اور مقصود و مرام
ہوتا ہی چنانچہ آیہ فان اللہ مولٰیہ وجبریل وصالح المومنین والملائکۃ بعد ذلک ظہیر امین تفسیر بیضاوی مین محقق مفسر
اموی لکہتا ہی جس سے صاف مصرح اور ہویدا ہی کہ اوسکی تفسیر و تصریح مین نسبت بہ پروردگار اس جگہہ معنی ناصر اور نسبت بجبرئیل
معنی قرین اور نسبت بصالح المومنین تابع و معین ناصح صاحب کسی عربی خوان سی سمجہین اوسکی عبارۃ بہی ہم نقل کردیتی ہین
کہ تکلیف تلاش کی بہی نہ پڑی اس مقام مین لکہتا ہی فلن یعدم من یظاہرہ من اللہ والملائکۃ وصلحاء المومنین فان اللہ ناصرہ
وجبریل رئیس الکروبین قرینہ ومن صلح من المومنین اتباعہ واعوانہ اگرچہ صنعت کاری اور دیانت شعاری کو جو کچہہ اس مفسر نے
بطمع اغوای عوام وجہول باظہار عموم کام فرمایا ہی اہلِ علم و عقل اور مہرہ فن پر ظاہر ہی کیونکہ بموجب قاعدۂ اصول ما من عام
الا وقد خص عام مین سے خاص کو تو البتہ حق لینا جاری اور عادی ہی یا جمع مین سی مفرد لیا جاتا تو بجا اور زیبا بہی یہہ
بہلی ما نس ایسی شدتِ عداوتِ مولای مومنین اور حب نصرتِ ابو بکر و عمر مین بطمع شمول عمر و بکر اندہی ہوئی کہ صالح المومنین
کو بصلحاء المومنین اور من صلح من المومنین تغیر فرمانی لگی لیکن تعرض ایسی امور کا اس مقام پر موجب طوالت غیر مقصود المحل ہی
اسلئی اوسطرف سی طی کشح مناسب معلوم ہوتی ہی مگر اشعار اس امر کا ضرور ہی کہ خیر خواہانِ قاضی بیضا اور ہر طالب حق اور
منصف بی غرض کو اتنا ضرور ہی کہ مناقب ابن مردویہ اور کتاب ابونعیم یعنی کتاب ما نزل من القرآن فی باب علی کہ از بس مشہور ہے
اور تفسیر ابو یوسف وغیرہم مین بذوق تمام دیکہہ لین کہ صالح المومنین جناب مولائے مومنین کو صاف و مصرح لکہا ہی تاکہ سر خرد ئے
اور خوش عیشی قاضی بیضا کی انکی اپنی محققین مفسرین و محدثین سے بخوبی ظاہر ہوجاوے اور ملحوظ رہی کہ یہ حرکات خس پوشی اور شرم
و حیا ہی انکی محققین کے دہر سی اسیطرح چلی آتی ہی یہان تصریح و توضیح صرف اتنے امر کی ضرور و مطلوب مقصود ہی کہ لفظ
واحد ہو لی محلِ واحد مین حسب تفسیر محقق کامل وغیرہ مفسرین ناصح صاحب معانی متعددین کسطرح معنون و مراد ہی اور
اطلاق معین بر جناب مولای مومنین بلکہ بعقیدہ و دیانت شعاری قاضی بیضا بر جمیع صلحای مومنین قابل یاد ہی اور
بہی پہر ارشادِ حضرت رب العباد ملائکہ کی لئی بلفظ ظہیر یعنی ناصر و معین و مددگار و یاری گر یا اگر سب کی نسبت ناصر اور معین
ہی معنی مراد ہون تو نسبت بہ پروردگار تو مستقل بالذات اور نسبت بجبریل و صالح المومنین محتاج الی اللہ وقس علی ہذا استعمال
لفظ ولی کہ بمعنی اولی بالتصرف اور دوست و مہربان و یار و مددگار و نگاہبان و قرین و نزدیک وقس علی ہذا لفظ جعفر
کہ اوسکی معنی ہین چہوٹی سی ندی بڑی ندی یعنی ایک معنی ضد دوسرے معنونکی اور اونٹ وغیرہ چنانچہ کسینے ایک شعر مین چار
معنے منتظم بہی کئی ہین واسطے سہولت یاد کی کہ نظم اکثر یاد رہتا ہی چنانچہ سابق لکہا گیا جو نہی فرمایا خاطر رہی کہ بہتیری

لفظ ہین کہ کبھی استعمال اونکا بطریق حقیقے ہوتا ہی کبھی بطریق مجاز یعنی حقیقۃ اصل مین ایک کلمہ واسطی ایک معنی کے موضوع
ہی لیکن بسبب کسیسے مشابہتہ ومناسبتہ کی بالجملہ ادنی ملابستہ کے سبب سے بھی مجازاً دوسری جگہ مستعمل ہوتا ہی مثلاً ہر شخص اپنی اپنی محاورہ
استعمال مین خیال کرسکتا ہی کہ شیر یا گدہا یا کتا یا شیرین یا تلخ وغیرہ اکثر اسیطرح کلمات واسما ہین کہ مثلاً جسوقت کہتے ہین
کہ فلانا آدمی شیر یا گدہا ہی وغیرہا تو مراد ہرگز نہین ہوتی کہ درحقیقۃ اصلی وہ آدمی ایسا ہی ہی بلکہ بسبب شجاعت یا بیوقوفی
یا خوش خلقی یا بدخلقی وغیرہ مراتب کی مجازاً بولتی ہین اور یہ بات محاورات واستعمال عرب مین قرآن وحدیث مین ہزارہا جگہ سب
ہان شایع اور ذرایع ہی قول عرب ہی رایت الغیث واللیث ای رایت الرجل الذی ہو جواد کالغیث وشجاع کاللیث کما
صرح بہ صاحب التفسیر العزیزیہ فی تفسیر آیہ اذ اتینا موسی الکتاب والفرقان چنانچہ بہتیری اسماء صفاتی ہین مثل سمیع وبصیر وقوی
وقاہر وعالم وحی وقیوم ومحیی وغنی ومغنی وکریم ورؤف ورحیم کہ خاص حضرت خالق کل مخلوقات فاطر ارض وسموات کی
لئی بہی مستعمل ہین اور عباد مخلوق کی لئی بہی لیکن کوئی ماہر محاورہ وواقف زبان عالم بلکہ جاہل ونادان بہی استعمال کنندہ کو
کلمہ شرک وکفر سے نسبت نہین دی سکتا اور خود پروردگار عالم نی اپنی کتاب کریم مین نسبت انبیا بلکہ اور مخلوقات کی نسبت
اور پیغمبر خدا نی ارشاد کئی ہین اور استعمال فرمای ہین کما یشہد بہ الکتاب الکریم قولہ تعالے لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز
علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم وقول رسول کریم قد اغناکم اللہ ورسولہ وغیرہا امثالہا فی کتب الحدیث و
التفاسیر ناصح صاحب ازراہ مہربانیکی ارشاد فرمادین کہ قرآن مرتبہ عثمانی اور اونکی تفاسیر وحدیث کی کتب مومنین یہ بہی شیوخ
کتب اربعہ اثنا عشریہ نی کام فرمایا ہی بلکہ مثل مصرحہ صدر لفظ واحد محل واحد مین دونو معنونکی لئی مستعمل ہے یعنی ہم حقیقی وہم
مجازی چنانچہ آیہ والذین یوذون اللہ ورسولہ الایہ مین تصریح صاحب تفسیر بیضاوی اور تحشیہ مولانا صالح اپنی کو اخوان واخراج
ناصح جیو دیکھین اور سمجھین المختصر کہ اذیت لفظ واحد اور اطلاق اوسکا یہان دو معنون حقیقی اور مجازی کی لئی ہی اونکی محقق
مفسر کے تفسیر مین ایک جگہ سو یہان تو اطلاق اوسکا نسبت بہ پروردگار عالم مجازاً ہی اور نسبت بہ پیغمبر خدا حقیقے اور ایک جگہ
اور ایک جگہ جو پروردگار عالم خود فرماتا ہی اغناہم اللہ ورسولہ من فضلہ اور بہی احادیث مشکوٰۃ وغیرہا مین ارشاد پیغمبر
خدا ہی بمخاطبہ عباد امت و قائلین اسلام وایمان اغناکم اللہ ورسولہ کہ تمام مفسرین وشراح ومترجمین تفسیر وتشریح بکمال توضیح
تصریح کرتی ہین کہ اطلاق واسناد اغنا بطرف پروردگار عالم حقیقے وبالذات ہی اور بطرف رسول گردگار مجازاً بلکہ خاص
پیر عزیز ناصح صاحب اپنی رسائل وتفسیر مین اور صاحب مظاہر ذریت خاص اونکی لکھتی ہین کہ نسبت واسناد اغنا کہ آنحضرت نی اپنی
طرف فرمائی باعتبار اسکی ہے کہ آپکی دعا سی مسلمانونکو غنا نصیب ہوئے غرض یہان نسبت اغنا طرف حقتعالی کی حقیقی ہے
کہ مستقل بالذات ہی اور طرف پیغمبر کے مجازی کہ ذی احتیاج ہین طرف خدا کی بالجملہ خلاصہ مرام اور حصول مفاد کلام اس مقام
سی یہ ہی کہ محاورہ واستعمال عرب بلکہ ہر ایک زبان مین امورات مصرحہ مستعمل ہین ناصح جیو اسی حافظہ کے بہروسہ پر دعوی
فرماتی ہین کہ ہمارے صحاح مین جو الفاظ ہین ہم اوسکی اوپر عمل کرتے ہین اور محاورہ واستعمال درست کرتے ہین معلوم ہوتا ہی
کہ جو الفاظ مطابق محاورہ قرآنی کی احیاناً آپکی یا ان احادیث مین بہی آگئی ہین تو اونہین آپ موضوعات شیوخ کتب اربعہ
تصور فرماتی ہین کہ ایسی مقام مین قول حسبنا کتاب اللہ سے بہی اعراض ہے اور ہاتہہ اوٹہاتی ہین یا فقدان حافظہ کا

اقرار کرنا پڑیگا الحاصل کہ یہ بات قرآن و حدیث اور استعمال ومحاورہ سی ظاہر و باہر ہی کہ اکثر اوقات استناد و انتساب
کسی بات اور امور کا اسطرح پر مستعمل ہوتا ہی کہ وقوع اوس امر کا اوس بات کا کسی شخص کے سعی کوشش دعا و شفاعت سی ہوتا
ہی سو یہ باعتبار مجاز ہی نہ کہ اسکو موثر حقیقی و مستقل بالذات جانا جاوے و علی الخصوص ناصح صاحب اور اونکی احزاب و اخوان
کو تو زیادہ تر ایسی امور مین انکار و تکرار و اصرار کمال مقام عار و شنار ہی اونکو شرم ضرور درکار ہی کہ وہ جمیع افعال عباد کا
فاعل و موجد خود خالق ذوی الامجاد کو قرار دیتی ہین ذرا شرم کرین دیکھین عقیدہ بیسوان درباب الٰہیات اپنی پیر جی کے
تحفہ مین اور اور کتب عقاید مین اور پھر زیادہ متنبہ ہون اسپر کہ صبح سی شام تک ہر روز ہر لمحہ فرماتی ہین کہ زید چنین کرد عمر چنین
کند فلان چنین و چنان نمود اور صدہا کلمات اسیطرح استعمال مین لاتی ہین اور عرفا و کمل اونکی او حدز مان موسی فرعون سے
باب مین فرماتی ہین کہ موسی با موسی جنگ کرد و قس علیٰ ہذا صرح استعمال کلمہ ولی و مولی ہی حق تعالی فرماتا ہی ایک جگہ و ما لکم من دون اللہ
من ولی ولا نصیر یعنی نہین کوئی واسطی تمہارے سوای خدا کی ولی اور نصیر ایک جگہ فرماتا ہی وارحمنا انت مولینا رحم کر تو ہمپر
تو ہی ہی مولی ہمارا یعنی حقیقۃً اور بالذات مستقل بنفسہ غیر محتاج الی غیرہ اور یاد رہی کہ کلام ما لکم من دون اللہ بھی بظاہر
ہی کہ فایدہ حصر کا دیتا ہی جیسے ایاک نستعین اور پھر اکثر جگہ قرآن مین خود ہی بعضکم اولیاء بعض بعضہم اولیاء بعض
والمومنون والمومنات بعضہم اولیاء بعض اور ان اللہ مولیہ و جبریل و صالح المومنین یعنی مومنونکو ایک دوسری کا ولی
ارشاد کیا ہی اور بلکہ خود ارشاد و ہدایت بنیاد حضرت رب العباد محل واحد مین باطلاق لفظ واحد بکلمہ مرقومہ حصر ہی یعنے
آیہ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوۃ و یوتون الزکوۃ و ہم راکعون یعنی سوا اسکی نہین
کہ ولی تمہارا خدا ہی اور رسول اور وہ جو ایمان لائی اور قایم رکھتی ہین نماز کو اور دیتی ہین صدقہ درحالیکہ وہ رکوع مین
ہین الحاصل ان آیتونکی بیان مین کئی فائدہ ہین ایک تو یہ کہ جیسے وایاک نستعین مین مقام معنی حصر ہی ویسی ہی مالکم
من دون اللہ من ولی اور انت مولینا مین اور باینہمہ اطلاق بعضہم اولیاء بعض اور انما ولیکم اللہ ورسولہ الآیہ اور ان اللہ
مولیہ و جبریل الآیہ اور دوسرے اطلاق کلمہ ولی و مولی باوصف کلمہ حصر ایک ہی جگہ خدا اور رسول و جبریل و مولا مومنین علی کے
حق مین چنانچہ اسی جگہ سی ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے یا بریدۃ لا تقع فی رجل لاولی الناس بکم بعدی تو نفس الامر مین بات یہ ہی
کہ حمل و اسناد طرف خاص ذات پاک پروردگار کے جب ہی تو ولایت مستقل بالذات بی احتیاج طرف کسی شئی ماسوا دیا اعلی کی
اور جب مخلوق کی طرف ہی تو محتاج الی اللہ مقصود و مراد چنانچہ اسیطرح حال ہی عون و اعانۃ و استعانۃ و استمداد و مظاہرۃ
کا ہر شخص منصف بی تعصب کو بلکہ ناصح جیو کو بھی خدا تعالے انصاف و ہدایت نصیب کری تو تمام مصرحات بالا خیال مین رکھکے
غور سے دیکھین اور اہل حق کے کتابونکو دیکھین خاص جناب ہادی العصر مجتہد الزمان کی تصنیفات و تالیفات چشم دل سے
ملاحظہ کرین کہ جسقدر قرآن و حدیث سی امتناع ہی اوسکی امتناع مین کتنی سعی و جہد ہی اور مبدعین خاص و عام عالم و جاہل
کو کتنی ملامت ہی اور جسقدر اجازت ہی اوسکی جواز و اباحت مین ویسی ہی ہدایت ہی واضح ہو کہ استعانت و استمداد حقیقی
یعنے مستقل و موثر بالذات جانکر سوا ذات پاک پروردگار قہار مستجمع جمیع صفات کمال و غفار وحدہ لا شریک لہ لا ضد
ولا ند احد صمد کے ممنوع شرعی ہے یعنے سوے پروردگار عالم کے معین حقیقی اور موثر تحقیقی مستقل بالذات کسیکو مخلوق مین

بیان افعال عباد و اعتقاد غزنوی و احزاب

مین سی خواہ انبیا خواہ اولیا خواہ صدیقین خواہ شہدا وغیرہم غرض کسی فرشتہ تک کو نہین جاننا چاہیی نہ کہنا چاہیی بلکہ
یہ تمام ذی احتیاج ہین طرف عون حقیقی کل مخلوقات کی کہ وہ ذات پاک وحدہ لاشریک مستجمع جمیع صفات کمالات ہی سو مخلوق
سی ممنوع ومنہی عنہا یہی استعانت واستمداد ونصرت وغیرہا ہی اور اسیطرحسی کہنا مولی کا اور اطلاق عبد کا مخلوق پر کہ صحاح
کتب سنی وشیعہ سبسے یہی بات ظاہر وہویدا ہی کہ ہر شخص دیکہہ سکتا ہی نہین دیکہتی حدیث غدیر خم کہ متفق علیہ ہی فرمایا پیغمبر خدا
نی من کنت مولیہ فعلی مولیہ اوپر بہی گذر چکا ہی کہ ناصح صاحب کی خلیفہ عادل فرماتی تہی یا ابن ابیطالب اصبحت مولائی ومولی
کل مومن ومومنۃ اور آیات مصرحہ صدہا اور صدہا کتب حدیث وفقہ ہین کہ اوسمین اطلاق عبد ومملوک اور مولی غلام کی مثلا
زید مولای رسول سالم مولای حذیفہ افلح مولای عمر ف بہی یاد رہی کہ نہایت ظاہر ہی مصرحات ہذا سی کہ بعض بعض
حدیث مین کہ اطلاق عبد وامۃ کا واسطی لونڈی غلام کی یا مولی کا واسطی آقا کی امتناع ظاہری تو وہ باعتبار اوسی حقیقی
وبالذات مصرحہ صدہا کے ہی اور وہان یہہ بہی مقصود ہی کہ لونڈی غلام کو میان بی بی عبد وامۃ کرکی نہ پکارا کرین کہ اونکی
دل شکنی ہی اور اپنی لئی موجب کبر ہی انانیت نکلتی ہے نہ یہ کہ لونڈی غلام بہی اپنی تئین لونڈی غلام نکہین بالجملہ مطلقا
اطلاق منع نہین ہے کیونکہ خدا ورسول واہلبیت واصحاب سبکے کلام مین موجود ہی حقتعالی فرماتا ہی وانکحوا الایامی منکم والصالحین
من عبادکم وامائکم ان یکونوا فقراء یغنیہم اللہ من فضلہ اور بہی فرماتا ہی والذین یبتغون الکتاب مما ملکت ایمانکم فکاتبوہم
الآیہ تفسیر بیضاوی مین بیچ تفسیر آیہ وانکحوا الایامی کی ہی الخطاب للاولیا والسادۃ وفیہ دلیل علی وجوب تزویج المولیۃ و
المملوک وذلک عند طلبہا واشعار بان المرءۃ والعبد لایستبدان بہ اذ لو استبدا لما وجب علی الولی والمولی یہ عقل مند
کتب حدیث وفقہیہ میں نہین دیکہتی کہ باب حقوق عبد ومملوک معین ہین انہین لفظونسی آنحضرت صدہا جگہ غلام کو تعبیر فرماتی
ہین کہین بلفظ عبد کہین بلفظ مملوک وغلام بخاری ہین مسلم مین مثلا فرماتی ہین للمملوک طعامہ وکسوتہ الحدیث کہین فرماتی ہین
ان العبد اذا نصح لسیدہ الحدیث اور اذا ابق العبد لم یقبل لہ صلوۃ الحدیث اور من قذف مملوکہ الحدیث اور حسن الملکۃ یمن الحدیث
بالجملہ ہزارہا جگہ استعمال اس قسم کا احادیث کتب فریقین مین ہی بات یہ ہی کہ عبد اور مملوک اور بندہ اور رق ایک معنی رکہتے
ہین کہ مقابلہ مین انکی حر اور آزاد ہی تو اطلاق سی ان لفظون کی معاذ اللہ یہہ نہین لازم آتا کہ یہ عبد حقیقی یعنے مخلوق
اس آقا اور سید کے ہوجاتی ہین اور معبود معاذ اللہ وہ آقا تصور کیا جاتا ہی اسی جگہ سی ہی کہ نام غلام محمد غلام علی عبد النبی
بندہ علی وغیرہا کو کوئی ماہر فطن ممنوع نہین کہہ سکتا بجز دہقین جہالت آئین کے ہان اگر کوئی بقصد معبودیت نبی وعلی معاذ اللہ
اپنا ایسا نام رکہی تو وہ بیشک کافر ہی لیکن مقام غور وانصاف ہی کہ جو شخص لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ یا علی ولی اللہ
کا بہی قایل پایا جاتا ہی تو کیونکر کوئی نیک ظن خیال بہی ظن بمقصود معبودیت کا اوس شخص پر کرسکتا ہی فافہم وتدبر
بالجملہ مستعین ومستمد مرتکب اس استعانۃ منہی عنہا کا مخلوق سی بیشک شرک وکفر ہی لیکن معاذ اللہ تہمت لگانی اس استعانۃ
کی اہل حق کو محض اثر نصب وخروج ونفاق باطنی ہی اور سنت خلیفہ پنجم ناصح صاحب کی اور کذب وبہتان ہی اہل حق اس استعانۃ
کو بیشک بمفاد ایاک نعبد وایاک نستعین کفر وشرک جانتی ہین لیکن یاد رہی کہ تہمت کنندہ اور احتمال کنندہ شرک وکفر کا
اتباع ثقلین پر بی شک نیچی مضمون آیہ والذین یؤذون المومنین والمومنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بہتانا واثما مبینا

اور یہی مضمون لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے داخل ہوتا ہی ہان توسل انکا ساتھہ رسولؐ و آل رسول کی اور پکارنا انکا
بالفاظ استشفاع و مولینا وغیرہا و امثالہا بطریق مجاز و ابتغای وسیلہ و استدعا بموجب نص و حدیث بیشک ہی کہ بموجب
ارشادِ پروردگار کیا حیاتِ ظاہری مین کیا بعد شہادت بی شبہہ مجاز ہی کہ مخادیم و مقتدایان ناصح صاحب کی تصریحات
اور احادیث صحاحِ ستہ مصرحۂ صدرسے بہی تطبیق اوسکی کالشمس فی وسط السما بلکہ مع شئی زاید روشن و آشکار ہی اور یہہ
استشفاع مین اہل حق کے ناصح جیو ذرا آنکہین کہولکی دیکہین کہ اہل حق کیونکر پکارتی ہین اور کس کس فضایل و اختصاص
اور صفاتِ عبدیت کی ساتہہ متصف کرتی ہین اور خطاب انکی طرف وہ ہی کہ آل توجہ و تقدیم حاجت طرف اونکی
سراسر توسل الی اللہ اور استشفاع ہی جیسا کہ حدیث قصۂ ضریر مین ناصح جیو کی ہان اوپر لکہا گیا ذرا ناصح جیو یاد کرین
کیونکہ حیات و ممات انکی بموجب آیات و مصرحات مقتدایان ناصح جیو علی الخصوص حسب تصریح پیر عزیز اونکی اور حدیث
صحاح حیاتی خیر لکم و مماتی خیر لکم وغیرہا آیات و حدیث درباب شہدا یکسان ہی علی الخصوص ناصح جیو کو یاد کرنا چاہیی حدیث
ارشاد اعینونی یا عباد اللہ کو اور تصریحات اپنی پیر عزیز وغیرہ کی جو کہ اوپر لکہی گئی دیکہین کہ وہ ہر ایک اپنی پیر داد لیا
مصنوعی تک سی استعانۃ و استمداد حیات و ممات مین یکسان لکہتی ہین کہ در حجب رسولؐ و اہل بیتؑ رسول اونہین کیا
نسبت اور کیا عرضہ ناصح صاحب ضریرانہ انکل سے کام نفرما دین خصم بیبے اندہا نہین خیر لینی کو حاضر ہی اور قطع نظر اسکی
پروردگار عالم دانا و بینا ہی اوس سے خوف کرین اگر عوام بیچارے نہین جانتی تو خدا تو دیکہتا ہی جانتا ہی لازم ہی کہ اپنے
کلمات ضریرانہ سی توبہ عمل مین لادین اور کور و کورانہ اس طرح بی لحاظ پس و پیش پہر سا نہ پہینک مارین عوام بیچارے ناحق کوئی
دنکو منکر رسالت ہو جاوینگی ابہی تو وہ آپ ہی مبتلای انکار ہین پہر سبکی انکار کا ثواب اونہین اضعافاً مضاعفۃً ہوگا تو
پہر مصداق ضلوا و اضلوا مین داخل ہونگی اب سنین ناصح صاحب اور اونکی تمام اخوان و اقران گوش ہوش سی کہ حال ادعیۂ استشفاع
تو گوش گذار حضرت ہو چکا اگر سوای اوقات دعا کسی اہل حق جان نثار رسولؐ و اہل بیتؑ رسولؐ کو نام نامی نفس رسول
یا اور ذریۂ طاہرہ کا نام نامی یاد کرتی ہوئی ناصح صاحب نی سن لیا ہی اور بسبب عصبیۃ ذاتی اور بغض و عداوت آل طاہرہ
کے سوزش قلب ملازمان خدام کو طاری ہوئی ہی کہ عین ادای سنت ہی اون بی بی صاحبہ کی جو کہ نام تک جناب مولیٰ کا
زبان پر نہین لاتی تہین اور حضرات اس سبب سے ذاکرین سوای مومنین کو نسبت نصیریت لگاتی ہین اور اس یاد کرنیکو بہی استعانت
ہی سمجہا جاتی ہین تو یہہ بہی سراسر جہالت اور اثر دہقانیت اور تاثیر غلبہ عداوت با خاندان رسالت ہی ہر چند ہم جانتی
ہین کہ وہ دہقانی بیچارے اون نکات کو کیا سمجہینگے لیکن چونکہ غرض اصلی توضیح کلام سی ہدایت عام ہی اسلئی توضیح مقام
ضروری البیان معلوم ہوتی ہی واضح ہو کہ یاد نامی حضرات علیہم التحیۃ و البرکات لبسا اوقات تو بی قصد استشفاع و استمداد
بحیثیات مختلف ہوتی ہے اور کیفیت اسکی صاحبان مذاق سلیم جان سکتی ہین کہ توضیح و تفصیل اسکی باحتمالات شتی قریب لکہی
جاتی ہی اور کبہی باستمداد و استشفاع بہی تو نفس الامر مین وہ استمداد بہی حقیقۃً جناب باری سی ہی اور انسی صرف استمداد دعا
دعا کی جیسا کہ خود مقتدایان ناصح جیو سی سابق تصریح عمل مین آئی فاذکروا و تدبروا اب اول توضیح و تصریح معنی استعانت
و استمداد اور طریقہ استعمال اور محاورہ اسکا جاننا چاہیی پہر توضیح مقام واضح ہو کہ استعانۃ کی معنی ہین یاری چاہنا مدد چاہنا

توضیح معنی استغاثہ و استمداد

چاہنا اور موی زہار لینی خواہ اوسترہ سی خواہ اوکھیڑنی سی خواہ نورہ سی معاونۃ آپسمین ایک دوسری کی یاری کرنی عون
پشتیبان اور مددگار اعوان جمع ہی عون کی چنانچہ منتہی الارب ترجمہ قاموس کی فارسی عبارت صاف ہی عون پشتیبان و یاری گر
اعوان تعاون معاونۃ بہمدیگر یاری کردن استعنۃ و بہ یاری خواستم از وی امداد یاری دادن و نیز استعانۃ موی زہار
ستردن بحلق باشد یا بہ نتف یا بنورہ وردی انہ ینور علی عانتہ بیدہ یعنی روایت کی گئی ہی کہ آنحضرت نورا لگاتی تھی اوپر
عانۃ اپنی کی اپنی ہاتھ سی سبحان اللہ غور کرین طالبان حق کہ یہ حدیث یہ فعل رسول اور اخراب ناصح صاحب اکثر اس فعل کو
بھی کہ تابعان اہل بیت طاہرہ بسنت رسول وآل رسول عمل مین لاتی ہین شعار شیعیان سمجھ کے ترک فرماتی ہین اور پھر
دعوی سنت نبوی کا بالجملہ یاری و مدد عام ہی یعنی استعانۃ و استمداد ہر قسم کے مدد چاہنی ہی تو یہ ظاہر ہی کہ وقتہ
چاہنی ہر قسم کے مدد کی مستعمل ہو سکتا ہی بلکہ اسیطرح ہر زبان مین جو اس معنی و مطلب کا لغت مقرر ہے استعمال کیا جاتا
ہی سو اگر کوئی شخص کسی منشی سے درباب خط نویسی مثلا مدد چاہی تو بھی یہی مستعمل ہوگا اور طبیب سے معالجہ کی مدد چاہی
تو بھی یہی اور جو کسی سی بوجھ اوٹھانیکی مدد چاہی یا لونڈی غلام خدمت گار سی کسیطرح کی مدد چاہی تو بھی یہی و قس
علی ہذا صدہا ایسی امور مین المختصر کہ اگر پیغمبر یا شہید یا باپ یا اوستاد یا عالم یا متقی سی دعا کی مدد چاہی تو بھی یہی
مستعمل ہوگا اور جو خدا تعالے سی کسی بات کی مدد چاہی تو بھی یہی مگر درخواست خدا سے جو اصل مطلب اور حاجت کے
عطا کی مستقل بالذات قادر علی الاطلاق جانکی ہوتی ہی اور دنسی واسطی دعا کی بارگاہ الہی مین محتاج الی اللہ جانکی
شفیع باذن اللہ جانکی چنانچہ قرآن اور کتب احادیث و فقہ و بلاغت و معانی مضامین کثیرہ سی اسی استعمال کی بھری
ہین کہ ذکر حدیث اعینونی مین خاص شرح تحقیقات شامخات سی جو تفصیل اوپر لکھی گئی ہی مطابق اور معین اسکی تصریح
ہی اعادہ اوسکا عبث معلوم ہوتا ہی اوسی ملاحظہ کرلین بلکہ اس سے بڑھ کر مشکواۃ مین اپنی خود دیکھین حدیث ہے
کہ فرمایا اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا من اصحاب القبور کہ کسی طرح کی عذر لنگی اور گریز بیہودہ کار لاوین لیکن کسیطرح
سی استعانت نہین میٹ سکتی یعنی کچھ ہی کہین استعانت کا استعمال عباد کی نسبت ظاہر و باہر یانگی و موعند نا غیر مستقل
اور نہایت ظاہر بات ہی کہ مثلا طبیب سی جسوقت استمداد ہی تو خط و کتابت کی ہرگز نہین بلکہ معالجہ کے ہی اور نہ کوئی استمداد
خط و کتابت اوس جگہ خیال کر سکتا ہی اور منشی سے جب ہی تو معالجہ کی ہرگز نہین خیال کی جا سکتے بالجملہ ہر ایک سی استمداد
بحیثیت امکان اوسکی صفتہ موجودہ کی ہوتی ہی کہ تاثیر و تکمیل و تتمیم اوسکی بحیطۂ قدرت کاملہ حضرت قادر بالذات مستجمع جمیع
صفات کمالات خالق وحدہ لاشریک کی ہی وقس علی ہذا پیغمبر سے بنفس پیغمبر سے اور شہدا و ائمہ ہدیٰ سی دعا و شفاعت
کی جسقدر جسکا مرتبہ ہی اور خاص خالق و قادر بالذات بیچون و چگون سی خاص عطا اوس مطلوب کی ہی جسکی استعانۃ چاہتا
ہی تو ظاہر ہی کہ استعمال مین اسی لفظ کی درباب طبیب و منشی وغیرہم کوئی شخص نسبت شرک و کفر اس مستعین و مستمد کو نہین دی سکتا یا
معنی موی زہار ستردن کے نہین سمجھ سکتا پھر تعجب کے بات ہی کہ رسول و نفس رسول و شہداے آل طاہرہ کی استعمال مین کونسی وجہ
ہی کہ مستعین بالذات سمجھنی کے تہمت لگائی جاوے اور شرک و کفر کے نسبت لگائی جاوے دیگر اظہار اپنی جہالت و دہقانیت اور علو
اہل بیت طاہرہ اور اثبات اپنی عدم بصیرت کی محاورۂ کلام عرب سی کیا چشم بصیرت کور ہو گئی ہے والتحواحد مین نہ دیکھا

خود پیغمبر خدا نے بموجب حکم پروردگار کس طرح خطاب کیا جناب مولای مومنینؑ سے یاد کرو تحریر محدث دہلوی اور ملا حسین میبذی
جو صاف لکھتے ہین کہ آنحضرتؐ فرمود یا علی بخوان مرا از شر دشمنان و نصرت بجا آر اور لکھتا ہے حکم نادِ علیاً مظہر العجائب
خدا کی طرف سے نازل ہوا یعنی حدیث قدسی ہے تو درحقیقت پکارنا جناب مولیٰ کو عین تعمیل ارشاد الٰہی ہے کہ وہ فرماتا کہ
پکار تو علی کو وہ علی کہ مظہر العجائب ہے تجدہ عونا لک فی النوائب یعنی پاویگا اوسکو مددگار مصیبتون مین یاد کرین ناصح اپنی پیر عزیز
کی تحریر کردہ کیا لکھتا ہے کہ اگر اعتماد بجانب حق است و ادراکی مظاہر عون دانسته الی قوله دور از عرفان نخواہد بود اور یہی یاد
کرین تحریر عزیزیہ کہ استمداد از اولیا چنانکہ در زندگی ایشان میکنند ہمچنین بعد ممات ایشان بکنند جایز است فتذکرو تدبر
اور یاد رہے کہ اسمین مفضولیت پیغمبرؐ کے نہین لازم آتی بلکہ مظہر اثر دعای پیغمبر خدا ہے کہ جیسے حضرت موسیٰؑ پیغمبر نے پروردگار عالم
سے درخواست کی تھی کہ ہارون کو میرا مددگار کر اسی طرح ہمارے پیغمبر خدا نے دعا کی تھی کہ میرے اہل مین سے میرا بھی مددگار اور جانشین
مقرر کر چنانچہ آیہ قال رب انی قتلت منہم نفسا فاخاف ان یقتلون و اخی ہرون افصح منی لسانا فارسلہ معی ردءا یصدقنی انی
اخاف ان یکذبون قال سنشد عضدک باخیک الآیہ اور آیہ واجعل لی وزیرا من اہلی ہرون اخی اشدد بہ ازری و اشرکہ فی امری
الآیہ اور ارشاد پروردگار قد اوتیت سؤلک یا موسی مصدق مین درخواست موسیٰؑ کی اور اجابت پروردگار کی اور حدیث
ابا ذر غفاریؓ وغیرہ احادیث مندرجہ تفسیر ثعلبی و مناقب ابن مغازلی شافعی وغیرہا مصداق اثر دعای پیغمبر خدا ہے عن ابی ذر
علی قائد البررۃ و قاتل الکفرۃ منصور من نصرہ و مخذول من خذلہ الحدیث کہ حاصل تمام حدیث کا یہ ہے کہ ہمارے پیغمبر خداؐ نے بھی ایک روز
بعد نماز دعا کی جناب باری مین کہ پروردگارا میرے بھائی موسیٰؑ نے تجھہ سے سوال کیا کہ پروردگار میرے دلکو کھولدے اور آسان کردے
میرے لئے کام میرا اور کھولدے گرہ زبان میری سے اور میرے واسطے وزیر کر اہل میرے سے ہارون بھائی میرے کو اور مستحکم کر ساتھ
اوسکے پیٹھ میرے اور شریک کر تو اوسے بیچ کام میرے کی پس نازل کیا ہے تو نے قرآن کہ اس بات پر ناطق ہے کہ درخواست اوسکی تو نے
قبول فرمائی اللہم انا محمد نبیک و صفیک فاشرح لی صدری و یسر لی امری واجعل لی وزیرا من اہلی علیا اشدد بہ ظہری یعنی پروردگار
مین محمدؐ نبی تیرا اور برگزیدہ تیرا ہون پس کھولدے تو دل میرا اور آسان کر میرے لئے کام میرا اور کر واسطے میرے وزیر میرے اہل
مین سے علی کو اور مستحکم کر ساتھہ اوسکے پشت میری چنانچہ ابا ذر غفاریؓ کہتے مین کہ ابھی یہ کلمہ تمام نہین ہوا تھا کہ جبریل امینؑ
آیہ انما ولیکم اللہ و رسولہ لیکر نازل ہوئے چنانچہ پھر تمام قصہ تصدق انگشتری کا کہ مولای مومنینؑ نے حالت رکوع مین سایل
کو دی تھی طول و طویل ہے بیان کیا کہ وہ اپنی محل پر مفصل مبین ہے چنانچہ علاوہ اسکی جنگ بدر اور احد مین فرشتون
نے بھی بموجب حکم خدا آپکی مدد کی تھی تو اس سے پیغمبر خدا کے مفضولیت نہین خیال کیجا سکتی بلکہ تمام انصار مددگار رسولؐ کہلاتے
تھے بالجملہ جسکی مدد کو حق تعالےٰ فرمادے تو اوسکو مظہر عون پروردگار جاننا اور اوس سے مدد چاہنی درحقیقت تعمیل حکم خدا ہے
اور علاوہ از صرحہ صدر منصف بالبصر و بصیرت اسی خیال کر سکتا ہے کہ بموجب حدیث علی منی بمنزلہ ہارون من موسیٰ مددگاری
مولای ما علی ابن ابیطالبؑ با رسول مقبولؐ بہ تطبیق و توفیق حال مددگاری ہارون بموسی حسب الارشاد حق جل و علی زیادہ
چسپان و زیبا اور مطابق و اقع بلکہ تطبیق اوسکی شبر بشبر و ذراعا بذراع خیال کرنی چاہیے ناصح جیو ذرا مفاتح میبذی
شرح دیوان شاہ مردانؑ تو دیکھین کیا لکھا ہے کہ خاص جناب مولیٰ کا کلام ہے حرف میم کی ردیف مین بعد ذکر آیہ انما

انما ولیکم اللہ وغیرہ مراتب یا دینگی اللہ اکرمنا بمصیبتہ و بنا اقام دعائم الاسلام و بنا اعز نبیہ و کتابہ و اعزنا بالنصر
یعنی میفرماید خدا بزرگ گردانید مارا بیاری کردن پیغمبر او و بما قایم کردانید ستون اسلام را و بما عزیز کرد پیغمبر خود را و کتاب خود را
و عزیز کرد ما را بیاری دادن و بہ پیش رفتن در جنگ اور یہی وقت مراجعت از جنگ احد لکہا ہی کہ بعد فتح آپکی جناب سیدہ دو جہان
سی خطاب فرمایا ہی افاطم قد ابلیت فی نصر احمد و مرضات ربی بالعباد رحیم یعنی ای فاطمہ بتحقیق جنگ سخت کردم در یاری کردن
احمد و خوشنودی پروردگار کہ بہ بندگان مہربان است ہرچند اشعار ان دونون میں اور بہی ہین او تعرض طرف اون
کی فائدہ مند لیکن اس مقام مین غرض اور احتجاج کلام نصرت پر ہی اسو اسطی حذراً للطوالۃ دوسرے طرف سی طی کشیح مناسب
ہی علاوہ اسکی ناصح جیو اور احزاب اونکی دیکھین مقام شہید جناب سید الشہداء کربلا مین کلام جناب جگر گوشہ رسول آخر
وقت اتمام حجت مخالفت کیشون سے جو اکثر ناصح صاحب کی ہانکی مقتدا او مقبول راوی ہین تمام کتب مین حتی کہ تصریح
پیر عزیز ناصح صاحب سی بہی ہویدا ہی کہ کن الفاظون سی فرمایا مشتی نمونہ از خروارے یہ ہی کہ فرماتی تہی اما من مغیث یغیثنا اما من
ذاب یذب عن حرم رسول اللہ کہ بمجرد سماعت اس کلام کی حر بن یزید ریاحی آیا اور کہا کہ یا ابن رسول اللہ یہ شخص وہی کہ پہلے
آیا تیری اوپر اب مین تیری گروہ مین ہون حکم دی تو مین مارا جاؤن تیری مددگاریمین چنانچہ کہتا ہی فمرنی ان اکون
مقتولا فی نصرتک اور بعد شہادت جناب سید الشہداء ذریت طاہرہ جو پکارتی تہی یا رسول اللہ یا علی مرتضی یا فاطمہ
زہرا یا حسن مجتبی بالفاظ انظروا الینا انصرونا وغیرہا وامثالہا کما فی تاریخ الواقدی و اعثم الکوفی وغیرہا من المقاتل
علاوہ اسکی قرآن سی استعمال دیکہا اور دیکہین قرآن مین زبانی ذوالقرنین کے کہ اپنی لوگونکو کہا فاعینونی بقوۃ
اجعل بینکم و بینہم ردما اور خود پروردگار عالم حکم فرماتا ہی و تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان
ایک جگہ فرماتا ہی یا ایہا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ ایک جگہ یا ایہا الذین امنوا ان تنصروا اللہ ینصرکم اور ایک
جگہ فرماتا ہی والذین آووا و نصروا اولئک بعضہم اولیاء بعض بات یہ ہی کہ استعمال سی ان لفظونکی کفر و شرک نہین
لازم آسکتا نہ یہ لفظ موہم شرک و کفر ہین البتہ جو لفظ موہم تشبیہ و تفویض بہی ہوان تو اونکی استعمال کو اہل حق برا جانکر
ممانعت رکہتی ہین بلکہ اوسی روضۃ الاحکام مین جسکا بڑا دعوی دیکہنی کا ناصح صاحب رکہتی ہین صرف لفظ موہم تشبیہ
و تفویض کے موہنہ سی نکالنی پر وہ فضیحت و ملامت اور تکفیر قرملبین کی ہی کہ باید و شاید ناصح جیو اوسی نہین
دیکہتی حقیقۃ یہ ہی کہ یہ کلمات ایسی مشترک المعانی جاری اور عادی الاستعمال واسطی عباد کی بہی ہو رہی ہین کہ انہین
توہم تشبیہ و شرک اصلا و مطلقا نہین آسکتا جو کہ کلام الہی مین زبان انبیا مین عباد کی نسبت بہی صدہا جگہ مستعمل ہین اور
روزمرہ کی محاورۂ عباد مین جاری رہی ہین اور جاری ہین بالجملہ جب استعانۃ خدا تعالی سی ہی تو وہ معین بالذات غیر
محتاج الی امداد و مستقل بذاتہ اعانۃ و مدد مین عطا حاجت مین مقصود ہی اور جب مخلوق سی ہی تو وہ سب محتاج الی اللہ
ہین تمان معین مقصود ہین دعا کرنی مین شفاعت مین یا جس رتبہ اور کام کا ہی ہر شخص ماتہ عامل خوان بہی جان سکتا ہی
کہ حرف جارہ مین حرف با مثلا واسطی استعانۃ کی بہی ہی تو جس وقت کوئی کہتا ہی کتبت بالقلم تو معنے یہ ہوتی ہین کہ لکہا
مینی باستعانۃ قلم و قس علی ہذا صدہا اس قسم کے امور ہین کہ حضرات کذائی معاذ اللہ نقل کفر کفر نباشد سکے لئی قایل

اصل مطلب

بلکہ یہ شرک و کفر ہو گی اور معاذ اللہ کیا کہہ سکیں گی پروردگار عالم کی جناب میں انبیا کی جناب میں خاص ارشاد و تعلیم جناب محمد خدا
خاتم الانبیا کی جناب میں جنکی زبانی سی وایاک نستعین ہے جانا اور وہنین سے اعینونی یا عباد اللہ اور استعانۃ جنگ احد
وغیرہ میں بکرات و مرات حدیث کرتی ہین یہہ عقل کے دشمن انصار رسول مقبول کی لئی کوئی اور لفظ تجویز کرین اور قرآن
سی بہی جہان ذکر حوارین و عیسی علی نبینا و علیہ السلام مین ہے مثلاً آیہ فلما احس عیسی منہم الکفر قال من انصاری الی اللہ
قال الحواریون نحن انصار اللہ اور اسیطرح سی یا ایہا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ کما قال عیسی ابن مریم للحواریین من
انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ اور حدیث متفق علیہ بخاری و مسلم کی ہی مشکوۃ مین عن انس قال
قال رسول اللہ انصر اخاک الحدیث یعنی مددگاری اور اعانت کر تو بہائی اپنی کو تا آخر حدیث اور حدیث من کنت
مولیہ فعلی مولیہ مین جملہ اللہم انصر من نصرہ واخذل من خذلہ صحاح مین موجود ہی نکال ڈالین پہلا پیغمبر کے فرمان سے
منکر ہین تو اپنی عتبہ بن ابی سفیان خداوند نعمت و مقتدای دین و ایمان کا کلام سنین کہ محمد خاوند شاہ وغیرہ مورخ و محدثین
مقدمات پیشین جنگ صفین مین لکہتی ہین کہ جب خلیفہ نجم ناصح صاحب جناب مولی یعنی مولای مومنین علی ابن ابیطالب غالب کل غالب
کے ہیبت سی دست و پاچہ ہوا تو لوگون سی مشورہ اور تدبیرین جوڑ توڑ شکست و لبست کی کرنی لگا اور عتبہ مذکور سی استشارہ
کیا اوسنی جواب مین جو کہا بعینہ عبارت محمد خاوند شاہ اوسکی ترجمہ کے یہ ہی رای من آنست کہ در امر خود استعانۃ بعمرو عاص نمائی
علاوہ اسکی قصہ خولہ بنت ثعلبہ مین حدیث ہی کہ بعد نزول آیہ قد سمع اللہ قول التی تجادلک الآیہ صحاح ستہ مین موجود ہی قصہ
طویل ہی المختصر کہ خود مادر مہربان صدیقہ ذی شان فرماتی ہین اور راویان متعدد بیان کرتی ہین کہ بعد نزول آیہ خولہ کو
جب فرمایا کہ شوہر اوسکا یعنی اوس بن صامت یا دو مہینے کے روزے برابر رکہی یا ساٹہہ مسکین کہلاوے اور یہ بات بسبب
عدم استطاعت کی متعذر رہے انجام یہ کہ ام منذر بن قیس پاس بہیجا کہ وہ کچہہ اعانت کری یہانتک کہ جب اوسی حسب ارشاد عمل
کیا تو اوس مقام مین صاف آنحضرت کی زبانی ارشاد ہی سا عینہ بعرق من تمر یعنی فرمایا مین اعانت کرتا ہون ساتہہ
ایک پیمانہ کہجور کے جو سولہ رطل کا ہوتا ہی اور اوسکی جواب مین اوسنی یہین کلمات عرض کیا کہ یا رسول اللہ انا سا عینہ
بعرق آخر یعنی یا رسول اللہ مین جلد اعانت کرتی ہون اوسکی ساتہہ دوسرے پیمانہ کی فقال قد اصبت و احسنت فرمایا رسول
خدا نی تحقیق راضی ہوا مین اور راست و درست اور اچہا کام کیا تو نی بالجملہ کلام الہی کلام انبیای سلف و مومنین و مسلمین
وغیرہم حتی کہ زبان جناب خاتم الرسالت اور ائمہ ہدی اور مقتدایان ناصح صاحب تک باستعمال الفاظ مذکورہ گواہی دیتی
ہین اور مقتدایان ناصح صاحب اسکی قایل ہین پہر چون و چرا یعنی چہ بالجملہ تفاسیر و کتب حدیث مین جس جس جگہ سوا انتساب
حضرت رب الارباب کسی اور کے نسبت نصرت و اعانت مستند ہی سبکو اول ناصح جیو نکال ڈالین جب ایسی ہذیان سرائیان
زیب دیوین یہہ بچاری قاعدہ مسلمہ علم معانی و بیان سی بہی واقف نہین یا در ہی کہ مسلمات سی ہی کہ لکل کلمۃ مع صاحبتہا
مقام پس بغیرہا المختصر نہایت سہل و صاف بات یہ ہی کہ جب یہ کلمات مستند اور منتسب بجناب خالق جل جلالہ ہوتی ہین تو وہ معنی مین
مستقل بالذات جو کہ کمر مصرح ہوئے اور جب دوسرے مقام مین ہین تو دوسرے ہیں چنانچہ تصریح کی گئی نہین دیکہتی قرآن مین جہان تاب اللہ
ہی وہان معنی توبہ قبول کرنیکے ہین یا توفیق کے ہین جہان مثلاً توبوا الی اللہ عباد کو خطاب ہی وہان بازگشت کی گناہ سے معنی و

وقس علی ہذا ہزارہا لغتہ اضداد سی ہین اب تفصیل احتمالات موجودہ در باب ندای مطلق یعنی بی شمول لفظ استشفاع یا استمداد
کے جو مثلا ہو یعنی یا رسول اللہ یا علیؑ یا حسینؑ کوئی کہہ اوٹہتا ہو تو اسپر نسبت شرک وکفر کی لگانی ہی محض زرازری دہقانیت
ظاہر فرمانی ہی کیونکہ صریح ظاہر امر ہی کہ وہان تو کوئی لفظ بہی استمداد واستعانہ کا نہین کہ کوئی منکر استعانت علی الاطلاق
بہی دم مارسکی مگر ہان یہ پہلی اقرار نوشتی لکہدیجی کہ وہ شخص نام سی ذکر سی نبیؐ وعلیؑ کی جلتا ہی لیکن ظاہر ہی کہ اہل ایمان کو
اونکی جلنی سے کیا کام اگر کفار عبادت پروردگار اور شعائر اہل خیار سی نام رسول مختار سی مثلا جلین تو اونکا جلنا کوئی
کام کا نہین وہ خود آتش جہنم مین اپنا مقام بناتی ہین تفصیل اس اجمال کے یہ ہی کہ صاحب قلب سلیم اور طبع مستقیم اسکے
کیفیت اور مذاق کو جان سکتا ہی کہ اول تو ب اوقات ظہور نام نامی صرف بسبب ذوق ومحبت اور یاد قلبی بفحوای ما
احد اضمر شیئاً الا وقد ظہر من فلطات لسانہ اور بمقتضای مضمون من احب شیئاً اکثر ذکرہ بی ساختہ ضمیر سے زبانپر بہی ظاہر
ہوجانا اثر ہی یاد قلبی کا اللہم ارزقنا وجمیع المومنین اور یہہ بشیتر بغیر کسی طرح کی خیال استدعای استعانت وشفاعت ودعا
وغیرہ مراتب کی ہوتا ہی بلکہ صرف بمقتضای مودۃ قلبی کے بی تحاشا بلا ارادہ زبانپر جاری ہوجاتا ہی ولنعم ما قیل اعد ذکر نعمان
لنا ان ذکرہ ہو المسک ما کررتہ یتضوع کہ روشنی چشم اور خنکی دل ہوتا ہی اہل ایمان کے لئی اور سوزش قلب واسطی منافقین کے
اور کبہی بسبب غلبۂ محبت کے اتنی بی اختیاری ہوتی ہی کہ بجای سانس لینے کے نام زبان سی انکا نکلتا ہی اور دنیا ومافیہا بلکہ
کسی چیز کا بہی خیال نہین ہوتا اور خدا نخواستہ کوئی امر منکر ومحذور نہ منوی ہوتا ہی نہ ملفوظ بلکہ اس تقریر پر ہمین ایک بات
انکی ہان کے یاد آگئی کہ اس جگہ قابل ذکر ہی خود مصرحات کتب ناصح صاحب سے کوئی شخص دیکہی مثل فصل الخطاب تعرف وشرح
تعرف وغیرہا انکی ہان کے تو کیفیت قرار واقعی اچہی طرح نمایان ہووے کہ اس غلبہ کی بناپر حکایت ہای ابی حامد اور ابو لبابہ
اور خاص خود خلیفہ عدالت پناہ اور ابو طیب حجام وغیرہم مفصل ہین تب حقیقت واقعی واضح ہو حذرا للطوالۃ صرف ایک اس مضمون
کی نقل پر فصل الخطاب سے اکتفا ہی کہ بعد کلام طویل کے لکہتا ہی ثم قال فی التعرف فہذہ وامثالہا کثیرۃ کلہا یدل علی ان حالۃ
الغلبۃ حالۃ صحیحۃ ویجوز فیہا ما لا یجوز فی حالۃ السکون ناصح صاحب ذرا شرم کرین کہ وہان سی خود اونکی عدالت پناہ کا حال کیا
ہویدا ہی اوسی غور سی ملاحظہ کرین جس سے ظاہر ہی کہ خلیفہ عادل اونکی بنام نہاد غلبۂ محبت الہی خود جناب پیغمبر خدا سی جدال
وشقاق سی پیش آئی روز حدیبیہ کو اور بنام نہاد غلبہ محبت کے وفات پیغمبر خدا کا انکار کر نیلگی کما صرح سابقاً ایضاً اور طرح
وہ محمود ومعذور گنی جاتی ہین چنانچہ صاحب فصل الخطاب جو بعد اس تمام حال کے لکہتا ہی بعینہا عبارۃ اوسکی یہہ ہی کہ عمر در مقام
علبہ واضطراب بود حیث قال حتی قمت فی مقابلۃ صورت اعتراض بود اگر حال غلبہ نبودی مذموم بودی تا ایہا تک کہ
لکہتا ہی کہ عمر معذور بود اور بموجب تصریح صاحب تحفہ تک کہ اوپر مرقوم ہی حال انکار وفات سرور کائنات مین کلمات منکرہ
وممنوعہ مکذبہ قرآنی کہنی پر کس کس طرح کی تربیت بلکہ حقانیت عدالت پناہ کی صاحب تحفہ وہ کچہہ ثابت کرتی ہین کہ معاذ اللہ
پہر اہل حق صرف نام نامی پیغمبرؐ واہل بیتؑ کا لینی سے معاذ اللہ مشرک اور نصیری گنی جاوین بل ہذا الاعناد وشقاق دوسرے
لبسا اوقات اگر بارادہ وقصد کہا جاتا ہی تو یہہ بہی کئی طرح سی ہوسکتا ہی کبہی تو یہہ کہ خود بخود اونکی محبت نی دلمین جوش
مارا اور دل مضطرب اور بیچین ہوا بسبب غلبہ کے تو باستحصال تسکین واضطراب خاطر باتفاق مضمون بہ ایت سحون عند

اول

دوم

ذکر الابرار نیز الرحمۃ یعنی رحمۃ و سکون نام نامی انکا انکو ہوتا ہی کہ جو سید ابرار نفس سید ابرار اہل بیت و ذریت سید
ابرار سر ابرار ہین کبھی یہ کہ ذکر و یاد انکی کہ اخیار عالم ہین سے ہین نفس خیر المرسلین بمنزلہ جسم و جان خیر المرسلین ہین شجر
حسن مآب اور ثمر کشتہ و ابواب جنت عند اولی الالباب ہی خاص و عام عقلا و اتقیا صاحبان ذوق سلیم خاص تعمیل ہدایت مضمون
ہدایت مشحون آیہ واذکر ابراہیم الی قولہ جل جلالہ واذکر اسمٰعیل والیسع وذا الکفل وکل من الاخیار ہذا ذکر للمتقین وان للمتقین
لحسن مآب جنات عدن مفتحۃ لہم الابواب خیال کر سکتی ہین نہ کہ اپنی شر نفس اور وساوس شیطانی سی بعداوت نام آوری اہل بیت
طاہرہ اونکی ذاکرین و انصار کو تہمت نصیریت لگائی جاوی الحاصل کہ ذکر ان اخیار کا بموجب امر حضرت کردگار ہمیشہ خیال
کرنا چاہیئی ایک یہ کہ جب دل مین سینہ مین یاد انکی اوٹھتی ہی تو بمقتضاے احادیث صحاح من صلی علی عند قبری سمعتہ ومن صلی نائیا ابلغتہ
اوران للہ ملائکۃ فی الارض یبلغون من امتی السلام اور من صلی علی واحدۃ صلی اللہ علیہ عشرا اور اولی الناس بی یوم القیمۃ
اکثرہم علی الصلوۃ اور ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی حتی ارد علیہ السلام اور حدیث من سرہ ان یکتال بالمکیال الاوفی
اذا صلی علینا اہل البیت فلیقل اللہم صل علی محمد وآل محمد الحدیث اور حدیث البخیل الذی ذکرت عندہ فلم یصل علی احادیث کثیرۃ
موجود مشکوۃ المصابیح وغیرہا اور بسبب آیہ و مفاد آیہ ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی الایہ اور آیہ الذین اذا اصابتہم مصیبۃ
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ انکی نام نامی پر صلوۃ و رحمت بہیجی جاتی ہی اور نام
انکا جو زبان پر جاری ہوتا ہی تو ہر شخص سامع بہی صلواۃ و سلام و رحمۃ بہیجتا ہی تو یہ قایل اول درحقیقت باعث اور دال
ہوتا ہی اس حسنات بیغایات کا والدال علی الخیر کفاعلہ لیکن سچ ہی ناصح صاحب جیسے مدعیان سنن کثرت درود کو کاہیکو
پسند رکہین گے جنکی بڑی امام ابوحنیفہ تمام عمر مین ایک دفعہ درود کہنی کو تعمیل مضمون آیہ ان اللہ وملائکتہ الایہ تجویز فرماوین
اور معہ اونکی امام مالک کی نماز بی وجود صلوۃ کی جایز رکہین کما فی الکتب المبسوطۃ الفقہیۃ وتفسیر ثناء اللہ وغیرہا من
الکتب الکثیرۃ الحنفیۃ ایک یہ کہ جب یاد انکی مصائب اور رنج اور ظلمونکی دلمین گذری تو بی تحاشا رنج و غم طاری ہوتا
ہی اور آرزو ہوتی ہی کہ ہم اوسوقت ہوتی تو شریک نصرت ہوتی اپنی جان نثار کرتی اور نام نامی جاری ہوتا ہی زبان پر
اور مقصود ہوتا ہی مضمون یالیتنی کنت معہم فافوز فوزا عظیما چنانچہ تفسیر آیہ قل کل یعمل علی شاکلتہ مین تفاسیر کثیرہ سی قاضی
شہاب الدین حنفی حال عمر بن ابی اللیث مین جو لکہتا ہی مضمون قابل ہدایت و نصیحت ہی حذرا للطوالۃ اسیقدر حوالہ و اشارہ
پر اکتفا ہی کہ و حنفی صاحب تک بہی مدعی ہین اوسکی نجات کی صرف اتنی بات پر کہ اپنی فوج و حشم دیکہکر مصیبت سبط رسول
مقبول یاد کرکے آرزومند شمول رکاب سعادت ہوا تہا اور اسی حسنہ پر مصیبت نار سی نجات پائی ایک یہ کہ جب یاد رسول
خدا اولمین اوٹہی اور خواہش ہوئے دعائی رسول کی اور یاد آئی آیہ ان صلوتک سکن لہم واللہ سمیع علیم یا یاد آئی حدیث
متفق علیہ بخاری و مسلم ان اللہ یقضی علی لسان نبیہ ما شاء اور یا حدیث علی منی وانا منہ یا حدیث علی بمنزلتی من ربی
صحیفہ کاملہ مین درود بہیجین اصحاب محمدؐ پر عام اور خاص سب پر اور تم اونچی شان مین بی ادبی سی پیش آتے ہو الخ نہین معلوم
کر ناصح صاحب نی سوائے کذب و افترا اور دہوکہ بازی کچہہ اور بہی تعلیم پائی شیوخ اربعہ اور تمام اتباع ائمہ ہدیؑ پر بہتان لیتی
لیتی اب خاص امامؑ پر بہی بہتان و افترا کو کام فرمانی لگی مگر ہان یہ کونسی تعجب کی بات ہی جب خاص خدا و رسول خداؐ پر افترا مین
درگذر نہین تو امامؑ تو نایب ہین رسولؐ کے ناصح صاحب مضمون لعنۃ اللہ علی الکاذبین سے بہی نہین اندیشہ کرتی اتنی شرم
نہین کہ صحیفہ کاملہ کوئی نادر الوجود کتاب نہین ہر جگہہ موجود ہی ہر شخص دیکہہ سکتا ہی خدارا کوئی شخص شروع سے اخیر تک بغور
مطالعہ کری اور دیکہی کہ کہین بہی عمومیت مدعوۂ ناصح جیو پائی جاتی ہی بلکہ خاص وہ دعا کہ بیچ صلوۃ کے اوپر اتباع رسل اور
مصدقین رسل کے کتاب مذکور مین ہی خاص بلفظ خاصۃ و حسن الصحابۃ و حقایق ایمان وغیرہا مراتب مصرح ہی چہ جائیکہ عمومیت
ہر فاسق و فاجر و معاند اہل بیت طاہرہ جسکی علی الرغم یہہ صدق نما خاص و عام سبکا دعوی کرتی ہین حقیر وسطی بیت او نشان کے
خاص عبارت بہی مقام حاجت کی لکہہ دیتا ہی تاکہ صدق و کذب ہر خاص و عام پر ہمارا اور ناصح صاحب کا ظاہر ہو جاوی ناصح صاحب
جیو اور اور جسکا جی چاہی آنکہین کہولکر دعای مذکور مین دیکہہ لی عبارت لکہا ہی اللہم و اصحاب محمدؐ خاصۃ الذین احسنوا الصحابۃ والذین
ابلوا البلاء الحسن فی نصرہ الخ بالجملہ حذرا عن الطوالۃ تمام دعا نہین لکہی جاتی کہ مطلب اتنی سی حاصل ہی مگر اتنا یاد رہی کہ جمیع اصحاب مین
لدن آدم الی محمدؐ صلوۃ مین جتنے شامل ہین تقیید بمضمون و کلمہ حقایق الایمان ساتہہ لگی ہوئی ہے بتلا دین وہ صدق نما کہ
عمومیت کہان سی اونہون نے نکالی یا نکال سکتے ہین جہان نہ لفظ عموم کل بر و فاجر پایا جاوے نہ معنے حاصل اگر سچی تہی تو ناصح
صاحب نی وہ فقرہ خاص مفید عموم درج کیوں نہ فرما دیا منصف کو چاہیئے کہ دعاے مذکور کو بچشم خود بغور ملاحظہ کری او قیود مصرحہ
ملتمسہ حقایق ایمان و خصوصیت حسن صحابۃ و دعاۃ الی اللہ وغیرہ مراتب آنکہین کہولکر ناصح صاحب کے تئین دکہلا دیو اور اونکو
اتنا کہدی کہ حضرت اپنی تحریر پر تنویر کی پاس حاشیہ پر جملہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین بہی ثبت فرما دیجی یا استغفار و انابہ کذب بیانی
سی عمل مین لائی یاد رہی کہ شیعیان ائمہ طاہرہؑ حسب فرمودۂ امام علیہ السلام ہمیشہ عامل ہین یعنی جو اصحاب کہ بحسن صحابہ و نصرت خدا و رسولؐ
و اہل بیت طاہرہؑ متصف رہی اور داعی الی الجنۃ فئۃ باغیۃ مین نہین ہین مخالفت خدا و رسولؐ کے مرتکب نہین ہوئے اور جو احیانا مذلت
زلات مین مبتلا ہوئے لیکن پہر تایب ہوے حقایق ایمانی پر خاتمہ ہوا اتباع ائمہؑ مین رہے سو بتقاضی آیہ فمن تاب بعد ظلمہ فاصلح فان اللہ
یتوب علیہ بیشک شیعیان ائمہؑ باتباع ائمہؑ اونکو بہ درود و سلام یاد کرتی ہین اور ناصح جیو دیکہین کہ اوس دعای مرقومہ کو شیعیان
ائمہؑ بطور وظیفہ پڑہتے ہین ہان جو لوگ کہ مرتد ہو گئی اور تا دم مرگ تایب نہوی اور جنکا کہ اشارہ خاص صحیح بخاری وغیرہ صحاح

قول ناصح در باب لعن

الجواب

صحاح ناصح صاحب مین بہی ہی کہ اصحاب شمال یعنی اصحاب نار ہین جو کہ حوض کوثر سے پہیرے جاوینگی جسکے تفصیل سابق مین گذر چکی ہے
اور بموجب فرمودۂ خدا و رسولؐ بتقاضی آیہ ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرة واعد لہم عذابا مہینا اور آیہ الذین
ینقضون عہد اللہ من بعد میثاقہ ویقطعون ما امر اللہ بہ ان یوصل ویفسدون فی الارض اولئک لہم اللعنة ولہم سوء الدار اور آیہ
واتبعوا فی ہذہ الدنیا لعنة ویوم القیمة اور آیہ کیف یہدی اللہ قوما کفروا بعد ایمانہم وشہدوا ان الرسول حق وجاءہم البینات واللہ
لا یہدی القوم الظالمین اولئک جزاؤہم ان علیہم لعنة اللہ والملائکة والناس اجمعین اور تنبیہ مضمون آیہ الا لعنة اللہ علی الظالمین
وغیرہا آیات کثیرہ اور احادیث الفاطمة بضعة منی من اذاہا فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللہ اور من اذی علیا فقد اذانی
الحدیث اور من سب علیا فقد سبنی اور لعن اللہ من تخلف عن جیش اسامہ الحدیث وغیرہا احادیث وآیات کثیرہ کہ عموما موذیان خدا و رسول
و نفس رسولؐ و جگر گوشگان رسولؐ کے لئے لعن سے البتہ یاد کرتی ہین بالجملہ ارشاد امامؑ کی مطابق اصحاب جنة کو جنتی فائزین اور
مستحق درود و سلام اور رحمة و رضوان اور اصحاب نار کو ناری اور مورد لعن و ملام جانتی ہین بیشک جنتی اور ناری انکو سا وہین جانتے
اور ارشاد امامؑ اور عمل اتباع امائم مین مطابق ارشاد خدائے ذی الاکرام ہی کہ پروردگار خود فرماتا ہی لا یستوی اصحاب النار
واصحاب الجنة اصحاب الجنة ہم الفائزون چنانچہ تفصیل اسکی جو اصحاب شجرہ کی ذکر مین بیان ہوئی ہی ناصح صاحب مکرر بلاحظہ
کرین اعادہ اوسکا تحصیل حاصل ہے اوسکی ملاحظہ سی وہ اپنی تمام وساوس کا جواب حاصل کر سکتی ہین تنبیہ بعض بعض احزاب ناصح
صاحب جو عوام بیچارونکو دہوکا دیتی ہین کہ صاحب برا کہنی کو تو شیطان کی لئی بہی کہین حکم نہین چہ جائیکہ اصحاب پیغمبرؐ اور اس ہولہ
بازی اور سخن پردازی سی برائی بہراہ کی عوام بیچارونکی ذہن نشین کرتی ہین یاد رہی کہ یہ سفسطہ اونکا بہی محض جعل و فریب
ساختہ معیت شیطانی کی ہی غافل ہین آیات قرآنی سی اور ماصدق علیہ ہین مضمون آیہ افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض کے
یا ماصدق علیہ ہین مضمون آیہ ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والہدی من بعد ما بیناہ للناس فی الکتاب اولئک یلعنہم اللہ
ویلعنہم اللاعنون وغیرہ آیات کثیرہ کے توضیح مقام یہ ہی کہ اتباع ائمہ ہدی کا اتباع خدا و رسولؐ ہین قول و فعل انکا خاص مطابق اوامر
و نواہی خدا و رسولؐ ہی جسکو خدا تعالی نے بصلوة و سلام و رحمة و رضوان یاد فرمایا اوسی طرح جسے ملعون رجم و ملام و بطلان
یاد فرمایا ہی اوسی طرح یاد کرتی ہین شیطان اور انسان اصحاب نار کی لعن کا انکار کرنا اور محکوم نہونا ظاہر کرنا خاص اظہار
معیت شیطان و اصحاب نار کی استبداد ہی انکار تعمیل آیات محکمہ خدائے قہار پر اور رجحان بوجہہ کرنیکی مضمون ابی واستکبر وکان من الکافرین
کی داخل ہونا ہی کیونکہ لعن شیطان کو پروردگار عالم خود قرآن مین قبل از قرات قرآن تکلم فرماتا ہی اور عمل رسول مقبولؐ احادیث
کثیرہ متفق علیہا فریقین سے ہویدا کہ نماز مین اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم قبل از بسم اللہ پڑہتی تہی چنانچہ سابقا بہی تصریح
اسکی عمل مین آئی اور اب بہی آیہ اذا قرات القرآن فاستعذ باللہ یاد دلائی جاتی ہی اب انصار و مددگار اور حمایتی حضرت
شیطان کی پنبہ غفلت کو کان سے نکال کی سنین اور دیکہین کتب لغت قاموس وغیرہ مین ہی الرجم القتل والقذف والعیب واللعن
والشتم بالجملہ رجیم کو تہوڑا پڑہا لکہا آدمی بہی جان سکتا ہی کہ ملعون و مشتوم و معیوب ہی تو امر و حکم پروردگار عالم کی موافق
یہ بات ثابت ہی کہ قبل قرات قرآن کی استعاذہ بجد اساتہہ لعن شیطان ملعون کی مامور و محکوم ہی بلکہ از بسکہ ہر وقت
استعاذہ ضرور اور لازم ہی تو لعن شیطان بہی لامحالہ مستلزم کہ جزو ہی اسکا تو اب قول قائلین سفسطہ باز ہمراہیان

تنبیہ

شیطان محتوی ادعای عدم ماموری لعن شیطان ثانیہ بر صاحب ایمان قاری قرآن ہر کالشمس فی وسط النہار روشن و آشکار ہی حضرات
حزب شیطان اگر قرآن مین نہین ملاحظہ فرماتی تو ہمسی سنین ہم اونہین یاد دلا دیتی ہین ملاحظہ فرماوین قرآن مین آیہ وان علیک
لعنتی الی یوم الدین اور ملاحظہ فرماوین حدیث معقل بن یسار مشکوۃ مین عن النبی من قال حین یمسی کان بتلک المنزلۃ المختصر
ہر صبح و شام اور قبل از قرات قرآن اور قبل از تسمیہ سورہ فاتحہ خاص نماز مین کلمات استعاذہ محتوی و مشتمل بتصریح لعن شیطان
ملعون خود کتب صحاح حضرات مین موجود اور آداب تلاوت قرآن مین بدایت اسکی مرقوم اور ہر صبح و شام کہنی پر اسکی مرتبہ و منزلت
شہادۃ او صلوۃ بہیجنے فرشتون کی اس مستعیذ و لاعن پر موعود پہر انکار اور امتناع اسکا ظاہر کرنا اور عوام بیچارون کو بہکانا
حمایت اور اعانت شیطانی ہے یا نہین اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم مگر ہان البتہ
ناصح صاحب اپنی امام مالک صاحب کے ارشاد پر ممانعت تعوذ کی اگر فرماوین تو زیبا ہی کہ ان اللہ مخالفتہای ائمہ اربعہ ناصح صاحب
با قرآن و حدیث اخیر دو تفصیل کچہہ لکہی جاوینگی تو حقیقت قرار واقعی اونپر ظاہر ہوگی اونکی مخالفتونکی مگر اس جگہ بہی اتنا اشارہ
کافی ہی کہ جامع مہمات مالکیہ مین صاف موجود ہی امام مالک انکا تعوذ نماز تک بدعت جانتا ہی آب مدیم ہر لعن اصحاب اہل نار
سو تصریح انکی بموجب آیات محولہ احادیث مصرحہ بالا بطریق نمونہ بیان ہوگئی اور لعن اونکی لئی بتصریح کلام ملک منان اولئک جزاءہم
ان علیہم لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین خالدین فیہا الآیہ وغیرہا آیات مصرحہ سے ثابت اور ماموریت لعن ملعونان کلام باری کی
عین تعمیل احکام باری تصور کرنی چاہیئے نہ کہ ابداع و احداث بالجملہ جیسے کہ رحمۃ و رضوان بہیجنا اصحاب جنۃ پر بموجب آیہ رضی اللہ عنہم جائز
ایسی ہی لعن اصحاب نار پر بموجب آیات لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرہ وغیرہا چاہیئے یعنی جیسے وہ مامور ہی ویسی ہی یہ کیونکہ دو نو جگہ
انشا بصورت اخبار ہی اور احادیث متواترہ صحاح ستہ مین ناصح جیو کی صاف صاف مشعر لعن فرمانی پیغمبر خدا کی بعض بعض ملاعین
قابل و مستحق لعن کے موجود ہین اور اس باب مین ابواب فصول علیحدہ ہین حرف لام مین کتاب اللعن جامع الاصول جامع صحاح وغیرہ
کو ملاحظہ فرماوین کہ سفرا شکنی قرار واقعی ناصح صاحب کی ہووے ہم یہان ایک حدیث اونکی صدیقہ صاحبہ کے زبانی اونہین
یاد دلاتی ہین کہ جلال الدین سیوطی کتاب احیاء اموات مین بہی لکہتا ہی صحیح ترمذی اور شعب الایمان بیہقی اور مسند حاکم سے
عن عائشہ قالت قال رسول اللہ صلعم ستۃ لعنتہم ولعنہم اللہ وکل نبی مجاب الدعوات الزائد فی کتاب اللہ والمکذب بقدر اللہ
والمتسلط بالجبروت فیعز بذلک من اذل اللہ ویذل من اعز اللہ والمستحل محارم اللہ والمستحل من عترتی ما حرم اللہ والتارک
لسنتی اب ناصح جیو دیکہہ لین کہ معنی حدیث کی صاف ہین احتیاج ترجمہ بہی نہین لازم ہی کہ پہر کسیکو دہوکا نہ دیوین کہ پیغمبر نی
کسی پر لعنت نہین کی بلکہ یاد رکہین کہ لعن ذلیل کنندہ عزیزان خدا و حلال کنندگان حرام خدا و حرام کنندگان حلال خدا
و متخلفان کتاب و عترۃ کہ بیشتر مقتدایان ناصح صاحب بصفات کذائی موصوف ہین غرض اب کوئی ہو لعن اوسکی
سنت خدا و رسول بلکہ جمیع انبیا و رسل ہی اور اسی مین یہہ بہی دیکہہ لین کہ آپنی تارک سنت پر بہی لعن فرمائی ہی تو اب ناصح
جیو اگر انکار لعن کرینگی اور اصرار ترک سنت رسول فرماوینگی تو خود ملعون ہونگی یا صدیقہ صاحب کی صداقت کی مکذب ہونگی
یا صحاح ستہ کی صحت سی استعفا دینگی علاوہ اسکی دیکہین آنکہین کہولکر کہ اونکی خود اکابر مین سے خطیب تاریخ مین اور حافظ ابو بکر
مسند فردوس مین اسی حدیث کو لکہتے ہین کہ قال رسول اللہ صلعم رایت علی باب الجنۃ مکتوبا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی حبیب اللہ

و فاطمہ امت اللہ والحسن والحسین صفوتی اللہ وعلی باغضیہم لعنۃ اللہ یعنی فرمایا مخبر صادقؐ نی کہ نہین ہی کوئی معبود سوا اللہ وحدہ

لاشریک کے اور محمدؐ پیغمبر اوسکا ہی اور علیؑ حبیب اوسکا ہی اور فاطمہؑ کنیز اسکی ہی اور حسنینؑ ہر ایک صفی اوسکا ہی اور اونکے دشمنون

اونکی لعنت خدا کی بلکہ دیکہین ناصح جیو جامع الاصول مین کہ پیغمبر خدا نے اصحابونکو وظیفہ کی لئی دعا کیا تعلیم فرمائی ہی کہ اونکی

صحاح ستہ مین کی ہی اوسمین کے کلمات ضروری المقام لکہدئی جاتی ہین اللہم من صلیت فعلیہ صلواتی ومن لعنتہ فعلیہ

لعنتی پر ظاہر ہی کہ اگر ثواب اسمین نہوتا تو حضرت کسطرح تعلیم فرماتی علاوہ اسکی صحیح مسلم مین دیکہین عن ابی سلمہ انہ سمع

اباہریرۃ واللہ لاقربن لکم صلوۃ رسول اللہ فکان ابوہریرۃ یقنت فی الظہر والعشاء الاخرۃ ویدعو للمومنین و

یلعن للکافرین وفی روایۃ یلعن الکفار اور یہی مشکوۃ مین ہی ان رسول اللہؐ اذا اراد ان یدعو علی احد ویلعن قنت

بعد الرکوع وقس علی ہذا اس قبیل کے احادیث متکاثرہ ومتواترہ مین اور مستدرک حاکم مین بحق حکم بن العاص ہی کہ خاص

پیغمبر خداؐ نی فرمایا لعنۃ اللہ علیہ وعلی من یخرج من صلبہ اور استیعاب مین ہی خود صدیقہ ناصح جیو گواہی دیتی ہین یعنے بحق مروان

فرماتی ہین اشہد ان رسول اللہؐ لعن اباک وانت فی صلبہ الحاصل کہ براءۃ از اعدای دین وطوغیت وباطلین اخلاق حسنہ

باری تعالی ہی اور بفحوای مضمون تخلقوا باخلاق اللہ کمال ضروریات ومقدمات دین سے ہی نہین دیکہتی کہ خود غزالی باوجود تعصب

وخروج مقتدای حضرات سنت جماعت یعنی امام محمد غزالی تک توضیح وتصریح کلمہ توحید لا الہ الا اللہ مین کیا لکہتا ہی کہ مراد

کری ہمارے تصریح مرقومہ سی یہی یعنے اول نفی ہی معبودان باطلہ کی پہر اثبات معبود برحق کا کہ اس سے یعنے سلب و نفی سے

زیادہ اور کونسا مرتبہ سب و شتم کا باقی رہا المختصر کہ تبرا اغیار یعنی اصحاب نار مقدم ہی اور نہایت سزاوار از جملہ عبادات حضرت

پروردگار قہار ہی مانع ہونا لعن کا اون ملعونونکی جنکو خدا رسولؐ کے حکم موجب لعن کیجاوے عورتونکی سی باتین ہین اور

عورتین بہی وہ عورتین جو امر ونہی خدا ورسولؐ نسمجہین ناصح صاحب دعوی کرتی ہین نصیحت کا اور صحت کا اور عمل کا اپنی صحاح

پر تعجب ہی کہ حدیث متفق علیہ اپنی بخاری ومسلم کی بہی نہین ملاحظہ فرمائی کہ مشکوۃ مین بہی ہی عبد اللہ ابن مسعود سے ذرا آنکہین

کہولکر ملاحظہ فرمادین کہ ایک عورت نی بہی مثل ناصح صاحب منع کیا تہا لعن عورات متغیرات کو تو ابن مسعودؓ نی کیا آیہ

قرآنی سی تہپیڑا مونہہ پر مارا کہ ناصح صاحب کی طرح اپنا سا مونہہ لیکر رہ گئی حدیث طویل ہی عبارۃ مقام ضرورت کی وسطے

سفر اسکلے ناصح صاحب اور احزاب ناصح صاحب کے لکہدی جاتی ہی فجاءتہ وقالت انہ بلغنی انک لعنت کیت وکیت فقال

مالی لا العن من لعنہ رسول اللہؐ ومن ہو فی کتاب اللہ فقالت لقد قرأت ما بین اللوحین فما وجدت فیہ ما تقول قال

لئن کنت قرأتیہ لقد وجدتیہ اما قرأت ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہیکم عنہ فانتہوا قالت بلی قال فانہ قد نہی عنہ الی مثل

عبد اللہ ابن مسعودؓ لعن کہتی تہی اون عورتونکو جو واسطی حسن کے تغیر دیتی تہین اون چیزونکو جو خلق الہی یعنی پیدایش الہی سی ہین

سو ایک عورت ظاہرا اسی قسم کے یا حمایت کار اونکی مثل ناصح صاحب ابن مسعودؓ پاس آئی کہنی لگی مجہی خبر پونہچی ہی کہ تم لعنت

کرتی ہو اسطرح اور اسطرح تب عبد اللہ ابن مسعودؓ نی کہا کہ کیا ہی مجہکو کہ نہ لعنت کرون اوسکو کہ لعنت اوسکو رسولؐ نی کے

اور اسکو کہ وہ ملعون ہو بیچ کتاب خدا کی یعنے کیون نہ لعنت کرون ملعونان خدا ورسولؐ کو تب عورت نی کہا کہ تحقیق پڑہا مینی

قرآن جو کہ بیچ دو نو دفتیو نکے ہی یعنے تمام قرآن مگر نہین پائی مینی اسمین وہ بات جو تم کہتے ہو ابن مسعود نی کہا کہ اگر تو

پڑھتی تو اوس حکم کو پاتی کیا نہین پڑہا تونی ما اتاکم الرسول الایہ یعنی جو دین تمہین رسول خدا لو اوسی یعنی جو حکم فرماوین
اوسپر عمل کرو اور جس چیز سے منع کرین پس باز رہو اوس سے تب کہا اوس عورت نی کہ ہان یہ آیت تو پڑہی ہی پس کہا
ابن مسعود نے کہ پیغمبر خدا نی منع فرمایا ہی اوس سے یعنے تغیر خلق خدا سے انتہی ہمارے ناصح صاحب اور اونکی احزاب کی مثال حمالۃ الحطب
کی سی ہی کہ جو اونکی حق مین پیغمبر خدا نے بموجب ارشاد پروردگار عالم فرماتی اور مومنین زبان پر لاتی یہ اوسی ہجو اور
بد کہا ؤ کے حضرت کی طرف نسبت دیتی چنانچہ علی بن برہان الدین شافعی بڑا محقق انکا انسان العیون مین لکہتا ہی فی
الدر المنثور انہا اتت رسول اللہ وہو جالس فی الملاء فقالت علام تہجونی قال واللہ ما ہجوتک او ما ہجاک الا اللہ
قالت رایتنی احمل حطبا او رایت فی جیدی حبلا من مسد وہذا ممن قالہ یوید بعض المفسرین ان الحطب عبارۃ عن
النمیمۃ یقال فلان یحطب علی ای ینم لانہا کانت تمشی بین الناس بالنمیمۃ وتعزی زوجہا وغیرہ بعداوتہ تبلغہم
عنہ احادیث لتحثہم بہا علی عداوتہ وان الحبل عبارۃ عن حبل من نار جہنم وعن عروۃ بن الزبیر مسد النار سلسلۃ من حدید
ذرعہا سبعون ذراعا واللہ اعلم اور ایک جگہ لکہتا ہی لما انزل اللہ سورۃ تبت یدا ابی لہب جاءت امراۃ ابی لہب
وہی ام جمیل واسمہا العوراء وقیل اسمہا اروی بنت حرب اخت ابی سفیان ابن حرب ولہا ولولۃ وفی یدہا فہر ای
بکسر الفاء وسکون الہاء حجر یملاء الکف فیہ طول تدق بہ فی الہاون الی النبی ومعہ ابو بکر فلما راہا قال یا رسول اللہ انہا
امراۃ بذیۃ ای تاتی بالفحش من القول فلو قمت لئلا توذیک فقال انہا لن ترانی فجاءت فقالت یا ابا بکر صاحبک
ہجانی وفی لفظ ما شان صاحبک ینشد فی الشعر قال لا وما یقول الشعر وفی لفظ لا ورب ہذا البیت ما ہجاک واللہ ما صاحبی
بشاعر قالت لہ انک عندی لمصدق وانصرفت انتہی موضع الحاجۃ جناب نصیحت مآب اور اونکی احزاب کو اپنی ماننی ہوئی
کسی کتاب پر بہی عمل اور نظر نہین معلوم ہوتی خلاصہ ترجمہ تمام اس کلام کا یہ ہی کہ حمالۃ الحطب زوجہ ابولہب کو بہی پیغمبر خدا نے
بموجب ارشاد پروردگار عالم جو کچہہ نفرین فرمائی تو وہ بہی مثل ناصح جیو خود فعل ایجاد رسول سمجہی اور حضرت سے لڑنیکو
موجود ہوئی اوسی طرح اہل حق جو بموجب حکم وارشاد خدا و رسول کرتے ہین یہ اوسکو ایجاد اہل حق سمجہتے ہین اور
لڑنیکو مستعد بہی علی بن برہان الدین شافعی کتاب مذکور مین لکہتا ہی بیچ حال بنی قینقاع کے اوس سے صاف
ظاہر ہی کہ یہودیون کے ساتہہ عبد اللہ ابن ابی سلول پر بہی لعنت فرمائی کہ بظاہر کلمہ گو تہا لیکن درحقیقت منافق
تہا تو گو کہ حکم احکام اہل اسلام کے اوسپر جاری تہی لیکن اوسپر بہی حضرت نی صاف لعنت فرمائی تو منافقین پر لعن مین
ادای سنت رسول ہی ذرا آنکہین کہولکی اس عبارت کو بہی کتاب مذکور مین ملاحظہ فرماوین لما نزلت بنو قینقاع
علی امر رسول اللہ امر ان یکتفوا فکتفوا فارادقتلہم فکلمہ فیہم عبد اللہ بن ابی بن سلول والح علیہ ای فقال یا محمد احسن
فی موالی فاعرض عنہ فادخل یدہ فی جیب درع رسول اللہ من خلفہ وتلک الدرع ہی ذات الفضول فقال لہ رسول اللہ
ویحک ارسلنی وغضب رسول اللہ حتی راوا لوجہہ سمرۃ لشدۃ غضبہ ثم قال ویحک ارسلنی فقال واللہ لا ارسلک حتی تحسن
فی موالی فانہم عزتی وانا امرء اخشی الدوائر فقال رسول اللہ خلوہم لعنہم اللہ ولعنہ معہم وترکہم من القتل وقال لہ
خذہم لا بارک اللہ لک فیہم وامر ان یجلوا من المدینۃ انتہی موضع الحاجۃ عبارت بہت صاف بہت صاف ہے تمام ترجمہ

ترجمہ کے کچھہ ضرورت نہین اہل مذاق کیفیت حاصل کر سکتی ہین ناصح صاحب جیسونکی یہی اتنا لکھدینا بس ہی کہ ناصح جیو
سمجھہ لین کہ عبد اللہ بن ابی بن سلول ناصح جیو کی خلیفہ عادل کی طرح کلمہ گو تہا نماز روزہ سب کچھہ تہا لکن عدم ایمان
اور نفاق اور شقاق با رسول مقبول متحقق تو خاص بزبان آنحضرت مورد لعن ہوا انکا سو مومنین کو اسوہ ہی بار سول
رب العالمین صلواۃ اللہ وسلامہ علیہ وآلہ الطیبین و لعنۃ اللہ علی اعدائہم اجمعین ناصح جیو کو لازم ہی کہ انکا لعن بلعونین
خدا و رسول سے توبہ و انابۃ اختیار کرین اور دل سی تولی انکا ترک کرین اور سراً جہراً دشمنان و عدوان خدا و رسول
سی تبرا کرین کہ سنت ابراہیم عین دین و ملت محمدی ہی جو بہت دعوی رکہتی ہین حافظہ قرآنی کا دیکھین آیہ وما کان
استغفار ابراہیم لابیہ عن موعدۃ وعدہا ایاہ فلما تبین لہ انہ عدو للہ تبرء منہ ان ابراہیم لاواہ حلیم ناصح جیو اگر دعوی
رکہتی ہین عمل قرانی کا تو بموجب اپنی عقیدہ کی بغیر کسیطرح کی تاویل بیجا تاویل کے اونہین ضرور ہی گا کہ اونکی باپ چچا
بہی اگر عدو اہلبیت رسول ہون کہ درحقیقت عدو آل رسول عدو خدا ہی تو مثل ابراہیم تبرا کرین آیت کے معنے نہایت
صاف ہین دیکھہ لین ترجمہ قادری مین اور نقل علم اور رایت اور نقل تربت پر جو ناصح صاحب طعن و ملامت فرماتی ہین
اور فظاظت و غلاظت کو کام فرماتی ہین محض جہالت اونکی ہی اور علامت سوزش و التہاب قلب ہے ظاہرا انکو
حدیث لاعطین الرایۃ غدا الحدیث اسکی ملاحظہ سی یاد آتی ہی اور فرار بار بار اپنی اصحاب کبار کا دلمین کہٹکتا
ہی کہ آپ چاہتی ہین نام و نشان بہی رایۃ و علم کا نہ سنا جاوے اور نہ دکھائی دیوی ناصح صاحب نی آیہ یریدون لیطفئوا
نور اللہ واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون قرآن مین نہین دیکھی اونہین معلوم نہین کہ اونکی متوکل و ولی صاحب
یعنے جلال الدین السیوطی جسکو اولیا اور عادلین مین مثل ابن خطاب صاحب عادل کے لکھتا ہی جسکا اشارہ اودہر
بہی گذر چکا ہی اصل قبر مطہر جگر گوشہ رسول مقبول کو اوکہیڑنا اور نام و نشان مٹانا چاہتے تہی تو کیا ہوا کہ
یہ نقل تربت و علم کے مٹانی مین سعی فرماہین نہین جانتی کہ انکی کراہیت اور سعی اطفاء و انہدام انوار و بنیان دین سے
کیا ہو سکتا ہی جس حالت مین کہ اللہ جل جلالہ متم نور اور حافظ ہی ناصح صاحب بقول اپنی ہی کیا کرین کہ ڈہرسی بگڑی ہوئی
ہی اونکی خلیفہ عادل اور خلیفہ زادی اونکی یعنی عبد اللہ ابن عمر بہی رشک و حسرت رایۃ خیبر مین مرگئی یعنی مرتی دم تک یہ داغ
جگر پر لیگئے صحیح مسلم و مسند احمد حنبل وغیرہا مین تمام قصہ موجود ہے حذراً للطوالۃ خلاصہ اوسکا لکہا جاتا ہی کہ عبد اللہ ابن عمر
خود فرماتی ہین کہ تین باتین جو علی ابن ابیطالب کے لئے ہین اگر ایک بہی ہمارے لئے ہوتی تو بڑی نعمت تہی یعنے ایک تو تزویج
جناب سیدۃ النساء با جناب مولی ایک تعمیل آیہ نجوی کہ سوا علی کے کسی دوسرے شخص کو نہین میسر ہوئے ایک عطای رایت روز خیبر
کہ فرمایا پیغمبر خدا نی لاعطین الرایۃ غدا رجلا یحب اللہ ورسولہ ویحبہ اللہ ورسولہ کرار غیر فرار سو ناصح صاحب علم کو دیکھہ
کر فضایل مولای مومنین اور فضایح اپنی حضرات فرار ہونیکے یاد کرتے ہین اور سوخت و کباب ہوکے غصہ فرماتے ہین اور
کچھہ بس تو نہین چلتا جہلا کر چاہتے ہین کہ نام و نشان علم و رایۃ کا نہ دکہلائی دیوی کہ اسطرح بہانہ شبیہ و تمثال کا اوڑا
دہوکے عوام کے بروے کار لاتی ہین ورنہ علم و رایۃ کے شبیہ و مثال کو خود ناصح صاحب کے کسے اہل علم مفسر و محدث نی کسے
جگہ ممنوع و محذور نہین کہا کیونکہ یہ شبیہ کیفیئی روح کے نہین نقل علم و رایۃ مثل تمثال بنات و اسپ ذی جناحین

الجواب

نہین ہی ناصح جیو شرماوین اور یاد کرین قصۂ بنات ام المومنین بلکہ تمثال آپ ذی جناحین کہ تفصیل اسکے سابق مشرح
لکہی گئی ہی اور اشارہ ساتہہ تنبیہ اس مقام کے بہی کردیا گیا ہی اور ہاتہہ کی یا موہنہ کے شبیہ جو ناصح صاحب لکہتے ہین اول تو
وہ اونکی دیہات مین ہوتی ہوگی کیونکہ ہر ماہر وفہیم ذی علم جانتا ہی کہ ہاتہہ کا اطلاق مطلقاً پنجہ ہی شانہ تک ہی سو کسے
شہر مین یہ شبیہ تو ہاتہہ کی نہ دیکہی سنی اور احیاناً مشابہ ساتہہ نشان پانچ انگلیون ہاتہہ کے کوئی علم ونشان دیکہہ
ناصح صاحب ششن و پنج مین پڑی ہین تو محض اونکا خلل دماغ ہی اور یہ خصوصیت کچھہ شیعیان اہل بیت طاہرہ ہی کی نہین
ہی بلکہ مخصوص اوس ہیئت کے علم خاص سنیونکی ہان ہوتی ہین شیعونکی ہان بیشتر برخلاف اسکی بلا مشابہت اس ہیئت وقطع
کے ہوتی ہین اور اگر احیاناً اوس قطع کا بہی ہووے تو کس شیعہ سی ناصح صاحب کو سند پہنچی کہ وہ بارادہ واقرار تمثال پنجہ قائل
ہو سند اوسکی لکہنی ضرور تہی بلکہ یحتمل کہ جہان قطعین علم وراتہ کی بسبب اختلاف روایات انواع واقسام کی اور طرح طرح کی ہوتے
ہین اوس شخص کی نزدیک یعنی جو کہ اوس قطع کا بناتا ہی وہی قطع متحقق ہو لیعنے وہ اسکو بقصد نقل علم وراتہ بناتا ہی کہ غیر ذی
روح ہی نہ بقصد نقل پنجہ دست کہ ذی روح ہی انما المرء علی ما نوی وانما الاعمال بالنیات اور یہ امر اتفاقی ہی کہ ہیئت
اوسکی مشابہ ہو پنجہ کے ناصح جیو نہین دیکہتے کہ بہتیری درخت پہول پہل پنجہ دست سی یا شکل انسان وغیرہ سی مشابہ ہوتی ہین
بلکہ ایک قسم کی گہانس ہے کہ جب اوسی پانی مین ڈالو تو وہ بہیگ کر کہل جاتی ہی اور ہیئت اوسکی پنجہ دست کی سی ہو جاتی
ہی اور جب پانی سے نکال لو تو خشک ہو کر مٹہی بندسی ہوے معلوم ہوتی ہی اور اسکو پنجہ مریم بہی کہتی ہین وقس علی ہذا بہتیری
پہول پہل ہین کہ تینکہ اور موہنہ وغیرہا کے بعینہا شکل ہوتی ہین کما لا یخفی علی الماہر الفطن تو اگر کوئی شخص اوس گہانس
یا پہول پہل کے نقل بناوے تو کوئی بہی تنسجا جاہل یا عالم اوسے ناقل کو مشرک وکافر نہین کہیگا اور نہ عند اللہ وہ شخص ماخوذ ہے
کیونکہ اللہ تعالی عالم ہی نیات کا خوب جانتا ہی کہ بقصد تمثال وشبیہ ذی روح ہی یا بقصد نقل برگ وثمر وشجر ہان اسمین
شک نہین کہ اگر کوئی شخص بقصد تمثال ذی روح بناتا ہی تو اوسی اہل حق ویسا ہی جانتی ہین جو کہ مرتکب اور پرستش
کنندہ کے لئی حکم خدا ورسول ہی اور علما ومجتہدین بقدر طاقت واستطاعت امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہمیشہ لائم اور
منذر ومفضح اوسکی اور ساعی ہین وعظ ونصیحت کے اور ماحی ہین منکرات کی لیکن یاد رہی کہ ناصح صاحب بیچارے نقل ذی روح
تک ہی دم نہین مار سکتی کیونکہ مرتب مصرحہ حالات بنات جناب ام المومنین دیکہکر تو جیسا کچھہ ناصح چپ ہونگے وہ تو ہونگے
مگر جو رانوان کید اپنی پیر عزیز کا اونکی تحفہ مین بہے ذرا دیکہین اور زیادہ تر شرماوین اور گریبان مین موہنہ ڈالین کہ خاص
تحریر اونکی فاضل تحریر کی ہے ذکر حدیث بنات عائشہ مین کہ تصویرہا تمام از جناب پیغمبر خدا نیز بنا برافادۂ حکمتی منقول شدہ
انتہی ناصح صاحب تو کیا غریب جواب ہی کو پونہچین گے لیکن اونکی پیر عزیز با تمیز ہوتی تو پوچہا جاتا کہ مخدوما اول تو حدیث
بنات عائشہ مین تصویرہا تمام کجا دوسرے وہ حکمت کونسی ہی کہ فی البطن العزیز ہی اوسکی تصریح نہ فرمائی تیسرے باوصف
منقول شدن تصویرہا تمام کے صرف ایک جزو جزو تصویر لیعنے صرف ایک لکڑی ہاتہہ پر اتنی کچہہ ہاتہہ پاؤن مارنی یعنی چہ
ہیہات ہیہات افسوس بلکہ صد ہزار افسوس لعبہ بازی وتمثال سازی بنات عمرو بکر کے لئی تو وہ کچھہ ہٹہ بازیان اور
حکمت نمائیان اور حیل سازیان اور رسول مقبول وجگر گوشہ رسول مقبول کے نقل علم وراتہ مین کہ غیر ذی روح کے ہی کچہہ

کچھہ سخن پردازیان حال آنکہ خود مشکوۃ مین ہی ابن عباس سے بموجب تصریح بخاری اور مسلم دونونکی کہ فاصنع الشجر و
مالا روح فیہ یعنی پس بنا صورت درختونکی اور اون چیزونکی کہ نہین روح اونمین اور شرح مشارق الانوار مین ہے ہکذا یجوز
فی تصویر لا روح مثل الاشجار ونحوہا الحاصل کہ رخصت دی گئی ہے بیچ تصویر غیر ذی روح کی مانند اشجار کے اور امثال اسکے
یعنے مانند در دیوار علم صریح وغیرہ کی کہ غیر ذی روح ہین بلکہ ان سب سی بڑہ کو ناصح جیو کے بہتیری علما و مجتہدین خاص
ذی روح حیوان و انسان تک کے تصویر کو جایز اور حلال لکہتی ہین چنانچہ فضل بن روزبہان کتاب ابطال الباطل
مین لکہتا ہی ولا حرمۃ فی عمل اللعبۃ علی ہیئۃ الخیل یعنے نہین حرمت بیچ عمل کہلونیکے اوپر صورت گہوڑونکے سب جانتی ہین کہ علما
حصہ براق وغیرہ کے تمثال کے بہی ممانعت اور وعظ و نصیحت بقدر استطاعت کرتے ہین لیکن ناصح صاحب و اخراب ناصح
صاحب جمیع تصاویر تمثال ہیئت حیوانات کو بہی خصوص ذو الجناح کو ممانعت کرنیمین اتباع جماعت مجتہدین سنت جماعت
علی الخصوص تبعیت جناب مجتہدہ صدیقہ سی باہر ہو جاوینگی شیخ عبد الحق دہلوی شرح مشکوۃ مین لکہتا ہی کہ در تصویر نباتات
رخصتی ہست اور ابن حجر فتح الباری مین کہ شرح ہی صحیح بخاری کی لکہتا ہی و فی الحدیث دلیل علی تحریم التصویر و حمل بعضہم
الوعید علی من کان فی ذلک الزمان لقرب العہد بعبدۃ الاوثان و اما الآن فلا یعنی اور بیچ حدیث کے دلیل ہے اوپر
تحریم تصویر کے اور حمل کیا ہی بعضون نی وعید اوپر اوس شخص کے کہ تہا اوس زمانہ مین بسبب نزدیکی زمانہ کی بت پرستون
سے اور لیکن اب پس نہین حرام ناصح جیو کو بت پرستی کی نسبت دیتی ہوئی تابعان مولا مومنین کے لئی شرم نہ آئی
جنکی مولی اور امام نی بموجب خود اونکی ہانکے احادیث صحاح کے ماں کی پیٹ مین سی بت کو سجدہ نکرنے دیا وقت تولد کعبہ
مین جگہہ پائی بعد تولد خاک بتونکے اپنیا پانیکو نہ لگانی دی کرم اللہ وجہہ آجتک ناصح جیو اسی لئی کہتے ہین اور اپنی
خلیفاؤن اور مولاؤن کے ناصح جیو فرمادین کہ سالہا سال بت پرستی مین گذاری باوصف دعوی اسلام پہر بہی
بعضے تو مرتے دم تک بت گلی مین ڈالے ہوئی مری اور بعضے دلمین محبت اصنام کی لیگئے کہ آل رسول سے برگشتہ
رہی اور بعض کے محبت صنم پرستی باوصف اظہار اسلام بہی خود اونکی کتب معتبرہ و صحاح سی ہویدا ہوگئی علی الخصوص
بڑی عادل خلیفہ اونکی عمر صاحب کہ بموجب تصریح علی بن برہان الدین محدث شافعی ظاہر ہی کہ پیغمبر خدا نی ان صاحب
کو واسطی محو کرنے تصویرونکی روز فتح مکہ حکم فرمایا سو اونہون نی تصویرین ابراہیم و اسمعیل اور مریم اور ملائکہ کے
نہ محو کین چنانچہ بعد تمام حال کے صفحہ لکہا ہی کہ ان عمر ترک مع صورۃ ابراہیم صورۃ اسمعیل و مریم و صور الملائکۃ باوجود
پیغمبر خدا نی حکم موکد فرمایا ہوا تہا چنانچہ اوسی مقام سی واضح ہی کہ آنحضرت نی تنبیہ بہی میان عمر کو فرمائی کہ صاحب
محدث مذکور لکہتا ہی کہ فقال یا عمر الام ترک ان لا تترک فیہا الحدیث یعنے ای عمر ایا نہین حکم کیا تہا مینے تجہکو یہ کہ
نہ چہوڑیو اسمین کوئی تصویر اور در باب نقل قبر جو روضہ منورہ سبط رسول اللہ جگر گوشہ بتول عذرا کو جعلی فرمائی طرح
طرح کے جعل سازیکو کام فرماتی ہین اور جعل ساز قبر دن شیخین کو چہپاتی ہین ناصح جیو ذرا دلائل الخیرات کو دیکہے تو مع
کہ پانچون وقت بعد نماز وظیفہ فضلا و عرفا خدام و الا مقام مین رہتی ہی ہر شخص دیکہہ سکتا ہی کہ نقل مزار جناب
سید ابرار بلکہ اور دو قبرین دونو شیخ نزار صاحبون ناصح صاحب کے موجود ہین آنکہو لسی لگانی جاتی ہین اور یہہ عبارۃ

نقل ہر قبر کی لکھی ہی جو شخص چاہی دیکھہ لے ہذہ صفۃ الروضۃ المبارکۃ التی دفن فیہا رسول اللہ وصاحباہ ابوبکر
وعمر اور نقل شبیہ نعلین قدم مبارک آنحضرت روضۃ الاحباب وغیرہ مین موجود ہی علاوہ اسکی حال نقل قبر معہ اجازت تقبیل
اپنی کتب معتبرہ مثل مطالب المومنین وفتاوای عالمگیری وخزانۃ الروایۃ وغیرہا مین دیکہین اور شرح اوین صاف
لکہاہی لاباس بتقبیل قبر والدیہ لان رجلا جاء الی النبی فقال یا رسول اللہ انی حلفت ان اقبل عتبۃ باب الجنۃ وجبہۃ
حور العین فامر ان یقبل رجل الام وجبہۃ الاب قال یا رسول اللہ ان لم یکن ابوای حیین فقال قبل قبرہما قال فان لم
اعرف قبرہما قال خط خطین وانوان احدہما قبر الام والاخر قبر الاب یعنے نہین عذاب سا ہتہ بوسہ دینی قبر ماباپ کی اسواسطے
کہ ایک شخص آیا خدمت مین پیغمبرؐ کے پس کہا کہ یا رسول اللہ تحقیق مینی قسم کہائی ہی یہ کہ مین بوسہ دون پایہ باب
جنت کو اور پیشانیکو حورعین کے پس حکم کیا پیغمبر خداؐ نے یہ کہ بوسہ دیوی پانون کو ماکی اور پیشانیکو باپ کی او
عرض کیے یا رسول اللہ اگر نہون ماباپ میری زندہ پس فرمایا کہ بوسہ دی تو قبر کو اون دونونکے اوسنے کہا
پس اگر نہ پہچانتا ہون مین قبر دونونکے فرمایا دو خط کہنچ یعنے دونو قبرونکے دو نقلین خط سی کہنچ لی اور نیت کر
کہ تحقیق ایک اون دونونکے قبر ماکے ہی اور دوسری قبر باپ کے تو صریح ظاہر ہی کہ حدیث مذکورسی نقل کرنے قبر کے بموجب
ارشاد مخبر صادقؐ بلکہ بوسہ دینا مثل اصل کی حتی کہ خلاص ہونا حلف سی حاصل ہوتا ہی پہر ایسے فعل کو نسبت
بہ شرک وکفر دینی محض داد ہی ہی کفر ونفاق کے اور جدال وشقاق بارسولؐ مقبول ہی اور داخل ہونا ہی
نیچی مضمون آیہ ومن یشاقق اللہ ورسولہ کی علاوہ اسکی ناصح جیہ احادیث ماثورہ اور اپنی محدثین ومحققین کے اعمال
وافعال درباب نقل قبور وتمثال نعل شریف وحجرہ وقبور مواہب لدنیہ اور فجر منیر اور کتاب الاکتفا وفتح المتعال
وشفای قاضی عیاض وغیرہا ملاحظہ فرماوین اور شرماوین اور ایمان واعتقاد درست کرین ہم نقل عبارت کتاب
صیانۃ العوام واسطی انکشاف اس مرام کے اونکی صفرا شکنے کے لئی لکہہ دیتی ہین کہ اونہین جیسی منکر معجزات وبرکات
سرور کائنات کے جواب مین اونہین کے محقق واعظ مسجد جامع مولوی فرید الدین نی یہ کتاب لکہی ہی عبارت اوسکی
صاف اردو ہی کہ اخیر ورق مین بعد بیان احادیث ثبوت نقش قدم کی تنبیہ کر کے لکہتے ہین لازم ہی کہ ناصح
جیو متنبہ ہوین وہی ہذہ تنبیہ تعجب ہی منکر بہادر سی کہ عظمت اور فضایل ومدایح اور آثار برکات تمثال نعل مبارک
اور روضہ مبارکہ اور قبر مقدس حضرتؐ بلکہ صفات قبور مقدسہ بعض بعض اور خلفای راشدین کے جو جو کتب محدثین
مین بہری پڑی ہین منکر نے نظر سے نہین گذرین یا تجاہل منظور ہے ہم اگر تہوڑی تفصیل بہی انکی لکہین تو کتاب
طویل بڑی ساری مرتب ہو اسلئی ہم مختصراً اشارہ کر دیتی ہین جس طالب حق کو تفصیل دیکہنے منظور ہو تو تمثال
نعل کا حال خاص مواہب لدنیہ عبولہ منکر اور فتح المتعال وغیرہا کتب مبسوطہ مین دیکہے اور زیادہ تفصیل وتصریح
جمیع امور مصرحہ تمثالہای مرقومہ بتشریح اسامی محدثین سلف وخلف جنہون نے خاص صور قباب قبور مقدسہ بنائین کتاب
فجر منیر شیخ تاج الدین فاکہانی اور تالیفات محدثین جلیل القدر مثل عثمان بن بسطاس واسحق بن عیسے وحافظ بن
زبالہ وحافظ زبیر وحافظ یحیے اور طاہر بن یحیی وابن فراس اور شیخ ومحدث سمہودی مین ملاحظہ کری کہ ان سب نے نقول

قبور مقدسہ بنائیں اور ابو زید بن شیبہ و مشہور حافظ یحیی وابن زبالہ وابن عساکر و مراعی وغیرہم نے صورت حجرہ شریفہ

بنائی المختصر کہ شیخ مرقوم قصد لکہتے ہین ومن فوائد ذلک الخ کہ نقل عبارت ضرور ہے الحاجت نظر بر تنبیہ منکر لکہی جاتی

ہی ومن فوائد ذلک ان یزور المثال من لم یتمکن من زیارة الروضة ولیشاہدہ مشتاقاً ویلثمہ ویزداد فیہ حباً

وشوقاً وقد استنابوا مثال النعل عن النعل وجعلوا من الاکرام والاحترام للمنوب عنہ وذکروا لہ خواص برکات وقد جربت

وقالوا فیہ اشعاراً کثیرة والفوا فی صورتہ ورووا بالاسانید انتہی علاوہ اسکی کتاب الاکتفا فی مغازی المصطفے والثلاثة

الخلفا اور کتاب نتیجة الحب الصمیم اور کتاب خدمة نعل القدم المحمدی اور فتح المتعال المسانی مین جسکے خاتمہ مین بکمال

بسط وتفصیل تحقیقات وثبوت تعظیم وتکریم وتبرک وتقبیل یعنی چومنا مثال نعل مکرم کا مثل سائر آثار علیہ صحابہ وتابعین

وائمہ وحفاظ محدثین وفقہاء عظام سے باسناد جیدہ ہی اور رد وسواس منکر جیسے حضرات کا بہی موجود ہی اور تفصیل صدہا

محدثین واحادیث صحیحہ کے مرقوم ہی ملاحظہ کرنے چاہئین اور جو منکر کو یا اور کسی شایق کو تیسر انکا متعسر ہو تو تالیفات

جناب فاضل اجل عارف اکمل نخبة الدوران مولوی حسن الزمان صاحب دام افاضاتہم سیما بحث قدم شریف احمدی مین دیکہکر مستفید

اور مستفیض ہونا چاہئی کہ ایک جگہہ بشتر مجتمع مین منکر کو لازم ہی کہ اور کچہہ نہین تو مواہب لدنیہ ہی مقبولہ مین تو دیکہکی شرما دین

کہ کس تفصیل سے شرح موجود ہی کہ جن لوگو نکو اصل نعل شریف نہین میسر ہوا ہی اونہون نی نقل نعل بنائی اور اسناد جیدہ ایسی

موجود ہین یہی صاحب مواہب لدنیہ بیچ مدح مثال نعل مبارک اور بیان فواید اور روایتون مین اوسکی جو تفصیل لکہی

ہین لازم ہی کہ منکر جیوہ دیکہین یہہ مختصر مقصود الاختصار گنجایش زیادہ تفصیل ونقل کے نہین رکہتا صرف مختصر اتنا اشارہ

کافی ہی کہ دیکہلین مواہب مین موجود ہی کہ جو شخص مثال نعل مبارک رسول اپنی پاس رکہی تو امان ہی اوسکو بغی بغاوت سے

اور حرز ہی شیطان مارد سی اور عین حاسد سے اور بہت اقوال نظم ونثر محدثین واکابر امت کے مدح مثال مین جو نقل کئے

ایک انمین سے یہہ ہی یا شبیہ نعل المصطفی روحی الفداء الخ قاضی عیاض وغیرہ محققین نے حالات مثال اوس نعل مبارک جو

حضرت عائشہ صدیقہ کی پاس اور پہر اونکی بہن ام کلثوم کے پاس تہے یا محمد بن جعفر ہاشمی کے پاس تہی جو لکہتے ہین منکر نے نہین

دیکہی ای عزیز مثال نعل کے تعظیم وتبرک سی عبرت پکڑ انتہی کلامہ **تنبیہ** ان ناصح جیو کو لازم ہی کہ شرما دین اور کہین نام بہی

طعن کا نقل بیچ جگر گوشہ رسول مقبول کی کبہی زبان پر نہ لادین اور گذشتہ وپیوستہ کے اعمال سیئہ بدکلامی وطعن وتشنیع سے

توبہ نصوحا عمل مین لادین اور ناصح صاحب جو مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی اور گریہ وبکا اور سر یا سینہ پر ہاتہ مارنے

کسی اہل درد مبتلا کے غم والم جگر گوشہ رسول مقبول مین طعن کرتے ہین اور بہانہ اشعار منع فرماتی ہین اور مخطوط بلاغت

مین محض جہالت اور سراسر نادانی اونکی ہی اور نادفیت اپنی کتب حدیث سے یا اثر شدت عداوت جگر گوشگان حضرت

خاتم الرسالة ہی اللہم احفظنا بحرمة محمد والہ صلوة اللہ وسلامہ علیہم اجمعین انبیای سلف مین جناب حضرت ابو البشر

آدم صفی اللہ علی نبینا وعلیہ السلام وغیرہ اور سلف وخلف کے جو مرثیہ کہی ہوئی ہین اور گریہ وبکا وجزع وفزع یہانتک

کہ روتے روتے آنکہین سفید ہو جانی حضرت یعقوب پیغمبر کے کہ قرآن ایزد منان جسکے گواہی دیتا ہی قولہ تعالی قال یا

اسفا وابیضت عیناہ من الحزن وہو کظیم اور گریہ وبکای حضرت یوسف پیغمبر کا زندان مین بیچ مفارقت

اقارب واحباب کے کیا قبر پر والدۂ ماجدہ کے کہ کتب تفاسیر وحدیث وسیر خاصہ وعامہ سی تفصیل اوسکی ہویدا ہی پر واقف
دماہر پر کالشمس فی وسط السماء روشن وآشکار ہی اگر تفصیل ہر ایک کی مقولات وحالات کی لکھی جاوی تو موجب تطویل
ہی اسلئی خاص جناب پیغمبر خدا خاتم الانبیا اور ائمہ ہدی اور امہات مومنین اور صحابہ تابعین کے حالات جو کہ ہر ایک ناصح جیو کے
نزدیک بہی صدیق وصدیقہ اور بہشتی مسلم ومعروف ہین مختصر الطریق نمونہ لکہدئی جاتی ہین کہ راست بازی اور سخن پرداز
ناصح جیو کی خورد وکلان پر ہویدا ہو جاوی اول تو ناصح جیو سیر کا ذرا دل مین وقایع سال ششم مولد پیغمبر خدا مین دیکہین
کہ مقام ابوا مین کہ درمیان مکہ اور مدینہ کی واقع ہی جناب والدۂ ماجدہ رسول مقبول آنی وفات پائی اور مقام مذکور مین
مدفون ہوئین سو زمان حدیبیہ مین یعنی سال ششم ہجرت کی قریب چون برس بعد وفات کی جب حضرت اس جگہہ پونہچی تو بحکم
پروردگار عالم زیارت کی اور قبر درست کی اور بمقتضای رحمت وشفقت اور یاد مہر مادر بہت روئے اور سب اصحاب جو ساتہہ تہی کہ
ناصح جیو کے نزدیک کلہم اجمعون بحیثیت اصحاب شجرہ ساری کی ساری اہل بہشت کہا چاہیے خوب روئے اور بہی مشکوٰۃ مین
صحیح مسلم سی حدیث ابو ہریرہ ہی زار النبی قبر امہ فبکی وابکی من حولہ الحدیث یعنے زیارت کی پیغمبر خدا آنی قبر ماں اپنی کے بس روئی اور
رولایا ہر کسیکو جو گرد حضرت کی تہا تا آخرہ یہ تو حال دیکہین ناصح جیو خاص رونی اور رولانی ذات بابرکات سرور کائنات
کا اتنی مدت بعد وفات والدۂ ماجدہ کی کہ کتنی مدت بعد حضرت قبر پر روئی اور پہر خیال کرین کہ اصحاب کو کتنا رولایا
اور پہر خیال کرین کہ حدیبیہ مین خلفای ثلثہ بہشتیے ناصح صاحب کے اونہین موجود تہی وہ بہی روی یا نہین اور جو اونکی ہونیکا
انکار کرین تو بیعت رضوان سی ہاتہہ اٹہاوین پہر دیکہین حال رونیکا حضرت کی وفات ابراہیم صاحبزادہ پر اور عثمان بن مظعون
اور زوجہ عثمان بن عفان اور حمزہ وجعفر وغیرہم کے مرنے مین اپنی کتب صحاح سی مشکوٰۃ مین کہ کچہہ کچہہ قریب لکہا بہی جائیگا
بلاحظہ فرماکے شرماوین اور دیکہین کہ قسطلانی شارح صحیح بخاری شرح حدیث انس بن مالک مین کہ محتوی گریہ وبکا وفریاد
وکلمات یا ابتاہ وغیرہا مراتب زبانی جناب سیدۃ النساء یعنی حال وفات سید کائنات کی ہی کیا لکہتا ہی بلکہ لکہتا ہی کہ اس
حدیث کو ابن ماجہ نی جنایز مین لکہا ہی اور غور کرین ناصح جیو کہ حدیث مذکور اونکی خاص صحیح بخاری کی ہی بالجملہ شارح
مذکور بعد کلام طویل کے بعض بعض اشعار مرثیہ بہی لکہتا ہی چنانچہ جناب سیدہ کی زبانی ہی اغبرت آفاق السماء وکورت
شمس النہار واظلم العصران والارض من بعد النبی کئیبۃ اسفا علیہ کثیرۃ الرجفان فلتبکہ شرق البلاد وغربہا ولتبکہ
مصر وکل یمان اور بہی شارح مذکور ابو ذویب الہذلی سی کتنی اور اشعار لکہتا ہی کہ ہاتف غیبی مرثیہ مین اشعار مرقومہ
کے ندا دیتا تہا علاوہ اسکی ارشاد جناب سیدۂ دوجہان طلبۂ کافیہ خوان تک جانتے ہین کہ ملا جامی وغیرہ شراح لکہتی
ہین صبت علی مصائب لو انہا صبت علی الایام صرن لیالیا ماذا علی من شم تربۃ احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا
علاوہ اسکی جناب سیدہ فرماتی ہین اذا اشتد شوقی زرت قبرک باکیا انوح واشکو ما ارک مجاوبی فیا ساکن البطحا
علمتنی البکاء وذکرک انسانی جمیع المصائب فان کنت عنی فی التراب مغیبا فما کنت عن قلب الحزین بغائب اور علی
بن برہان الدین شافعی کتاب انسان العیون مین لکہتا ہی لما قتل عبد اللہ بن زبیر ارتجت مکہ بالبکاء اور جناب ام المومنین
جناب صدیقہ ناصح صاحب کے اشعار ومضامین مرثیہ جو پیغمبر خدا کے شان مین ہین سو تو ہین لیکن خاص اپنی بہائی عبد الرحمن کے

کی قبر پر بعد مدت از وفات جو مرثیہ خوانی کی ہی اور ہین فرمائی ہین جامع الاصول مین بیچ حرف میم کے ملاحظہ فرماوین کہ ابن
ابی ملیکہ سی حدیث ہی صحیح ترمذی مین کی کہ صحاح ستہ مین سے ہی قال لما توفی عبد الرحمن بن ابی بکر بالحبشی وہو موضع فحمل الی مکۃ
فدفن بہا فلما قدمت عائشۃ اتت قبرہ وجعلت تقول وکنا کندمانی جذیمۃ حقبۃ من الدہر حتی قیل لن یتصدعا فلما تفرقنا
کانی ومالکا لطول افتراق لم نبت معاً ثم قالت واللہ لو حضرتک ما دفنت الا حیث مت ولو شہدتک ما زرتک
اخرجہ الترمذی الحاصل کہ عبد الرحمن ابن ابی بکر موضع حبشی مین کہ قریب مکہ معظمہ کے ہی مرگئی تہی سو میت مکہ مین اوٹہالائے
گئی چنانچہ بعد عرصہ کے جب ام المومنین حجکو آئین تو قبر پر بہائی کی گئین اور یہ اشعار مرقومہ مرثیہ کی پڑہی جنکی معنے
یہ ہین کہ ہم بہی مانند دو ہمنشینون جذیمہ کی کہ ایک بادشاہ تہا کہ کبہی جدا نہوتی تہی آپس مین زمانہ درازسی یہان تک
کہ کہا گیا کہ ہرگز جدا نہونگی پس جب جدا ہوئی ہم تو گویا مین اور مالک بسبب درازی مفارقت کے ایسی ہین کہ نہین گذری
ایک شب اکہٹی پہر کہا عائشہ نی قسم ہی خدا کی اگر حاضر ہوتی مین تو نہ دفن کیا جاتا تو مگر اوسی جگہ کہ تو مرا تہا اور
اگر موجود ہوتے مین تیری پاس یعنے وقت موت تو نہ زیارت کرتی مین اب قبر پر روایت کی یہ ترمذی نی تنبیہ
حدیث کی نقل سے کئی فائدہ ہین اول تو مرثیہ خوانی جناب ام المومنین صدیقہ ناصح صاحب کی اتنی مدت بعد قبر پر دوسرے
بعد ایک مدت دراز کے موت سی قبر پر آنا اور ہین فرمانا تیسرے اجتہاد جناب مجتہدہ کا مقابلہ مین ارشاد جناب پیغمبر خدا کے
کہ ابو ہریرہ سے حدیث ہی بموجب مذاق ناصح صاحب صحاح ناصح صاحب مین لعن اللہ زوارات القبور یعنی فرمایا پیغمبر خدا
نی کہ لعنت کرتا ہی خدا تعالی عورتون زیارت کرنیوالیونکو قبرونکی اور اگر احیاناً وہ فرماوین کہ اسکی مان جائی بہائی
کی قبر تہی نامحرم کی نہین تہی تو قطع نظر عموم حدیث او احتجاج اونکی بہ مامن عام الا وقد خص قبور اغیار موجودہ مقابر
وہان جان اور دامن گیر مجتہدہ و مقلدین موجود اور قطع نظر اسکے یہی کلام خاص مجتہدہ یعنے لو ما شہدتک ما زرتک
گلو گیر مقلدین بالا تر ہے کیونکہ شراح و مترجمین حضرات خود توجیہ اس قول کے فرماتی ہین کہ مراد اور غایت قول مذکور سے
یہ ہی کہ آنحضرت نی لعنت کی ہی عورات زائرات قبور کو اسلئی جناب ممدوحہ نی فرمایا کہ ازبسکہ تجہی مرتے ہوئی نہ دیکہا
اسلئی زیارت تیری قبر کے کی تا قایم مقام ملاقات کی ہو تو صریح واضح ہی کہ جناب جاریہ نفس رسول نی اس جگہ بہی اجتہاد
کو کام فرمایا چوتہی مرثیہ غیر کا اپنی طرف منسوب کرنا کیونکہ ماہرین تواریخ و سیر پر ہویدا ہی کہ اشعار مذکورہ درحقیقت
تمیم یا متمم بن نویرہ کے ہین کہ اپنی بہائی مالک بن نویرہ کی شہید ہونی پر کہی تہی جسکو خالد بن ولید نی باشارہ صداقت
پناہ بہانہ عدم ادای زکوۃ کی قتل کیا تہا اور نفس الامر مین وہان بہی عداوت تہی بسبب مودت اہلبیت طاہرہ ع کی اور انکار
خلافت مغصوبہ کے یا اگر یہ کہا جاوے کہ نقلاً جناب ممدوحہ نی بسبب حسب حال ہونیکے پڑہی تو بہی جواز مرثیہ غیر بہی اپنی محبوب
پر بموجب اجتہاد مجتہدہ ہویدا ہی خود ابن جوزی کتاب تلبیس ابلیس مین صوفیہ اور ناصح جیسے جیسونکو لکہتا ہی یقولون لا یبکی
علی ہالک ومن بکی علی ہالک خرج عن طریقۃ اہل المعارف قال ابن عقیل وہذہ دعوی ترد علی الشرع وہی حدیث خرافۃ
وتخرج عن العادۃ والطباع وانحراف عن المزاج المعتدل فینبغی ان یطلب لہا العلاج بالادویۃ المعتدلۃ للمزاج ان اللہ
تعالی اخبر عن نبی کریم فقال وابیضت عیناہ من الحزن وہو کظیم وقال یا اسفی علی یوسف وبکی رسول اللہ عند موت ولدہ

وقال ان العین لتدمع قال واکرباہ وقالت فاطمۃ ع واابتاہ فلم ینکر وسمع عمر متمما اخا مالک بن نویرہ یندب اخاہ
ویقول شعرا فقال عمر لیتنی کنت اقول الشعر فاندب اخی زیدا فقال متمم لو مات اخی کما مات اخوک ما رثیتہ فقال عمر ما عزانی
احد باخی کمثل تعزیتک وکل ماخوذ بالبلاء فلا بد ان یتصدع فالمطالب بما یخرج عن الشرایع ومنبوع عن الطبایع جاہل بطالب
بجہل الحاصل کہ ابن جوزی سرگروہ حضرات سنت جماعت لکہتا ہی کہ صوفیہ وغیرہ احزاب اونکی کہتی ہین کہ نہین رونا چاہیے
موتی کی لئی ملکہ جو شخص روی اوسپر تو طریقہ اہل عرفان سی خارج ہوتا ہی ابن عقیل کہتا ہی یہ دعوی باطل ہے اور رد
ہی شرع شریف پر اور بات ہی خرافات کی اور خلاف عادات کی اور طبایع کے یعنے طبایع انسانیت اور آدمیت سے باہر
اور صاف انحرف ہی مزاج معتدل سے یعنے خبط ہی تو چاہیے کہ اسیونکی علاج کیا جاوے ساتہہ دواؤن معتدلہ کے (مولف
کہتا ہی کہ اس خبط کے لئے قول سعدی شیرازی کافی ووافی ہی دیگر ہیچ چون مخبط شد اعتدال مزاج ؞ نہ عزیمت اثر کند
نہ علاج الا افضال ہدایت الہی رکار ہی ہویدی من یشاء) کیونکہ تحقیق پروردگار عالم خبر دیتا ہی نبی بزرگ سی کہ
فرماتا ہی سفید ہو گئین آنکہین اوسکی یعنے حضرت یعقوب ع کے غم سے یعنے حضرت یوسف ع کی غم سے اور وہ کہاتی تہی غصہ
اور غمگین تہے اور کہتے تہی ای افسوس اوپر یوسف ع کی اور روی پیغمبر خدا ص نزدیک وفات صاحبزادہ اپنی یعنی ابراہیم رض کے
اور فرمایا کہ تحقیق آنکہہ آنسو برساتی ہے اور قلب جلتا ہی اور کہا واکرباہ اور کہا فاطمہ ع نی واابتاہ پس کوئی انکار
اسکا نہین کرسکتا یعنے احادیث صحاح مین سے ہین اور سنا عمر نے متمم بن مالک بن نویرہ کی بہائیکو کہ روتا تہا نوحہ کرتا تہا اپنے
بہائی کے لئے اور شعر کہتا تہا پس کہا عمر نے کہ کاش مین بہی شعر کہتا ہوتا تو ندبہ کرتا اپنی بہائی زید پر تب متمم نے
کہا کہ اگر میرا بہائی اسطرح مرتا جیسے کہ تیرا بہائی مرا تو نہ مرثیہ پڑہتا مین اپنی بہائی پر یعنے صاف اشارہ اس سے یہہ ہے
کہ میرا بہائی مظلوم ناحق مارا گیا پس کہا عمر نے کہ نہین صبر وشکیبائی دی مجہکو کسینے میری بہائی کے لئی مثل صبر و
شکیبائی دینی تیری کی بالجملہ یہ تمام باتین ماخوذ مین ساتہہ بلا کے پس ضرور ہی کہ متصدع ہو پس مطالب ساتہہ اسکے
کہ رونا خارج کرتا ہی شرایع سے بعید ہی طبایع سے بلکہ جاہل ہے مطالبہ کرتا ہی ساتہہ جہل کے علاوہ اسکی پیر عزیز
ناصح صاحب جواب طعن عثمانی مین بیچ باب مطاعن تحفہ کے خود لکہتے ہین روی عن عبد اللہ بن حسن وقد ذکر عندہ قتل
عثمان فبکی حتی بل لحیتہ یعنے عبد اللہ بن حسن مثنی بن امام حسن ع سے روایت کی گئی ہی کہ قتل عثمان اوسکی آگی ذکر کیا گیا پس
اتنا روئی کہ ڈاڑہی تر ہو گئی اور کنز الاعمال بتویب جمع الجوامع سیوطی مین ہی عن عایشہ قالت کان ابو بکر اذا
ذکر یوم احد بکی یعنی ام المومنین صدیقہ ناصح صاحب فرماتی ہین کہ ابو بکر کا یہ حال تہا کہ جب ذکر یوم احد ہوتا تہا
تو روتا تہا سو ظاہر حال اور تحریر سب شراح ومترجمین سے تو یہ بات ہویدا ہی کہ شہدای احد مثل حمزہ وغیرہ اور شہادت
دندان مبارک جناب خاتم الرسالۃ ص کے تذکر صدمات وصعوبات سے روتی ہون اور جو ناصح صاحب اسکو نہ مانین اور رنج اٹہانیکے
تو چونکہ رونا تو بیشک شہادت جناب صدیقہ سی ثابت ومتحقق تو پہر سبب رونیکا بجز فرار عن الزحاف اور کچہہ نہین نکال سکین گے
یعنے اپنی اور اپنی بہائی بندونکی بہاگنی کے مصیبت گویا یاد کرکے روتی ہونگی غرض بہرکیف رونا مصیبت یاد کرکے ہر طرح
ثابت ومتحقق وما مقصودنا ومطلوبنا ہہنا الا ہذا علاوہ اسکی مطالب المومنین سیر کبیر مین خود ناصح جیو کے ہان ہے

ہی ان رسول اللہ مر ببنی اسد وہم یبکون قتلاہم یوم احد فقال لکن حمزۃ لا بواکی لہ قالت فنسا فخرجنا حتی اتینا رسول اللہ وندبنا حمزۃ ورسول اللہ فی البیت حتی سمعنا تسبیحہ فارسل الینا قد اصبتم وقد احسنتم قال الشرخسی انما قال ذلک لان حمزۃ کان سید الشہدا یومئذ ولکنہ کان غریبا فرثاہ رسول اللہ حتی نام ومن ذلک جری الرسم بالمدینۃ اذا مات احد یبکون بالبکاء بحمزۃ الحاصل کہ بعد جدال وقتال روز احد قوم بنی اسد اپنی مقتولون پر روتی تہی اور حمزہ عم رسول کے ہان کوئی رونیوالا نہ تہا آنحضرت نے اپنی زبان مبارک سی ارشاد کیا کہ میری چچا کے ہان رونیوالیان نہین سو وہ سب عورتین آئین اور حضرت حمزہ رض پر خوب گریہ و بکا کیا اور پیغمبر خدا گہر مین تہی چنانچہ وہ عورتین کہتی ہین کہ ہم تسبیح پیغمبر خدا سنتے تہی یعنی اتنی قریب گہر تہی کہ یہ حضرت کے تسبیح سنتی تہین اور حضرت آواز انکی رونیکی سنتی تہی سو آپنی فرمایا بہیجا کہ نصیب زدہ ہوئین تم اور تحقیق احسان کیا تمنی نیکی کے تمنی چنانچہ مقتدائے ناصح صاحب یعنی شرخسی لکہتا ہی کہ نہین فرمایا پیغمبر خدا نے یہ کلمہ مگر اسلئی کہ اوس روز حمزہ رض سید الشہدا تہی لیکن حمزہ غریب تہے پس روئی پیغمبر خدا اور ستایش کے یعنے مرثیہ کہا علاوہ اسکے مجد الدین فیروزآبادی صاحب قاموس تحقیق لغت رثی مین لکہتا ہی رثیت المیت رثیا بالفتح ورثاء ورثایۃ بکسرہما ومرثاۃ ومرثیۃ مخففہ وہو نادر وفی الحدیث رثی النبی سعد بن خولہ الحدیث یعنے مرثیہ فرمایا رسولخدا نے سعد بن خولہ کا روئی سعد پر اور کتاب مغازی مین ہے کہ سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ اور معاذ بن جبل انصار نے جب دربارہ حضرت حمزہ رض ارشاد پیغمبر خدا سنا تو اپنی بیبیونکو حضرت کی ہان بہیجدیا کہ حضرت حمزہ رض پر روئین اور اسی سبب سے رسم جاری ہوئی مدینہ مین اگر جب کوئی مدینہ مین مرتا ہی تو پہلے حضرت حمزہ کے لئی رونیمین شروع کرتے ہین جمال الدین محدث اور محقق دہلوی دربارہ غزوۂ احد بہت تفصیل سے حال گریۂ و بکای زنان انصار اور دعا دینی پیغمبر خدا کی اور خود رونا آنحضرت اور صدیق ناصح صاحب کا لکہتے ہین جز اللطوالۃ نقل کل عبارت ضرور نہین صرف اتنا اشارہ بس ہے کہ جب زنان انصار ایک دفعہ آکی روئین تو محدثین مذکورین بعد حال مفصل لکہتے ہین کہ آنحضرت نے فرمایا رضی اللہ عنکن وعن اولادکن یعنی راضی رہی خدا تعالے تم سے اور تمہاری اولاد سے اور حین تلاش اور پانی لاش حمزہ رض کی حال مین کلام طویل مثل مصرحہ صدر لکہکر ابو عبد اللہ حاکم کہ حسب تصریح محقق دہلوی وغیرہ معتقدایان ناصح صاحب ہم حسب بخاری ہی مستدرک مین نسبت خاص پیغمبر خدا کے لکہتا ہی کہ بکی وشہق یعنے روئی پیغمبر خدا اور نعرہ مارا علی بن برہان الدین شافعی محدث انسان العیون مین لکہتا ہی عن ابن مسعود رض ما راینا رسول اللہ باکیا اشد من بکائہ علی حمزۃ رض ووضعہ فی القبلۃ ثم وقف علی جنازتہ وانتحب حتی نشغ ای شہق حتی بلغ بہ الغشی یقول یا عم رسول اللہ واسد اللہ واسد رسولہ یا حمزۃ یا فاعل الخیرات یا حمزۃ یا کاشف الکربات یا حمزۃ یا ذاب ای یا لذال المعجمۃ یا مانع عن وجہ رسول اللہ انتہی موضع الحاجۃ الحاصل کہ ابن مسعود رض کہتے ہین کہ مینی پیغمبر خدا کو اتنا روتی کبہی نہین دیکہا جیسے کہ حمزہ رض پر روتی دیکہا کہ اونکی لاش کو طرف قبلہ کی رکہکر کہڑی ہوئی جنازہ پر اور رونیکی آواز بلند کی یہانتک کہ نعرہ مارا یہان تک کہ غش ہوگئی اور کہتے تہی کہ ای چچا رسولخدا کی اور شیر خدا کی اور شیر رسول خدا کی ای حمزہ ای کرنیوالے نیکیونکی ای حمزہ ای کہولنی والے عقدہای اندوہ کے ای حمزہ ای دور کرنیوالے ای منع کرنیوالے دشمنونکی رسول خدا سے ناصح حبیبہ دیکہین گریہ و زاری اور نوحہ رسول حضرت باری حمزہ سید الشہدا پر اور شرما وین علاوہ اسکی محدثین مذکورین اور مفسرین ناصح صاحب حال شہادۃ جناب

جعفر طیار رضؓ مین بعد تفصیل طویل اور خاص گریہ بکای جناب پیغمبر خداؐ کی لکھتی ہین کہ جناب سیدہ دوجہان فاطمہ زہراؑ واعماؐ دو عما
کہکر رو رہی تہین آپ نی فرمایا علی مثل جعفر فلتبک الباکیۃ یعنی جعفر جیسے پر چاہیئے کہ رو وین آنکہین رونے والین علاوہ
اسکی جذب القلوب مین بہی محدث دہلوی لکہتا ہی کہ جناب سیدہ رقیہ رضؓ کے قبر پر حیات پیغمبر خداؐ مین گریہ بکا کرتی تہی اور
پیغمبر خداؐ اپنی جامہ مبارک سی آنکہین اونکی پونچہتی تہی علاوہ اسکی حدیث اسامہ بن زید متفق علیہ بخاری ومسلم کے درباب
ابن زینب بنت رسولؐ ہی کہ پیغمبر خداؐ کی زار وقطار آنسو جاری تہی اور فرماتی تہی ہذہ رحمۃ جعلہا اللہ فی قلوب عبادہ
فانما یرحم اللہ من عبادہ الرحماء یعنی یہ رحمت ہی پیدا کیا اسکو اللہ نی اپنی بندونکی دلونمین پس رحمت یعنی مہربانی
نہین کرتا اللہ تعالی اپنی بندونمین مگر رحمت کرنیوالونپر علاوہ اسکی حدیث عبد اللہ بن عمر بیچ حال بیماری سعد بن عبادہ
کے ہی کہ حدیث متفق علیہ بخاری ومسلم کے ہی کہ سعد بن عبادہ رضؓ ایسی بیمار تہی کہ گمان بلکہ یقین اونکی مرنیکا او سوقت ہوگیا تہا
غرض او سوقت کی حال مین بہی دونو صاحبان صحیحین لکہتی ہین فبکی النبیؐ فلما رای القوم بکاء النبیؐ بکوا یعنی پس روئی پیغمبر خدا
پس جب دیکہا قوم نی بکاء پیغمبر خداؐ تو وہ بہی روئی علاوہ اسکی احیاء العلوم امام غزالی ناصح جیو مین ہی روی ان عمر
بن الخطاب سمع بعد موت رسول اللہؐ رجلا یبکی ویقول بابی انت وامی یا رسول اللہؐ لقد کان جذع تخطب الناس علیہ فلما
کثر الناس اتخذت منبرا لتسمعہم کلامک فحن الجذع لفراقک حتی جعلت یدک علیہ فسکن فامتک کانت اولی بالحنین علیک لما فارقتہم
بابی انت وامی الحاصل کہ روایت کی گئی ہی کہ خود عمر ابن خطاب نے سُنا ایک شخص کو کہ روتا ہی اور کہتا ہی کہ قربان باپ
میری تم پر یا رسول اللہ تحقیق ایک لکڑی تہی کہ تم خطبہ پڑہتی تہی اوسپر پس جب لوگ بہت ہوگئی تو ایک منبر تمنی بنایا تاکہ
اونکو کلام اپنا سُناؤ یعنی سبکو آواز پونہچی پس نالہ وفریاد کی اوس لکڑی نی بسبب مفارقت کی یہانتک کہ ہاتہہ پہیرا اپنا تمنے
اوسپر تب وہ چُپ ہوئی اور تسکین پائی تو امت تمہاری سزاوار زیادہ ہی نالہ کرنیکے تمپر جبکہ تمنی اونسی مفارقت کی فدا ہون
تمپر باپ اور مان میری بلکہ صاحب مواہب لدنیہ اقتباس الانوار شاطبی اور مدخل ابن حاج اور شفای قاضی عیاض سی جو
نقل کرتا ہی تو خاص زبانی شیخ کلان ناصح جیو یہ تمام کلام مرقوم ہی مع شئی زائد ناصح جیو شرماوین اگر وہ رسولؐ و
جگر بند رسول کی لئی نہین روتی تو لکڑی اور پتہر سے بہی بدتر ہین یا نہین اور اگر اونکی دلمین رحم نہین تو خدا کی رحمت
سی بہی محروم رہین گے وقس علی ہذا صدہا احادیث متواترہ ہین خود ناصح صاحب کے صحاح وسنن اور کتب معتبرہ تفاسیر وسیر
اُنکی کے مثل انکی کہ لکہی گئین کہ گریہ وبکا ومرثیہ ونعرہ مارنا پیغمبر خداؐ واہل بیت واصحاب مقبولہ ناصح صاحب اونسے ہویدا ہی
بلکہ صاحب تفسیر مواہب علیہ خاص ہم کیش ناصح صاحب روضۃ الشہدا مین لکہتا ہی کہ ابو البشر آدم صفی اللہ بمفارقت ہابیل
ویعقوب ویوسف پیغمبرؑ بمفارقت ہمدیگر اور فاطمہ زہرا سیدۃ النساءؑ بمفارقت پدر بزرگوار اور امام زین العابدین سید الساجدین
جیسا کچہہ مشغول گریہ وبکا مفارقت مین جناب سید الشہداؑ اور خویش واقربا کے رہی ہین اور ان شہدا کی لئی نوحہ وزاری
مین زندگی بسر کی ہی کوئی بشر ایسا نہین رویا مگر منع کرنا ناصح صاحب کا گریہ وبکا پر خاص واسطے اہل بیت طاہرہ کے سنت خاص
عمری وابن عوف وغیرہ احزاب واخوان عمری ہی کیونکہ اونکی صحاح سی یہ بہی ہویدا ہی کہ وہ پیغمبر خداؐ کے حضور مین اسطرح
طعن ومنع کو کام فرماتے تہے اور ندامت اوٹہاتی تہی پہیر متعدی اونکے شیعیان رسولؐ وآل رسولؐ سی اوسطرح پیش آتی ہین

ثابت ہیں یہی [illegible] تصدیق [illegible] حدیث انکی کی ہر صحاح ناسخہ صاحب سے ظاہر کردیتے ہیں جناب الالیں
میں ہی [illegible] فاجتمع النساء یبکین علیہ فقام عمر ینہاہن ویطردہن فقال رسول اللہ دعہن
یا عمر فان العین دامعۃ والقلب مصاب والعہد قریب [illegible] اور مشکوۃ میں ہے بروایت احمد ونسائی کے وہ نوشتہ ہی یعنی ابن عباس
سے ہی کہ مرگئی ایک بیٹی آل رسول اللہ کی تو عورتیں جمع ہوئیں اور رونے لگیں اور عمر اٹھے اور منع کرنے لگا ان کو اور نکالنے
لگا دور کرنے لگا ان کو تب فرمایا رسول خدا نے چھوڑ ان کو ای عمر تحقیق آنکھیں آنسو ڈالنے والی ہیں اور قلب مصیبت پہونچا
ہوا اور عہد قریب ہی صاحب جذب القلوب محقق دہلوی لکھتے ہیں کہ رقیہ بنت رسول اللہ نے جب وفات پائی تو گروہ عورات نے رونا
شروع کیا عمر ابن الخطاب نے انہیں منع کیا بلکہ بزجر و ضرب پیش آنے لگے پیغمبر خدا نے ہاتھ عمر کا پکڑ لیا اور فرمایا کہ چھوڑ
ای عمر تاکہ رو دیں اور اسیطرح عبد الرحمن ابن عوف نے وفات ابراہیم میں پیغمبر خدا کے رونے پر طعن کیا تھا حدیث طویل ہے
بخاری و مسلم و سنن ابو داؤد میں انس بن مالک سے کہ بخوف الطوالت عبارت مقام حاجت لکھی جاتی ہے اور صاحب مشکوۃ
تمام حدیث لکھتے ہیں بالجملہ بعد تصریح حال جانکندنی اور ظہور شفقت و مرحمت رحمۃ للعالمین لکھتے ہیں عیناہ تذرفان فقال لہ
ابن عوف وانت یا رسول اللہ فقال یا ابن عوف انہا رحمۃ ثم اتبعہا باخری فقال ان العین تدمع والقلب یحزن ولا نقول
الا ما یرضی ربنا وانا بفراقک یا ابراہیم لمحزونون الحاصل کہ دو تو آنکھیں حضرت کی روتی تھیں آنسو گرتے تھے عبد الرحمن ابن
عوف نے کہا تم روتے ہو یا رسول اللہ تب فرمایا حضرت نے کہ ای بیٹے عوف کی تحقیق رونا رحمت سے ہے پھر اوس کے پیچھے حضرت پھر
روئے دوسری دفعہ پھر فرمایا تحقیق آنکھیں روتی ہیں اور دل غمگین ہے اور نہیں کہتے ہم مگر وہ چیز کہ راضی ہووے پروردگار
ہمارا اور تحقیق ہم تیری فراق میں ای ابراہیم البتہ غمگین ہیں ظاہر ہے کہ عبد الرحمن ابن عوف نے حضرت کو کسطرح طعن کیا اور
کیا جواب پایا اور پھر دوبارہ حضرت روئے اور قول ابن عوف لغو فضول ہوا اسیطرح چونکہ مومنین آل یسین کو بمقتضای
کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ ساتھ ہی پیغمبر خدا کے اسوت و اقتدا ہی تو کیا ہی ناصح جیسے جیسے اتباع عمر و ابن
عوف طعن کریں یہ باتباع آنحضرت آل رسول کی کئی کہ اپنی والد و ولد سے زیادہ انہیں جانتے ہیں پھر رو دیں
اور پھر روویں بالجبر یا تو محض شقاوت ہے مانعین بکا کی کہ بکا کو منع کریں یا جہالت اور ناواقفیت ہے احادیث
اور معانی بعض کلام حضرت خیر الانام سے بکا کی معنے ہیں رونیکے بلکہ آواز سے رونیکی ہے اور نوح و مناحۃ و نیاح و
نیاحۃ گریہ ماتم اور گریہ آواز سے یعنے گریہ کی معنی انکی ہیں اور احادیث متواترہ سے خود انہیں کے بکا اور نوحہ یعنی تعبیر مفجوع
و بکا لست بانبیا والمیت و امہات مومنین اور صحابہ یعقوبین مکرر و متواتر ہویدا ہی بلکہ جہر کرنا آنحضرت کا خلیفہ عادل نا صحیح
صاحب کے منع پر ظاہر و باہر اور ایک حدیث عبد اللہ ابن عمر میں تصریح بزبان مبارک آنحضرت موجود کہ فرمایا خدا تعالی نے
رونے سے عذاب نہیں کرتا لیکن یعذب بہذا و اشار بہذا او یرحم یعنے لیکن عذاب کرتا ہی ساتھ اسکی یا رحم کرتا ہی یعنے
اگر کلمات ناشکری اور خلاف حکم خدا و رسول کے کہی تو خدا تعالی عذاب کریگا اور جو کلمات شکر اور انا للہ وانا الیہ راجعون
کہی تو خدا تعالے رحم کرتا ہی اور نوحہ سے جو منع ہے وہ مراد ہی کہ کوئی مرد یا عورت بیٹھ یا کھڑی ہو کر یا بیٹھ کر مست
کیے برائیاں خلاف واقع خلاف شرع کہکر رلواوے یا خود کہے اور رلواوے ایسا کرے چنانچہ تصریح اسکی احادیث

صحیح ترمذی و بخاری وغیرہا مشکواۃ میں کہ بطریق جہالت کہتے تہی وا جبلاہ ونحو ذلک کہتی ہی جو بیدا ہی یعنی افسوس ای
پہاڑ ای پشت پناہ وغیرہا کلمات اس قسم کے بالجملہ ممنوع یہ طور ہی نہ کلمات حقیقی و مشروع ورنہ ظاہر ہی کہ خود پیغمبر
خدا ہ فرماتی تہی العین تدمع والقلب یحزن اور انا بفراقک یا ابراہیم لمحزونون اور یا حمزہ یا اسد اللہ یا اسد رسول اللہ
یا کاشف الکربات یا مانع عن وجہ رسول اللہ الخ اور جناب سیدہ فرماتی تہین یا ابتاہ یا ساکن البطحاء وغیرہ کلمات
اور خاص جناب صدیقہ ناصح صاحب فرماتی ہتین وا محمداہ وا ابو بکراہ وغیرہا کلمات مصرحہ صدر صحیح ظاہر ہی کہ اگر بالکل
بکا و نوحہ منع ہوتا تو آنحضرت خلیفہ عادل صاحب کو عورات باکیات میت آل رسول کی منع پر کیوں کر جہڑکتے تو حاصل
کلام یہ ہی کہ نوحہ ممنوعہ اور نایحہ غیر مشروعہ کو پیغمبر خدا نی لعن فرمائی اور احادیث اہل حق کی ہان بہی اور حضرت کی ہان
بہی اس باب میں جو ہین تو نایحہ غیر شرعی کی لئی ہیشک ہین نہ بکائی موعود بجنت کی لئی معاذ اللہ علی الخصوص کہ احادیث
متواترہ ہین بشارۃ جنت کی واسطی بکائی جناب حسین شہید اجگر گوشہ رسول مجتبی کی لیکن ناصح جیسو بیچاری کیا کرین کہ بقول
انکی اپنی وہیں بگڑی ہوئی ہی ساری خرابی انکی خلیفہ عادل اور بلکہ خلیفہ زادہ صاحب کی اوٹہائی ہوئی ہی کہ باوجود ہمہ مصرحات
صدر اور نصیحت پانیکی پہر بہی بکا کو منع کرتی تہی اور لطف یہ ہی کہ تہمت پیغمبر خدا پر لگاتی تہی جیسی جناب ام المومنین تک
خطا و نسیان کہکر پوشیدہ کرتی ہین لیکن حقیقت مین صاف دونو کو جہٹاتی ہین ناصح صاحب بخاری و مسلم دونوں
دونو حدیثین دیکہین بمشکواۃ باب البکاء مین اور شراح مین ایک تو حدیث ہی عن عبد اللہ ابن ابی ملیکۃ قال توفت
بنت عثمان بن عفان الحدیث اور دوسری عن عمرہ بنت عمران انہا قالت سمعت عائشۃ الحدیث اور دونوں متفق علیہ
بخاری مسلم [illegible] حذرا للطوالۃ صرف ترجمہ پر کفایت کیجاتی ہی کہ صرف ترجمہ بعینہا صاحب مظاہر حق ذریۃ
خاص [illegible] صرف مولف ہی وہی ہذہ روایت ہی عمرہ بیٹی عمر انکی سی یہ کہا عمرہ نی کہ سنا مینی حضرت
عائشہ سی اور حال یہ کہ ذکر کیا گیا روبرو انکی یہ کہ عبد اللہ بن عمر کہتی ہین کہ میت البتہ عذاب کیا جاتا ہی بسبب رونے
زندہ کی اوسپر [illegible] حضرت عائشہ نی اللہ ابو عبد الرحمن کو کہ کنیت ہی عبد اللہ بن عمر کے خبردار ہو تحقیق عبد اللہ
نہین جہوٹ بولا ولیکن وہ بہول گیا یعنی جو کچہ کہ حضرت سی سنا کہ یہ صورت خاص میں فرمایا تہا یا خطا کی کہ عام مراد
لیا سوای اسکی نہین کہ گذری رسول خدا نزدیک قبر ایک عورت یہودیہ کے کہ رویا جاتا تہا اوسپر پس فرمایا تحقیق اہل اوسکے
روتی ہین اوسپر اور تحقیق وہ البتہ عذاب کیجاتی ہی اپنی قبر مین روایت کی بخاری اور مسلم نی اور روایت ہی عبد اللہ ابن
ملیکہ سی کہ کہا وفات کی گئی بیٹی عثمان ابن عفان کی مکہ مین پس آئی ہم کہ حاضر ہوں نماز جنازہ اور دفن مین اور حاضر
ہوئی اوسکی لئی ابن عمر اور ابن عباس ہیں پس تحقیق مین بیٹہا ہوا تہا درمیان ان دونو کے پس کہا عبد اللہ ابن عمر
واسطی عمرو بن عثمان کے کہ وہ سامنی بیٹہے اونکی کیا نہین منع کرتے تم یعنی اپنی اہل کو رونیسی ساتہہ آواز اور نوحہ کے
اسلئی کہ تحقیق پیغمبر خدا نی فرمایا ہی کہ تحقیق میت البتہ عذاب کیا جاتا ہی بسبب رونی اہل اوسکی کی اوسپر پس کہا ابن عباس نے
کہ تحقیق ہے حضرت عمر کہتے تہی کچہ اسمین سے پہر حدیث کی ابن عباس نے پس کہا پہرا مین ساتہہ عمر کے مکہ سی یہانتک کہ جب
ہوئی ہم بیدا مین کہ نام ایک موضع کا ہی درمیان مکہ اور مدینہ کے پس ناگہاں عمر ملے ساتہہ ایک قافلہ کے نیچی درخت کیکر

پس کہا بہیجی کہ جا تو دیکہہ کون ہین اس قافلہ مین پس دیکہا سین پس تہی وہ صہیب یعنی امیرہ تہی اور اوس کی ہمراہی
تہی کہا ابن عباس نے پس خبر پونہچائی مینے اونکو پس کہا عمر نے بلاؤ اوسکو پہر گیا مین طرف صہیب کے اور کہا چلو اور ملو امیر
المومنین عمر سے پس جب زخمی کئی گئی عمر داخل ہوئی صہیب روتی ہوئی کہتی ای بہائی میری ای صاحب میرے پس کہا حضرت
عمر نے کیا روتا ہی تو مجہپر یعنی سامنے آواز اور بیان کرنیکے اور حال یہ ہی کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ تحقیق مردہ یعنی مرد
قریب المرگ البتہ عذاب کیا جاتا ہی بسبب رونی اہل اوسکی کی اوسپر پس کہا ابن عباس نے پس جبکہ وفات ہوئی حضرت
عمر نے ذکر کیا مینے یہ یعنی قول عمر روبرو حضرت عائشہ کے پس کہا عائشہ نے رحم کری اللہ عمر کو قسم ہے خدا کے
نہین اسطرح نہین حدیث فرمائی رسول اللہ نے یہ کہ میت عذاب کیا جاتا ہی بسبب رونی اہل اوسکی اوسپر یعنی نہ مطلق
سو نفسی اور بعض رونیسی ولیکن اللہ زیادہ کرتا ہی کافر کو عذاب بسبب رونی اہل اوسکی کی اوسپر اور کہا حضرت عائشہ نے
کفایت ہی تمکو قرآن کہ فرماتا ہی لاتزر وازرۃ وزر اخری یعنی نہین اوٹہاتا کوئی اوٹہانیوالا بوجہہ دوسرے کا کہا
ابن عباس نی نزدیک اسکی مضمون آیہ واللہ اضحک وابکی یعنی اور اللہ ہنساتا ہی اور رولاتا ہی کہا ابن ابی ملیکہ نی پس
نہ کہا ابن عمر نے کچہہ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے ہماری ناصح یا اونکی پیر عزیز ہوتی تو اپنی خلیفہ اور خلیفہ زادہ کے
طرف ہوکی ابن عباس اور ام المومنین سے بہی مکابرہ کرتے اور جہوٹ سی بچاتے لیکن ابن عباس کو تو خیر جانی
سو بنت معاویہ کبہہ لیتی مگر اس بات مین خلیفہ اور خلیفہ زادہ کی طرفداری مین والدہ مہربان ام المومنین کی تکذیب
کرنے پڑتی ہی بقول مشہور سخت مہلکہ مین پڑے ادہر کہائی ادہر کنوان بہرکیف ابن عباس کو منصب تیر گر مین تصور
کرنا چاہیے المختصر کہ فائدہ مین اسی حدیث کے بعد قیل وقال اور کلام طویل کے یہہ صاحب تحفہ خود لکہتی ہین کہ ہنسے مین بہی
دونون باتین ہوتی ہین یعنی اگر اسلما تو انکو دیکہکر خوش ہوکر ہنساتی تو گنہ گار ہوتا ہی اسطرح غم اور خوشی کبہی
خوب ہوتی ہین ثواب دیا جاتا ہی اوسپر آدمی اور کبہی بری ہوتی ہین عذاب کیا جاتا ہی اوسپر انتہی حیف صد حیف
کہ حضرت عمر جگر گوشہ رسول مقبول کی نسبت شیعیان اہل بیت طاہرہ کی خود بہی انکی حدیثین اور اپنی معتقداون
تقاریر تمہیدات سب کچہہ طاق نسیان پر دہر دیتی ہین وہل ہذا الاعناد ونفاق ہم حیران ہین کہ ناصح جیسی سوتی
کس نیند مین صرف گریہ وبکا پر کیا ہوتے مین اہل بیت طاہرہ کی تو وہ کب سنتی ہین ہم اونکی صحاح سی اونکی معتقداونکا
سر پیٹنا بلکہ خاک سر پر ڈالنا اور جواز اسکا مصیبت دینی مین بلکہ ارتکاب اسکا سوا اسکے بہی نسبت اونکی معتقداون کے
ثابت اور ظاہر کر دیتی ہین کہ اگر غیرت ہو تو چنیے پہر پانے مین بلکہ بن پانی خاکستان مین اپنی ہاتہون گڑہا کہود کر
ڈوب مرین یاد کرین ناصح جیسی استیعاب ابن عبد البر وغیرہ سی کہ سابقا بہی لکہا گیا سر پر خاک اور ڈالنا خادم انکی
خلیفہ عادل کا کہ صاحبزادی کو اونکی طلاق دی تہی پیغمبر خدا نی اور بطریق یاد دہی اب بہی جملہ فبلغ ذلک عمر فحثی علی
رأسہ التراب ہم نی یاد دلا دیا باقی تمام تفصیل معہ ترجمہ مرقومہ تصدر ملاحظہ فرما دین اور سر دہنین کہ اونکی امام اپنا
اونکی مٹی عزیز پر کر گئے اب پوچہین اونکی خاک گو رسے کہ کونسی موت دینی پڑی تہی کہ سر پر خاک ڈالتی تہے اور گریہ وبکا
کرتے تہی علاوہ اسکے یاد کرین حال ام المومنین اپنی صدیقہ کا کہ مغنسی اوپر تصریح لکہا گیا کہ جب جنازہ حضرت بنا کا

تک کہتی رہی اور دن نکلتے ہی مدینہ منورہ کو روانہ ہوئی رستہ مین عمار یاسر سے ملاقات ہوئی غرض دونو روتی جاتی
تہی او معاذ سر پیٹتی تہی معاذ جب قریب پونہچی تو ایک عورت ملی اوس سے حال پوچہا اوسنی ظاہر کیا کہ مینی فاطمہ دختر رسولؐ
کو اور علیؑ و حسنینؑ کو دیکہا کہ روتی تہی اور یا رسول اللہ یا ابتاہ یا جداہ کہتی تہی اور روتی تہی معاذ عائشہ کے حجرہ پاس
گیا اور حال پیغمبر خداؐ کی زمان وفات کا پوچہا اوسنی جواب دیا کہ مین طاقت رنج اوٹہانی حال مرض کی دیکہنی کی نہین رکہتی
تہی فاطمہؑ سے پوچہا چاہیی کہ ہروقت ملازم تہی معاذ فاطمہ زہراؑ پاس گیا سب حال سُنا اور نہایت گریہ و بکا کیا اس حدیث
سے کئی فایدہ ظاہر ہین ایک تو بکای معاذ اور عمار یاسرؓ صحابیان رسولؐ کا بقول ان ناصح صاحب بہی ہین دوسرے اگرچہ
ناصح صاحب کو اہل بیتؑ کی رونیسی کب تشفی ہے اور اوس پر عمل سے کیا کام لیکن جو کوئی تہوڑا سا بہی پاس ایمان رکہتا ہو
خیال کر سکتا ہی گریہ و بکای جناب امیرؑ و جناب سیدہؑ و جناب حسنینؑ کو تیسرے ظہور کذب و افترای حدیث موضوعہ حضرات اخراب
ناصح صاحب جو بیان کرتی ہین کہ تا وقت اخیر بی بی عائشہ کی چہاتی پر سر مبارک رہا کیونکہ خود انکی قول سے کچہہ نہین کے
ہانکی حدیث مرقومہ سے صاف ہویدا ہوگیا اور یہ مطابق ہی ارشاد جناب امیرؑ سے کہ فرماتی ہین اپنی مفاخرت و فضیلت مین کہ
مین وہ ہون کہ پایا مینے اخیر عہد رسول خداؐ اور چہاگ اور کف لعاب دہن مبارک کی میری اوپر تہی وقت انتقال کی اور
یہہ حدیث متفق علیہ سنی و شیعہ دونو کی ہی تو اجماعی سچ جاننا چاہیی نہ کہ منفرد اور وہ بہی مخالف تصریح جناب صدیقہ
اونہین کے ہانکی چوتہی سر پیٹنا معاذ بن جبل کا بار بار بسبب تاسف اور غم کی کہ ادراک شمول زمان وفات نہ نصیب
ہوا تو شیعیان اہل بیت طاہرہؑ حسرت مین تاسف عدم ادراک نصرت و شمول زمان شہادت اور تذکر مصایب جگر گوشہ
رسول مقبولؐ کے اگر سر و سینہ پیٹین بلکہ خاک بہی سر پر ڈالین تو کیا تعجب ہے بلکہ عین پیروی ہی اہل بیتؑ و صحاب کے
و قس علیٰ ہذا انسان العیون مین علی بن برہان الدین شافعی بڑا محدث و مورخ اور محققین حضرات سے لکہتا ہی فلما مات
ترک بلالؓ الاذان و لحق بالشام زمانا فرای النبیؐ فی المنام فقال لہ یا بلال جفوتنا و خرجت من جوارنا فاقصد الی
زیارتنا وفی روایۃ انہ قال ماہذہ الجفوۃ یا بلال ما آن لک ان تزورنا فانتبہ بلال رض فقصد المدینۃ فلما انتہی الی
المدینۃ ملقاہ الناس ای واتی قبر النبی وجعل یبکی عندہ و یتمرغ علیہ اقبل علی الحسن والحسینؓ یقبلہما و یضمہما والحوا علیہ ان
یوذن فلما صعد رض لیوذن اجتمع اہل المدینۃ رجالہم و نساءہم و خرجت الخذاری من خدورہن لیسمعوا اذانہ فلما قال اللہ
اکبر ارتجت المدینۃ و صاحوا و بکوا فلما قال اشہد ان لا الہ الا اللہ ضجوا جمیعا فلما قال اشہد ان محمدا رسول اللہ لم یبق
ذو روح الا بکی وکان ذلک الیوم کیوم مات رسول اللہؐ ثم انصرف الی الشام وکان یرجع الی المدینۃ فی کل سنۃ مرۃ
فینادی بالاذان الی ان مات رضی اللہ عنہ انتہی موضع الی حاجۃ اور یہی مضمون سیر کاذرونی مین بہی موجود ہی الحاصل
کہ بعد وفات جناب پیغمبر خداؐ بلالؓ نے اذان ترک کردی تہی اور شام کو چلی گئی تہی ایک شب پیغمبر خداؐ کو خواب مین دیکہا کہ
فرماتی ہین کہ ای بلال تو نی جفا کی کہ میری ہمسایگی سی چلا گیا اب بہی وقت آنیکا نہین آیا غرض بیتاب ہو کر مدینہ مین بلالؓ
آئی ظاہرا اس زمانہ مین جناب سیدہ دوجہانؑ اس جہان سی انتقال فرما چکین تہین غرض بلالؓ نی جناب حسنینؑ سے
ملاقات کی اور بہت فریاد و گریہ و بکا کیا اور اہل مدینہ نی کمال منت و زاری سی تکلیف اذانکی بلال کو دی کہ یہہ الخ

کی سامنی موذن تہی تمام زن و مرد اہل مدینہ جمع ہوئی یہانتک کہ لڑکیان گوشہ نشین بہی گہرون سے نکل آئین جو
بلال نے اذان شروع کی یعنی اللہ اکبر کہا سب نالہ و فریاد کرنی لگی اشہد ان لا الہ الا اللہ پر اور بہی زاری کرنی لگی
اشہد ان محمدا رسول اللہ پر تو کوئی متنفس مدینہ مین باقی نہ تہا جو فریاد و زاری اور نالہ و بیقراری نکرتا تہا اور وہ
دن مثل روز وفات پیغمبر خدا ہوگیا تہا پہر بلال شام کو واپس گئی اور ہر سال اسیطرح بلال آتی تہی بانگ کہتی تہی
جب تک کہ وفات پائی اور صاحب سیر مرقومۃ الصدر یہی مضمون حدیث اضافہ کرتا ہی کہ بلال رضی بیہ بہی فرمایا کہ ای
گروہ تمہین مین لت دیتا ہون کہ جو آنکہ پیغمبر خدا کی اوپر روئیگی آتش جہنم اوسکو ہرگز نہ پہونچیگی عقیل فہیم غور
کری کہ کتنی باتین اس جگہ سی ہی حاصل ہین اول گریہ و بکای اہل بیت و اصحاب دویم فریاد و بکا سیوم نالہ و فریاد
بعد مرور دہور کے چہارم ہر سال برپا ہونا اس نالہ و بکا و فریاد کا اور آنا بلال کا اسیطرح پنجم بشارت دینی بلال کے
مارسی یجنی کی بسبب اس رفیکے یہ قول بلال بموجب تصریحات و تفصیلات اصطلاحات احادیث کی حدیث متصل ہی علاوہ
اسکی کتاب انسان العیون مین ہی وفی النص الجلیل لما فتح امیر المومنین عمر بیت المقدس حضرت الصلوۃ فقال عمر قم یا بلال
اذان لنا رحمک اللہ فقال بلال یا امیر المومنین واللہ ما اردت ان اوذن بعد رسول اللہ الی احد ولکن ساطیعک اذا امرتنی
فی ہذہ الصلوۃ وحدہا فلما اذن بلال سمعت الصحابۃ صوتہ ذکروا النبی فبکوا بکاء شدیدا ولم یکن فی الصحابۃ یومئذ اطول
بکاء من ابی عبیدۃ و معاذ بن جبل حتی قال لہما عمر حسبکما رحمکما اللہ انتہی موضع الحاجۃ الحاصل کہ جب فتح ہوا بیت المقدس
تو عمر بن خطاب نی بلال کو اذان کو کہا بلال نی کہا کہ قسم ہی خدا کی مینی بعد رسول خدا کی نہین ارادہ کیا اذانکا
لیکن مین تمہاری اطاعت کرتا ہون صرف ایک نماز مین بالجملہ جسوقت بلال رضی اذان دی اور صحابہ نی آواز سنی
پیغمبر خدا کو یاد کیا اور شدہ سی گریہ و بکا کیا اور کوئی صحابہ مین باقی نہین تہا اس روز زیادہ تر رونی والا ابو عبیدہ
اور معاذ بن جبل رضی سی کہ زمانہ طویل تک روتی رہی یہانتک کہ عمر نے کہا انکو کہ بس ہی تمکو رحم کری خدا تعالی تمہر
علاوہ اسکی کتاب سیر مذکور الصدر مین حال زاری کردن ام المومنین عائشہ مین ہی کہ انس بن مالک سی روایت
ہی کہا کہ دیکہا مینے عائشہ کو کہ روتی تہین اور کہتی تہین ای وہ شخص کہ جو کہ کبہی روٹی پیٹ بہر کے نہ کہائی ای
وہ شخص جسنی منبر کو تخت پر اختیار کیا ای وہ شخص کہ دوزخ کی خوف سی کبہی نہ سویا اور یون بہی اشعار کہتی تہین
کہ ترجمہ انکا یہ ہی حبیب میری وہ آنکہین کہ ہرگز کبہی آرام نہ دیکہا حبیب میری وہ مونہہ کہ کفار نی طمانچہ اوسپر
مارے حبیب میرے وہ دانت کہ کفار کے ہاتہون ٹوٹے حبیب میرے وہ سر کہ کفار نے توڑا حبیب میرے وہ پیٹ کہ ہرگز
سیر نہوا حبیب میرے وہ قد کہ راتو نکو صبح تک نماز مین رہا اور ذکر زاری کردن ابو بکر رضی بروایت عائشہ
کہ ابو بکر نعش پیغمبر خدا پر آئی اور کہتی تہی وانبیاہ واخلیلاہ واصفیاہ انا للہ وانا الیہ راجعون اور مرثیہ مین
یہ مضمون تہا ہمارا پیغمبر مر گیا اس غم سے دل ہمارا ٹوٹ گیا گریہ و بکا ہمارا آہنگ ہی ای عائشہ تیری حال پر افسوس
ہی مہری پر و بال ٹوٹ گئی کاش کہ ہم سب خاک مین سماتی کہ ایسی سخت حالت نہ دیکہتے اور حسان بن ثابت کی بہی
اشعار مرثیہ کے اس کتاب مین بیہے ہین علاوہ اسکے شیخ عبد الوہاب شعرانی طبقات مین اور علی بن برہان الدین

فائدہ

شافعی انسان العیون مین جو لکھتی ہین یہ حال اویس قرنی نے رنج کی اوسکو دیکھہ کی ناصح جیسے شرما دین کہ پیغمبر کے دندان مبارک جو جنگ احد مین شہید ہوئے تہی تو بمقتضائے محبت دلی اور مودت باطنی کے اویس نے اس رنج سے اپنی دانت توڑ ڈالے اور جو اذیت آنحضرت کو لڑائی مین پہونچی بسبب شدت محبت کی وہی اذیتین کھینچین چنانچہ حال اویس مین زبانی اویس لکھا ہی قال المکثر ربا عیتہ حتی کسرت رباعیتی ولاشج وجہہ الشریف حتی شج وجہی ولا وطی حتی وطی ظہری اور یہ اویس قرنی رضی وہ ہین جنکی لئی حدیث ہی جامع صغیر مین کہ فرمایا رسول خدا نے سیکون فی امتی رجلا یقال لہ اویس القرنی وان شفاعتہ فی امتی مثل ربیعۃ ومضر اور بیہقی لکھتا ہی عن عمر ان رسول اللہ قال سیکون فی التابعین رجل من قرن یقال لہ اویس بن عامر اور ایک روایت مین یون فرمایا خیر التابعین رجل یقال لہ اویس اور یہ اویس وہ ہین جنکی لئی فرمایا پیغمبر خدا نے فمن لقیہ منکم فمروہ ان یستغفر لکم لیکن عجب نہین کہ ناصح صاحب فعل اور فضل اویس سی راضی نہونگی اور پیغمبر کے رضامند ہیسے بہی انکی باب اور انکی حرکات مین خوش نہونگی کیونکہ بابرکت فطن اور ناظرین کتب تاریخ وحدیث جانتی ہین کہ ٹہرا ہی جناب مولائے مومنین اونکی رئیس م خلیفہ پنجم سے یہ لڑی اور علاوہ اسکے اونکی خلیفہ عادل نی جو پیغمبر خدا سی سنا ہوا تہا کہ دعا اویس رض کی قبول ہو گی جس شخص کی لئی وہ دعا کرینگی تو ان جنابنے بہے عند الملاقات اویس سے دعائے مغفرت چاہی تہی سو اویس رض نی بلطایف الحیل ٹالدیا الغرض دعا نکی چنانچہ علی بن برہان الدین شافعی محدث مسبوق الذکر انسان العیون مین لکھتا ہی کہ ان عمر قال لاویس استغفر لی فقال کیف استغفر وانت صاحب رسول اللہ علاوہ اسکی صاحب روضۃ الاحباب علیہ مغفرتہ ناصح صاحب کی ہادی نکا روضہ مین یہ حال غم والم جناب سیدۃ النسا کی لکھتا ہی کہ جناب سیدہ کو اتنا غم مفارقت رسول خدا نی متغیر کیا تہا کہ کسیکو نہین کیا ہوگا اور بمجرد وفات سرور کائنات فزع عظیم مدینہ مین برپا ہوئی کہ زمین لرزتی تہی اور نوحہ وزاری اور نالہ و بکا بیبیونکا آدمیونکی کان مین آتا تہا اور فرشتونکا رونا عرش پر پہونچتا تہا بالجملہ اوس وقت جناب امیر سیدہ کی پاس آئی فرمایا کہ ای فاطمہ تمہاری رونیسے اور بہی قیامت برپا ہی اب تم خاموش رہو جب رات ہو گے تو تربت پیغمبر خدا پر زیارت کرلینا جناب سیدہ نی فرمایا کہ خاموش رہون فرمایا صبر کرو غرض جب رات ہوئی تو لوگ سو رہی مسجد خالی ہوگئی جناب امیر گہر مین آئی اور دیکہا تو جناب سیدہ بیہوش پڑی ہین جب ہوش ہوا تو پوچہا کہ یا علی کتنی رات گئی ہی سو کوئی تیسرا حصہ رات گذری ہی آخر بعد اجازت شوہر اطہر باہر تشریف لائین چاہتی تہین کہ کہڑی ہون بسبب بیطاقتی کے گر پڑین جناب امیر ہاتہہ پکڑ کے روضہ منورہ جناب خاتم الرسالت پر خود لائی جو ہین نظر جناب سیدہ کی روضہ مقدسہ پر پڑی بی اختیار رو اوٹہین اور قبر پر گر پڑین اور خاک قبر کے چہرہ مبارک پر ملتی تہین اور کہتی تہین کہ ای مالک تراب ای گوہر پاک تجہی خاک گڑہی سے کیا کام ہی اور شعر صبت علی مصائب الخ جو اوپر لکہا گیا کہ حضرت کا ہی اکثر پڑہتی تہین ناصح صاحب جو کچہہ مومنین و شیعیان ذریت رسول مقبول کے لئی کہتے ہین جناب ام المومنین اپنی صدیقہ کے لئی بہی وہی کہنا پڑیگا ابہی کیا سنا ناصح صاحب نی ذرا تاریخ ابو الفدا دیکہین تو اپنا مونہہ پیٹ لینگے ترجمہ ابو الفدا سے بعینہا لکہا جاتا ہی سنہ ہجری مین دیکہیں صاف لکہا ہی عائشہ کہتی ہین کہ جب حضرت نی مٹہیان بند کرلے تہین تب مینی آپکا سر مبارک تکیہ پر رکہا اور مین کہڑی ہو کر اور عورتون کے ماتم کرنے لگے اور مونہہ پیٹنے لگی جامع الاصول مین یہ حرف ف کی ذکر ام ایمن مین ہی عن انس قال قال ابو بکر بعد وفات رسول اللہ انطلق بنا الی ام ایمن نزورہا کما کان رسول اللہ یزورہا فلما انتہینا الیہا بکت فقالا لہا ما یبکیک

اما تعلمین ما عند اللہ خیر لرسول اللہ قالت بلی انی لا علم انما عند اللہ خیر لرسول اللہ لکن ابکی ان الوحی قد انقطع من السماء فہیجتا
علی البکاء فجعلا یبکیان معہا اخرجہ مسلم ناصح صاحب نے اپنی پیر عزیز کے تحفہ کو بہی بخوبی نہین دیکہا ذرا دیکہین آنکہین کہولکی
مطاعن عمر مین کہ خاص کلمات کفرستانی مخالف قرآنی کا کسطرح لینا لیتے ہین وہو ہذا این طرفہ طعنی است کہ شخصی
بسبب کمال محبت رسول از مفارقت آنجناب ومشاہدہ شدت مرض انفعالی قباب مدہوش و ذاہل شدہ کہ از عقل خود رفت و اورا
در انوقت نام خود و نام پدر خود یاد نماند و از موت و حیات خبر ندشت و از راہ مدہوشی و بیخبری بسبب کمال محبت انکار موت
پیغمبر نمود اورا بایدہدف سہام طعن خود ساخت شعر چشم بد اندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش درنظر از آیات قرآنی
کہ اکثر یرا در حالت غم وحزن وجزع وفزع غفلتہا واقع میشود بحکم بشریت جای طعن و ملامت نمی باشد انتہی سبحان اللہ خلیفہ
عادل حضرات تو کلمات کفر مترنم ہون یعنے مخالف احکام محکمہ قرآنی ہوجاوین یعنے منکر ہون آیہ انک میت وانہم میتون
کے اور کہوین پیغمبر نہین مرے اور مصداق ہوجاوین مضمون آیہ افان مات او قتل انقلبتم کی اور یہہ خیر خواہ اونکی محبت
کہنیچین اور شیعیان آل رسول کہ بموجب قول وفعل رسول و اہلبیت رسول و امہات مومنین اور اصحاب مقبولین اونہین کے
بہی عامل ہون یعنے رو وین یا بی اختیاری مین بیٹہین تو وہ مورد طعن ہون بہ بین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا کوئی منصف
غور کری کہ لفظ کمال محبت عدالت پناہ کی لئی نسبت بجناب خاتم نبوت کہتی ہوئے اس عزیز کو شرم بہی نہین آتی بروز احد وحنین
جو ہزار ہا کفار مین نیزہ و تلوار مین سید ابرار محبوب کردگار کو چہوڑا فرار کو کام فرمایا اور سدن محبت دولتخانہ مین طاق پیر کہہ
گئی ہوگی کہ اوسیکی لینے کو عین معرکہ کارزار سے تشریف لی آئی اور قطع نظر اوس زمانہ گذشتہ حالات عریض وطویل کی خاص
اسی زمانہ وفات اسی حالت بیہوشی محبت مین خبر ارادہ بیعت سعد بن عبادہ طمع خلافت مین تمام محبت رسول ذہول بکر لگئے کہ
تمام قصص کتب حدیث وتفاسیر مین موجود ہین اور کچہہ کچہہ اشارہ اس رسالہ مین بہی ہوگیا ہی ہر شخص انہین کے کتب احادیث
وسیر مین دیکہہ سکتا ہی کہ نفس رسول سے کیا کیا شدتین کین یہانتک کہ بضعۃ رسول کے گہر پر لکڑیان لیکر جلانیکو چڑہ آئی
حتی کہ خود پیغمبر خدا کو ہذیان بتلایا اور کس لفظ سی تعبیر کیا کہ طفل مکتب خوان شدۃ عداوت قایل ہا سکتا ہی یعنے خاص صحیح
ناصح صاحب مین ہی کہ کہا ہذا الرجل لیہجر یعنے یہ مرد ہذیان کہتا ہی پیروان عزیز یہ سر بگریبان ہووین کہ ایسی شخص کے لئی کمال
محبت کوئی باشرم وحیا زبان پر لاسکتا ہی علاوہ اسکی جلال الدین سیوطی شافعی جامع کبیر مین لکہتا ہی عن سعید بن مسیب لما
توفی ابو بکر اقامت عائشۃ علیہ النوح انتہی یعنی سعید بن مسیب سے ہی کہ جب مرا ابو بکر تو قایم کیا عائشہ نی اوسپر نوحہ علاوہ اسکے
اسی کتاب مین ہی عن عبد اللہ بن عکرمہ قال عجبا یقول الناس ان عمر بن خطاب نہی عن النوح لقد بکی علی خالد بن ولید
بمکۃ والمدینۃ نساء بنی المغیرہ سبعا یشققن الجیوب ویضربن الخدود واطعموا الطعام حتی مضت وما نہاہن عمر یعنے عبد اللہ بن
عکرمہ سے ہی کہا کہ تعجب ہے جو لوگ کہتی ہین کہ عمر بن خطاب منع کرتا تہا نوحہ کرنیسے حالانکہ ہر آئینہ تحقیق روئین خالد بن ولید پر مکہ
اور مدینہ مین عورتین بنی مغیرہ کی سات دن تک درحالیکہ گریبان پہاڑتی تہین رخسارہ پیٹتی تہین اور طعام دیا اور آگے اور نہ
منع کیا عمر نے تنبیہ مولف کہتا ہی کہ تعجب کرنا اس قایل کا بسبب پونہچنی کنہہ حقیقت کی ہی حقیقت یہ ہی کہ اصرار اور کد وکاوش
ان مانع صاحب کی آل رسول کی اموات کی نسبت نفس الامر مین بہت ہتی یا پیغمبر خدا کی سانہنے مشیخت جتانیکو خالد جیسا دشمن جنابِ

جناب نفس رسول کا اور کون پیدا ہوا تا جسکی مرنے پر ایسا تاسف مرعی رکہتی بلکہ تعجب یہ ہی کہ خالد کی لئی حز د مرتکب شہید
اور ضرب خدود کی نہین ہوئے وہ تو بیشتر وہان منع فرماتی ہتی جہان کچہہ کچہہ اپنی غایت اور غرض ہوتی خواہ حصول مشیخت خواہ
خلاف طبع خواہ خوشی خاطر موت متوفی مین فافہم وتدبر علاوہ اسکی علی بن برہان الدین شافعی محدث بیچ غزوہ بنی قریظہ کی کتاب
انسان العیون مین حال وفات سعد بن معاذؓ مین بعد تفصیل حالات اور آنی اوسکی ماکی لکہتا ہی ثم وقف النبی ودعا ثم انصرف وناحت
علیہ امہ فقال کل نایحۃ تکذب الا نایحۃ سعد بن معاذ ای فانہ موصوف بکل ما یقال فیہ من الاوصاف الحسنۃ بخلاف غیرہ عقیل منصف
غور کری اس جگہ سی کہ نوحہ کیا ماد رسعد بن معاذؓ نی اور پیغمبرؐ نی سُنا نوحہ اوسکا اور فرمایا کہ ہر نایحہ جہوٹ کہتی ہی مگر نایحہ
کہ سعد کی لئی جو کچہہ کہا جاوی وہ متصف ہی ساتہہ اوصاف حسنہ کی تو نوحہ شہدای کرام بہر خاص ذریۂ سید انام کہ لئی کس طرح
منع ہو سکی نفس الامر مین نوحہ منع وہ ہی کہ اوسمین کذب اور کلام خلاف فرمان ایزد منان ہو علاوہ بر تصریحات بالا ناصح
کو یہہ خبر ہے کہ بہتیری علما وفضلای کمّل اونکی خبر موت احد من الناس سوای رسول و اولاد رسولؐ کی مرتکب نوحہ وبکا وشق جیوب
وخاک افشانی ہوئی اونکی لئی ناصح جیو کیا کہین گے تاج الدین سبکی طبقات شافعیہ مین بیچ بیان احوال طبقہ ثالثہ کے
ترجمہ احمد بن ابراہیم اسمعیلی مین لکہتا ہی قال حمزۃ سمعتہ یقول لما ورد نعی محمد بن ایوب الرازی دخلت الدار وبکیت
وصرخت وفرقت علی نفسی القمیص ووضعت التراب علی راسی انتہی یعنی حمزہ کہتا ہی کہ مینی خود سُنا احمد بن ابراہیم کو کہ کہتا تہا جبکہ
وارد ہوئی خبر موت محمد بن ایوب رازی کی تو مین گہر کے اندر داخل ہوا اور رویا اور آواز بلند کی مینی اور پیراہن جو بدن پر
تہا پہاڑ ڈالا اور خاک سر پر ڈالی اور مقتل کبیر مین ابو مخنف لوط بن یحیی ازدی حال حین شہادت سبط رسول مقبولؐ مین
اور آنی دو الجناح کے در خیمہ پر بعد شہادت کی کہ خون آلودہ تہا اور اشک جاری تہے لکہتا ہی فخرجت سکینۃ فنظرت فاذا
الجواد عار والسرج خال من راکبہ وہو یہمہم ویصہل وما کان صہیلا وانما کان بکاء وعویلا فصرخت سکینۃ عند ذلک
وہتکت خمارہا وصاحت واقتیلاہ واابتاہ وحسیناہ وامحمداہ واعلیاہ واغربتاہ ہذا الحسین مسلوب العمامۃ والردا
وخرجن بقیۃ الحرم وعلت اصواتہن ونظرن الجواد عاریا والسرج خالیا فجعلن یلطمن الخدود ویشققن الجیوب وینادین وامحمداہ
واعلیاہ الیوم مات محمد ن المصطفیٰ الیوم مات علی المرتضیٰ الیوم ماتت فاطمۃ الزہراؑ انتہی اور ایک روایت مین یون ہی
صاحت وشقت جیبا فلما سمعن النسوان خرجن الیہا باللطم مشققات الجیوب منشرات الشعور مخمشات الوجوہ فی دفعۃ
واحدۃ وعدت ام کلثوم مکشفۃ الراس حافیۃ الاقدام والنساء من خلفہا وہی مع ذلک تحن ویلطمن الخدود وجئن رات
جسد الحسینؑ ملقی علی وجہ الارض بلا راس وصاحت ام کلثوم وامحمداہ واعلیاہ وافاطماہ واقتیلاہ وااخاہ واقرۃ عیناہ
واجداہ وسکینۃ تندب واابتاہ الی آخر ما قال یعنے نکلین خیمہ سی حضرت سکینہ بنت جناب سید الشہداؑ دیکہا کہ گہوڑا اور
زین خالی ہی سوار سے اور گہوڑا آواز کرتا ہی اور ہنہناتا ہی اور نہین تہا وہ ہنہنانا اور آواز مگر گریہ وزاری کا چلانا اور
فریاد کی حضرت سکینہؑ نی اوسوقت اور پہاڑ ڈالی اوڑہنی اپنی اور آواز دی کہ واقتیلاہ یعنے افسوس ہای قتیل واابتاہ
یعنے افسوس ہای باباجان وحسیناہ افسوس ہای حسینؑ وامحمداہ افسوس ہای محمدؐ واعلیاہ افسوس ای علیؑ واغربتاہ افسوس
ہای غربت یہہ حسینؑ ہین کہ چہینا گیا عمامہ اور ردا اور نکلی باقیات الحرم اور بلند ہتین آوازین اونکی شروع سے یعنے ابتدا اوسوقت

کر دیکھا تھا اونہون نی گہوڑی کو خالی اور زین کو خالی سوار سے پس طمانچے مارتی تھین رخسار و نپر اور پہاڑتی تھین گریبان
اور پکارتی تھین وا محمداہ وا علیاہ گویا آج مرگئے محمد مصطفےٰ آج مرگئی علی مرتضیٰ آج مرگئین فاطمہ زہراء اور ایک روایت
مین ہی کہ جب گہوڑا آیا خالی سوار سے تو فریاد کے اور پہاڑ ڈالا گریبان حضرت سکینہ نی پس جب سُنا عورتون نی نکلین طمانچہ مارتی
ہوئین گریبان پہاڑتی ہوئین پریشان بال کرتی ہوئین مونہہ نوچتی ہوئین دفعتہً سب باہر نکل آئین اور مہیا و آمادہ ہین
ام کلثوم سر برہنہ پا برہنہ اور سب عورتین پیچھے اونکی اور وہ ساتھہ اسکی نوحہ کرتے تھین اور طمانچی مارتی تھین رخسارونپر
یہانتک کہ دیکھا جسم مبارک حسینؑ کو پڑا ہوا اوپر روے زمین کے بغیر سر مبارک کی اور فریاد کی ام کلثومؑ نی وا محمداہ وا علیاہ
وا فاطماہ و اقتیلاہ وا اخاہ وا قرۃ عیناہ وا جداہ اور سکینہ روتی تھین ندبہ کرتے تھین وا اباہ تا آخر بہت طویل ہے
نہین معلوم کہ منکران گریہ و بکای مصایب جگر گوشہ رسول مقبولؐ کو خدا رسولؐ سے مطلقا حیا نہین اور پنجون سے بہی شرم نہین
یہہ بہی خیال نہین کہ دعوی کرتے ہین سنت جماعت کا اور با وصفیکہ اپنی کتابونمین گریہ و بکا و فریاد و زاری و نوحہ و بیقراری
رسول و اہلبیت طاہرہ و جماعت ہای صحابہ و تابعین خبر شہادت جناب سید الشہدا پر کیا قبل از شہادت اور کیا بعد از شہادت
متواتر موجود ہی اور اسپر یہ شرم و حیا کہ لب بہ بدعت و کفر آشنا کرین حقیر خاص انکی عبد العزیز جیو کی کتاب سر الشہادتین سے
احادیث معتبرہ گریہ و بکای رسول مقبول ہم قبل از شہادہ بمجرد سماعت خبر اور ہم بعد شہادت خاک آلودہ اور چاک گریبان ہونا
اول لکھکر پہر اہلبیت و صحابہ و تابعین کا حال بلکہ گریہ و بکای زمین و آسمان و انس و جان و طیور و وحوش کتاب مذکور اور شرح کتاب
مذکور سے کچہہ کچہہ اور لکہتا ہی کہ ناصح صاحب جیسے منکرین مکابرین کی ادنی پڑہا لکہا آدمی بہی بخوبی ہٹی عزیز کرسکی عن ام الفضل
بنت الحارث قالت دخلت علی رسول اللہ یوما بالحسینؑ فوضعتہ فی حجرہ ثم حانت منی التفاتۃ فاذا عینا رسول اللہؐ تہریقان
من الدموع قال اتانی جبریل فاخبرنی ان امتی تقتل ابنی ہذا و اتانی بتربۃ حمراء اخرجہ الحاکم و البیہقی یعنے ام الفضل دختر
حارث سی ہی کہ ایک روز حسینؑ کو پیغمبر خداؐ پاس مین لیگئی اور اونکی گود مین بٹہلا دیا پہر کیا راتفاق پڑا مجہسے التفات آنحضرت
کا پس ناگاہ دونو آنکہین پیغمبرؐ کے آنسو بہاتی تہین پس فرمایا کہ جبرئیلؑ آئے میرے پاس اور خبر دی مجھکو کہ ہر آئینہ میری
امت مار ڈالیگی اس میرے فرزند کو اور مجہی خاک سرخ دی اوسکی مقتل کے اور اوسی کتاب مین اور بہی تاریخ الخلفا مین ہے
عن ابن عباسؓ قال رایت النبیؐ فی النوم ذات یوم بنصف النہار اشعث اغبر بیدہ قارورۃ فیہا دم فقلت ما ہذہ قال
دم الحسینؑ و اصحابہ لم ازل التقطہ منذ الیوم فاحصی ذلک الوقت فوجدت قد قتل ذلک الیوم اخرجہ احمد و البیہقی یعنی
ابن عباسؓ سی ہی کہا کہ دیکھا مینی پیغمبر خداؐ کو ایکدن دوپہر کو خواب مین پریشان مو غبار آلودہ ہاتھہ مین حضرت کی شیشہ
ہیح اوسکی لہو پس کہا مینے کہ یہ کیا ہی فرمایا حضرتؐ نی کہ خون حسینؑ کا اور اوسکی اصحابؓ کا کہ اوٹہاتا رہا مینی اور اٹہا کیا ایسکو
شروع روز ہذا سی ابن عباسؓ کہتے ہین کہ پس نگاہ رکہا مینی اوسوقت کو پس دریافت کیا مینی اور پایا مینے کہ تحقیق قتل کیے گئی
تہی امام حسینؑ اسی روز کہ یہ خواب دیکھا مینے اور اسی کتاب مین ہی عن ام سلمہؓ قالت رایت رسول اللہ فی المنام و علی راسہ و لحیتہ
التراب فقلت ما لک یا رسول اللہ قال شہدت قتل الحسینؑ آنفا اخرجہ الحاکم و البیہقی یعنے ام المومنین ام سلمہؓ فرماتی ہین کہ مینے
دیکھا رسول خداؐ کو بیچ خواب کی ایسی حالت سی کہ اونکی سر مبارک پر اور ریش مبارک پر اونکی خاک تہی پس عرض کئے مینے کہ کیا حال

حال آپکا ہی ای پیغمبر خدا کی فرمایا کہ ابہی مقام قتل حسینؑ مین مین حاضر تہا اور شرح مین مولوی سلامت اللہ مرید خاص
عزیز یہ اس مقام مین جو لکہتے ہین مضمون مناسب محل اور واسطی بصفر اشکی ناصح حبیب حبیبہ کی ضرور متصور ہے چونکہ عبارت
فارسی ہے بعینہا لکہا جاتا ہی وہو ہذا بر ناظرین اسفار اخبار و آثار مخفی و مستتر نخواہد بود کہ چون صدای نالہ عباسؓ
کہ روز بدر الیت نزا ہمراہ کفار مکہ اسیر کردند جناب رسالت مآب را تمام شب از خواب باز داشت حال پر ملال جناب رسول خدا
متعال را در معرکہ کربلا قیاس کردنی ست کہ از تشنگی عترت طاہرہ و قتل و قمع نونہالان گلشن رسالت و نبالت خاصہ
گل سرسبد چمن نبوت و امامت یعنی امام حسینؑ و رفتن اہل بیت بر شتران خشک پالان و نزول مصائب بیکران بسر وقت
زنان و یتیمان بر روح مقدس رسول پیغمبران چہ گذشتہ باشد پرانی پریشانی موی سر مبارک و غبار آلودگی جسم مقدس و التقاط
خون حسینؑ و یاران او از زمین و داشتن در شیشہ و خاک آلودہ بودن سر و ریش و حاضر شدن بمقتل حسینؑ چنانکہ در روایات
ابن عباسؓ و ام سلمہؓ ہست چہ عجب بلکہ ہرگاہ آواز گریہ حسنینؑ در طفلگی آنحضرت را ایذا رسانیدہ و حضرت سیدۃ النساءؑ
در این خصوص بخطاب نمیدا کہ گریہ حسینؑ مرا ایذا میرساند مخاطب گردانیدہ سنوح سانحہ کربلا را چہ باید گفت کہ از ابتدای آدم تا
این دم چنین بماطلہ احدی چشم ندیدہ و نہ بگوش شنیدہ اگر قیام قیامت موقت بوقت خودش نمی بود جای آن بود کہ آن
روز جگر آسمان پارہ پارہ شدہ قطرات [illegible] بر زمین چکیدی و دامن زمین ہمچو کتان از ماہ چاک چاک گردیدہ از ہم
پاشیدی خون باریدن آسمان و سیاہ شدن جہان و غیر آن از حوادث زمان کہ بیانش می رود در چہ حساب است اخرج
البیہقی و ابو نعیم عن نضرۃ الازدیہ قالت لما قتل الحسینؑ مطرت السماء دما فاصبحنا و حبابنا و جرارنا و کل شیء لنا ملآن
دما نضرہ ازدیہ نی کہا کہ جب شہید ہوئے امام حسینؑ تو آسمان نی خون برسایا پس صبح کی ہمنی کہ مٹکی اور ٹہلیان ہماری
اور ہر ظرف ہمارے ہر چیز ہماری خون سی بہری ہوئی تہی اخرج البیہقی و ابو نعیم عن الزہری بلغنی ان یوم قتل الحسینؑ لم یقلب
حجر من احجار بیت المقدس الا وجد تحتہ دم عبیط بیہقی اور ابو نعیم نی لکہا ہی زہری سے کہ کہا مجہکو پہونچا ہی تحقیق جسدن کہ
شہید کئے گئے امام حسینؑ تو کوئی پتہر پتہرون بیت المقدس سی نہین حرکت دیا گیا مگر پایا گیا ہو نیچی اوسکی خون تازہ نہایت
سرخ و اخرج البیہقی عن ام حبان قالت یوم قتل الحسینؑ اظلمت علینا ثلثا و لم یمس منا احد من زعفرانہم شیئا یجعلہ علی وجہہ الا
احترق و لم یقلب حجر الحدیث اور بیہقی نی ام حبان سے حدیث استخراج کی ہی وہ کہتی ہی کہ جسدن امام حسینؑ شہید ہوئی تاریکی
ہوگئی ہمپر تین دن تک اور کوئی نہین ملتا تہا ہم مین زعفران اپنی کسی چیز کو کہ ملی اپنی مونہہ کو مگر جلتا تہا اور نہین
اوٹہا گیا کوئی پتہر بیت المقدس کا مگر یہ کہ پایا نیچی اوسکی خون سرخ تازہ اخرج البیہقی عن علی ابن مسہر قال حدثتنی جدتی قالت
کنت ایام قتل الحسینؑ جاریۃ شابۃ فکانت السماء ایاما تبکی لہ بیہقی نی یہ حدیث نکالی ہی علی ابن مسہر سے کہا کہ خبر دی مجہی میری
جدہ نی کہ روزہای شہادۃ امام حسینؑ مین لڑکی نوجوان تہی پس روتا آسمان کئی دنون حسینؑ پر اور شارح لکہتا ہی کہ باید
دانست کہ روایات عدیدہ در باب گریہ آسمان از سلف منقول است چنانچہ ابن جوزی از ابن سیرین روایت کردہ کہ روز قتل
حسینؑ تا سہ روز دنیا تاریک ماندہ و بعد از ان سرخی در آسمان ظاہر شد و از ثعلبی منقول است کہ آسمان بر حسینؑ گریہ نمود
و گریہ آسمان سرخی اوست و گویند کہ آسمان تا شش ماہ سرخ ماند و ابن سیرین گفتہ کہ سرخی شفق بر کنارہ آسمان کہ محسوس

یافت بعد قتل حسینؑ حادث شد و قبل ازین سرخی نبودی و وجودی بر آسمان ندیشت وازابن سعد نیز مرویست که سرخی
شفق برافق آسمان قبل از شہادت شاہ شہیدان مرئی و محسوس نبوده وابن جوزی گفته که حکمت در سرخ شدن آسمان آنست
که چون از عروض غضب خون بجوش مے آید موجب سرخی رنگ چہره می گردد و ذات باری عز اسمہ که منزه از جسم و لوازم آنست
لہٰذا غضب خود را بذریعہ سرخی کناره آسمان ظاہر کرد تا این سرخی شفق دلیل روشن بر عظمت معصیت قاتلان حسینؑ و
ظہور رنگ غضب الٰہی بالیشان باشد و بعضی گویند که بعد قتل حسینؑ تا ہفت روز آسمان گریہ کرد و گریہ او بمرتبہ رسیده
بود که از سرخی آسمان دیوارہا و عمارات ہا ہمرنگ گل معصفر گشته بود و کواکب و شواہب از آسمان چندان بارید بلکہ بزمین
افتاد و در روز قتل حسین خون از آسمان بارید که مدتی نشان آن بر زمین باقی ماند و ہر ثوبی و لباسی که رنگین بخون
آسمان گردید سرخی رنگ آن تا پاره شدن روی زوال ندیده بعضی روایت کرده اند که روز قتل حسینؑ از آسمان
خون بارید که از خانہا و کوچہ تا خراسان و شام و کوفہ روان بود و سر حسینؑ که بدار الامارة کوفہ در آوردند و نہادند
از دیوار خانہا خون روان گردید و بر آمدن خون تازه بہ غایت سرخی از زیر سنگہای بیت المقدس و احتراق زعفران
بروایت زہری و ابن حبان مذکور است و مرویست که روز قتل حسینؑ آفتاب کسوف گرفت که ستارہا در نیم روز نمودار شدند
و مردمان گمان کردند که قیامت قائم گشت و این از اعاظم علامات است اور علی ہذا القیاس جلال الدین سیوطی شافعی ذکر خلافت
یزید مین لکھتا ہی پہر شیخ عزیز ناصح جیو لکھتا ہی واخرج ابو نعیم عن حبیب بن ثابت قال سمعت الجنیة تنوح علی الحسین وہی
تقول شعر مسح النبی جبینه فله بریق فی الخدود ابواه من علیا قریش وجده خیر الجدود یعنی ابو نعیم اصفہانی حبیب
بن ثابت سی لکھتا ہی کہا حبیب نے کہ سنا مینی جنیہ کو کہ نوحہ کرتی تہی حسینؑ پر در انحالیکہ کہتی تہی مسح کیا اور بوسہ
دیا پیغمبر خداؐ نی پیشانی اوسکی کو پس تہا واسطی اوسکی چمکارا بیچ رخسارونکی باپ اور ماں اوسکی عمدۂ قریش سے اور نانا
صاحب اوسکی بہترین نانا اون کی اور تاریخ الخلفاء جلال الدین سیوطی میں یہہ تمام حدیثین حال خلافت یزید مین کہ خلفاء
اثنا عشر ناصح صاحب مین سی ہی موجود ہین دیکہہ لین واخرج ابو نعیم من طریق حبیب ابن ثابت عن ام سلمہؓ قالت ما
سمعت نوح الجن من یوم قبض النبیؐ الا اللیلة وما اری ابنی الا قد قتل یعنی فقالت لجاریتہا اخرجی فاسئلی فاخبرت انہ قد
قتل وان الجنیة تنوح شعر الا یا عین فاحتفلی بجہد ومن یبکی علی الشہداء بعدی علی رہط تقودہم المنایا الی متجبر فی
ملک عبدی یعنی ابو نعیم نے استخراج کیا ہی اس حدیث کو طریق حبیب سے ام سلمہؓ سے ہی کہتے ہین کہ نہین سنا مینی نوحہ جن کا
اوس روز سی کہ وفات پائی پیغمبر خداؐ نی یعنے روز وفات پیغمبر خداؐ کو نوحہ جنونکا سنا تہا اوسکی بعد پہر نہین سنا مگر
آجکی رات اور نہین دیکہتے مین مگر یہ کہ فرزند میرا حسینؑ قتل کیا گیا پس کہا واسطی لونڈی اپنی کی کہ باہر جا تو اور پوچہہ تو
پس خبر دی لونڈی نی کہ تحقیق قتل کئے گئے امام حسینؑ اور تحقیق جنیہ نوحہ کرتی ہی آگاه ہو ای آنکہہ پس گریہ وزاری
کر ساتہہ کوشش کے اور کون ہی کہ روئے اوپر شہیدون کے بعد میرے اوپر گروه کے کہ کہینچتے ہے اونکو موت طرف ظالم سرکش
کے بیچ سلطنت زمانہ میری کی اور پہر شارح مذکور ایک اور حدیث کا ترجمہ لکھتا ہی کہ حضرت ام سلمہؓ بعد یافت
این ماجرا القدر گریست که از ہوش رفت و تا دیر غشی بر وطاری ماند اور شارح حال زید بن ارقم صحابی رسول مقبولؐ کا

کا حال مجلس ابن زیاد مین لکہتا ہی کہ زید بن ارقم کہ از صحابہ کبار در ان مجلس حاضر بود گفت کہ ای ابن زیاد چوب خود را از دندان
حسین بردار و بار دیگر بر آن مزن بخدا کہ من بارہا دیدہ ام کہ رسول خدا لب و دندان حسین را می بوسید بعد ازان زید بن ارقم
خود را بدست گریہ سپردہ سیلاب خون از جوی ہر دو دیدہ روان کرد انتہی موضع الحاجہ بہی شارح مذکور لکہتا ہی در مناقب السادات
منقول است کہ دران عشرت کہ سر مبارک حسین پیش یزید پلید بردند لعین در ساغر میخورد و سر مبارک را بانواع اہانت
میکرد خبر بعض اصحاب رسول رسید گریان آمدند و گفتند ای ملعون چہ می کنی ایشان را حکم قتل کرد و جماعت صحابہ را آخر در گردن بزد
انتہی موضع الحاجہ اور واقدی اپنی تاریخ مین لکہتا ہی کہ جب سر مبارک جناب سید الشہداء اور اہل بیت طہارت مانند اسیران
مدینہ منورہ مین لائی گئی تو کوئی متنفس مدینہ مین باقی نہین رہتا مگر یہ کہ شہر کے باہر سب گئی دراثنا ایک آواز بلند تہی ساتہ گریہ
و بکا کی اور زینب بنت عقیل بن ابیطالب جو مدینہ منورہ مین تہین نقاب اوتہون لی سو نہہ پر سی پہینک دی تہی اور بال پریشان کئی
ہوی باہر آئین اور باواز بلند کہتی تہین واحسیناہ وا اخوتاہ وا ویلاہ وا محمداہ بعد اسکی کہتی تہین ماذا تقولون ان قال النبی
لکم ماذا فعلتم و انتم آخر الامم باہلبیتی و اولادی اما لکم عہد اما انتم توفون بالذمم ذریتی و بنی عمی بمضیعۃ منہم اساری و قتلی
مضرجوا بدم ما کان ہذا جزائی اذ نصحت لکم ان تخلفونی بسوء فی ذوی رحم حاصل معنی یہ ہین کہ کیا کہوگی تم اگر کہوینگی پیغمبر خدا
تمکو کہ کیا کیا تمنی حال آنکہ تم آخر سب امت کی تہی ساتہ اہل بیت میرے اور اولاد میرے کے آیا تہا تمہارے لئی عہد نہین ہو تم کہ وفا
کرو ساتہ عہدون اور ذمونکی ذریت میریکو اور پسران عم میرونکو ساتہ ضایع کرنیکی بعضے انمین سی قیدی بعضے مقتول کہ ملا
گئی ساتہ خون کے جبکہ نصیحت کے مینی تمکو تو نہین تہی یہہ جزا میری کہ پیچہی میرے بدی کرو بیچ خویش و اقربا و ذوی رحم میرے کے
اور شارح سر الشہادتین ہر تبا لبعض ان اشعار کا بطریق لیسیر کوفہ مین زبانی جناب ام کلثوم بنت مولای مومنین علی ابن ابیطالب
کے لکہتا ہی اور شعر اخیر وہان یون ہی کان جزاء ما نصحت لکم ان تخلفوا فی النبوۃ من ذوی رحم یعنی گویا کہ بدلا اوس
چیز کا کہ نصیحت کی تہی مینی تمکو یہ ہی کہ مخالفت کرو تم بیچ نیابت کی ذوی رحم میرے سی اور کتاب راحۃ القلوب کہ در حقیقت تو
ملفوظات شیخ فرید الدین سی ہی اور تالیف ہی سلطان نظام الدین کے اوسکی مجلس بست و ہفتم ذی الحجہ مین ہین ایک
یہ کہ پیغمبر خدا فرمود کہ جبرئیل بمن گفت امتیان تو از برای حسین تعزیتہا کنند و ماتمہا دارند کہ صفت آن ہر زبان بیان
نتوان کرد انتہی دو سری یہ کہ علی و رسول با ہم بگریستند و این سخن با ہم می گفتند و شاہزادگان را در کنار می گرفتند
و علی دلی نعرہ میزد کہ ای غریبان من نمی دانم کہ حال شاہزادگان روز چہ خواہد بود انتہی تنبیہ واضح ہو ناصح صاحب
در اوسکی احزاب کو کہ شہادۃ حضرت حمزہ رضی مین شہیق رسول خدا حدیث مصرحہ پہلے دوا ضمیمہ ہی یعنی نعرہ زدن اور شہیق
مولا مومنین علیہ السلام اس جگہ سی اور شہیق و صلق ہم معنی ہین اس جگہ سی بہی بکمال ظہور ہی کہ بموجب قاعدہ ما من عام الا و قد خص حدیث
لیس منا من صلق الحدیث لنبت ان ابرار اور ایسی مصیبت دینی کی شہیق و صلق و جزع و فزع کے مانع نہین نہین تو معاذ اللہ
رسول و نفس رسول و اہل بیت و عترۃ رسول و اصحاب وغیرہم کہ تصریحات مرقومہ تعدادسے متواتر ہویدا ہوا کیونکر اس معصیت
کی مرتکب ہوی ہونگی فافہموا و تدبروا چنانچہ اسی جگہ ہی خود ناصح صاحب کی ہان کہ مجلس مذکور مین لکہا ہی شیخ فرید الدین
فرمودند کہ بزرگے بود در بغداد بیش از قصہ گشتہ شدن امیر المومنین حسن و حسین می گفتند چندان سر خود را

بدوستی خاندان رسول بہ زمین زد کہ چون مردان شد بعد ساعتی بر زمین افتاد چون دیدند جان بحق تسلیم نمودہ بود
آنشب آن بزرگ بخواب دیدند کہ پیش امیر المومنین حسینؑ ایستادہ است پرسیدند کہ حقتعالی بتو چہ کرد گفت بیامرزید و فرمانداد کہ
چون تو دوستدار خاندان بودی بہشت آنست کہ در خدمت امیر المومنین حسینؑ باشی انتہی اور بیسوین مجلس مین کتاب مرقوم
کے بیچ کہ دربارۂ عشرہ محرم فرمودند کہ بیشتر مشائخ طبقات درین عشرہ بر نفس خود عذاب اختیار کردند و بعد ازان فرمود کہ
میدانید کہ درین عشرہ بر خداوندان عالم چہ گذشتہ است و فرزندان رسولؐ چگونہ زار زار گشتہ اند بعضے را از تشنگی ہلاک
کردند کہ قطرۂ آبی آن بدبختان بدان خداوندان ندادند چون درین سخن رسیدند نعرہ بزدند و بیہوش بیفتادند الخ اور اکثر
کی اشعار خاص امام شافعی ناصح صاحب مثل تاوب ہمی والفواد کئیب وارق عینی والرقاد غریب الخ اور اوصحابہ و تابعین کے
خاص کتب ناصح صاحب مین متواتر محتوی رونی اور پیٹنی کے موجود ہین حزر التطوالت استیعاب اونکا متعذر ہے سبط ابن جوزی
اور ابن جوزی کی تالیفات اور تاریخہای معتمد معتقد ایان ناصح صاحب مین دیکھنے سی حقیقت ظاہر ہوتی ہی ایک دو حدیث
معتبرہ بطریق نمونہ یہان لکھدیکاتی ہین اور حزر التطوالت صرف مختصر ترجمہ پر اکتفا ہی سبط ابن جوزی نقل کرتا ہی کہ ایک
شاعر جو کربلا مین پہنچا تو بہت گریہ و بکا کیا اور چند اشعار مرثیہ مین کہی جنکا شروع یہ ہی حسین المیوت جدک یا لیدی الخ
اور جب روتی روتی تھک گیا ہوئے شدۂ اندوہ گریہ سے سو گیا تو خواب مین پیغمبر خداؐ کو دیکھا کہ فرماتی ہین یا فلان جزاک اللہ
عنی خیرا البشر فان اللہ قد کتبک ممن جاہد بین یدی الحسینؑ یعنے تجھی جزا دی خداتعالی مجھسے بہترین جزا ہی بشارۃ ہو
تجھی کہ تحقیق خداتعالی نی لکھا تجھی اوس شخص سے کہ جہاد کیا اوسنی روبرو حسینؑ کی اور یاقوت حموی جسکو ابن خلکان تک
متعصب ظاہر کرتا ہی کتاب معجم الادبا مین بیچ ترجمہ علی ابن عبد اللہ بن وصیف الناشی کے لکھتا ہی کہ ابن عبد الرحیم کہتا ہے
کہ حدیث کی مجھسے صالح نی یعنے کہا کہ ۳۴۶ ہجری مین اپنی باپ کی مسجد کبود بغداد مین مین گیا تو مسجد لوگون سی بہری ہوئی تہی
ناگاہ ایک شخص آیا عصی ہاتھ مین مشک پاس اوسکی بہت پریشان حال نہایت نرم آواز سی تمام جماعت حاضرین پر سلام
کیا اور کہا کہ مین ہون بہیجا ہوا فاطمہ زہرا علیہا التحیۃ والثنا کا لوگون نی کہا مرحبا بک و اہلا اور اوسکو محل رفیع مین بٹھلایا
بالجملہ اوسنے سوال کیا کہ تم لوگ احمد مزدق نوحہ گر کو بہی پہچانتی ہو لوگون نی کہا کہ وہ یہین بیٹھا ہی تب اوس شخص نے کہا
کہ مینی فاطمہؑ کو خواب مین دیکھا اونہون نے فرمایا مجھسے کہ تو بغداد کو جا اور احمد مزدق کو کہو کہ نوحہ کری میرے فرزند کی لیے شعر
ناشی کہ کہتا ہی بنی احمد قلبی لکم یتقطع بمثل مصابی فیکم لیس یسمع اور اتفاقا ناشی شاعر بہی وہین حاضر تہا بمجرد استماع
اس حکایت پر مصیبت کی طمانچہ عظیم اپنی مونہہ پر مارا اور سب لوگون نی اوسکی متابعت کی یعنی سب اسیطرح پیٹنے لگے ناشی اور
مزدق سب سے زیادتی کرتے تہی پہر اوسوقت سا تہہ اس قصیدہ کی نوحہ کیا یہانتک کہ وقت ظہر داخل ہو گیا لوگ نماز ظہر کو
اوٹہی اور بہت کوشش لوگون نی کی کہ اوس شخص کو کچہہ دیوین اور وہ لیوی لیکن ہرگز اوسنی کچہہ نہ لیا اور قسم کہائی کہ
اگر تمام دنیا عوض مین اس پیغام رسانیکے مجھی دیوین تو ہرگز نہ لون کیونکہ مین جایز نہین جانتا کہ پیغام پہنچاؤن فاطمہؑ
جگر گوشہ رسولؐ کا اور عوض مین اس رسالت کی کچہہ لون غرض کچہہ نہ لیا یاقوت حموی لکھتا ہی کہ اوسی شعر مین اس
قصیدہ کی الحاصل کہ منصف باتمیز غور کری اور دیکہی اس تمام حال گریہ و بکا اور پیٹنی تک کو اور دیکہی روایت سابق جون

کہ خاص بشارت دینا پیغمبر خدا کا ایسی حالات پر خود واسطی لکہی جانی ایسی نیکو کار کے ہیچ فرد اسامی مجاہدین کے
معتقد ایان ناصح صاحب لکہتی ہین یا شیوخ کتب ربعہ جلال الدین سیوطی شافعی مرثیہ طویل ابی الاسود الدولی کا واسطی مولای
مومنین کے جو تاریخ الخلفا مین ذکر حالات جناب مولای مومنین ع مین لکہتا ہی دیکہین اور تشرما دین کہ بعد شہادت حضرت
کی شروع اوسکا حذراً للطوالة اشارةً لکہا جاتا ہی الا یا عین ویحک اسعدینا الا تبکی امیر المومنینا اور صدہا اس قسم کے
مرثیہ خود ناصح جیو کے ہان موجود ہین المختصر کہ تمام مقاتل مین سب کے ہان مصرح ہی کہ کیا بعد قتل شہدا ظالمون نے کیا رستہ مین
کوفہ و شام کی کیا بر وقت ملاحظہ سر مبارک جناب سید الشہداء مجلس ابن زیاد و یزید مین دختران جناب سیدة النساء فاطمہ زہرا
کہ ہم اہل بیت طاہرہ ہم صلبیہ و جگر گوشہ رسول نعرہ واجداہ وا محمداہ واویلاہ بلند آواز تہین صاحب مواہب علیہ الرحمہ
مین لکہتا ہی کہ مجلس یزید پلید مین جناب ام کلثوم نعرہ واویلاہ فرماتی تہین انا دیک یا جداہ یا خیر مرسل حسینک مقتول
و نسلک ضایع اور بعد نقل تمامی خطبہ کہ جناب سید ساجدین نے مسجد جامع مین مجمع عام مین بفصاحت و بلاغت سر منبر ادا
کیا اور تمام گروہ حضار اصحاب و تابعین حتی کہ شامیان خارجین و متعصبین تک باواز بلند مشغول گریہ و زاری ہوے
اور یزید نی خوف غوغای عام سی خطبہ کو ناتمام چہوڑ کر موذن سی اذان شروع کروا دی اور جناب سید ساجدین کو بہی
اوسوقت اتنا گریہ و بکا طاری ہوا کہ حسب تصریح صاحب مواہب مذکورہ عمامہ تک اوتار ڈالا اور گریبان چاک کیا جو صاحب
مرقوم لکہتا ہی بعینہا عبارت بمقام حاجت لکہدیجاتی ہی کہ ناصح صاحب نصیحت پکڑین اور شرم کرین و ہی ہذہ زین العابدین
عمامہ از سر برداشت و نزد موذن افگند و گیسوہای مشکین پریشان کرد و گفت ای موذن بحق این محمد بر تو سوگند کہ یکزمان
توقف کن موذن دم در کشید زین العابدین ع روسوی یزید کرد و گفت ای پسر معاویہ این جد تو بود یا جد من اگر گوئی
جد تو بود کہ یزید ابن معاویہ ہستی دروغ گوئی ہمہ عالمیان دانند کہ دروغ گفتہ باشی اگر گوئی کہ جد من بودہ کہ علی ابن الحسین
ام پس چرا تو پدرم را کہ بہترین عترت رسول بود بقصد موسی کہ قتل کردند و مخدرات سرادقات عصمت
طہارت را چون اسارا از بلدہ بہ بلدہ بگردانیدند و مرا یتیم ساختی و رخنہ در دین جدم انداختی و با این ہمہ کلمہ میگوئی درو
بقبلہ می آری و نماز می گذاری پس دست بیرون کرد گریبان جامہ بدرید و گفت ای مردمان راست بگوئید ہیچکس ہست از
شما کہ جد او پیغمبر باشد غیر از من فریاد از مردم بر آمد و گریہ بر اہل شام ہم افتادہ و بعضے بیہوش شدند و قیامتی در مسجد
جامع پدید آمد یزید برپا خاست و بانگ بر موذن زد کہ قامت بگو انتہی موضع الحاجۃ اور اسی کتاب مین بعد ذکر
حالات حضرت سکینہ وغیرہ مراتب گریہ و بکا اور معذرت اور تعزیت پہونچانے یزید پلید کے لکہتا ہی کہ ام کلثوم اجازت
طلبید کہ خارج کوشک در شہر بمنزل رود و تعزیت اہل بیت بدارد یزید اجازت داد پس بمنزلے کہ جہت ماتم مقرر
کردہ بودند تشریف فرمود و زنان اکابر بتعزیت حاضر گشتند و او مرثیہ کہ در احوال زار اہل بیت و خوار شہدا گفتہ بود
میخواندند و خاتون عرب از عجم اہل بیت می زاریدند و اشک از دیدہا می باریدند و شروع قصیدہ ام کلثوم اینست ماتت
رجالی وافنی الموت سادا تی اور ہیچ حال بعد دفن شہدا مدینہ مین پہونچنے اہل بیت طاہرہ کے لکہتا ہی اہل مدینہ چون
خبر آمدن اہل بیت ع شنودند فغان و شور از ایشان بر آمد مہاجر و انصار از صغار و کبار حتی زنان و کودکان

قرین نالہ زاری و قریب گریہ سوگواری با ہزار اضطراب و بیقراری باستقبال ایشان بیرون آمدند و چون زین العابدین و دختران
و خواہران حسین را بدیدند بہر درد دل و سوز جگر برسر و خاک غلطیدند و با دیدہ گریان و سینہ بریان مضمون این کلام بسمع اہل بیت
رسانیدند عالمی را جان درین ماتم پریشان گشتہ است خانہای دل ازین اندوہ ویران گشتہ است آفتابی از مدینہ رفتہ سوی
کربلا بالبسی کرب و بلا در خاک پنہان گشتہ است چشم ما ہمچون زرش در خون دل گشتہ است غرق حال ما مانند گیسویش پریشان
گشتہ است و در زہرۃ الریاض آوردہ کہ پنج نوبت در مدینہ جزعی و فزعی افتادہ کہ مردم گمان بردند کہ قیامت قیام
شد اول آن روز کہ حضرت رسالت در حرب احد بود و شیطان ندا دادہ کہ الا ان محمدا قد قتل خروش و فغان از مردمان و زنان
برآمد چنانکہ مخدرات حجرات رسالت و بنات ہاشم و بتول عذرا بی اختیار از مدینہ بیرون آمدہ و بجانب احد روان شدند دوم
روزیکہ حضرت سید کائنات افضل مخلوقات از حجرۂ فانی متوجہ روضہ رضا سبحانی شد ہیچ کس نبود از اہل مدینہ الا کہ در غم
و الم و غصہ و ماتم بودند سیوم وقتی کہ خبر شہادت علی مرتضیٰ از کوفہ باستماع اہل مدینہ رسیدہ آہ و فغان برکشیدند گویا
ماتم رسول تازہ شد چہارم زمانیکہ حسین عزیمت کہ کردہ بود بجانب کوفہ داشت و خواہران و دختران را می برد و اہل مدینہ
را وداع کرد پنجم وقتیکہ اہل بیت از شام در رسیدند و اہل مدینہ استقبال نمودہ تعزیت در گرفتند اما بدانکہ اہل بیت کہ بمدینہ
درآمدند از گرد راہ بروضہ رسول اللہ آمدند و باوازہ سوزناک از جگر چاک چاک نعرہ برکشیدند کہ واجداہ وا محمداہ وا سیداہ
میمیان خاندان توایم سوزان و گریان از غم فرزندان توایم محنت کشیدگان بادیہ ہجران توایم یا رسول اللہ برآر
از روضہ سر و بنگری اہل بیت خویشتن را از الم غمناک و حزین و در بلا دشمنان دین گرفتار آمدہ کس مبادا و چنان
بلا گرفتار چنین اہل بیت گریان و عریان بودند کہ ام سلمہ از حجرہ طاہرہ خود بیرون آمد نالہ و فغان کنان و
دختر حسین را کہ بیمار بود و ہمراہ آوردہ چون اہل بیت ام سلمہ را دیدند درد و سوز ایشان متضاعف شد و آہ و افغان از
تراوف گشت خواہران حسین و دختران ام سلمہ در کنار گرفتند و دختر شاہزادہ را پرسش بسیار کردند و بیان این تعزیت
کہ بر سر روضہ حضرت رسالت واقع شد از حد تقریر متجاوز است اقاصی و ادانی مدینہ درین ماتم سہیم بودند و خاص و عام
ازین مصیبت در اندوہ عظیم مطلقا در جہان کون و فساد کس چنین تعزیت ندارد یاد ام سلمہ اہل بیت را بسیار تسلی
داد و کسانیکہ از غم حسین میگریستند وعدہ بثواب بسیار میفرمود و الحق گریہ بر حسین موجب غفران و سرور بہشت است انتہی
ناصح جیسو اور خوارج اور ان ناصح جیو ذرا شرم کریں گریبان میں سونہہ ڈال کر دیکھیں حال امہات مومنین اور ہمارے ایسے
اہل بیت طاہرہ کا اور بعد اسکی اپنی مانی ہوئی اولیا اللہ کا خاص جناب امام حسین کے لیے اور اوسپر خوشنودی اور شفاعت پیغمبر خدا
اپنی صحاح اور اپنی مقتداؤنکی تصریحات سی دیکھلیں کہ کیا وقت وفات و شہادت کیا بعد مرور ایام قلیل و کثیر گریہ
و بکا اور جزع و فزع اور ماتم داری واسطے رسول و اہل بیت طاہرہ کے خاص و عام کرتے رہے ہیں اور
اوسپر مثاب ہوئی ہیں اور احادیث اجر و ثواب اور حسنات اسپر کس قدر مروی اور ماثور ہیں کہ گذشتے
نمونہ از خروارے بیان ہوئیں پھر اس گریہ و بکا و ماتم کو بدعت اور سیئات تعبیر کرنا صاف داد دہی
کفر و نفاق کہنا چاہیئے یا کچھ اور فاعتبروا یا اولی الابصار اور ناصح جیو روشنی اور صرف زر کثیر کو شربت اور طعام وغیرہ

جزع و فزع [illegible]

[illegible] حال ام سلمہ کا [illegible]
اپنی صدیقہ کا اور اہل بیت

نے یہہ اسراف دیکھکر استعفا دیا اور خلیفہ جیونے ناصح جیو کی زید بن ثابت کو داروغہ کیا بیت المال کا آخر بیت المال تقسیم خویش و بیگانہ
مین ہوگیا صرف ایک لاکھہ درم یا قدری زاید جو رہ گیا تہا ایکدن زید بن ثابت کو دیدیا اور دختر حارث بن حکم سی جو بیٹی کا
نکاح کیا تو بتصریح پیر عزیز ناصح جیو ایک لاکھہ درم برسم ساچق بہیجدیا اور ام ابان اپنی دختر کا نکاح جو مروان بن حکم سے مطرود
ابن مطرود سے کیا تو ایک لاکھہ درم جہیز مین نقد دیا جسی یہ خاص باوا کا مال غیر بیت المال ظاہر کرتے ہین اور علاوہ اسکی لاکہون
روپیہ مرواںکو اور لوگونکو جو کہ درحقیقت خیانت حقوق مسلمین کے اور اسراف کو کام فرمایا اوسکی لینے اور چہپانیکو جو بعد کلام طویل
کے پیر عزیز ناصح جیو لکہتے ہین ہم چند فقرات ضرور لکہدیتی ہین کہ فاتحہ و نیاز و نذر رسول اور تعمیر امام بارہ اور امکنہ متبرکہ اور
اسباب تام جگر گوشہ بضعہ رسول مین کتنا ہی حسب استطاعت کوئی شخص دوستان رسول و آل طاہرہ مین سے صرف کری تو یہی توجیہ
پیر عزیز ناصح جیو عند العقلا و منصفین ناصح جیو کے دندان شکنے کے لئے کافی اور وافی ہے و ہو ہذا نیز دریجا دقیقہ باید دانست کہ انعام
و عطا و بخشش و بذل را برما لیکہ از آن این امور بعمل آید قیاس باید کرد اگر شخصے از لک روپیہ یک روپیہ بکسی بدہد یا صد یا ہزار
آنرا اسراف نتوان گفت زیراکہ نسبت ہزار با لکہ نسبت دہ با ہزار است و در جمیع امور عقلیہ و جمیع مراعات نسبت ہم مقتضائے عقل و ہم
حکم شرع است الی آخرہ بلکہ یہہ استدلال پیر و بال پیر دجال ناصح جیو تا تمام لی کمال ہی کیونکہ بذل اموال فی سبیل اللہ اور عطا
و بخشش و اطعام واسطی رضای خدا و رسول کے منحصر دہر تمول اور مالدار اور نسبت ہائے کذائی کے نہین ماہرین حقایق ایمانی
عاملین احکامات آیۂ مودۃ وغیرہا آیات قرآنی و ناظرین احادیث رسول سبحانی سیما حافظین حدیث لا یومن احدکم حتی اکون
احب الیہ من نفسہ و مالہ و ولدہ الحدیث اور حدیث لا یومن احدکم حتی اکون و اہلبیتی احب الیہ من نفسہ و مالہ و ولدہ الحدیث موجود
صحاح ناصح جیو اور صاحبان زہد و اتقا و متقین تفسیر آیہ یطعمون الطعام علی حبہ الآیہ او مضمون الذین ینفقون اموالہم باللیل
والنہار سرا و علانیۃ فلہم اجرہم عند ربہم الآیہ او مثل الذین ینفقون اموالہم ابتغاء مرضات اللہ الآیہ محبت رسول و آل رسول
مین نظر بر رضائے خدا و رسول صرف کرڈالین اور آپ بہوکی بہی رہین اور اس راہ مین صرف کرین تو یہی عین عدل و انصاف
جانتی ہین نہ کہ معاذ اللہ اسراف سبحان اللہ کیا داد دہی عناد و نفاق ہے اور شقاق با رسول و آل رسول ہی کہ خلیفہ حضرات
کا لاکہون درہم کا اسراف بیٹا بیٹی کے ساچق اور جہیز مین عمل مین لاوین داماد کو لاکہون درم حقوق مسلمین مین سے
دیدیوین تو یہہ اسراف نہین محبان آل طاہرہ جو بمقتضائے مودت آل رسول محنت مشقت کرکے اپنا خالص زر و مال فاتحہ
رسول و نفس و داماد رسول و اولاد رسول مین قربۃ الی اللہ با بتغاء وسیلہ صرف کرین وہ اسراف کہا جاوے ان ہذا لشی عجاب فاعتبروا
یا اولی الابصار بالجملہ تعمیر مسجد یا امام بارہ یا تیاری اسباب فرش فروش مین یا طعام دار فاتحہ رسول و آل رسول مین کہ عین
رضای خدا و رسول ہی کوئی عقیل و فہیم صرف زر کو اسراف نہین تعبیر کرسکتا اور یون شوکت و تجمل و حشم مجالس و منابر اور سامان
روشنی اور امکنہ متبرکہ امام بارہ تعزیت گاہ آل طاہرہ دیکھکر ناصح جیو جیسی فراخ چشم روشن دل تیرہ دلی اور تنگ حوصلگی
کو کام فرماوین اور سوخت و کباب ہو دین تو بقول پیر عزیز اونہین کے اس دانائی کا کچھہ علاج نہین وہ جو اونکی پیر عزیز
مقام مرقومۃ الصدر مین کلام پیر ملام بکمال صنعت کاری از طرف عثمانی ترنم کرتے ہین درحقیقت مصداق اوسکی خود ناصح
جیو اور احزاب و اخوان اونکی پیر عزیز جیو کی ہین و ہو ہذا این دانائی را علاجی نیست و اینکلام الشان بدان می ماند کہ جو

...ن در عہد احمد شاہ بادشاہ ملقب بابدالی درانیان در شہر دہلی درآمدند و اموال و امتعہ مردم را تصرف کردند ہر گاہ ...
...ن برآمدند و مساجد طلائی و عمارات منقش و مدارس و رباطات کہ ملوک و امرای آن شہر ساختہ بودند مید یدند بی اختیار کلمات
حسرت و افسوس از زبان شان می برآمد و بعضی چہرہ گریبان می نمود اہل شہر ازین بابت پرسیدند در جواب گفتند اے افسوس
حسرت ما ازین است کہ این ہمہ مال شاہ را چہ قسم ضایع کردند اگر کاش این اموال را ذخیرہ می گذاشتند بکار شاہ می آمد انتہی موضع
الحاجہ منبر کے پوشش اور رفعت اور صرف زر کثیرہ پر و اسطی منبر وغیرہ کے کہ بیان فضایل و مصایب آل طاہرہ کی لئی ہے
ناصح جیو پیچ و تاب کہاتی ہین اور سوخت و کباب ہوتی ہین اور حرف اسراف بی صرفہ زبان پر لاتی ہوئی نہین شرماتی سر اپا
... حرف تشنیع کو شاد فرماتی ہین بیشک اگر بنی امیہ کے مدایح اور معاذ اللہ سب اہل بیت کی لئی ہو تو خنکی چشم و راحت
قلب ناصح ہووے ذرا آنکہین کہولکی انسان العیون مین دیکہین علی بن برہان الدین شافعی محدث اوسکا اور صدہا محدثین
و مورخین کیا کچہ لکہتی ہین جس سے ہویدا ہی کہ اونکی خلفای سلمہ نے خاص منبر رسول کو مسجد مین کس کس پیش قیمت کپڑے سے
پوشش کے اور ارتفاع کو کام فرمایا اور کسقدر زر کثیر صرف کیا انسان العیون مین ہے وعثمان اول من کسا المنبر یعنے
عثمان پہلا شخص ہے جسنے پوشش کے منبر کو جامہ کتان باریک سی کہ مصر سے آتا ہی اور بہت بیش قیمت ہوتا ہی وعن الواقدی
ان امرأۃ سرقت کسوۃ عثمان للمنبر فاتی بہا الیہ فاعترفت فقطعہا ثم کساہ عبد اللہ بن زبیر فسرقتہا امرأۃ فقطعہا
کما قطعہا عثمان ثم کساہ الخلفاء من بعدہ اور واقدی سی ہی کہ ایک عورت نے چرالیا غلاف منبر کا جو کہ عثمان نے
چڑہایا تہا پہر اقرار کیا تو خلیفہ جیو نی ہاتہ اوسکی کاٹ ڈالی پہر پوشش کے عبد اللہ بن زبیر نے پہر چورایا ایک عورت نے
پس کاٹ ڈالا ہاتہ اوسکا عبد اللہ نی جیسی کہ اونکی حضرت عثمان نی کاٹا تہا پہر بعد اوسکی خلفا نی پوشش کے منبر کے اور
اسی کتاب مین ہی اول من اتخذ المنبر خمس عشر درجۃ معاویۃ الخ حذرا للطوالۃ صرف ملخص ترجمہ لکہا جاتا ہی الحاصل کہ معاویہ
پہلا شخص ہے جسنے پندرہ زینہ منبر کے کئے اور خاص منبر رسول کے چہ زینہ زیادہ کئی اور اوسکو کتان باریک سی اوسنے
بہی پوشش کے اور شام مین منگانا چاہا لیکن جب آسمان سیاہ ہو گیا شمس منکسف ہو گیا باد سیاہ شدید نمودار ہوئے
اوسوقت سب اس حرکت سی باز رہی اور اندلس مین دس ہزار پچاس مثقال سونا صرف منبر پر صرف ہوا و قس علے
ہذا صدہا روایات معتبرہ کتب تاریخ و حدیث مین بہری پڑی ہین کہ خلفا و امرا ناصح جیو لاکہون روپیہ اسطرح
صرف کرتے تہی دار الامارۃ اور مدارس اور سرای اور رباطات وغیرہا بصرف زر کثیر بناتی تہی اور صدہا مزار با کسوۃ
مکلف اور مقابر خاص اونکی مشایخ کبار اور پیرزادون کے بصرف زر کثیر شاہد حال ہین اونکی لئی اسراف کہین یا صرفہ
مگر ناصح صاحب یا تو دوسرے سنت معاویہ پر اس جگہ قیاسا عمل فرماتی ہین کہ اوسنے تجرید خانہ کعبہ کو کسوۃ سی کام
فرمایا چنانچہ جلال الدین سیوطی شافعی اولیات معاویہ مین لکہتا ہی ہو اول من اذن تجرید الکعبۃ وکانت کسوتہا قبل
ذلک الحاصل کہ معاویہ پہلا شخص ہے جسنے کعبہ کو غلاف سی برہنہ کیا یا ناصح صاحب سنت یزید پر قیاس فرماتی ہین
کہ جمیع مقاتل حسین شہید سے ہویدا ہی کہ جامہای فاخرہ امام معصوم مظلوم بعد شہادت لوٹ لئی اور جسم مطہر کو مجرد
از کسوۃ فاخرہ کیا یا ناصح جیو سنت متوکل کو کام فرماتی ہین کہ اوسنی قبر مطہر امام مظلوم کو منہدم کرنا چاہا تہا سو ناصح جیو

کسوت منبر اور انہدام منبر بیان فضایل امام مظلوم کے تجرید اور انہدام کی ساعی اور مرید ہین اور غافل ہین مضمون یریدون لیطفئوا نور الله
والله متم نوره ولو کره الکافرون اور روشنی قنادیل وغیرہ نہین معلوم ناصح جیو کس آیت و حدیث سے منع فرماتے ہین اور نہین
نہین معلوم کہ بیت خدا تک کی روشنی کے حدیثین بتصریح قنادیل وغیرہ کس تاکید اور ثواب کی ہین یہہ بیت نامزد اہل بیت کی روشنی
کو منع کرتے ہین مگر یہہ کہ قنادیل امام بارۂ نور عینین رسول الثقلین دیکھکر دیدہ و دل ناصح جیو کے تیرہ و تار اور بیتاب او رسوخت
و کباب ہوتے ہین ذرا جامع وغیرہ کتب جامع الاصول مین سنن ابی داود سے اور یہی صحیح ابن ماجہ مین ہے عن میمونہ مولاة النبی
قالت قلت یا رسول الله افتنا فی بیت المقدس قال ارض المحشر والمنتشر ایتوه فصلوا فیه فان صلوة فیه کالف صلوة فی غیره
قلت ان لم استطع ان اتحمل الیه قال فتهدی له زیتا یسرج فمن فعل ذلک فهو کمن اتاه اور شیخ عبد الحق دہلوی جو شرح سفر السعادة مین
لکہتا ہے اوسکی نقل سے اب احتیاج ترجمہ کے زیادہ نہین و ہو ہذا در جامع الاصول از ابی داود از حدیث میمونہ مولاة رسول
آوردہ کہ گفت گفتم یا رسول الله فتوی بدہ ما را در بیت المقدس یعنے اجازت دہ تا انجا بروم فرمود بیائید و را و بگذارید
نماز را در وی اگر نیائید بفرستید آنجا روغن زیت را تا بسوزند در قنادیل آن و این حدیث را سیوطی در جمع الجوامع از احمد بن
زنجویہ نیز آوردہ و زیادہ کردہ در وے کہ وی ارض محشر و منتشر است و نماز در وی برابر ہزار نماز است و ازین حدیث ثواب روشن
چراغ در مسجد و ثواب آن معلوم گردد و سخاوت در مقاصد حسنہ در این باب حدیثی مستقل نیز آوردہ کہ ہر کہ بفروزد چراغ در مسجدے از مساجد
ہمیشہ ملائکہ و حملۂ عرش استغفار کنند او را تا آنکہ روشنی چراغ در انجا باقی بود و گفتہ کہ این حدیث را حارث بن اسامہ در مسند خود آوردہ
انتہی بموضع الحاجة علاوہ اسکی نظم الدرر والمرجان فی سیر سید الانس والجان مین ہے لما قدم تمیم الداری المدینة صحبه قنادیل
وحبالا وزیتا علق تلک القنادیل بسواریه فاوقدت فقال له رسول الله نورت مسجدنا نور الله علیک اما والله لو کان لی ابنة
لانکحتها الحاصل کہ تمیم داری زمان رسول خدا مین مدینہ منورہ مین آیا تو قندیلین بہی ساتھ لایا اور روشنی کی تو آنحضرت صلعم نے
دعا فرمائی کہ جیسی تونے ہمارے مسجد مین روشنی کی خدا تعالی تیری اوپر روشنی کرے اور فرمایا اگر میرے بیٹی ہوتی تو تجہسے نکاح کر
دیتا اور اوسمین ہے اور مجالس الایمان محمد بن عمر نسفی مین بہی ہے جو کہ اکابر حنفیہ سے ہے عن انس بن مالک عن علی ابن ابیطالب
انه خرج لیلة فی شهر رمضان فوجد فی المسجد قنادیل معلقة فقال نور الله قبرک یا ابن الخطاب کما نورت مساجدنا اور کنز المواعظ
مین ہے عن علی ابن ابیطالب انه خرج فی اول لیلة فی شهر رمضان فسمع القرآن فی المسجد ورای القنادیل تزہر فی المسجد فقال نور الله
قبر عمر کما نور مسجدنا اور تذکرہ مین بہی یہی حدیث ہے مگر بجای قبر کے لفظ مضجع اور بجای مسجدنا کے مساجد الله آور غنیة الطالبین مین بہی
مثل حدیث مجالس الایمان موجود ہے اور علاوہ اوسکی غنیہ مرقوم ہے عن النبی صلعم من علق فی بیت من بیوت الله قندیلا لم تزل الملائکة
یستغفرون و یصلوا علیه ہم سبعون الف ملک حتی یطفی ذلک القندیل اور تحفة العلماء مین ہے کہ جامع اوسکا امام نجم الدین نسفی امام
ہے ناصح صاحب کا سئل ابو بکر الاسکاف عن ابی حنیفة عمن اسرج السرج وادقد القنادیل فی المساجد خصوصا فی شهر رمضان هل یجوز
ذلک قال نعم ومن منعها فقد اخطاء بالجملہ غرض استدلال سے احادیث مرقومہ کے قطع نظر موضوعیت بعض بعض مضمون اور بعض تمام
حدیث کے یہ ہے کہ ہونا قنادیل کا عہد کرامت مہد رسول مقبول صلعم مین اور کثرت روشنی اوسوقت مین خود احادیث صحاح ناصح جیو سے
کالشمس فے وسط النہار روشن و آشکار ہے اور ظاہر و باہر ہے کہ غرض اور غایت روشنی کے مسجد مین اظہار عظمت و جلالت خانہ

خانۂ رب العزت اور آرام دہ استراحت اسند روند مومنین زائرین خانہ خدا اور ظہور اثر محبت ہی کیونکہ جس آرایش کو آدمی
اپنی گہر کے لئی محبوب رکہتا ہی بپاس رضا و محبت خدا مع شئی زائد اوس آرایش کو خانہ خدا کے لئے محبوب رکہنا چاہیئے اور اجر اوسکا
اور خوشنودی خدا و رسول دعای پیغمبر خدا سی روشن اور ظاہر ہی تو علی ہذا القیاس امام باڑہ ہین کہ خانہ ہای نام زد آل طاہرہ
رسول خدا ہین حقیقت حال بروشن و آشکار ہی کہ انجام و مآل اوسکا بہی حسب مصرعہ ظاہر و باہر چنانچہ ناصح جیو کو خدا تعالے توفیق
نیک رفیق کریے تو آپ مدینہ منورہ مین جا کی دیکہین کہ کسقدر قنادیل روشن ہوتی ہین اور سوا اونکی بہی اونکی اہل محلہ
مولود شریف مین اور بتقریب مہدے اونکی حضرت غوث الاعظم کے کسقدر روشنے کرتے ہین اور عرس ہای مشایخ مین کسقدر روشنائی
ناصح جیو کی مونہہ مین شیرینی دیتی ہین فاعتبروا یا اولی الابصار ناصح صاحب مرثیہ خوانی پر کہ سوز سی پڑہی جاوین جو نام
شعر و غنا باکلام ملامت التیام مترنم ہین سے سر یا نک لحن لغویت اپنی ظاہر فرماتی ہین اصلا او مطلقا او نہین شرم نہین یہان کیا
قرآن کیا مرثیہ کیا کوئی چیز ہو اگر اوسمین غنا محرم غنای مطرب ہووے تو ممنوع و محظور شرعی ہین معدود ہے احادیث کتب
اہل حق اور رایہ ارشاد علما و مجتہدین کو دیکہین اور شرماوین کہ کسقدر ممانعت کو کام فرماتی ہین اگر اجازت ہی آواز
سوز و درد مین تو حسن صوت اور خوش الحانی کے اگر حسن صوت کو بہی ناصح جیو غنا تعبیر کرین اور شعر کو منع بتلاوین تو سراسر سفاہت
اور محض سوء فہمی اور بد نصیبی اونکی ہے حدیث زینوا القرآن بحسن الاصوات کہ بالاتفاق مروی ہی اور حدیث بخاری و مسلم عن ابی ہریرہ
قال قال رسول اللہ ما اذن اللہ لشیئ ما اذن لنبی حسن الصوت بالقرآن یجہر بہ اور حدیث بخاری اور سنن ابی داؤد و جامع الاصول
مین عن ابی بن کعب قال قال رسول اللہ ان من الشعر لحکمۃ وعن ابن عباس قال ان من البیان سحرا و ان من الشعر حکما و
عن عائشۃ کانت رسول اللہ یضع لحسان منبرا فی المسجد یقوم علیہ یفاخر دینا فحج وعن رسول اللہ وکان یقول ان اللہ یؤید حسان
بروح القدس ما نافح او فاخر اور حدیث مسلم و بخاری عن انس کان لرسول اللہ حادی یقال لہ انجشہ وکان حسن الصوت الحدیث
وغیرہا کوئی حدیث اس قسم کے ناصح جیو کے کانمین نہین پڑی بلکہ ناصح جیو کو تو در باب غنا اہل حق کے سنے آواز کام و دہان سے
نہین نکالنی چاہیئے تہی خدا کی واسطے اتنی بی شرمی کو تو کام نہ فرمانا چاہیئے یہان تو قرآن تک بہی اگر کوئی قاری بہ نہج
غنای محرم براہ غنائی مطرب پڑہتا ہی تو ممنوع و محظور ہے اور مرتکب اسکا ملوم و مطعون ہے اور متروک الاستماع علما کا ہوتا ہے
بلکہ قطع نظر ترجیع و تحریر مطربانہ کے بے ترجیع و تحریر بہی جسی عرف عام مین غنا کہین فتوا اوسکی بہی ممانعت کا ہی ناصح جیو
اپنی ہانکی خبر لین کہ احکام و مدارج تغنی فی القرآن کے حدیثین اونکی صحاح ستہ مین موجود ہین جو از بس ظاہر ہین کہ مخالف قرآن
ہین کیونکہ مفسرین فریقین کے لکہتے ہین کہ لہو الحدیث قرآنمین غنا ہی اور ابن مسعود و ابن عباس منقول ارشاد رسول معقول
قسمیے کہتے ہین کہ لہو الحدیث غنا ہی چنانچہ محدث دہلوی شرح سفر السعادۃ مین لکہتا ہے کہ مفسرین لہو الحدیث را غنا تفسیر
کردہ اند و گفتہ اند کہ ابن عباس و ابن مسعود سوگند خوردہ اند کہ مراد اینست و قول فضیل بن عیاض است کہ الغنا رقیۃ الزنا
اور شرماوین ناصح جیو فتوا دیکہکر ہمارے مجتہدین کے سیما ہمارے مجتہد العصر دام برکاتہم کے فتوؤنکو دیکہین کہ بعینہا
مطابق اسکے جا بجا ارشاد ہی تو صاف اور صریح ظاہر ہے کہ تغنی فی القرآن کے احادیث موجودہ صحاح ناصح جیو صرف
بسبب غنا پسندے اور تبعیت سیامری کی کہ اونکی خلفای جائرین و اغنیا اش طبعیت کے تہی اونکی عہد حکومت مین واسطے اجرای غنا کی

مثل اور احادیث موضوعہ مستہات کی احادیث حلت غنا بہی وضع ہو گئین کہ بشتر راوی بہی اس قسم کے حدیثونکے
میان ابوہریرہ یا صدیقہ ناصح جیو پائی جاوینگے ناصح جیو کو شرم نہین آتی فرماوین کہ راگ اور سماع اہل حق کے
ہان قوت روح شمار کیا جاتا ہی یا ناصح جیو کے ہان آیا سامعین راگ رنگ یا مزامیر منہیہ علما فضلا مشائخ و ائمہ ناصح
جیو ہین یا علما و مجتہدین شیعیان اہل بیت طاہرین بتلاوین کہ ڈہولکی یا طبلہ یا طنبورہ یا سارنگی پر کون ناچتا ہی کون
رقص کرتا ہے کون حلال لکہتا ہی بجز اونکی امام صاحبون شافعی او حنبلی وغیرہم کے یہانتک کہ اونکی خلفای جورنے اپنے
مزے کی لئی اپنی سماع غنا کی لئے پیغمبر خدا تک کو تو معاذ اللہ سامع غنا و مزامیر مقرر کردیا اور صدیقہ صاحبہ نے بیان واری
الیسی ہی اہل کردار کے احادیث سماع غنا اور دیکہنے رقص کے ظاہر کردین یا یہ کہین کہ اون بیچاریہ بہی بہتان ہی عرض
انکی صداقت کی حفاظت کرینگی تو باقی اور مقتداؤن کے لئی ناصح جیو کیا کرینگے ہر طرحسی ناصح جیو کو مشکل ہے ادہر خندق ہے
ادہر کنوان غرض بقول ہندیان اپنا اُلّو کہین نہین گیا اگر تفصیل ان باتونکی لکہی جاوی تو یہہ مختصر بہت مطول ہو جا
اسلئی کچہہ مختصر الطریق مشتے نمونہ از خروارا اونکی صحاح باعتبار اور ائمہ محدثین اور شیوخ کبار کے کلمات دکہا رسی تہوڑا سا لکہہ دیا
جاتا ہی اگر کچہہ تہوڑے سے حیا ہی ناصح جیو اختیار کرین تو اونکی لئے یہہ بہی بہت بسم اللہ اونکی مشکواۃ مین بخاری کی حدیث ہے
عن ابی ہریرہ قال قال رسول اللہ ما اذن اللہ لشیء ما اذن لنبی یتغنی بالقرآن اور یہہ خاص صحیح بخاری سے ہی وعنہ قال
قال رسول اللہ لیس منا من لم یتغن بالقرآن الحاصل کہ میان ابوہریرہ سے ہی کہ فرمایا رسولخدا نی کہ نہین اجازت دی خدانے
واسطی کسی چیز کے جو کہ اجازت دی واسطی نبی کے تغنی قرآن کے اور اوسی سے ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ نہین ہے مجہسے وہ
شخص جو تغنی نکری ساتہہ قرآن کے اور بہی حدیث مسلم و نسائی و بخاری ہی کہ عن عائشہ دخل علی النبی و عندی جاریتان تغنیان
الحدیث کہ سابق بالتصریح و توضیح معہ احادیث رقص و لعب تفصیل لکہی گئی ہی لاحظہ فرماوین اور شرماوین اور دیکہین سفر السعادۃ
مین اونکی مجد الدین فیروز آبادی نی تو قصہ ہی میٹ دیا لکہتا ہی کہ در باب ذم سماع حدیثی صحیح نشدہ علاوہ اسکی علی بن برہان الدین
شافعی انسان العیونین لکہتا ہی فی البخاری عن الربیع بنت معوذ انہ دخل علیہا غداۃ بنی و عندنا جویرات یضربن بالدف
یندبن من قتل من ابائہم یوم بدر حتی قالت جاریۃ و فینا نبی یعلم ما فی غد فقال النبی لا تقولی ہکذا و قولی ما کنت تقولین اور
بہی اسی کتاب مین ہی خرجت جویرات من بنی من بنی النجار بالدفوف یقلن نحن جوار من بنی النجار یا حبذا محمد من جار فخرج الیہن
رسول اللہ فقال اتحببنی قلن نعم یا رسول اللہ فقال اللہ یعلم ان قلبی یحبکن و فی روایۃ انا واللہ احبکم قال ذلک ثلث و ہذا
دلیل لسماع الغنا علی الدف عن المرأۃ لغیر العرس ایضا و یدل لذلک ایضا ما جاء عن ابن عباس مرفوعا ان اصحاب النبی
جلسوا اساطین و جاءت جاریۃ یقال لہا سیرین معہا مزہر تختلف بہ بین القوم و ہی تغنیہم و تقول ہل علی و یحکم ان لہوت
من حرج فتبسم النبی و قال لا حرج ان شاء اللہ و ما روی عن عائشہ دخل علی رسول اللہ و عندی جاریتان عن جوار الانصار
تغنیان و فی روایۃ تضربان الحدیث الحاصل کہ پیغمبر خدا ایک دن ربیع بنت معوذ پاس تشریف لیگئے اور اوسکی پاس عورتین دف
بجاتی تہین اور روتی تہین اپنی باپونکو جو بدر مین مارے گئے تہے یہانتک کہ ایک نے کہا کہ پیغمبر ہم مین جانتا ہی کہ کل کیا ہی تب فرمایا
پیغمبر خدا نی کہ یہہ کہو اور وہی کہو جو کہتیان تہین اور ایکدن بنی نجار کے لڑکیان دف بجاتی نکلین اور کہتے

حدیث بخاری

حدیث بنی نجار

از انسان العیون

گہتی تہین یعنی جیسی یہان گیت گاتی ہین وہ یہہ کہتی تہین شعر نحن جوار من بنی النجار یا حبذا محمد من جار یعنے ہم لڑکیان بنی نجار کی ہین ای محبوب ہی محمدؐ جو کہ مسافت طی کرکے آیا پس پیغمبر خدا اونکی طرف تشریف لای اور فرمایا کہ تم مجھی دوست رکھتی ہو اونہون نے کہا کہ ہان دوست رکھتی ہین آپ نی فرمایا اللہ جانتا ہی کہ مین تمہین دوست رکہتا ہون اور یہ بات تین بار ارشاد کی اور یہ دلیل ہے واسطی سماع غنا کی دف کی ساتہہ سوای شادی کی کے بہی اور بہی دلیل واسطی اسکی حدیث ابن عباسؓ کہ ایک روز اصحاب رسولؐ رستہ مین درختونکی نیچی بیٹہی تہی ایک عورت آئی اوسکا نام تہا سیرین رباب لیی لوگونمین بجاتی تہی اور شعر گاتی تہی .ل علی ویحکم ان لہوت من حرج یعنی اگر مین لہو کے مرتکب ہون تو کیا کچہہ حرج ہی اسمین تب آنحضرتؐ نی تبسم فرمایا اور فرمایا کچہہ حرج نہین انشاء اللہ اور عائشہ سی ہی کہ میرے پاس تشریف لای آنحضرتؐ اوس حالت مین کہ دو عورتین عورات انصار مین سے غنا کر رہی تہین اور ایک روایت مین ہی کہ بجاتی تہین یا ناچتی تہین کہا جاوے مبارک ہونا صبح جسکو شوق سے گانا بجانا سننے مین کچہہ حرج نہین اونکی ہان لیکن ذرا شرما وین خدا اور رسولؐ سے اپنی لچہن اور اونکو تو نہ لگاوین اور بعد اسکی کی احادیث کی محدث مذکور لکہتا ہی واعلم ان السماع فی طریق القوم معروف وفی الجواذب الی المحبۃ معدود وموصوف وقد شوہد تاثیر السماع فی الحیوانات غیر الناطقۃ بل فی الاحجار ومن لم یحرکہ السماع فہو فاسد المزاج غلیظ الطبع وعن ابی البشرؓ ان الحبشۃ وابلۃ عن الحبشۃ وہم یلعبون ویرقصون ویقولون یا ایہا الضیف المعرج طارق لو مررت بآل عبد الدار لولا مررت بہم ترید قراہم منعوک من جہد ومن اقتار رای ولم ینکر علیہم وبہ استدل ائمتنا علی جواز الرقص حیث خلا عن التکسر فقد صحت الاخبار وتواترت الآثار بانشاد الشعر بین یدیہ بالاصوات الطیبۃ مع الدف وبغیرہ وبہ استدل ائمتنا علی جواز الضرب بالدف ولو فیہ جلاجل لاسیما لاظہار السرور وعلی جواز انشاد الشعر واستماعہ حیث خلا عن ہجو لغیر نحو فاسق متجاہر بفسقہ والخلاف انما ہو فی سماع الملاہی کالاوتار والمزامیر وخوف الفتنۃ من سماع صوت المرأۃ والامرد الجمیل انتہی موضع الحاجۃ اور اسی طرح بعض قسم کی ہذیان سرای کے مولانا فخر الدین زرادی ناصح صاحب کا کہ اجلہ خلفای سلطان المشایخ سی حضرت کی ہین اپنی کتاب کشف المفتاح من وجوہ السماع مین لکہتا ہی اباح السماع النبیؐ اور بعد ایک کلام طویل پر ملام کی لکہتا ہی وبہذا الاستدلال حل الامام الغزالی المزامیر علی اصوات الطیور التی یکون لہا حسن الترنم واباح استماعہا الحاصل کہ علی بن برہان الدین کہتا ہی کہ جان تو کہ سماع طریقہ قوم مشایخ رالیہ مین معروف ہی اور محبت کی کہینچنی والونمین گنا جاتا ہی اور وصف کیا جاتا ہی اور تاثیر سماع حیوانات مین جو حیوان غیر ناطق مین مشاہدہ ہوا ہے بلکہ پتہر وںمین تاثیر سماع مشہود ہے اور جسکو کہ سماع نہین حرکت مین لاتا وہ فاسد المزاج غلیظ الطبع ہی اور ابی البشر سی روایت ہی کہ پیغمبر خداؐ اور ابو بکرؓ چند حبشیون پہ گذرے کہ وہ مشغول لعب تہی اور ناچتی تہی اور گاتی تہی وہ شعر یا ایہا الضیف الخ اور آنحضرتؐ نی منع نفرمایا سو ساتہہ اسکی دلیل پکڑتے ہین ہماری اماموں نے اوپر جواز رقص کے باین حیثیت کہ کثرت سی نہو پس تحقیق اخبار وآثار صحت اور تواتر کو پونہچی ہین کہ پیغمبرؐ کے سامنے شعر پڑہی گئی ہین باصوات طیبہ معہ دف کی اور بغیر دف کی اور دلیل پکڑی ہے ہمارے اماموں نی اس سے اوپر جواز دف بجانیکے اگرچہ اوسمین جہانجہن ہو وین اور اوپر جواز شعر پڑہنے اور سننی کی باین حیثیت کہ ہجو مین نہو الا فاسق ظاہر الفسق کے ہجو مین ہو تو مضایقہ نہین اور نہین ہے خلاف مگر سماع ستار سارنگی طنبورہ وغیرہا مزامیر مین اور خوف فتنہ بن سماع صوت زنان اور امرد لی ریش کے بہی

خلاف ہی اور مباح کیا ہی راگ کو پیغمبر خداؐ نی اور صحابہ اسی استدلال کے محمل کیا ہی امام غزالی نے اصوات مزامیر کو اوپر صوت
طیور کے وہ وہ ہین کہ ہوتی ہی وسطی اونکی حسن ترنم اور سماعت کو اسکی مباح کیا المختصر کہ زیادہ مزخرفات انکی درباب حلت سماع
غنا اور رقص کے تماشی جیسی دیکھنے منظور ہون تو سیراولیا اور فوائد الفواد وغیرہ کتابین انکی دیکھی غرض مبارک ہی ناصح جیو کو
کہ ناچ گانا غزل پہ دف رباب جہانجہن وغیرہ بہی تو بموجب تصریح اپنی اماموں مصرحہ کے بلا خلاف دیکھین اور سنین اور تار
و مزامیر مین دو تو اہل خلاف بہی جسکی چاہین ساتہہ ہون لیکن اتنی تو شرم ضرور کہ مقتدا و ائمہ مخدوم تو لہو الحدیث منہیہ قرآن
کو جواذب الی المحبۃ بتلاوین اور مباح فرماوین اور مرثیہ جگر گوشۂ رسولؐ جو سوز سی صرف بحسن صوت بتاکید علام ترجیع و تحریر
مطرب پڑہا جاوی اوسپر ناصح جیو طعن کرین سبحان اللہ سبحان اللہ بالفرض والتقدیر اگر کوئی محبین جان نثاران رسول مقبولؐ
و نفس رسولؐ مین سی بقدر حق شناسی عظمت اجر و ثواب گریہ مصایب عظیمہ مظلوم کربلا شہید راہ خدا جناب سید الشہداؑ جگر بند
رسول خدا راحت جان علی مرتضی سرور سینۂ فاطمہ زہراؑ بضعۃ رسول خدا بفرض و تسلیم دعوی ناصح صاحب بکمال کثرت شوق و محبت
بخیال مزیۃ الجواذب الی الشوق والمحبت توجیہات مصرحہ محدثین محللین مرقومہ ناصح جیو اور قلت اثم غنا بجنب مقابلہ ثواب
حسنہ بکای مرقومہ باتفاق مضمون حدیث متفق علیہا سنی و شیعہ حب علی ابن ابیطالب یاکل الذنوب کما یاکل النار الحطب
غنا مین بہی مرثیہ پڑہی یا ماتم مین فرزند علیؑ کے دف وہل بہ نظر مزید شمول خوان نعمای حسنات تعزیت اور مرثیہ
حزن و بکا مرعی رکہی تو ہر چند علمای محدثین محتاط اور مجتہدین زاہدین با اتقا و احتیاط مذہب حقہ سیما حضرت مجتہد العصر والزمان
دام ظلہ نظر بر صیانت ظاہر شرع بسبب نہونی ایسی حدیث صریح کے بیچ کتب احادیث مذہب حقہ کے ہرگز اجازت نہین دیتی اور ہمیشہ
تحریرا اور تقریرا مؤکدا ابدا ارشاد رہتی ہین کہ فتاوا و تالیفات و بیاضہا موعظہ بتواتر و تکاثر شاہد حال اس مقال کے موجود
ہین لیکن ناصح جیو کو اسپر بہی اصلا دم مارنا اور مطلقا کان ہلانا نہین چاہیی اور نہین پوہنچتا مگر یہ کہ بقصد اغیظ اولیا قرار
عداوت اور انکار مودت جگر گوشۂ رسول معزز ولی ائمہ خویش باستغنا صحت احادیث اور مذہب مسلمہ اپنی مترنم ہوئین کیونکہ بر تحصیل
فہیم پر واضح ہی کہ ناصح جیو کی حدیث ابوہریرہ بخاری و مسلم کے تغنی قرآن کے بتصریح تام موجہ د استماع غنا نسبت پیغمبر خداؐ
بگواہی و اقرار صدیقہ صاحبہ ہویدا ہی کہ مشاہدۂ رقص حبشہ اور سماع رباب اور غنا صاف مصرح ہی کہ سیرین جو ربابہ نواز تہی
گاتی تہی اور بجاتی تہی آنحضرتؐ کی سامنی اور ارشاد کرنا حضرتؐ کا اوسی کہ لا حرج ان شاء اللہ بلکہ متبسم ہونا یعنی خوش ہونا حضرتؐ
کا ظاہر ہی جس سی کہ ائمہ ناصح صاحب استدلال کرتی ہین رقص و غنا کی حلت پر یہانتک کہ حلت و اباحت ضرب دف پر مع جہانجہ کے
حکم اباحت ہی اور سوای عرس کے بہی فتوی جاری ہی اور معاذ اللہ نسبت اسکی اباحت کی طرف پیغمبر خداؐ کے منسوب ہی اور خاص حدیث
بخاری ربیع بنت معوذ والی مین صاف لکہی موجود ہی کہ واسطی مقتولان بدر شہدای اہم ابیات رسول خداؐ کے جو بکا و نوحہ با ضرب
دف ہوتا تہا تو آنحضرتؐ نی خود فرمایا کہ ہان اوسی طرح کہو یعنی لہکہ بدستور جاری رکہا اور علاوہ اسکی زنان اہل بیت بخاری دف
نوازی اور غنا پرداز پر بخطاب محبوبیت محبوب خداؐ خطاب کی گئین موجود ہین جسپر محدث مقتدا ناصح جیو کے لکہتی ہین کہ یہ دلیل ہی
واسطی سماع غنا کی لہو پر دف کی عورت سی بغیر عرس کے بہی اور امام غزالی تک آپ کی صدای مزامیر تک بمحمل صدای طیور مباح بتلاوین
حالانکہ اوس سماع مین کوئی امر موعود بحسنہ نہین کہ اوسکی مترتب ہونی سے مستحق ہونا اوسکی اجر و ثواب کا لازم آوی اور مرثیہ

اور نیز ظاہر ہی کہ مرثیہ و ماتم مظلوم کربلا مین بسبب حزن و بکا بتصریح احادیث فریقین جنت اور رضای خدا و رسول موعود
پہر نہین معلوم کہ اس فضیحت شعاے پر ناصح جیو نی کیون ایسی صنعت کاریکو کام فرمایا مگر کیا چاہیی کہ ناصح جیو کو صرف تمام نامی
اہل بیت طاہرہ سی عداوت ہی کہ جو چیز اپنی ہان کیسی ہی جائز اور مباح ہو جہان نام نامی اہل بیت طاہرہ آیا یا کوئی اہل بیت
کا نام لیوا کوئی بہلی بات بہی کری یہہ بہلی بات کو بہی بُری اور حرام ہی کہین یہہ بہی نشانی ہی دیقانیت اشد کفر و نفاق کے
و بل ہذا الاشتقاق من اللہ و رسولہ الحق ناصح جیو سنت رسول صلعم کی تو ناحق مدعی ہین در حقیقت کمال قیام ہی اونکو سنت عمری
پر یہہ امتناع خاص اثر سنت عمری ہی کیونکہ وہ عادل خلیفہ اونکی پیغمبر خدا کے حضور پُر نور مین اسی طرح نصیحت کا ایسی شر آتے
تہی اور فضیحت ہوتی تہے انکا حال بیر و ان رسول و آل رسول صلعم سے دلیسا ہی کچہہ ہے اسکی نکتہ اور تہ آہین یہ ہی کہ وہان فضیحت
بزرگان و سلف عمر ہی ظاہر ہوتے تہی اونکی دلپر تیر لگتا تہا بیتاب ہوکر چپ نہ رہ سکتے تہی چلا پڑتی تہے یہان خلف الصدق
کے دلپر اونکی ظہور فضائل پر جہیان انکی ہین اسکی مانع ہوتی ہین تفصیل اجمال اس مقال بصدق اشتمال کے انکی کتب صحاح
سی حقیر ہویدا اور صغیر و کبیر کردیا ہی جو شخص چاہی جامع الاصول مین حرف شین کے دیکہہ سکتا ہی صحیح ترمذی
اور صحیح نسائی مین ہے عن انس بن مالک قال دخل النبی صلعم فی عمرۃ القضاء و عبد اللہ بن رواحہ یمشی بین یدیہ وہو یقول شعراً
خلوا بنی الکفار عن سبیلہ ‌ اليوم نضربكم على تنزيله ضرباً يزيل الهام عن مقيله ويذهل الخليل عن خليله فقال عمر بين يدي رسول اللہ
و فی حرم اللہ فقال صلعم خل عنہ یا عمر فہی اسرع فیہم من نضح النبل اخرجہ الترمذی و النسائی الحاصل کہ انس بن مالک کہتا ہی
کہ پیغمبر خدا صلعم عمرہ قضا کی لئی تشریف لیگئے تہے اور عبد اللہ بن رواحہ آگی حضرت کی چلا جاتا تہا اور یہہ شعر پڑہتا تہا جنکا
مضمون یہ ہے کہ بخطاب کفار ہین ای فرزندان کفار چہوڑو رستہ دور ہو آجکی دن ہم مارتے ہین تمکو بموجب تنزیل کے وہ ضرب
کہ دور کرتے ہی سر کو آرامگاہ تن سی اور بہول جاتا ہی دوست اپنی دوست کو اوسوقت عمر یعنی خلیفۂ عادل ناصح صاحب خلف
صالح نی کہا عبد اللہ بن رواحہ کو کہ روبرو رسول خدا صلعم کی اور خانہ کعبہ مین تو اسطرح اشعار پڑہتا ہی یعنی روکا اور منع کیا جیسے
ناصح صاحب اب منع فرماتی ہین اشعار مرثیہ کو تب خاص پیغمبر خدا نی فرمایا کہ مزاحمت نکر تو اوس سے ای عمر وہ اشعار تیز تر ہو یعنی
کفار کے دلونمین تیر مارنی سی بہی جلد اثر کرنیوالے ہین یعنی یہہ جہاد لسانی ہے ناصح جیو یاد رکہین اور شرما دین بالجملہ
ظاہر ہی کہ عبد اللہ بن رواحہ بموجب ارشاد رسول خدا صلعم خاص حرم خدا مین روبرو پیغمبر خدا صلعم کی اشعار مرثیہ پڑہتا تہا اور خلیفہ
ناصح صاحب کو وہ اشعار تیر اور نیزہ معلوم ہوئے اور مانع ہوئے اور دیکہلین کہ پیغمبر خدا صلعم کسطرح زجر و انہار کیا ای ناصح جیو
کو اور اونکی احزاب کو لازم ہی کہ عبرت پکڑین اور توبہ کرین ایسی کردار ممنوعہ سی نہین تو زمرۂ مشاقین رسول خدا صلعم
محشور ہونگی براہم اللہ و فعہم اللہ ناصح صاحب جو سب یا کو مخالف قرآن و اہل بیت لکہکر بہت طمطراق کو کام فرماتی ہین
محض بے وقوفی اور جہالت اونکی اپنی ہماری سب کی کتب فقہیہ سے ظاہر کرنے ہی زیادہ تفصیل فضیحت اپنی پیر عزیز بلکہ تمام اپنی اہل
نحلہ کے دیکہنی منظور ہو تو رسالہ مفید العوام مین کہ بسط و تفصیل سے بدلائل و براہین عقلی و نقلی خاص اسی باب مین ہی ملاحظہ
کرین اور عبرت پکڑین کہ سید برکت علی صاحب کی تالیفات سے مشہور رسالہ ہی بہت شایع ہی مختصر اس جگہ بمقام ذکر احادیث اور
اقوال خاص علمای ناصح صاحب کی کہ خود اونکی ہان سب یا جائز اور فعل رسول صلعم ہویدا ہے نقل کردیا جاتا ہی اب سُنا چاہیی وہ

حدیثین جو خود سنیونکی کتابونمین موجود مین جنسی صاف ظاہر ہی اور لازم ہی کہ بیشک پیغمبر صاحبؐ اور اہل بیتؑ اور اصحابؓ مسح کرتی رہی مین پاؤنکو آور کسینے اونہین رد نہین کیا اور صاحب تحفہ جیسے صنعت کارا وسطرف سی قدم چرا گئی اور نسیا منسیا کر گئی سو ہتوڑیسی بطریق نمونہ بحوالہ انکی کتابون صحیح و معتبر کے صاف ترجمہ سی لکہی جاتی ہین اور اقوال اونکی علماکی بہی جو قائل مسح کی ہوگئی ہین بتصریح اول لکہی جاتی ہین بہرحال بعضی گفتگو ونکا جو معانی آیۃ مین اونہون نی کیا ہی انشا اللہ تعالی لکہا جائیگا عینی شرح بخاریکی بہت معتبر کتاب انکی ہان ہی اوسمین اوسنی اکہٹی اتنی حدیثین جناب آنحضرتؐ سی روایت کین مین شارح مذکور لکہتا ہی کہ جو حدیثین بیچ مسح پاؤن کے روایت کی گئی ہین ایک اونمین سی حدیث رفاعہ بن رافع ہی اوسنی کہا کہ فرمایا رسولخدا نی کہ نماز ہرگز تمام نہین ہوسکیگی تم مین سے جب تک کہ تمام نکری وضوکو جیساکہ فرمایا ہی خدا تعالے نے پہر فرمایا پس دہونا چاہیے موہنہ اور دونو ہاتہہ کہنیون تک اور مسح کرنا چاہیے سر اور دونو پاؤن کعبین تک اور بہی اس حدیث کو کہا ہے حسن ابو علی طوسی نی اور ابو عیسی ترمذی نی اور صحیح کہا ہی اسی حافظ ابن حبان اور حافظ ابن حزم نی اور یہہ سب بڑے معتمد اور بڑے معتبر ہین انکی ایک اونمین سی حدیث عبد اللہ بن زید ہی اس حدیث کو استخراج کیا ہی ابن شیبہ نے اپنی مسند مین ابی عبد الرحمن سی اور اوسنی سعد بن ابی بکر سے کہتا ہی کہ حدیث کی ابو الاسود نی عباد بن تمیم سے اور اوسنی عبد اللہ بن زید سی کہ تحقیق پیغمبر خداؐ نی پانی سی وضو کیا اور مسح کیا دونو پاؤنپر اور ابن خزیمہ نی یہ روایت کی ابی زبیر سی اوسنی مقری سی یہ کتابین اور راوی انکی بہت معتبر ہین ایک اونمین سے حدیث ہی ابو مسلم کجی نے اپنی کتاب سنن مین حجاج سی روایت کی کہا کہ روایت کی حماد نی ابو جعفر خطمی عمر بن یزید سی اوسنی عمار بن خزیمہ بن ثابت سی کہ ایک شخص نے قیس سے کہا کہ پیغمبر خداؐ کے پیچہی تہا مین معہ ایک قدح پانیکی جب کہ آپ قضا حاجت سی فارغ ہوئے تو وضو کیا واسطے نماز کے اور اس بیان مین کہا کہ آخر مسح کیا پاؤنکو اول داہنا پاؤن بعد اسکی بایان پاؤن ایک اونمین سی حدیث جابر بن عبد اللہ ہی اور روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نی بیچ اوسط کے یعنے یہہ حدیث ہی محتوی مضمون مسح پاؤن کے ہی پیغمبر خداؐ سی ایک اونمین سی حدیث عمر اوسی تحقیق کیا ہی بن شاہین نی بیچ کتاب ناسخ و منسوخ کے یعنے صاف اوس سے مسح آنحضرتؐ سی ظاہر اور واضح ہی ایک اونمین سے حدیث اوس بن اوس سے اسی بہی ابن شاہین نی نکالا ہی جو کہ بڑا معتبر برابر تم انکا ہی ایک اونمین سی حدیث ابن عباس رضہ ہی اسی استخراج کیا ہی ابن داؤد نی جسکی کتاب سنن بہت معتمد ہی اونکی ہان غرض اخیر مین مضمون حدیث یہ ہی کہ مسح کیا آنحضرتؐ نی پہلی داہنی پاؤنکو پہر بائین پاؤنکو مثل داہنی پاؤنکی اور ایک اونمین سے حدیث عثمان ہی اسی ذکر کیا ہی احمد بن علی قاضی نی بیچ اپنی کتاب کی مسند عثمان مین ساتہہ سند صحیح کے کہ وضو کیا آنحضرتؐ نی اور مسح کیا سر کو اور پشت کو پاؤنکی یہان تمام ہوا ترجمہ عینی شرح بخاری کا اور ان حدیثون مین سے حدیث رفاعہ کو سنن ابو داؤد مین بہی بہت تفصیل سے اور طوالت سی لکہا ہی سو یہ ایک نمونہ ہی طالب حق دیکہہ لے کہ صاف صاف مسح کرنا پیغمبر خداؐ کا خاص انکی ہان سی خود ثابت ہی اب دیکہا چاہیے اقوال و افعال اہل بیتؑ و صحابہ بموجب تصریحات انہین کے علما و مفسرین و محدثین اور اونہین کے فقہاے معتبرین کے یاد رہی کہ فخر الدین رازی شافعی صاحب تفسیر کبیر بہت معتبر مانا ہوا اونکا جو امام کہلاتا ہی کہتا ہی کہ امام محمد باقرؑ مسح کرتے تہے پاؤنکو اور بہی اس جگہ سی بے شرم و حیا اور دعواے اتباع حضرات سنت جماعت کا نسبت اہل بیت رسولؐ از بس ظاہر ہے کہ خود تو اقرار کرتے ہین کہ امام محمد باقرؑ

ف ثبوت مسح از عینی شرح بخاری از صحیح حدیثون

ف ثبوت مسح و عمل امام محمد باقرؑ از تفسیر کبیر

مسح کرتی ہتی پاؤنکا اور پہر عمل اپنا یہ کچہہ اور پہر اسپر تہمت تابعین اہل بیت پر مخالفت ثقلین کے سبحان اللہ مضمون مصراع چہ دلاور
است دزدی کہ بکف چراغ دارد ایسی ہی حضرات کی لئے زیبا ہی الحق اذا لم تستحي فاصنع ما شئت جب نقاب شرم وحیا مونہہ سے
اوٹہا ڈالی دین وایمان سے ہاتہہ دہو لیے تو پاؤن دہونی مخالف اہل بیت وحکم خدا ورسول کونسی بڑی بات ہی جسکا ہی چاہی دیکہہ لے
کہ تحریر میں اہل سنت وجماعت صاحب معالم التنزیل سی بہی ظاہر ہی کہ عبد اللہ ابن عباس اور عبد اللہ ابن مسعود اور سلمان فارسی اور
ابو ذر غفاری اور عمار یاسر اور انس بن مالک اور ائمہ اہل بیت مسح کرنے پاؤنکی گئی ہین اور معتقد ہوا ہی اسپر مذہب اونکی
شیعونکا چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نی ہر ایک کا حال اونکی کتابونسی بہت جہانٹا ہی اور اون سب کی نام لکہی ہین
اور تفسیر مین اسی آیت کی تیئیسوین مسئلہ مین جو امام فخر الدین رازی لکہتا ہی صاف ترجمہ اوسکا یہ کہ ہم مین نہایت احتیاط سے
اوسکی تفسیر کبیر سامنی دہری ہے سو لکہتا ہون لکہتا ہی کہ اختلاف کیا ہی لوگون نے بیچ مسح کرنے پاؤنکے اور دہونی کی قفال
نی نقل کی ہی اپنی تفسیر مین ابن عباس اور انس بن مالک اور عکرمہ اور شعبی اور ابی جعفر محمد ابن علی الباقر سے کہ واجب مسح پاؤنکا ہی
اور یہی مذہب ہی امامیہ کا اور سوا اونکی جمہور فقہا اور مفسرین نے دہونا فرض کیا ہی لیکن پہر بہی تفصیل ہے کہتا ہی کہ
داؤد نی کہا ہی کہ مسح کر نمین اور دہونمین جمع واجب ہی یعنے دونو باتین چاہیین اور یہی قول ہے ناصر کا زیدیہ مین سے
اور حسن بصری اور محمد بن جریر طبری نی تخییر اختیار کی ہے یعنی چاہو مسح کرو چاہو دہو و یہانتک ترجمہ ہے تفسیر کبیر فخر رازی کا
اور یہی معالم التنزیل مین ایسا ہی کچہہ ہے اور سنی فقہا مین انکی ابو العالیہ کو بہی ساتہہ شعبی وغیرہ کے لکہا ہی کہ وہ بہی مسح پاؤنکے
طرف گئی ہین اور ابو علی جبائی معتزلی اور اوسکی تابعدار اونکو تخییر کیطرف اور حسن بصری اور ناصر کو طرف جمع کے مسح
اور غسل مین لکہا ہی شارح بخاری بہی سو قریب ذالکہ ہوتا ہی چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نے کہ ہمارے
علمای معتبر رحمہم اللہ مین سے ہین احقاق الحق مین بہت تفصیل سے لکہہ کر اس مقام مین علمای سنت کو پانی سی پتلا کیا جس
شخص کو کچہہ شک وشبہہ ہووے فورا تفسیر کبیر اور معالم التنزیل کو دیکہہ لی اور علاوہ اسکی عینی شرح صحیح بخاری مین کہتا ہی کہ دربارہ
پاؤنکی چار مذہب مین ایک تو مذہب چار اماموں کا سنت جماعت کے سو وہ تو دہونا پاؤنکا ہی ایک مذہب شیعہ امامیہ کا سو وہ
فرضیت مسح پاؤنکی تیسرا مذہب حسن بصری کا اور محمد بن جریر طبری اور ابو علی جبائی کا سو وہ تخییر ہے اور ایک ہی جمع یعنے
دہونا بہی اور مسح بہی سو یہ قول ہے حسن کا اور ابن عباس سے ہی کہ دو غسل اور دو مسح ہین وضو مین اور یہی ابن عباس سے
سے ہی کہ خدا نی کہا ہی ساتہہ مسح کے لیکن لوگون نی انکار کیا ہی مگر دہونیکو اختیار کیا اور ایک روز حجاج نے خطبہ پڑہا اور
ذکر کیا وضو کا اور آیت مذکور پڑہی اور کہا بنی آدم مین کوئی چیز قریب تر خبث سے اوسکی نہین جو دونو پاؤن اوسکی ہین ہے
پس پاؤنکو ظاہر اور باطن کو دہوؤ چنانچہ انس بن مالک نے یہ بات سُنی تو کہا کہ خدا سچا ہی اور جہوٹ کہا ہی حجاج نے
خدا تعالی نے کہا ہی کہ مسح کرو سر اور پاؤنکو اور عکرمہ مسح کرتا تہا اور کہتا تہا نہین ہے پاؤنکو دہونا اور نہین ہے مگر
مسح اور شعبی نے کہا ہی کہ نازل ہوا ہی جبرئیل ساتہہ مسح کے اور قتادہ نی کہا ہی کہ فرض کیے ہین خدا نے دو دہونی اور
دو مسح ہین اسلئے کہ قراءت محکمہ نے مسح واجب کی ہی اسلئے کہ معطوف مشارک ہی معطوف علیہ کو بیچ حکم اوسکی غرض اور عبارت
طول طویل ہے شرح مذکور مین مگر جو کہ ضروری تہے اس مقام کے ترجمہ اوسکا بعینہ لکہا گیا ہی جس شخص کو زیادہ تحقیق منظور ہو

اوسکو اوس سے ملا لیوی آور بہی عبد العزیز اکبر آبادی کہ بڑا متعصب سنی ہی اپنی رسالہ مین لکہتا ہی کہ ابو علی جبائی معتزلے
اور محمد بن جریر طبری تخییر کیطرف گئی ہین آور بہی حدایق الازہار شرح مشارق الانوار مین شرح حدیث الاعقاب من النار مین
لکہا ہی کہ عامہ علما گئی ہین طرف اس بات کی کہ دہونا پاؤنکا واجب ہی ساتہہ اس حدیث کی اور نظائر اسکی اور شیعہ گئی ہین
طرف اسبات کی کہ مسح واجب ہی ساتہہ ظاہر قول خدا تعالی کی وامسحوا برؤسکم وارجلکم بجر ارجلکم اور داؤد نے کہا ہی کہ جمع کرنا واجب
ہی یعنے دہونا بہی اور مسح بہی بسبب جانی طرف مقتضی دونو دلیلونکے اور محمد بن جریر گیا ہی طرف اسکی کہ اختیار ہی دونوں
ایک بات کا اسواسطے کہ دونو دلیلین متعارض ہین تمام ہوا بعینہ ترجمہ آور بہی نووی شارح صحیح مسلم لکہتا ہی کہ محمد بن جریر
شافعی اور جبائی سرگروہ معتزلہ نی تخییر اختیار کی ہی آور بعض اہل ظواہر نے جمع درمیان دہونی اور مسح کے اختیار کیا ہی بہی محی الدین
عربی بڑا شیخ عارف کامل سنیونکا جسکے فتوحات مکی مشہور ہے آوسمین لکہتا ہی کہ ہمارا مذہب تخییر ہے مسح تو ساتہہ ظاہر قرآن
اور دہونا ساتہہ سنت کی یعنے ظاہر آیہ صریح دلالت اوپر مسح کے کرتا ہی آور احادیث نبوی دہونیکی حجت ہین تو ہمنی تخییر کو اختیار
کیا تو کہ دونو پر عمل ہوجاے ہمین اور قرآن اور حدیثون مین منافات نہ لازم آوی یعنے کبہی دہو لینی کبہی مسح کرلیا آور بہی شیخ
مذکور سے اسی آیت مین لکہا ہی کہ قرات ارجلکم بفتح لام اور کسر لام بسبب عطف کی ہی ممسوح پر عطف ہی یعنی رؤس پر تو بسبب عطف
کے کسرہ ہی اور مغسول پر ہی یعنے وجوہ پر عطف ہی تو فتحہ ہی پس ہمارا مذہب یہ ہی کہ فتح لام پر بہی نہین خارج کرتے مسح سے
اسواسطے کہ مثل اس واو کی کبہی بمعنے مع کی بہی ہوتی ہے اور واو بمعنی مع اسم کو منصوب کرتے ہی جیسا کہ کہا جاتا ہی قام زید و
عمراً یعنے کہڑا ہوا زید ساتہہ عمر کے پس حجت اوس شخص کے جو قائل ہوا ساتہہ مسح اسکی ساتہہ قائم ہوتی ہے اس آیت مین
قوی طرح ہی اسواسطے کہ یہ شخص شریک حالت قرات نصب مین ہی ساتہہ حجت کے اوس شخص سے جو قایل ہی دہونیکا یعنے دہونیکا
قایل جیسے فتح کو دلیل لاتا ہی سو قایل مسح کا بہی فتح کو دلیل پکڑتا ہی مسح کی لیئے تو قایل مسح شریک ہی دلیل مین قایل سے دہونیکی
فتح مین بہی تو دلیل قایل مسح کے مستحکم ہوئی اور قایل دہونیکا بیچ کسرہ کے شریک نہین ہی قایل مسح سے ساتہہ وجہ صحیح کے بیچ دلیل کے
یعنے کسرہ مین ہرگز بوجہہ صحیح دہونا نہین لازم آتا فقط یہہ تہا ترجمہ محی الدین عربیکی عبارت کا یہہ ایک تہوڑا سا نمونہ ہی خود اہل
سنت جماعت کی کتابونمین سے جو مختصر لکہا گیا اور جو تمام حدیثین اور تقریرین لکہی جادین تو بہت طول ہو اور باعث
پریشانی خاطر عوام کا ہی اسلئی اسیقدر پر اکتفا کیا گیا فقط اب ناصح جیو کو لازم ہی کہ مسح پاکو خلاف قرآن کہتے کہین یا تو چپکے
بیٹہ رہین ڈوب مرین یا پاؤن دہونیکا نام نہ لین آنکہونکو کہولکر دیکہین کہ اونکی ہانکی حدیثین مسح کے اور علما اور صحابہ
